صور محشر بنگیا آوازہ خلخال پا
جب اوٹھا وہ رقص کو فتنہ سر محفل اوٹھا

دوڑتا آتا ہی مجنون دور سے ناقہ کی ساتھ
شرم ای لیلی کہان تک پردۂ محمل اوٹھا

صبح پیری ہو چکی بالین پہ آیا آفتاب
کھول آنکھین خواب غفلت سے اب ای جاہل اوٹھا

کھڑکھڑاہٹ ہڈیونکی سنکے جسم زار مین
خواب سے میری پہنچتی ہے سگ منزل اوٹھا

کب ملی فرصت تڑپنے سی تری بیمار کو
کچھ کمی درد جگر نے کی تو درد دل اوٹھا

سیر دریا مین جو دیکھا یار کو غیرونکی ساتھ
مین یہہ رویا تو چکا طوفان لب ساحل اوٹھا

دعوی خون کس سی کرتا مین کہ روز بازپرس
چھپ رہا قاتل یہہ وہ نالہ ہای دل اوٹھا

دل نے وہ تاثیر پیدا کی کہ جب نالہ کیا
ان بتون کی دل تو کیا عرش خدا تک ہل اوٹھا

دور سے دیکھا جو مجکو بزم مین آتی ہوی
ہاتھ رکھہ کر تیغ کے قبضے پہ وہ قاتل اوٹھا

غیر کا مردہ بہت فربہ مرا مردہ ہی زار
بوجہ کاندہی پر اوٹھانیکی جو ہو قابل اوٹھا

جسم مین طاقت تڑپنے کی جو ای بسمل نہین
آہ سے سر بر زمین کو جب قاتل اوٹھا

جان پر کھیلے نہ بیٹھا ایکدن نقش مراد
یہہ اوٹھا سے ہیچ دنیا سی ہمارا دل اوٹھا

ہر رگ گردن ہوی سیراب آب زندگی
کیا کہون کیا لطف زیر خنجر قاتل اوٹھا

زندگی بھر کی نہ میری قدر یارون نے امیر
اب یہ کہتے ہین کہ دنیا سے اک کامل اوٹھا

چندے بدن مین رہ کے مرا دم نکل گیا
آ کر گہن مین نیر اعظم نکل گیا

مانند صور جسنے سنا دم نکل گیا
کیسا زبان سی نالۂ پرغم نکل گیا

بالیده تیرے آنی سے ایسا ہوا چمن
اندام گل پہ جامۂ شبنم نکل گیا

اب کیون خلش سے ہے نشتر مژگان یار کو
کیا آنسوؤنکے ساتھ لہو کم نکل گیا

جبتک جیے جہان مین مرمر کی ہم جیے
جس خوبرو پہ آنکھ پڑی دم نکل گیا

مجھسا سیاه بخت زمانے مین کون ہے
سایہ سے جسکے نیر اعظم نکل گیا

سوزن ازل سے تہا ترے کوچہ کا اشتیاق
چھوٹا جو خلد مطلب آدم نکل گیا

کشتی ہون جسکی زنده وه جلاد ای فلک
عیسے کا نام قاتل عالم نکل گیا

اوترا نگلی سی طوق تو سمجھا یہ مین ضعیف
انگشت جم سی حلقۂ خاتم نکل گیا

گذری شب وصال تو گذری جہان سی ہم
نکلا جو آفتاب یہان دم نکل گیا

جان آگئی بدن مین جو دیکھی تری پلک
سوزن سے کار عیسی مریم نکل گیا

سو خم اگر پیون مری نیت نہ سیر ہو
اک جام مے مین حوصلۂ جم نکل گیا

کیا جلد قد یار کو بالیدگی ہوئی
بوٹا تھا سرو سے قد آدم نکل گیا

آیا جو سامنے سے سر معرکہ وه ترک
ٹھہرے نہ پاؤن خوف سی رستم نکل گیا

کیا غم اگر کسی نے نہ نالہ کوئی سنا
تیرا تو حوصلۂ دل پرغم نکل گیا

اسکا ہے آج تک ملک الموت کو الم
زنده جہان سے عیسی مریم نکل گیا

بوسے دیے جو ہمکو تو پچھتا رہی ہو کیون
ہمت مین نام صورت حاتم نکل گیا

ایذا اسے یار دل کو گوارا نہو سکے
اونکے کھلے جو فصد یہان دم نکل گیا

دریا بہا دیئے جو ہوا سامنا اسیر
کب ابر سے یہ دیدۂ پرنم نکل گیا

زخم

زخم حسن سی تری تلوار کا کھایا نہ گیا
سر کبھی اوس سے شہیدوں نے اوٹھایا نہ گیا

ہم جوانون پہ غضب لائی کمی قاتل کی
پاؤن رگڑے کبھی اک ہاتھ لگایا نہ گیا

کیا تعجب تھا اگر آنکھ مری کھل جاتی
قبر میں آپ سی شانہ بھی ہلایا نہ گیا

مہندی ہاتھوں نے لگائی ہوئی آیا دم حشر
خون ناحق مری قاتل سی چھپایا نہ گیا

دیکھتا خاک مسیحا تری بیمار کی نبض
جل رہا تھا جو بدن ہاتھ لگایا نہ گیا

عالموں نے تری وحشی کی بہت کی تدبیر
نہ گیا سر سی تری زلف کا سایا نہ گیا

ہوس مرگ دلا ہجر میں بیجا تو نتھے
غم مٹایا نہ مٹا رنج گیا یا نہ گیا

سیر فردوس جو حاصل نہوئی تو نہوئی
شکر کرتا ہون میں دوزخ میں خدایا نہ گیا

بات قاصد کی غلط جھوٹ جواب نامہ
لیکے خط بیٹھ رہا گھر کہیں آیا نہ گیا

سلطنت تیرے فقیرون تلک ای سوبار
بوجھ بھاری تھا بہت النی اوٹھایا نہ گیا

الصبا کیسی ہوا خواہ تھی توستو نکی
تجھ سے اک دانۂ انگور گرایا نہ گیا

بت تو بت ضعف نی اللہ سی کہا ہمین دور
بتکدہ کیا کبھی مسجد میں بھی جایا نہ گیا

دل ہوا سینے سی گم عالم تنہائی میں
کس پہ چوری کا گمان ہو کوئی آیا نہ گیا

سخت عاجز ہون کہان پھینکیدون اب اسباب سفر
رہزنوں سے بھی مرا بوجھ لٹایا نہ گیا

منزلوں سی در دولت پہ ہوئی ہم حاضر
تم سے دروازی تلک بھی کبھی آیا نہ گیا

سگ جانان مری ہڈی پہ تو دوڑا لیکن
گرم لقمہ تھا بہت منہ سی لگایا نہ گیا

کیا وہ آتی مرا تابوت اوٹھانیکو اسیر
نزع میں جنسے عیادت کو بھی آیا نہ گیا

جو ہو شوق طہارت گر ارادہ جانثاری کا
کہ حکم آب دم شمشیر سے ہی آب جاری کا

کیا نزاہد نے ساماں جوش گل میں بادہ خواری کا
وہ موج اوٹھی کہ دامن تر ہوا پرہیزگاری کا

جو بعد مرگ آئی دفن کی نوبت پہ دل ٹھہرا
ہوا سنگ لحد لنگر جہاز بیقراری کا

ائمہ کو جو احمد سے جدا سمجھے وہ مشرک ہے
کہ ان دونوں میں ہے عالم صفات و ذات باری کا

فراق یار میں ہے میکشی سے اسقدر نفرت
نظر میں اژدہا لگے ہے ابر نوبہاری کا

دکان میفروش اوٹھواتی ہیں کیوں یہ مفتی و قاضی
بھلا کس دین میں ہے بند کرنا خیر جاری کا

ہماری بعد ہوگا زخم کہانیکا مزہ کس کو
بکیگا کوڑیوں کی مول قاتل پھل کٹاری کا

بہار آئی ہوئی اوس شہسوار حسن کی آمد
کوئی غنچہ اگر چٹکا ہوا ڈنکا سواری کا

نہیں ذرہ سخن سے بخل معنی آفرینوں کو
کہ روبہ کہاتی ہے پس خوردہ شیران شکاری کا

کسی پردے میں ہے جو حسن اوسکو ہم یکتا سمجھتے ہیں
جدا قرآں نہیں ہے خط کوفی و بہاری کا

کوئی غیبت کی عادت چھوٹتی ہے اہل دنیا سے
کہ ہے انکی زبانوں کو مزہ مردار خواری کا

مدرسے کے قریں وہ مدرسہ میں جا کے بیٹھے ہیں
لکھیں ہم دو دل سے حاشیہ شرح بخاری کا

درختو چین کیا ہمنے تمہاری سایہ میں پایا
تمہاری سر پہ بھی سایہ رہے باد بہاری کا

الٰہی مجکو موت آئے کہ ہیرے دلکو ہوت آئے
کہ بیماری سے بدتر رنج ہے بیمار داری کا

ہوادار اوس پری کا دیکھ کر پریاں یہ کہتے ہیں
ہوا پر تخت جاتا ہے سلیمان کی سواری کا

اسیر ایسی اگر ہے ابلق ایام کی شوخی
زمیں دیکھیں گے وہ دعوے ہے جنکو شہسواری کا

نہیں رکتا کہیں رہرو عدم کی راہ جاری کا
شہادت نامہ پروانہ ہے گویا راہداری کا

ترا گلگوں ہے یہ جھونکا نہیں باد بہاری کا
گماں ہے نکہت گل پر ہمیں گرد سواری کا

چمن میں لطف ہے یاراں نہیں کچھ بادہ خواری کا
کوئی لگاٹو برسے آج یہ ابر بہاری کا

وہ بسمل ہون چمک جب درد کی زخمون مین ہوتی ہی
چمکتا یاد آجاتا ہی قاتل کی کٹاری کا

کیا کرتا ہی یہہ بوسے محبت خاش جلجل کر
دل سوزان مین بھی ہی خاصہ عود قماری کا

وہ دیوانہ ہون ڈر سے میری آگی آ نہین سکتی
ہرن ہی نشہ جرات ہر اک یوز شکاری کا

بڑی نادان ہین وہ بندے جو مجبور کہتی ہین
ملا ہی اختیار انکو امور اختیاری کا

رہا ترک تعلق مین بھی شغل خانہ بردوشی
نہ اوترا پر نہ اوترا بوجہ سر سی خانہ داری کا

بناتا ہے اگر مجنون تربت پر بنا گنبد
مگر نقشہ ہوا ہی سمار لیلی کی عماری کا

تڑپ کر مر گئی ہم بخل تو اوس ترک کا دیکھو
دیا اک بوند بھی پانی نہ بوندی کی کٹاری کا

جیسے صحن چمن مین قمریان شمشاد سمجھی ہین
عصا بردار ہی اوس سرو قامت کے سواری کا

عبث یہہ جو پیشہ حیلۂ تقدیر کرتے ہین
نشان پر ظلم خنجر سی نہین جرم آبداری کا

ہوئی کیا جلد کودک پیر چلتی ہین عصا لیکر
یہہ عالم آج ہی کل تمہارا زمانہ نیلوری کا

کری وقت مصیبت مین جو ساتھی شہر کی یاری
اوسی کے واسطے زیبا ہی دعوی شہریاری کا

ہوئی ہم مست اگر پہنچا نسیمی بوئی شراب آئی
دماغ اس ناتوانی مین ہی کسکو بادہ خواری کا

بہت مہمان ہین اوچھی زخم اور انکو غنیمت کر
مری پہلو کو دی ای تیغ حصہ زخم کاری کا

گریبان موجۂ آب روان کا گرد کا دامن
ہوا ہی قطع جامہ اپنی تن پر خاکساری کا

کیا مشہور مجکو بھی منجم اہل عالم نے
شب فرقت رہا یہہ مشغلہ اختر شماری کا

اسیر اوس کوچہ مین کیونکر نجاؤن ہر سحر اوٹھکر
کہ عالم اضطراب دل سے ہی بی اختیاری کا

رخ گلگون پہ ہوا خال جو شب گون پیدا
ہم یہہ سمجھی کہ ہوئی لالی سی افیون پیدا

وصف گیسو سی ہوا رنگ گرگون پیدا
روز چوٹی کی ہوا کرتی ہین مضمون پیدا

روز کرتا ہی گران قیمت می بادہ فروش
وقت رنگینت خو نکلتی ہی ہان بات مین بات
ہی اشارہ کہ کری غیر سے انسان نہ سوال
اسقدر ہی ہین سوائی قاتل کا خیال
کسکی انکھین نہ غم چاہ ذقن مین روتین
کسی محبوب سے یہ قد کی ہی کیا خاک شریک
کب اوستی ہیان مین لاتی ہی تری گردش چشم
چال اولٹی ہی زمانیکی عجب کیا ہی اگر
چشم بینا ہو تو ہے معدن حکمت یہ زمین
جب گلستان مین ہوا میری جنونکی چلجای
افعی زلف کا بل کیون نہ نکالی شانہ
بوسہ دینی مین ہین کتنی یہ بیزار بخیل
جس جگہہ دفن ہوئی ہین ترکشتی ای ترک
کون رویا ہے یہ جیحون کے کناری یارب
کیا عدم میں ہے ہین عاشق تری ای لیلی وش
کردیا غم سنے یہ لاغر تری سودائی کو
ای جنون آبلہ پا کو یہ افزائش ہو

کیجئی خاک سی گنجینۂ قارون پیدا
ہم بھی مضمون سی کیا کرتی ہین مضمون پیدا
اسلیئے کاسۂ سر ہوتی ہین واژون پیدا
سیکڑون زخم لگین تن پہ نہ ہو خون پیدا
ایک چشمی سی ہوی سیکڑون جیحون پیدا
سرو ہوتی ہین گلستان مین جو موزون پیدا
حادثے لاکھ کرے گردش گردون پیدا
بطن مادر سی ہر اک طفل ہو واژون پیدا
سیکڑون ہوتی ہین اس خم سی فلاطون پیدا
بید کی طرح ہر اک نخل ہو مجنون پیدا
غول ضحاک کی خاطر ہے فریدون پیدا
جو ہوا حسن کی کشور مین وہ قارون پیدا
سبزہ اوس خاک ہوتا ہی تو گلگون پیدا
سیکڑون کوس نہین ساحل جیحون پیدا
آج تک ہوتی ہین اطفال جو مجنون پیدا
فصد بھی لے تو نہ اک قطرہ ہوا خون پیدا
اور گنبد ہو نہ گنبد گردون پیدا

یا نبی معنی لولاک سے واقف ہی اسیر
تم نہ ہوتی تو ہوتا کبھی گردون پیدا

نصیب جوش کدورت مین وصل یار ہوا — اوٹھا غبار تو پیدا او شہسوار ہوا

غرور اہل جہان سی ہمین دل فگار ہوا — کھچا جو مجھسے مجھے تیغ آبدار ہوا

پیام مرگ تماشاے روی یار ہوا — چمک کی بخت چراغ سر مزار ہوا

بزنگ آینہ روشن ہی میری یکرنگی — اوسی کی شکل بنا جس سی مین دوچار ہوا

وہ کون ہی جسی نعم البدل نہین ملتا — درخت مین نہ رہی گل تو میوہ دار ہوا

ہلا دیا فقط اس فراق ساقی نے — سبوی سر قدح دست رعشہ دار ہوا

وہ چند عیش سی اس بزم مین رہا مجھی غم — جو نشہ ایک گھڑی وہ گھڑی خمار ہوا

ہلی جو اوسکی پلک دل مرا ہوا زخمی — چلا نتھا ابھی ناوک کہ مین شکار ہوا

یہ کہکی دیتی ہی تسکین مجکہ مجبوری — پڑا بلا مین اگر کچھ بھی اختیار ہوا

فقط مین رند نہین ہون خیال رند بھی ہے — ملی شراب نہ جس روز روزہ دار ہوا

فنا کی بعد فلاطون کا مرتبہ پایا — خم شراب مرا گنبد مزار ہوا

اثر ہے بعد فنا بھی یہ عشق گیسو کا — اگا جو سبزہ لحد پر زبان مار ہوا

حسین وہ اور نظر آے خشمگین ہوکر — پری بنے جو کبھی سر پہ جن سوار ہوا

فراق یار مین مشتاق مرگ ہون ایسا — کسی کے آنے قضا مین امیدوار ہوا

کبھی نہ ترک وطن کر جو زندگی چاہی — بجھا جو سنگ سی باہر کوئی شرار ہوا

دل ابرو و مژہ یار نے کیا زخمی — کمان مین تیر رہا اور مین شکار ہوا

بغیر اسکے نہ آئی گئی ہوئی قوت — وہ سمجھے کہ مین پیری مین بادہ خوار ہوا

پری وشونکی ہوئی شکل دلنشین ایسے — کہ سکہ درم داغ چہرہ دار ہوا

دبا رہا ہے مجھی پست مین فلک جیسا — زمین مین یون کسی مردہ گرفتار ہوا

دولت بی فیض ہاتھ آئی بہی تو کس کام کی　　تنگ دل ہوتا ہی اکثر صاحب اکسیر کا

بے اثر ہے کون اپنی آہ کا مصرع اسیر
خانہ ہے اس مین نظمِ حسنِ تاثیر کا

شاد ہی دل قیدی سی لذتِ بے تیر کا　　ہاتھ آیا ہی حصار عافیت زنجیر کا

جذبِ دل اللہ ری صید افگن تری نخچیر کا　　تیر نکلا رہ گیا سینے مین پیکان تیر کا

مین وہ دیوانہ ہون گیسوی بت بی پیر کا　　ہی وہان مار ہر حلقہ مرے زنجیر کا

ہر لب سوفار ہے گلرنگ تیری تیر کا　　رنگ لایا خون اسی ناوک فگن نخچیر کا

آرزو ہی ہو ہماری منہ مین قاتل کی زبان　　ہر دہان زخم لی بوسہ لب شمشیر کا

فرطِ حیرت سی تن بیجان مین ہے یون بی جان　　پا بگل ہے جیسے سفینہ قلزمِ تصویر کا

زلف چہوٹی جیسی وہ چہرہ نظر آتا نہین　　سایہ سدِّ راہ ہی خورشید عالمگیر کا

بیزبان ہی فکر روزی سی یہان فارغ نہین　　ہی برائی شیر رونا کودکِ بی شیر کا

ہوتی ہین جب گرم صحبت خوش نوایانِ چمن　　ذکر کرتی ہین تری رنگینی تقریر کا

سیمتن محبوب کا کشتہ ہون ماتم مین مری　　خاک کی بدلی اوڑانا چاہیے اکسیر کا

اہل حیرت سی نہ رکھہ اندیشۂ افشای راز　　بولنا ممکن نہین ہی مردمِ تصویر کا

ہی ہماری خون کی دہبے سی لازم احتراز　　داخدا اری ترک ہو جائی نہ پہل شمشیر کا

کر رہا ظالم کہ ہون دیوانہ نازک مزاج　　اب زیادہ غل سنا جاتا نہین زنجیر کا

غیر اگر دیکہی تو غیرت سی ہو آب اسقدر　　رنگ صفحی سی ٹپک جائی مری تصویر کا

اہل دولت سی سمجہہ اہل شجاعت کو سوا　　زر سے آہن بیش قیمت ہی کہ ہین شمشیر کا

اہل حق سی ہوتی ہین اعجاز بعد مرگ بہی　　قاری قرآن رہا نیزی پہ سر شبیر کا

حسن سی تیری ملا ہی سب حسینونکو فروغ / جسطرح ہی مہر باعث ماہ کی تنویر کا

صحن گلشن ہو مرقع کسکی آنی ہی اسیر
ہے ہراک طائر یہان عالم طائر تصویر کا

داغ غم اس دل سوزان کا مداوا ہوگا / آگ کا ہی جو جلا آگ سے اچھا ہوگا

ذوق نعمت سو ہمین نہ اصلا ہوگا / بندۂ شیر خدا کیا سگ دنیا ہوگا

سجدہ ہی کرتا ہمین چلونگا در جانانکی طرف / سایہ میرا بھی ہر گام مصلا ہوگا

جمع دولت ہی امیرونکی ناوانکا سبب / موج ہین اوٹھنی کی نہین خشک جو دریا ہوگا

نکہت گل سی چمکتا ہی سوا رنگ جنون / کوئی مجھسا بھی نہ آمادۂ سودا ہوگا

شانہ اوس زلف مین آہستہ کر ای مشاطہ / کہان کہوائین گی وہ بال جو بیکا ہوگا

استخوان تن مین نہ کہتا سو یہ سمجھا ہین اگر / کہ ہما و سگ محبوب مین جھگڑا ہوگا

ہاتھہ چہرہ کو لگاؤن تو نہ چمکین ہمین / اسی صیقل سے یہ آئینہ مصفا ہوگا

وصل معشوق ہین یہ رہتی عاشق غم ہی / قطرہ ملجای گا دریا سی تو دریا ہوگا

نزع مین دور رہی دفن مری لاش نہ کی / فاتحی کو بہی نہ آؤ گی اگر کیا ہوگا

آنکھہ دکھلائی جو تمنی تو کہان صبر وقرار / صف مژگان سی یہ لشکر تہ و بالا ہوگا

ابتدا عشق کی ہی اور یہ اونکی ہین ستم / صبر کر صبر کر ای دل ابھی کیا کیا ہوگا

یون ہی چندی نہ کھلی آنکھہ جو منظور نہ تھی / چاہ کو دعوے سے سمجھی نہ دریا ہوگا

آتی ہو حضرت واعظ کسی سمجھانیکو / جائیی آپ کو کیا خبر جو ہوگا ہوگا

زعم باطل ہے زبانیسی وفا کی امید / نہ کسی کا یہہ ہوا ہے نہ کسی کا ہوگا

ہمکو دیکھا تو لگا جائینگے غوطہ وہ صفور / پردۂ شرم اونہین دامن دریا ہوگا

دل دھڑکتا ہی بہت جان نکلے گی کیونکہ — غرق ہوگا جو سفینہ تہ و بالا ہوگا
مست کردی گا بہاراں میں تماشای چمن — شجر سبز مجھے شیشۂ صہبا ہوگا
دیکھہ کہ آئینہ وہ آپ یہہ فرماتے ہیں — حسن اچھی ہی خریدار بھی پیدا ہوگا

جا کی ہم خاک در خیر بشر ہونگی اسیر
ایک دن خاتمہ بالخیر ہمارا ہوگا

میرا جلنا تھی نزدیک تماشا ٹھہرا — داغ الفت بھی کوئی لالۂ صحرا ٹھہرا
ہو گئی پابند جنون میں دل شیدا ٹھہرا — پڑ گیا پاؤں میں لنگر تو سفینا ٹھہرا
صلح کی یار نے اپنا دل شیدا ٹھہرا — مدعی پوچھنی آتی ہیں کہو کیا ٹھہرا
ہو چکا حشر نہ دیدار دکھایا تمنے — آج کی دن بھی وہی وعدۂ فردا ٹھہرا
نجد میں جذب نی بڑھنی نہ دیا ایک قدم — جس جگہہ قیس تھکا ناقۂ لیلی ٹھہرا
نظر آیا جو وہ چہرہ تو مری اشک کی — حیرت حسن خداداد سے دریا ٹھہرا
راستہ بند ہی وحشت سی جو اوس کوچی کا — زلف شبرنگ نہ ٹھہری کوئی کالا ٹھہرا
اک نگہہ پہ جو اوسی مول لیا چاہتی ہو — مفت کا مال ہمارا دل شیدا ٹھہرا
کی جو عجلت طلب جام میں ساقی نی کہا — ٹھہرو ٹھہرو یہہ کوئی منہ کا نوالا ٹھہرا
تو خراماں ہی اوسی طاقت رفتار نہیں — سرو کیونکر قد موزون کا سشتے ٹھہرا
ہم پہری وحشت جنونمیں تو زمانہ بھی پھرا — ہم جو ٹھہری کبھی تھک کر تو زمانہ ٹھہرا
حال دل پوچھتی ہو سینہ پہ سونے کیلئے — ہو گیا خاک اگر آگ میں پارا ٹھہرا
دل لئے زلفوںمیں لٹک کر جو لگاتی چکر — چرخ پوجی کا حسینونکو تماشا ٹھہرا
لیں اگر لیتی ہیں وہ اک نگہ پر دلکو — جا ہی انکار نہیں خیر جو ٹھہرا ٹھہرا

رکھدیا یار نی شانہ نو بلا بوسہ لیکن
نرہا ہیچ مین دلال تو سودا ...

کوچہ یار کا تھا شوق جو قاصد کو ...
نہ گمراہ مین کھولی نہ کسی جا ٹھ...

تیری دانتو لسنی جو دعوی دریکتائی کا
سچ یہہ ہی سب کی نگاہو نمین وہ جھوٹا ...

روز دفن اسکیطرف آئی نسیم بین بھی تھم
تعبیر اذن ہی مگر آج ہے غرآ ...

جب تلک فکر نہ کی ذہن مین آیا نہ کبھی
دہن یار کا مضمون معما ٹھہرا

دم جو نکلا تو دم تیغ نی بخشی ہمین زیست
مر کے زندہ ہوئے جلاد مسیحا ٹھہرا

گرم بازار قیامت نظر آیا جو اسیر
مین بھی دو چار گھڑی بہر تماشا ٹھہرا

جھکا جو سر وہ قد مسجد کو تا کا
مثل سچ ہی کہ مسجد ہے گھر خدا کا

مری بالین سی اوٹھ جاؤ طبیبو
دوا کیسی کہ ہے وقت اب دعا کا

فشار گور سی تن کانپتا ہے
ارادہ اسلیے ہے کربلا کا

بتادے راہ میخانی کی ہمکو
کوئی ایسا بھی بندہ ہی خدا کا

تری تیغ ادا نے سب کو مارا
قضا کو سامنا ہے اب قضا کا

سوا آہون کے کچھ اسمین نہین ہی
ہمارا دل گرہ ہے کیا ہوا کا

مریض اچھی ہون لو بسی دی جو عزت
بنا ہے کالبد خاک شفا کا

تری گیسو کا مضمون باندہتی ہین
یہہ شاعر وہ ہین کہتے ہین بلا کا

پڑی یارب کف پا مین وہ چھالا
کہ ڈر ہجائے گوشِ نقش پا کا

ہوئین یہہ آرزوئین قتل دل مین
پھر آنکھون مین نقشہ کربلا کا

گئی جان ابتدائی عاشقی مین
اٹھایا ہمنے صدمہ انتہا کا

رولاتا ہی جو وہ دست حنائی
گمان اشکون پہ ہی عطر حنا کا

نہ باندہو دل کو گیسو مین نہ باندہو
حسینون واسطہ مشکل کشا کا

بلا لی گہر مرا دیکہا نہین ہے
بتادو کوئی گہر مجہکو بلا کا

گدا سلطان ہوئی درویش سلطان
عجائب کارخانہ ہی خدا کا

کہون حق حق تو تہا آدم کا نقشہ
تری تصویر نورانی کا خاکا

تفاوت کون نیک و بد مین سمجہے
خدا ہی ایک رند و پارسا کا

ق

اسیر ان کو جو روئی پائی جنت
عجب رتبہ ہی شاہ کربلا کا

بہت سی صورتین ہین مغفرت کی
بکی اکی ساتہ ہی اسکے اتباع کے

سمجہی یہ ہم جو وہ خط عارض عیان ہوا
صیاد حسن جال بچہا کر نہان ہوا

موقوف بعد مرگ نہ شغل فغان ہوا
مردہ مرادہان لحد کی زبان ہوا

آتی نہین ہی ہاتہہ کسی کی جو بہر دفن
اوس کوچی کی زمین نہ ہوئی آسمان ہوا

ہشیار ہو کہ دین نہ شیطان کری خراب
گلہ ہی مال گرگ جو غافل شبان ہوا

وہ مست ہین کہ گور مین ہمکو نہین خبر
نوبت کب آئی صور کی محشر کہان ہوا

روشن اوسی کا نام رہا مثل آفتاب
مرسی جو تیری راہ طلب مین روان ہوا

جوش جنون لی مجہکو دکہائی نئی بہار
پیراہن دریدہ گل بیخزان ہوا

غم کو تپا مری دل نالان سی بل گیا
جاسوس راہزن جرس کاروان ہوا

دل ہی مرا کہ اسنی چہپائی ہزار داغ
اک داغ بہی نہ ماہ سی دل مین نہان ہوا

مرکر مسافران عدم کو دیا پتا
پتہر مزار کا مری سنگ نشان ہوا

ایسی ہین ظلم سی جو ہین ظالم کی ہمنشین
زخمی نہ تیر سی کبہی زاغ کمان ہوا

تحریر خط شوق مین کسدن کمی نہ کی
ای کلک لاکہہ بار ترا امتحان ہوا

قاصد خراب پہرتا ہی ملتا نہین پتا
اوس جور کا مکان نہوا لامکان ہوا

ہین اس چمن مین طائر نکہت ہون اے صبا
جو گل ہوا شگفتہ مرا آشیان ہوا

ہی اوسکی ہاتہ شعر کہ شاعری اسیر
عالم مین مثل کلک جو صاحب زبان ہوا

بیجا نہین جو پیر و بال جہان ہوا
شہرا جو خواب آنکہونمین اگر گران ہوا

جس روز سی ہین عاشق موی میان ہوا
لاغر ہوا ضعیف ہوا ناتوان ہوا

بگڑی کا اوس صنم سی اگر دل کریگا کیا
شیشہ لڑا جو سنگ سی اوسکا زیان ہوا

چاہا بہت مگر نہ کبہی اوسنی بات کے
مہر سکوت یار کا خال دہان ہوا

دیکہا نہ چشم کم سی کسیکو جہان مین
ذری پر آفتاب کا ہم کو گمان ہوا

دولت ملی جو ہم کو نہ اوسکا ہوا قیام
آیا جو گنج ہاتہ مین گنج روان ہوا

گل ہین جو سینہ چاک تو غنچی گرفتہ دل
یارب یہ کس چمن مین مرا آشیان ہوا

پائی جو رنج تجہہ سی نہ بہاگی وہ کس طرح
سر پر اوٹہائی ضرب تو سکہ روان ہوا

ہی میزبان سپہر تو آسودگی کہان
بہوکا زبا بخیل کا جو میہمان ہوا

صحرا کی آبرو مری چہالونسی بڑہ گئی
ہر خار آبدار برنگ سنان ہوا

کہانا جو بعد مرگ سگ یار تہا مزہ
کیا فائدہ جو رزق ہما استخوان ہوا

شاید کہ یہ بہی گلشن جنت ہی سا قیا
میخانی مین جو پیر بہی آیا جوان ہوا

مجروح اوسکی ہاتہ سی ہوکر ہوی نجات
جو زخم کہل گیا در باغ جنان ہوا

کرتا ہی میٹھی باتین بہی ہم سی وہ آج کل
شیرین دہن تہا شکر ہی شیرین زبان ہوا

دشنام دی کی بوسہ دیا ہمکو یار نے
حلوا اسیر مرہم زخم زبان ہوا

نہ پوچھو حال میری دلسی جوش قلزم غم کا
کہ جو گرداب اس دریا مین ہی حلقہ ہی ماتم کا

بنات النعش ہو تابوت وہ سامان کر دن غم کا
بناؤن ابلق ایام کو دلدل محرم کا

خداوندا چھوائی ہاتہ سی دامن کبہی غم کا
رہی سایہ مری تابوت پر بہی نخل ماتم کا

پہنچکر خدمت پیر مغان مین دل یہ کہتا ہے
کمی کس چیز کی مہمان ہون مین ایسی حاتم کا

عطا کرتی ہی شاہی کا مزہ چلو مین مینوشی
یہ ساغر جس کو ہاتہ آئی وہ پائی مرتبہ جم کا

کہو ظالم سی مال مفت کہا کر جو پہولا ہی
کہ ہوگا جسم فربہ ایکدن کندہ جہنم کا

ہوائی جامہ باریک ہی کیا گلعذارون کو
بناکرتی ہین آنکھین آنسوؤن سی تہان شبنم کا

مرا مضمون تیغ باندہی غیر اپنی شعر مین کہدو
نہین زیبا کہ دست زال مین ہو گرز رستم کا

زیادہ شادی سی غم کسی کو دی یہ کیا ممکن
ہی تخت عروسی بہی تو چوب نخل ماتم کا

مین وہ دیوانہ ہون جب قید خانہ مین قدم رکہا
مچایا بیڑیون نی ہر طرف غل خیر مقدم کا

کسی تیزی سی قدلی کر دیا ہی ہمکو دیوانہ
مناسب پاؤن مین ہی سلسلہ گیسوی پرخم کا

دورنگی رنج و راحت کی مٹی کب اس گلستان مین
وہی ہنسنا ہی پہولون کا وہی رونا ہی شبنم کا

یہ نفرت وصل سی انکو ہی نامہ چاک کر ڈالین
جو قمر و دمین کسی جا دخل پائین حرف مدغم کا

کسی دن آکی سینی پر حنائی ہاتہ رکہدیجی
علاج داغ دل ہو جائی پہاہا لال مرہم کا

جہان مین کون ہی وہ جو یہان پہر کر نہین آیا
در دولت حقیقت مین ہی مرجع سارے عالم کا

غنی ہین ہم غرض بخل و سخاوت مین نہین رکہتی
ہماری بزم مین ہی ذکر قارون کا نہ حاتم کا

سمجھا ہی اپنی گوشۂ داغ مین ہمیشہ جو رہتا ہی
نہین ہے طور پر گر اسکو سنا ذکر مرہم کا

جوانمردون کی شہرت ہی جہان مین ترک شاہی سی
قیامت تک رہی گا نام ابراہیم ادہم کا

دم نظارہ عارض وہان یار بہی دیکھا
نشان قرآن مین ہمکو ملتا آیا اسم اعظم کا

عنایت جب کرین وہ غیر کو محفل مین بلوا کر
ہماری دل مین چہنگی کیون نہ لی گوٹا محرم کا

فلک کی اب خواہش ہی تو ہی ہون ناتوان ایسی
کہ ہوئی زال ہو ہر استخوان بازو ہی رستم کا

دعا پر باغبانون کی اگر بلبل کہے آمین
صدف ہون ہون ہجا ہی گہر ہر قطرہ شبنم کا

حباب اسا اسیر اس بحر مین کیون ہو گی ہین سرکش
ثبات زندگانی کیا کہ وقفہ ہی کوئی دم کا

تنکدہی کی مین سیر کر آیا
دہان خدا ہی خدا نظر آیا

دل کو بہلا رہا ہون یہ کہکر
وہ خط آیا وہ نامہ بر آیا

بندہ گیا شب کو یہ تصور رخ
آپ ہین مین نہ تا سحر آیا

ہون وہ بسمل کہ ہو نہین عاشق درد
دل بہر آیا جو زخم بہر آیا

سنجت چمکی سیاہ خانے گئے
شام ہوتی ہی وہ قمر آیا

ہجر مین آفتون نے گہیر لیا
تپ ادہر آئی غش ادہر آیا

اک نگہہ مین کیا تمام اوس نے
خوب لینی مری خبر آیا

یاد گیسو مین میری نالون سے
زلزلہ رات رات بہر آیا

ہون وہ بسمل کہ دیکھکر مجکو
موہنہ کو جلاو کا جگر آیا

دہن یار سے محبت کی
تنگ جینی سے اسقدر آیا

گرد کے زیر زمین تہ سمجھا ہین
کہ سفر مین اپنی گہر آیا

جان لینی کو کم نہین شب ہجر	ملک الموت تو کدہر آیا
بوسہ سیب ذقن کا اوس نے دیا	نخل امید مین ثمر آیا
دخت رز سر چڑہی جو ساقی کی	میری آنکھون مین خون اوتر آیا

صورت یاس ہی خلاف اسیر
تو ہی قرآن سی بخیر آیا

کمر سے تیغ جو اوس ترک فتنہ گر لینا	تو سب کو بعد مجھی پہلی یاد کر لینا
بغیر ختم ہوئی یار اوڑ چلا نامہ	پکارتا ہی رہا مین کہ نامہ بر لینا
رہی نصیب زلیخا کو چاہ یوسف کی	کسی قبول ہی زر و یکی درد سر لینا
متاع طاقت دلکو تو کر چکی غارت	اب آگی آپ کو ہی کیا کسی کا گھر لینا
بدن مین رعشہ ہی پر ہوش یان ابہی ساقی	گری جو ہاتھ سے میری قدح تو بہر لینا
نگاہ چشم عنایت اودہر سے ہو کہ نہ ہو	ہمین تو سجدہ اوسی پانچ وقت کر لینا
چلا جو دل طرف زلف کہہ گیا اتنا	کسی بلا مین پہنسون تو مری خبر لینا
ذرا سی بات مین ہوتی ہین اپنی بیگانی	بڑا کمال ہی اپنا کسی کو کر لینا
گرسنہ ہی سگ منزل تو فاقہ کش رہزن	ہوا ضرور مجھی توشۂ سفر لینا
عبث ہی خوف تڑپنی کا حکم دی صیاد	جو رشتی دام کی ٹوٹین تو دام بہر لینا
مریض عشق بس اب صبح ہی تو شام نہین	گہڑی گہڑی کی تمہین چاہیے خبر لینا
کرم کیا ہی جو سائل پہ غم نہ کہا منعم	خسارہ کیا ہی جو دنیا ادہر اودہر لینا
لحد کہان عزیز و مقام وحشت ہی	اوتارنا جو مجھی پہلی تم اوتر لینا
گدا و شاہ ہین دو چار روز لقمۂ گور	زمین کو تمام ملک اپنا پیٹ بہر لینا

کمال شوق تماشا ہی ای عروس اجل
جو قبض روح کو آنا تو ذرا نکھر لینا

ابھی تو ہی تری قابو مین بلبل ای صیاد
رہا قفس سی جو کرنا تو پر کتر لینا

غریب ہون نہین تکلف کی احتیاج نہین
جلا کی چند چراغون کو عرس کر لینا

کبھی تو فاتحہ خوانی کو آئی پس مرگ
ضرور دوست کو ہی دوست کی خبر لینا

قبول فیض مین حاصل نہین ہی کچھہ جز داغ
سمجھہ کی مہر کا احسان ای قمر لینا

اسیر بندہ ہی تم یا علی ہو دوست خدا
نگاہ لطف سی گرتا ہی یہ خبر لینا

حال کہئی کس سی فرقت کی شب تاریک کا
آدمی ہمکو نظر آتا نہین نزدیک کا

وقت پڑنی پر نہین پاتا ہی ٹکڑا بھیک کا
حکمران توران کا ہو یا تاجور تاجیک کا

کعبۂ و دل دونون گھر اوسکی ہین اتنا ہی فرق
دور کی وہ راہ ہی یہ راستہ نزدیک کا

دید کی مانع نہین ہرگز نقاب روی یار
پشت سی پڑھ لیتی ہین خط کاغذ باریک کا

کوچۂ گیسو مین تو رکھتا تہی ایدل قدم
ٹھوکرین کھلوائی گا رستہ شب تاریک کا

جب ہوئی گرم سفر وہ ہو کی گاڑی پر سوار
ہم بھی منزل تک گئی پیچھا نچھوڑا لیک کا

ماہ نو دکھلا کی کرتا ہی اشارہ یہ فلک
ہاتہ بی گردش نہین آتا ہی ٹھیکرا بھیک کا

اور بھنجلا کر جو تلوارین لگاتا ہی وہ ترک
ہی مگر زخمون کی ہنسنی پر گمان تضحیک کا

ہی شہادت نامہ جو میری کفن مین بعد مرگ
یہ قبالہ ہی ریاض خلد کی تملیک کا

جامۂ توحید کو اسطرح سینا چاہیی
فکر کی سوزن ہو رشتہ معنی باریک کا

جیسی شیشی سی شراب سرخ ہوتی ہی عیان
جلوہ گر یون رنگ ہی اوسکی گلی سی پیک کا

حرص دولت سی ہی اہل ہوس کو شوق گان
کاسۂ طنبور مطرب ٹھیکرا ہی بھیک کا

ہست کہتا ہی کوئی اوسکی دہن کو کوئی نیست
خال لب کو کیوں نہ ہم نقطہ کہیں تشکیک کا

دام آفت ہوگا اب کیا رشتۂ طول امل
قطع ہونٹوں نی کیا ہی سلسلہ تحریک کا

صاف کر دل تا ہو صورت آشنا عالم اسیر
بزم میں خواہاں ہی کون آئینۂ تاریک کا

نخل عمر پنجروزہ سے جو پھل پایا تو کیا
چار دن کو ہفت کشور میں عمل پایا تو کیا

شوخیاں ہیں جو حسینوں میں وہ حوروں میں کہاں
مر کی ہمنی خلد میں نعم البدل پایا تو کیا

کیا کرینگے یاد باغ دہر کو سرو و چنار
اسنی پای لنگ و سنی دست شل پایا تو کیا

جانتو مندونکو پامال ستمگر ای فلک
ہم ضعیفونکی جلونکو تونے کلپایا تو کیا

لعل او گل منہ سنی جو تجھ میں ہمت مردانہ ہے
اگ اوگلنی کو دہن مثل رفل پایا تو کیا

ہی وہ سلطان لالی کی قابو میں جو کوئی ملک دل
کشوروں میں بادشاہوں نے عمل پایا تو کیا

اصل کیا دنیائی دون کی زہر ہی اسکا ثمر
نخل حنظل سی کسی نی تلخ پھل پایا تو کیا

بند کر دی رعب حسن یار نی اپنی زبان
عرض کا موقع گزارش کا محل پایا تو کیا

زندگی ہے مرگ سی بدتر فراق یار میں
آبحیوان آب خنجر کی بدل پایا تو کیا

گور میں رہتا ہی یہاں پھر سکونت چند روز
طاق کسری کا فریدون کا محل پایا تو کیا

پھر چلی گی تیغ اگر اوسکی گلی پر رک گئی
ایکدم کو اور وقفہ ای اجل پایا تو کیا

ہم تہی قسمت ہی گویا مردم تصویر میں
زر دنیا یا قرب ارباب دول پایا تو کیا

تل کسی محبوب کے چہری کا ہونا تہا تجھی
آسمان پر اوج تونی ای زحل پایا تو کیا

جانتی ہیں ہر قاتل ہو دیونکی فیض کو
خانۂ زنبور سی ہمنے عسل پایا تو کیا

صبح کو خالی وہی بستر وہی ہم بیقرار
خواب میں شب بھر جو دیکھا ہم بغل پایا تو کیا

کیون کسی استاد کی دیوان کو دیکھین وقت فکر
حاکم مردہ کا دستور العمل پایا تو کیا

مجکو انواع سخن مین ہی ید بیضا اسیر
میری ایجا جو انداز غزل پایا تو کیا

قاصد تلاش کر کی گہر اوسکا جو تہک گیا
آخر وہ میری خط کو میری اسر ٹنگ گیا

رخ کو چہوا تو وہ مژہ دل مین کھٹک گیا
گل توڑتی مین خار سی دامن اٹک گیا

گرمی ہی یہ سخن مین کہ ارباب طبع نے
چہاپی جو میری شعر تو تہر ٹہنک گیا

ادنایہ فیض ہے تری دریای فیض کا
آب گہر سے کاسۂ سائل چہلک گیا

معنی جو میری شعر کی ملتی نہین مجہے
شاید زمین مین گر کی خزانہ سرک گیا

شکوہ مری دہن سے جو نکلا خفا نہو
پیمانہ ہو چکا تہا لبالب چہلک گیا

ای ترک ابتو ہاتہ اوٹہا قتل عام سے
دوڑسی کہان تلک ملک الموت تہک گیا

محرور مین وہ تہا جو ملک لگیئی مجہے
دل کی جلن سی اور جہنم بہڑک گیا

اچہا ہوا کہ آپ نی دی گالیان مجہی
معدومی دہن کا مری دل سی شک گیا

اللہ ری بدگمانی ساقی کہ پیاس سے
کانٹی مری زبان پہ پڑی وہ کہٹک گیا

گردون کہن ناگوار ہو العبد مرگ بہی
کافور سے کفن جو ہمارا مہک گیا

نعمت کی ای فلک مجہی پروا نہین رہے
کہایا ہی غم یہ گرسنگی کا کہ جہک گیا

دریا مین گر پڑا جو مرا کوی اشک گرم
لطین صدف مین دانہ گوہر چٹک گیا

مین رند تہا کہ نشہ مین پہنچا بسر فلک
ملانی کی جو دوڑ تو مسجد تلک گیا

آنکہون مین ان بتون کی مروت نہین رہی
کیا ان تلون سی تیل الٹی ٹپک گیا

سرگشتہ یون ہی کوچۂ گیسو مین دل مرا
ظلمت مین جیسی راہ سکندر بہٹک گیا

سمجھو نہ اعتبار کلام اسیر کو
دیوانہ وار منہ مین جو آیا وہ بک گیا

زینت ہوئی بدن کی جو ہر بال پک گیا
گویا پہری مکان مین سپیدی چمک گیا

جس صبح روی یار سی پردہ سرک گیا
خورشید طالع شہ خاور چمک گیا

زر وہ ہی اہل حق کو بہی دنیا ہی آبرو
لوح طلا سی صفحۂ قرآن چمک گیا

ای دست مرگ تیری ستم کا بیان ہو کیا
ملبوس جان ہزار جگہ سی مسک گیا

کوٹھی پہ جڑہ کی باندہ دیا مینی خط شوق
قسمت سی اوس پتنگ کا پیا اٹک گیا

آیا مرض مین یار عیادت کی واسطے
چمکا جو درد دل تو مقدر چمک گیا

اروت سان یہ دلکو ہوئی اوس ذقنکی چاہ
اولٹا کنوئین مین جا کی یہ اندہا لٹک گیا

تاثیر ہو الفت پستان سی بعد مرگ
مثل انار گنبد مدفن چٹک گیا

پہنچا مجہی عداوت قاتل سی اور نفع
چھڑکا جو مشک زخم کا کوچہ مہک گیا

وار و کوئی حسین ہو تو بہی غمکدہ بہی باغ
یوسف کی بو سی خانۂ زندان مہک گیا

لکہا نزاکت کمر یار کا جو وصف
خامہ برنگ شاخ گل تر لچک گیا

کس خط سبز کا تہا مین کشتہ کہ بعد مرگ
آبحیات خضر لحد پر چھڑک گیا

دیکہا جو حسن یار تو اللہ ری جوش دل
آئینہ مثل جام لبالب چھلک گیا

می کیا فراق یار مین پانی اگر پیا
اوترا نہ گہونٹ میری گلی مین اٹک گیا

کامل وطن مین اپنی ٹہرتا نہین کبہی
پختہ ہوا تو شاخ سی میوہ ٹپک گیا

اوس رشک ماہ سی جو جدائی ہوئی اسیر
ایسا جگر جلا کہ دہوان تا فلک گیا

برہمن نی کہا تہا حال سب مجہہ نیم بسمل کا
لڑکپن میں کسی ان ہاتہ دیکہا تہا جو قاتل کا

گذر نہر چمن پر آج ہی کس ترک قاتل کا
کہ فواروں میں ہی عالم گلوئی مرغ بسمل کا

رگ گردن کہیں تہوڑی سی کٹنی میں نہ رہ جائے
الٰہی خیر کرنا کانپتا ہے ہاتہ قاتل کا

اوٹہاتی نجد میں کس دہوم سی ہم قیس کا مردہ
اگر صندوق ملجاتا کہیں لیلی کی محمل کا

الٰہی کسکی اوٹہ جانی سی ایسی تیرگی چہائے
کہ تشکل دیدۂ اعمیٰ ہی حلقہ اپنی محفل کا

رہ ایمان میں بینائی نہیں ہر ایک کو حاصل
مسافر کور دیکہا بیشتر تر آنکی منزل کا

برا انجام ہی جو ہیں فروغ دہر پر نازاں
سحر کو قسمت سنگ استخوان ہی شمع محفل کا

ہوئی پر بہی نہ پائی گردش افلاک سی مہلت
ابہی کہتا ہے چکر چاک پر کاسہ مری گل کا

لحد میں آئی نکیرین آگی کیوں مجہکو جگاتی ہو
ذرا آرام کرنی دو تہکا ماندہ ہوں منزل کا

سوا تذلیل کی کیا ہی غرض جب درمیان آئے
کرا اونچا ہاتہ منعم کا ہی نیچا ہاتہ سائل کا

پتا حسن جوانی کا نہ ڈہونڈہ ایام پیری میں
کٹی شب صبح کو جلوہ کہاں مہ ماہ کامل کا

حضور حق دم محشر نشاں کیا دینگی حیران ہیں
نہ صورت نقش دل کرلی نہ پوچہا نام قاتل کا

تصور جب کیا عمر دو روزہ کو ہوا ثابت
کہ ہستی سی عدم تک فاصلہ ہی دو ہی منزل کا

مری افلاس کو ہی فوق زرداروں کی دولت پر
کہاں ہے آب دریا میں چمکنا ریگ ساحل کا

اسیر آئی ہی عمر شصت سالہ اب کہاں طاقت
ہوئی ماندی سفر طے کرچکی ہم ساٹہہ منزل کا

بحمد اللہ کہ وقت ذبح نکلا حوصلہ دل کا
گلی پر تیغ دست شوق میں دامن ہی قاتل کا

نپوچہو حال ہمسے اضطراب طائر دل کا
کیا سینی کو اسنی آشیانہ مرغ بسمل کا

اگر بجلی کبہی ابر سیہ سی نجد میں چمکے
کہا مجنوں نی پردہ اوٹہہ گیا لیلی کی محمل کا

زیادہ نالۂ عشاق سے ہے حسن کی رونق
ہوا ہے جمع گل میں رنگ آواز عنادل کا

وہ رہرو ہوں کہ ہے کام پیش نظر تربت
ہر اک نقش قدم مجکو نشان دیتا ہے منزل کا

قیامت تک نہ گل ہو دامن باد بہاری سے
کسی غنچہ پہ پڑ جائی اگر سایہ مری دل کا

یہ میری بعد فارغ ہوکے ظالم اپنی گھر بیٹھے
کہ خنجر میان میں ہے آستین میں ہاتھ قاتل کا

قمر میں جب پڑا خورشید کا پرتو ہوا روشن
کہ ناقص کو بھی کر دیتا ہے کامل فیض کامل کا

سر سلطان پر افسر دیدۂ عبرت سے جب دیکھا
خیال آیا کہ یہ اولٹا ہوا کاسہ ہے سائل کا

فروتن واجب التعظیم ہیں کچھ شک نہیں اسمیں
جھکی مقتول کی گردن تو اوٹھا ہاتھ قاتل کا

ہوا ثابت ہمیں طفلی و پیری و جوانی سے
کہ ہستی سے عدم تک فاصلہ ہے تین منزل کا

یزیدی فوج لاکھوں یاور شبیر تھوڑے سے
بہت کم حق کی طالب اک جہان ہے پیرو باطل کا

گریبان قیس کا پھاڑا تو کیا اے پنجۂ وحشت
جو ہمت ہو تو پردہ چاک کر لیلی کی محمل کا

سفر میں بسکہ وہ زلف سیہ آنکھوں میں پھرتی ہے
گمان جادوں پہ ہوتا ہے بیابانمیں سلاسل کا

اسیر احباب گل میری لحد پر کیوں چڑھاتی ہیں
دماغ اہل فنا رکھتی نہیں شور عنادل کا

پتا قاصد یہی ہے بوستان کوے قاتل کا
چھٹا کرتا ہے فوارہ گلوئے مرغ بسمل کا

کیا ہے غازۂ رخسار جب سے خون بسمل کا
ستارہ اوج پر ہے جوہر شمشیر قاتل کا

کہو احباب سے کیوں قبر میں شانہ ہلاتی ہیں
ذرا راحت سے سونے دیں تھکا ماندہ ہوں منزل کا

حذر ایسا جو میری خون کی چھینٹو نسے ہے اوسکو
گریبان گیر ہوں گا حشر میں دامان قاتل کا

حریصوں کا شکم بھرتا ہے کوئی جمع دولت سے
کہ تاج زر یہ بھی رونا وہی ہے شمع محفل کا

کوئی ذرہ نہیں ہے پر تو خورشید سے خالے
تماشا دیکھ لے صحرا میں اوسکی فیض شامل کا

کسی سی کب بٹی زنار تسبیح سلیمانی
جدا کرنا بہت سہل ہی مشکل حق سی باطل کا

گداز عشق نی سو بار دل کو کر دیا پانی
ہوا ابتک نہ شعلہ سرد لیکن آتش دل کا

فراق یار مین دیکھی وہ میری لگی بیتابی
تماشا جسکو منظور نظر ہو رقص بسمل کا

پڑی ہین نیش غم سی اسقدر سوراخ قد تن مین
کہ ہی زنبور خانہ چھن کے کاشانہ میری دل کا

بجا ہی آسمان حسن ہم تجھکو جو کہتی ہین
خط شبرنگ گرد رخ ہی ہالہ ماہ کامل کا

برا ہی ایک سی جو دوسری کی پاس جاتا ہے
کبھی کب بحر وافر مین جگہ کن آجای کامل کا

جو تم اوٹھ جاؤ جہائی روشنی سی اور تاریکی
دہوان بنکر یقین ہی نور پہیلی شمع محفل کا

قیامت ہی بنہی ہے ذبح کی دم آنکھہ پر تیری
رہا دل مین تلاطم حسرت دیدار قاتل کا

جو ظاہر مین عداوت ہو تو باطن مین محبت ہو
اسیر آنکھین لڑین پر دسی لنا چاہیی دل کا

دہن عیان ہی حسینون کی ہی کمر پیدا
کئی ہین ایسے بہی اللہ نی بشر پیدا

زیادہ بالش پر کی نہ فکر کر صیاد
ٹہر ٹہر مری ہوتی ہین بال و پر پیدا

برای مشق اوسی صندل کی چاہیی تختی
صریر کلک سی ہوتا ہے درد سر پیدا

مقام رنج نہین ہو بشر جو بے اولاد
بہت خدا نی کئی نخل بی ثمر پیدا

سبب نزول حوادث کا ہی تو دولت دہر
کہ سنگ کہائی جو ہون نخل مین ثمر پیدا

حصول کیا ہے بنایا مکان جو منعم نے
کسی کی دل مین تو اوسنی کیا نہ گہر پیدا

شب وصال کب آئی کدہر گئی یارب
ادہر تو شام ہوئی اوسطرف سحر پیدا

عیان ہوا کہ جہان خانہ مصیبت ہی
جو طفل ہوتا ہے اسمین وہ نوحہ گر پیدا

کرو جو غور عدم تو وہ بہی ہستی ہے
نہان ہوا جو ادہر ہو گیا اودہر پیدا

فراق یار مین دن رات گھر رہا تاریک
نہ دن کو مہر نہ شب کو ہوا قمر پیدا

دعائین کین ہین پی داغ عشق او نہال کرتا تہ
کیا ہے قوت بازو سی ہمنی زر پیدا

طمع جو لذت دنیا کی ہو فقیرون کو
کری ابہی تو نئے بوریا شکر پیدا

روان کرون ہین جو قاصد کو سوی کو یار
ابہی تو صورت طائر ہون بال و پر پیدا

پڑی جو اوس لب لعلین کا بحر مین پرتو
سوا ہی لعل صدف مین نہون گہر پیدا

شب وصال جو دیکہی صباحت رخ یار
گمان یہ ہمکو ہوا ہو گئی سحر پیدا

خدا کی شان تو دیکہو عدم ہی ہا ہتی مین
وہ بت ہوا ہی زمانہ مین بی کمر پیدا

رقیب خاک اوٹہائین گی تیغ عشق کی زخم
کہو یہ نے جگرون سی کرین جگر پیدا

جگہہ جو کعبہ مین ملتی نہین ہمین نہ ملی
بتون کی دل مین تو ہمنی کیا ہی گہر پیدا

عرق کی قطرہ تری وی آتشین نہ نہین
ہوئی ہین چشمہ خورشید مین گہر پیدا

جنون کی جوش مین تا لامکان پہنچ جاون
فلک کی گنبد بی در کا ہو جو در پیدا

اسیر مہر و مہ و نجم کی حقیقت کیا
نبی کا نور ہوا سب سے بیشتر پیدا

ماتم ضرور تہا تمہین مجہ دردمند کا
کہنا تہا مرثیہ کوئی دس بیس بند کا

جنت ہی عکس روی بت دلپسند کا
طوبی نے ہی سایہ یار کی قد بلند کا

پہنچ کی روز آتی ہین محبوب جنگ جو
کرتا ہے کام جذبہ کامل کمند کا

کیا حاصل اسپ عمر اگر ہی سبکخرام
چلتا ہی اپنی پاؤن سوار اس سمند کا

نشتر ہی ہجر یار مین اک ایک موی تن
بی فصد بہ رہا ہے لہو چار بند کا

سولی ہوا ہی مجکو مرا اونچی بولنا
منصور وار کشتہ ہون حرف بلند کا

محشر کی روز بہی نہ کہلی گی لحد مین آنکہہ
کشتہ ہون اک نگاہ تغافل پسند کا

کرسعی ہی بلیغ جو مطلب بزرگ ہو
زینہ دراز چاہیئے بام بلند کا

بیجا نہین جو ہاتہ مین میری ہی ہتکڑی
دیوانہ ای پری ہون تری دست بند کا

اوس سرو قد نی بوسۂ ابرو عطا کیا
ہاتہ آگیا ثمر مجہے شاخ بلند کا

طی کر چکی ہین منزل ہستی کو ہم ضعیف
باقی ہی فاصلہ تو قد مہاہی خیند کا

رہتا ہی اپنی پستی طالع سی ہمکو خوف
گنبند نہ بہٹ پڑی کہین چرخ بلند کا

آواز رعد سی جو دہڑ کتی ہین سبکی دل
نالہ ہے یہ کسی نہ کسی دردمند کا

مضمون شوق ایک ہی لکہون مجال ہے
مکتوب جب تلک نہو دو چار بند کا

دیوان حشر مین ہی وہ مصرع ہی انتخاب
مضمون ہے جسمین یار کی قد بلند کا

تیری جلی ہوونکو ستائی کا کیا فلک
محفوظ آسیا ہی دانہ سپند کا

صیاد آج کل ہی یہ بلبل پہ مہربان
پہر قفس غلاف بنا ہے پرند کا

تاثیر دیکہنا لب شیرین یار کے
پانی کا آبخورہ ہی کوزہ ہی قند کا

اورون کا ذکر کیا کہ مری سامنی اسیر
چلتا نہین کمال کمال خجند کا

پروا تری کچہ ای مہ کامل نہین رکہتا
مین داغ اوٹہانیکی لیی دل نہین رکہتا

کسطرح گریبان سی اوٹہی فرق خجالت
سر سجدۂ محبوب کی قابل نہین رکہتا

سیراب ہون کیا تشنۂ صحرای محبت
یہ دشت کنوان سیکڑون منزل نہین رکہتا

لائی اجل آخر مجہی ہستی سی لب گور
وہ کون سا دریا ہی جو ساحل نہین رکہتا

ہی ہمسی غریبون کا بہی ای مرگ گذارا
صد شکر کہ دربان در قاتل نہین رکہتا

جس قافلہ کی ساتھ ہی تمنا کوئی یوسف
رہرو کو گلہ سختی منزل نہین کہتا

سب طرح کی طاقت ہی نہین صبر کی طاقت
سب کچھ ہی مری پاس مگر دل نہین رکھتا

کیا بڑھ کی چلی گا تری شمشیر نگہ سے
یہ تاب یہ دم خنجر قاتل نہین رکھتا

ہی مدنظر الفت گیسو کا چھپانا
جھنکار ہو جسمین وہ سلاسل نہین رکھتا

فاقی مین بھی مانگون نہ کبھی خست نعمت
منعم ہون مگر عادت سائل نہین رکھتا

تر ہو جو زبان خنجر قاتل کی سر مو
اتنا بھی لہو جسم مین بسمل نہین رکھتا

ہر چند ہی عالم مین بہت شہرہ یوسف
تیری سی مگر شکل و شمائل نہین رکھتا

ہی خلل سی ہر روز بیان جسرح برابر
باقی نہین رکھتا ہون مین فاضل نہین رکھتا

کرتا ہی فلک چاند کو اوس رخ سی مقابل
ہی ہیر مگر عقل یہ کامل نہین رکھتا

زخمون پہ مری کون کری مشک فشانی
وہ چہرہ شفاف کوئی تل نہین رکھتا

صحرا کی درندون سی ہی غربت مین گلہ کیا
ہمدم ہی مری ناقی سگ منزل نہین رکھتا

معلوم اسیر اوسکو ہو کیونکر مری حیرت
جو شرم سی آئینہ مقابل نہین رکھتا

جو پہنچی دوڑ کر مقتل مین ہم اپنا قدم ٹھہرا
دم شمشیر قاتل پہ گلا رکھا تو دم ٹھہرا

بندہا ہاتھ کا حلقہ گرد جسکا ایکدم ٹھہرا
ترا دیوانہ قامت محرم کا علم ٹھہرا

نہ آنی مین ہوئی محنت نہ جانی مین ہوئی دقت
وجود و نیستی کا فاصلہ کل دو قدم ٹھہرا

بجا کرتا ہی لمبین رات دن ناقوس نالی کا
خدا کا گھر ٹھہرا یہ کوئی بیت الصنم ٹھہرا

ترا مقتل بھی اہی قاتل تھا کوئی محکمہ شاید
سر و گردن کا جھگڑا چکا کیا خنجر حکم ٹھہرا

کبھی ہمنی اگر قد بلند یار سی ناپا
بہی اونچا رہا سرو چمن دو ہاتھ کم ٹھہرا

حباب اہل جہان بحر تلاطم خیز ہے دنیا
بہت ٹھہرا جو اس طوفان مین کوئی ایکدم ٹھہرا

شب وصل ای قمر کیا تو نکلتی ہی ہوا غائب
ترا چلنا ٹھہرا آہوی وحشی کا رم ٹھہرا

جلا دل جب وہ مرگ غیر کی سنکر خبر روئی
ہماری واسطی برق غضب ابر کرم ٹھہرا

شرارہ ہی تنگئی فرسی جلا سبزہ بیابان کا
جہان دم بھر ترا دیوانہ آتش قدم ٹھہرا

نہین ہی سرکشون کو امن جوش بحر رحمت مین
جو آب زندگی برسا حق آتش مین سیم ٹھہرا

نمونہ ہی صراط حشر کا یہ دار فانی بھی
وہان بھی ہی ہی ثابت یہان جسکا قدم ٹھہرا

بہت ماندا ہی مجنون قوت و رتا آتا ہی اسیر ہے
خدا کیواسطے ناقی کو لیلی کوئی دم ٹھہرا

سوائی غم کہان راحت مرض آباد ہستی مین
گمان فربہی جسپر تھا وہ آخر ورم ٹھہرا

گلہ ہم لکھہ چکی تھی اوسکو نامی مین رکا وہ ظالم کا
نہایت خیر گذری خود سر کاغذ قلم ٹھہرا

اسیر اہل جہان جتنی ہین زر کی حرص کرتی ہین
یہ وہ ہی عہد جسمین نقش حب نقش درم ٹھہرا

دنیا سے اوداس دل ہی کب کا
ہون دیر سے منتظر طلب کا

ای آہ نہ عرش سے بڑہ آگے
تہمجا کہ مقام ہے ادب کا

محفل مین وہ شمع رو نہ آیا
پروانہ بہی لکھہ چکے طلب کا

اسے گور فشار دی نہ اتنا
میہمان تری گھر ہون ایک شب کا

آئینہ یہ سمجہ نگاہ شفقت
کہی یہ ہے روشناس کب کا

عاشق نہین ہوتے بی وفا یار
اپنا سا نہ جان حال سب کا

گلشن مین ہے کیا گلون پہ جوبن
بلبل کو ہے سامنا غضب کا

شیرین لب نے مجکو مارا
ہو نخل مراد بر رطب کا

حق حق تو یہ ہے کہ روح پر ہے
اطلاق صحیح حکم رب کا

کرتے ہین کلام بے دہین وہ
حقا یہ مقام ہے عجب کا

اب عشق مین جان کی ہی رخصت
دل سینے سے جا چکا ہی کب کا

وہ گیسو و رخ ہے یا ختن سے
ڈانڈہ ہے ملا ہوا حلب کا

کس دہوم سے موسم گل آیا
کچہ رنگ بدل گیا ہے سب کا

ساقی سے یہ پوچہتا ہی قاضی
کیا مہر ہے دختر عنب کا

مشتاق ہون مین اسیر اوسکا
محبوب ہے جو حبیب رب کا

ضبط گریہ جو نکرتا تو کہو کیا کرتا
مجہ سی ہوتا کہ تمہین خلق مین رسوا کرتا

ساری عالم کی رقابت جو گوارا کرتا
دل مرا خواہش معشوقۂ دنیا کرتا

دل اوسی آپ دیا چوک گیا اب ہی یہ سوچ
مین ندیتا تو وہ کیا مجہسے تقاضا کرتا

آپ کرتی جو اونہین اپنی مریضون مین شمار
ملک الموت تو کیا فخر مسیحا کرتا

کاش ہمنسانہ ابہی دام مین صیاد کی مین
چار دن اور گلستان کا تماشا کرتا

لیگئی اک نگہہ ناز مین یہ بت دل و دین
کون بتخانی مین کعبی کا ارادہ کرتا

ضبط نی روک لیا خوب ہوا ورنہ یہ دل
دو ہی نالون مین دو عالم تہ و بالا کرتا

گردش بخت زبون جور فلک رنجش یار
درد لاکہون تہی مین کس کس کا مداوا کرتا

مرض غم کا کہان پاس طبیبون کی علاج
رحم اللہ نکرتا تو کوئی کیا کرتا

بچ گئی جان ہوا آج ہی وہ دار نصیب
تہی قیامت وہ اگر وعدہ مہ فردا کرتا

داغ ہوتا جو مرا داغ لگاتا مرہم
دیہتا جو مرا درد مداوا کرتا

صاف کہتا نہ گڑی لاشۂ عاشق مجھ مین
دہن گور کو اللہ جو گویا کرتا

رشک کا مذہبی کی فرشتو نسی ہی مجکو ور
لیکے تصویر تری ہاتہ مین دیکھا کرتا

صاف کہدونگا اگر حشر مین پوچھیگا کوئی
عمر تہوڑی تھی بہت اسمین مین کیا کیا کرتا

کوئی رہتی ہین نہان چشم تصور ہی حسین
لاکھہ پردی مین یہ ہوتی مین تماشا کرتا

دل مرا کا ہیکو یون چاہ ذقن مین گرتا
جذبۂ شوق اگر اوسکو نہ اندھا کرتا

سخت جان مین وہ ہون کہ خود شرم سی کٹ جاتا
مجھ سی ہوتا کہ ترے ہاتہ کو جھوٹا کرتا

حیف داغون نی کیا سرو چراغان مجھے
شاید اگر وہ کسی روز تماشا کرتا

می جدائی مین جو پیتا تو جگر کٹ جاتا
قطرہ قطرہ اثر ریزۂ مینا کرتا

جان بہ ہی کی تھی کب امید غم گیسو مین
کیا سمجھ کر مین علاج تپ سودا کرتا

مین ٹہرتا جو کسی نخل کی سایہ مین اسیر
پیچ تقدیر کا اوسکو بھی بگولا کرتا

حسن کہو یا خط شبگون نے رخ پرنور کا
زاغ کو بھی پی گئی روغن چراغ طور کا

چہرۂ روشن مین عالم ہی خدا کی نور کا
شک اگر ہو دیکھہ لو آئینہ برق طور کا

اجر طاعت کیون نہ پائین سست ہی ہر کوئی
پیر سی افزون ہی گزینہ جوان مزدور کا

اسقدر راہ تلاش دخت رز مین ہم چلے
ہر قدم چھالون سی خوشہ بنگیا انگور کا

کیا ہوا غالب اگر اچھون پہ ہو جامین بری
خاک سی سایہ اوٹھا دیتا ہی بستہ نور کا

اوٹھہ گئی کوچہ سی تمہاری کون جائی سوی خلد
آپ گل بارہ برس کی سن نہ یا وہ حور کا

کیا ہوا واقف جو راہ شہر ہستی ہی نہین
اگیا ہون سیر کو ہون رہنی والا دور کا

کچھ نہین بی ہمکو مصحف رخ اکی جلبت بعد مرگ
ہی زبان شمع پر تا صبح سورۂ نور کا

مجہ موحد کی جو مرقد پر جلاتی ہو چراغ | چاہیی اسمین فتیلہ پنبۂ منصور کا
ہی نصیب خلق کب میخانۂ عالم مین عیش | بادہ ملتا ہے یہان تو زخم کی انگور کا
ظلمت عصیان مین کچھ نہ سوجہتی ہی راہ راست | راہرو اعمی سی بدتر ہی شب دیجور کا
لذت بی غم کہان ممکن کہ موذی ہی جہان | نیش سے خالی نپایا شہد انس زنبور کا
چاہتا ہی دخت رز ہو جای مجہسے بدمزہ | روز دیتا ہے مجہی پیغام زاہد حور کا
نزع کا ہنگام ہی تابوت بنوائین عزیز | کچھ سواری چاہیے جب ہو ارادہ دور کا
جانتا ہی اوسکو جو ہی رہبر راہ خدا | ہی علی آباد دروازہ محمد پور کا

داستان لیلی و مجنون سی کیا حاصل اسیر
شوق رکھتا ہی کوئی کم قصۂ مشہور کا

میری باعث سی ہی شہرہ اوس رخ پر نور کا | جسطرح موسی سی چمکا نام برق طور کا
کیا اثر مطرب ہی تیری نرگس مخمور کا | ہو گیا البریز مے کاسہ تری طنبور کا
آسمان پر ہجر کی شب نام کیسا نور کا | ماہ تابان حلقہ ہی زلف شب دیجور کا
عادت بد سی ہی دولت موذیونکی لازوال | نیش کا ڈر ہی محافظ خانۂ زنبور کا
روسیاہون کو دکھین چشم بد سی رو سفید | مشک سی قیمت مین کم ہی مرتبہ کافور کا
دعوی باطل ہی انسان کو ہلاکت کا سبب | حال کیا آخر ناحق سی ہوا منصور کا
پہٹ گیا مثل کتان زخم اور کیسا التیام | بنگیا مہتاب پہاہا مرہم کافور کا
ظلم اہل ظلم پر کچہ ظلم مین شامل نہین | کون غارتگر ہی مجہ بن خانۂ زنبور کا
چہین کر دینکو بٹہایا ہی تو وہ بوسہ مجہے | کام لو اچہا تو دل بہی خوش کرو مزدور کا
ارتکاب فعل بد کیواسطی لازم ہی فقیر | ہی گدا مطرب تو کاسہ کاسہ ہی طنبور کا

خانہ زندان سی مجکو کم نہین ہی گہر ا
جب سی دیوانہ ہوا اک کو دل مزدور کا

زیست مین ہمکو میسر ہی پریزادونکی دید
جان دی زاہد تو حاصل ہو نظارہ حور کا

یون بسر کی شام سی ہمنی شب تاریک ہجر
صبح تک لب پر وظیفہ تہا دعائی نور کا

دیکھہ کر روی صبیح یار آئی اپنی موت
غسل میت کو ہو پانی چشمۂ کافور کا

خط نکلنی پر لب شیرین کا بوسہ لون مین کیا
دل جو طالب ہی تو طالب شہد بی زنبور کا

واہ کیا بدلا شراب سرخ کی بہرنی سی رنگ
ساغر یاقوت کاسہ بنگیا بلور کا

طور پر کس برق عارض کی تجلی ہو گئی
ہے زبان شکر ہر تپا نہال طور کا

ہو گئی پیچا نسان لیکن نر کہا حق غیر
بیچکر گہر ہمنے روزینہ دیا مزدور کا

دیدۂ گریان رہے جاری تو اچہا ہی اسیر
بند ہو جانا ضرر پہنچائی گا ناسور کا

مطلب دل بے طلب ہو جای گا
جب خدا چاہے گا سب ہو جای گا

صبر کر ای دل ستم اوسکے اوٹہا
اف اگر نکلے غضب ہو جای گا

پل رہے گا رزق تقدیری ہمین
کچہ بہانہ کچہ سبب ہو جای گا

تم پکاروگی مجھے جس نام سے
بس وہی میر القب ہو جای گا

بی ادب سیکھے نہ مجکو بار بار
مجہ سے بہی ترک ادب ہو جای گا

جا نہین گی ہم رندیون فردوس مین
اہل تقوی کو عجب ہو جای گا

ہو سکے دل آئینہ دار روی یار
حاکم شہر حلب ہو جای گا

ہون وہ مے کش زرد مجکو دیکھہ کر
چہرۂ بنت العنب ہو جای گا

تم چہپاؤگی اگر زلفون مین رخ
دل سیہ مانند شب ہو جای گا

قصد تنجانے کا کعبہ سے تو ہی
جائین گے جب حکم رب ہوجای گا

پڑ گئی جبدن نگاہ اہل فہم
سارا دیوان منتخب ہوجای گا

خود بلائین گے وہ مجھکو بام پر
طور پر موسے طلب ہوجای گا

نزع کی دم مرتضے آئے اسیر
خاتمہ بالخیر اب ہوجای گا

دیکھنی اوسکو نجاتا مین اگر کیا کرتا
دل ہے قابو مین تہا قطع نظر کیا کرتا

گرد جب دلکی پہرا مجھکو ملا حج کا ثواب
گہر مین کعبہ تہا مین کعبہ کا سفر کیا کرتا

پاس ہوتا نہ اگر آپ کی رسوائی کا
دیکھتے تم کہ مرا دیدۂ تر کیا کرتا

صبح ہوتی وہ چلی آتی ہماری گہر مین
نالۂ نیم شبی اور اثر کیا کرتا

مرگیا خوب ہوا ٹل گئی فرقت کی بلا
زندگی ایسی مصیبت مین بسر کیا کرتا

بیٹھتی تم نہ اگر آکی مری پہلو مین
نہین معلوم کہ یہ درد جگر کیا کرتا

چھوڑ کر دہر کو پہر دہر سی الفت کیسی
نظری بیت مین منظور نظر کیا کرتا

ما عرفناک ہی عرفان مین تری قول نبی
مقر عجز نہوتا جو بشر کیا کرتا

ہاتہ خالی ہی گیا مین طرف ملک عدم
راہ کچہ دور نتہی زاد سفر کیا کرتا

کیا ہوا آئینہ کو بزم جہان مین حاصل
ہوکی ہر ایک کا مین دست نگر کیا کرتا

پاؤن بیکار تہی آتی جو نہ کوچہ مین تری
آستان تک نہ پہنچتا تو یہ سر کیا کرتا

تہا وہی در مین کعبی مین اوسی کا جلوہ
حق یہ ہی جاکی اِدہر ہی مین اُدہر کیا کرتا

قلزم دہر مین بیمغز تہا مثل حباب
راہ سیلاب مین تعمیر مین گہر کیا کرتا

نہین ہوتی کبہی ہونی سی یہ زاغ سفید
رو کی عاشق شب فرقت کو سحر کیا کرتا

اوڑگئی نیند شب ہجر مین آرام کہان
کی بلا مین نہ کبہی رد بلا کی تدبیر
چرخ دیتا جو مجہے بالش پر کیا کرتا
زخم شمشیر کا مشتاق سپر کیا کرتا

دل تہا کس کام کا ملتا نہ اگر درد اسیر
داغ الفت جو نہوتا تو جگر کیا کرتا

کف پائی حنائی تک بجا آتا ہی گیسو کا
تجسس دل کو یون ہی تہا بلی وسکی چشم جادو کا
مناسب ہے اوسیکو وصف افسونگر ہو شاعر ہو
نہین پنہان کہ ہی آتش پرستی کام ہندو کا
فلک پر ہر سحر مہر اس تمنا مین نکلتا ہی
شکاری منزلون کرتی ہین پیچہا جیسی آہو کا
جدائی رنگ حسن آتا تو جوش وحشت مجنون کے
پکڑنا سانپ کا ہی باندہنا مضمون گیسو کا
ذہون سی عبث امید ہی مطلب برآری کی
نبی تعویذ زرین اوسکے دروازی کی بازو کا
گرونگا کس نشان سی وعوی خون حشر مین یارب
ب بجے بازار لیلی مین گہورا چشم اہو کا
حمائل ہون تو ہون اغیار کی گردن میں ہاتہ اوسکی
گہر بیدہا گیا کب سوزن مژگان سی آنسو کا
سبکروحون کی صحبت یکدگر ہی باعث تو
نشانہ تیر مژگان کا ہون کشتہ تیغ ابرو کا
خطا کیا کیون سیہ خانہ مرا روشن نہین کرتا
یہان ہی مصحف ہی آشنا ہی رحل زانو کا
ملی خسرو کو شیرین کوہکن نے لاکہ سر مارا
کہ پرہے موجہ باد بہاری طائر بو کا
کہین پہر عود ہو یارب کہ بچہ بچہ دلکو تسکین ہو
بٹی کو ہی دیا تونی چراغ ای چرخ جگنو کا
نہ الفت ہی نہ خاطر ہی نہ رحمت ہی نہ شفقت ہی
کوئی چلتا ہی قابو زر آگی زور بازو کا
دہی تا وک فگن ہی ہو جو قربان تیر مژگان پر
نہایت داغ ہی دل کو زوال درد پہلو کا
زبان سی مصرع تر خود بخود موزون نکلتی ہین
دیا کیون مینی ایسی بیوفا کو دل بہت چوکا
دہی ہی تیغ زن ثانی جو ہو ہاتیغ ابرو کا
ہماری طبع سنجیدہ مین عالم ہی ترازو کا

عجب خونریز ہی یہ شاہد رعنائی دنیا بہی
ہوا اچہا کہ وہ پہلو سی اوٹہکر لیگئی دل بہی

گلوری پائی اسکی ہاتہ سی جسنی لہو تہو کا
کہ پہنچی گا نہ بڑہ کر دل تلک اب درد پہلو کا

امیر اسمین بہت کی گو کہ دقت موشگافون نی
سمجہ مین آج تک آیا نہ مضمون بیت ابرو کا

خیال آیا جو اوس خال سیاہ و چار ابرو کا
تو سمجہا دل کہ وہ ہندو ہی یہ جوگی ہی ہندو کا

فقط دیوانہ میرا دل نہین اوس لف پریرو کا
گریبان چاک ہی جو پہول ہی گلشن مین شببو کا

دہن کہتی ہین جسکو ہی وہ نقطہ صفر رو کا
کمر سمجہی ہین سب جسکو وہ ہی اک بال گیسو کا

نہین محفل مین کچہ شمع نہ فانوس کی حاجت
کہ زیر آستین روشن ہی یکہ اوسکی بازو کا

نظر اک کودک نقال پر ہی طائر دل کی
شکار اک روز ہوجائی گا شاہین ترازو کا

مری اروفی سی جاری ہی جو گہر مین نہر اشکونکی
گمان ہی ہر ستون خانہ پر سرو لب جو کا

الہی دیکہیی کیا گذری اب ہم سخت جانون پر
کہ قاتل کو ہی منظور امتحان شمشیر و بازو کا

کیا ہمکو بیابان مرگ کن آنکہون کی آفت نی
چراغ اپنی لحد پر جل رہا ہی چشم آہو کا

نزاکت یار کی میری نقاہت جب گئی تولی
جہکی ہرگز نہ یہ پلہ نہ وہ پلہ ترازو کا

لگائین افسرونمین اپنی سلطان یکہان پائین
کسی کی ہاتہ کب آتا ہی موتی میری آنسو کا

مرا دل کیا جگر آہن دلونکی بہی ہین دو ٹکڑی
کوئی رکہتا ہی وار اوس تیغ زن کی تیغ ابرو کا

پسند آئی ہی وحشت جو عشق چشم جانان مین
بچہونا اوڑہنا ہمنی کیا ہی پوست آہو کا

تری ٹل بیٹہنی سی اشرفی حاصل ہوئی اسکی
کہ برج مہر تابان بنگیا پلہ ترازو کا

وہ عاشق ہون تمنا بعد مرنی کی ہی بس اتنی
کہ تربت کا بہی ہو تعویذ تعویذ اوسکی بازو کا

اسیر اس عہد مین کوئی نہین ہی مدح لکہنی کی قابل

فقط اک ربط باقی ہی تو بیتابی سی زانو کا

شب کو ہو جاتا ہی ہمسی وہ گل اندام جدا
جیسی سرخاب سی سرخاب سر شام جدا

کسکو کرتی نہین یہ گردش ایام جدا
ماہ سی مہر جدا صبح سی ہی شام جدا

اوسکی نزدیک بہی ہین خاص جدا عام جدا
فرد عشاق سے لکھا ہے مرا نام جدا

جلد لانا مری نامی کا جواب ای قاصد
دون گا اجرت کی سوا مین تجہی انعام جدا

بدی نفس سی کیونکر نہو انسان با خود
خون قاتل پہ ہی سر کرتی ہی صمصام جدا

دلکو الفت مین جو یہ آنکھین نہ پہنسائین کیونکر
لفظ بادام سے دیکہو کہ نہین دام جدا

رات بہر اوسی لڑائی رہی اسپر ہی یہ خوف
ہوگا ہنگامہ ابہی صبح کی ہنگام جدا

مثل تصویر ہی کیا غم ہمین عریانی کا
کب ہی اندام سے پیراہن اندام جدا

وصل کی رات بہی وہ ماہ کسی ہتا نہی فرق
ہٹ کی پہلو سی مری کرتا ہی آرام جدا

وصل کیسا کہ وہ بت مین ہون خلع اکا شبد
کفر اسلام سی ہی کفر سی اسلام جدا

فائدہ چاہی تو کر اہل کرم سی صحبت
نہ ہوی مے سی جو شیشی ہی رہی جام جدا

ہون گلستان جہان مین وہ گرفتار ازل
مثل طاؤس پرون سے نہین گلدام جدا

خوب ہون گی نہ بیان دختر رز کی اوصاف
میری لب سی ابہی ساقی ہی لب جام جدا

تیری آنکہونسی کرین دہیان جو ہمچشمی کا
سر حبابون کی کری موج کی صمصام جدا

لیجی ایسی تری قیصر کی بوسی کہ نہو
چشم روزن سی دہن لب سی لب بام جدا

طبع جانان سی وہ زنگی نہین جاتی ابتک
ہمسی پیغام جدا غیر سی پیغام جدا

نالہ کش دل ہی مرا قمری و بلبل کیطرح
ہو گیا جیسی وہ شمشاد گل اندام جدا

تہ بہ تہ قبر ہوئی گور غریبان مین اسیر

نہ ملا زیر زمین گوشۂ آرام جدا

نہ آئے وہ سے پہلے تو قف کیا
موئے ہم تو کیا گیا تاسف کیا
ملا زہر اگر ہاتہ سے یار کی
اوسی نوش جان بی تکلف کیا
مری کیون نہ دنیا زلیخا کیطرح
خدائی تمہین رشک یوسف کیا
اگر گنج قارون بہی ہاتہ آگیا
اوسی وقت ہمنی تصرف کیا
فقط صوف پوشی پہ پایا مدار
جو دریافت حال تصوف کیا
مرے گہر مین تشریف لائی جو تم
عنایت عنایت تلطف کیا
رہا یاد مطلق نہ عہد الست
جو وعدہ تہا اوسمین تخلف کیا
مرے داغ دل کی جو پہنچی ہوا
جہنم نی بہی شور اُف اُف کیا
پیا خون دل لقمۂ غم کی ساتہ
غذا مین جو ہمنے تکلف کیا
معرف ہے اللہ بہی حسن کا
کہ قرآن مین ذکرِ یوسف کیا

غلط کیون نہ دیوان ہو میرا اسیر
کہ کاتب نی اس مین تصرف کیا

سوزِ غم سی جسم جلتا ہی یہ مجہ بیتاب کا
اشک و عارض مین ہی عالم آتش و سیماب کا
وصل قسمت مین کہان مجکو دیا ہی چرخ نی
بخت پروانی کا دن کو رات کو سرخاب کا
دیدۂ بیدار ہی اپنی لحد مرنیکی بعد
ظاہر اد رپر پڑا رہتا ہی پردہ خواب کا
جرم کیا بی اعتدالی ہو جو بہر نفع خلق
کون دامنگیر خونریزی مین ہی قصاب کا
موسم بہری مین کیا چمکین ہماری داغ دل
نور کتنا ہی چراغان شب مہتاب کا
اشک جاتی رہتی ہین بڑہ کر نمازین پانچ وقت
ہی یہان درپیش گہر بیٹہی سفر پنجاب کا

دیکھنی کو صورت نرگس ہلین آنکھین مجھی
عین بیداری مین یہان ہتا ہی عالم خواب کا

جلوہ اوسکا دیکھکر کھیچون مین کیونکر تو نہ آہ
کار لا حاصل ہی گر زسنی ناپینا مہتاب کا

مثل خس کہتا ہی گردش مین یہ چشم تر آج
عالم اپنی بخت برگشتہ مین ہی گرداب کا

ایک نی روکا نہ اوسکو موت آئی جسگھڑی
گرد مجتمع تہا تری بیمار کی احباب کا

کم نہین ہی اوسی فرقت مین دل پر خون مرا
ساقیا کچہ پر ابطی مین نہین سرخاب کا

نہر ابر تو تو دل پرسوز کو میری جگہہ
نور بڑہ جائی کا اس قندیل سی محراب کا

ہوگیا دیوانہ تیری عشق مین ای بحر حسن
طوق گردن مین ہی زیبا حلقہ گرداب کا

زخم سینی پر لگا ای تیغ قاتل دل کھلی
منتظر اک عمر سی بیٹھا ہون فتح الباب کا

گرد اپنی پھر رہا ہون تو نسی ای اسیر
قلزم ہستی مین سیکھا ہی چلن گرداب کا

کھوئی غفلت کو نہ کیون پیتا شراب ناب کا
خواب کردیتا ہی زائل ایک قطرہ آب کا

کس سی کہی اضطراب اپنی دل بیتاب کا
صاف سینہ مین ہی عالم معدن سیماب کا

چاہتا ہون اور زخمونکو ہو ایذا بعد مرگ
ہی کفن درکار مجکو چادر مہتاب کا

گر پڑی دیوار میری بستی تقدیر سے
ہو جو مجکو اوسکی سایہ مین ارادہ خواب کا

بسکہ آتش شرم روی یار سی ہی آب آب
صاف ہر آتشکدی مین اب ہی عالم آب کا

سد راہ اشک ہو دیوار مژگان کسطرح
روکنا خاشاک سی ممکن نہین سیلاب کا

کیا کرین خاموش اپنی آتش دل اشک چشم
جب کری پانی بہی پیدا خاصہ سیماب کا

ہون مریض اوس لعل لبکا جانتی ہین سب طبیب
کیون نہ نسخی مین مری شربت لکھین عناب کا

رات بہر اوس سی جدا [illegible] اسکی ملال
[illegible] سرخاب کا

عالم وحشت مین مجھ سا کون ہے مہمان نواز
منتظر رہتا ہی ویرانہ مرا سیلاب کا

خندۂ دندان نما جب اوسنی ساحل پر کیا
موتیون سی بھر دیا کاسہ ہر اک گرداب کا

کب مقلد ہو سکی کم ظرف عالی ظرف کا
صورت دریا روان پانی نہین تالاب کا

وقت گریہ ہے جو یاد گوہر دندان یار
بہ رہا ہے گھر مین دریا موتیونکی آب کا

اوس یم خوبی کا ابرو جب ہلا وقت نماز
مثل موج آب دل پانی ہوا محراب کا

جب سی میخانہ مین تو آتا نہین ای بحر حسن
ہر لطمے مین ہی عالم ماہی بی آب کا

ہی اسیر اوس نرگس خونریز پر خال سیاہ
برہمن ہمسایہ کیونکر ہو گیا قصاب کا

نشۂ مے کا یہ وفور ہوا
شکل مینا مین چور چور ہوا

کسکے دل سی جدا نہین نزدیک
شہرۂ حسن دور دور ہوا

گھر ملا بعد مرگ جنت مین
مین سیہ کار زلف حور ہوا

مستحق رشک سی لڑے باہم
اونکے فطرے مین بھی فتور ہوا

رفع تکلیف زر سے بھی نہوئی
جمع دولت سے جی ضرور ہوا

تیر اوسنی لگائے یہ پس مرگ
قبر پر سایۂ طیور ہوا

کیجیے سرفراز یا پامال
اب تو مین حاضر حضور ہوا

آدمی سے خطا ہوئی ہے
حور تمکو کہا قصور ہوا

اب رہا مغفرت مین کیا شبہہ
نقش خاطر ہو الغفور ہوا

دل جلایا مرا جو گردون نے
اور بہی گرم یہ تنور ہوا

کچھ عجب حسن ہی طبیعت مین
جو تصور بندھا وہ حور ہوا

تو جو خورشید ہے تو مین شبنم
مین کہان حبب ترا ظہور ہوا

تمکو نافہمون نے کیا بدنام
ناز پر شبہۂ غرور ہوا

حسن نے اوسکے یہ ہوا باندہی
طور پر گل چراغ طور ہوا

داغ کہا کہا کے مثل مہر اسیر
سر سے پا تک مین ایک نور ہوا

بوسہ کیا لیجیی کہ ہی وہ خال دانہ مشک کا
دیگا آخر داغ رسوائی چرانا مشک کا

الفت گیسو مین کیونکر دلکو پوشیدہ کرون
کوئی ہو سکتا ہی پردی مین چھپانا مشک کا

زلف مشکین کی تصور مین مجھی آیا ہی غش
ہی مناسب لخلخہ مجکو سنگھانا مشک کا

کسکی زلف مشکبو کا وصف کرتا ہون رقم
ناف آہو دائرہ نقطہ ہی دانا مشک کا

کون ہی جسمین سودا زلف جانان کا نہین
ہی خریدار آج کل سارا زمانہ مشک کا

پھر چشم بد سویدا ہی مری دل کا سپند
فرض کیا ہی خال چہری پر بنانا مشک کا

چاہتا ہے صحبت رخسار و گیسو کا اثر
اینہ کا فولاد بنجائے شانہ مشک کا

نامہ بر خوش ہو کی تا چلنی لگی آہو کی چال
خط مین لکھہ کر بھیجی نافہ روانا مشک کا

اپنی بالونکو نہ تم مٹی سی دہوؤ بار بار
خاک مین اچھا نہین صاحب ملانا مشک کا

میری چشم شوق مین ہی یون شبیہ زلف یار
جسطرح ہو ناف آہو مین ٹہکانا مشک کا

کیا دل آویز جہان ہو حلقۂ گیسوی یار
پھر تو مٹی ہی جو ہو نافہ پرانا مشک کا

عاشقون کی دل جلاتی ہین اگر پھر بخور
عود کا حیلہ وہ کرتی ہین بہانا مشک کا

پای بند زلف مشکین ہی ہمارا مرغ دل
جای دانہ دی لسی صیاد دانا مشک کا

ہی معطر نکہت گیسوی محبوبان ہند
تا جواب چین سی نا حق ہی لانا مشک کا

پھر تو گیسوی قاتل نے یہ دکھلایا اثر — کوچہ ہر زخم مین پایا ٹھکانا مشک کا

کاکل مشکین سی کرتی ہین مقابل ای امیر
ہے یہ جو منظور طرہ اونکو مٹانا مشک کا

بچ رہے کیونکر نشانہ اوس نگاہ ناز کا — تیر کرتا ہی خطا کونی قدر انداز کا

حال ہی خط مین جو اپنی شوق بی انداز کا — قصد ہی اسکو کبوتر کی طرح پرواز کا

صاف روشن ہی کمال نغمہ پرداز ازل — ایک ساز نطق مین یہ اختلاف آواز کا

غیر سی خواہان اعانت کی نہین ہمت بلند — چنگل شہباز بابِ رزق ہی شہباز کا

ذکر محشر سنکی واعظ سی ہی خاموش ہم — فہم مین آیا نہ مطلب دور کی آواز کا

گھر وہی اوس ہرہ وش کا جانتا ای نامہ بر — دیکھنا جس گھر کی دروازی یہ پردہ ساز کا

ہاتھ آجائین جو موسی سی ہمین کچھ سنگ طور — مقبرہ بنوائین ہم تیری شہید ناز کا

مرغ دل سی میری ہو صیاد کیونکر مطمئن — بند آنکھین ہین مگر ہی حوصلہ پرواز کا

بی قد خم گشتہ کب تاثیر دکھلاتی ہی آہ — ہی کبادہ کھینچنا آغاز تیر انداز کا

کب ہی مجھسا اس چمن مین طائر عالی وقار — عرش استقبال کرتا ہی مری پرواز کا

جسجگہہ ہی بابِ وزری ہین وہین ہر دم حریص — چھوڑتی ہی کولی گربہ گھر کبوتر باز کا

طائر بی بال و پر ہون کیسی پرواز چمن — نام ہی بیتاب لے دل شوخی پرواز کا

دیکھ لی نامہ مرا آہن کو کر دیتا ہی موم — ہو بجو منکر حضرت داود کی اعجاز کا

دم نکل جائی نہ نکلی مرتی مرتی منہ سی آہ — جا ہی ایسا محبت مین چھپانا راز کا

خواب غفلت سی چونکین گے کہان تک مردہ دل — منتظر بیٹھا ہون مین بھی صور کی آواز کا

عشق کا یہ زخم ہی آئے کسیکو کیا نظر — سینہ تا ہی دل نشانہ ہی خدنگ ناز کا

ختم پر آتا ہی کوئی میری نجون کا شمار | صورت سبحہ سبب انجام ہی آغاز کا

وصل کا جب نام لیتا ہون وہ کہتا ہی اسیر
فال دیکھون لاؤ دیوان حافظ شیراز کا

ضعف مین گیا کسی دلبر پہ جو قابو اپنا | دل سنبھلتا نہین ہرگز کسی پہلو اپنا
ہم تری عشق مین بیگانہ ہوئی عالم سی | لیکن ای فتنۂ عالم نہوا تو اپنا
یار آتا ہی شب ہجر نہ موت آتی ہے | نہ تو جینی پہ نہ مرنے پہ ہی قابو اپنا
چاہتا ہی کہ جگہہ پائی تری جوڑی مین | منہ تو آئینہ مین دیکھی گل شب بو اپنا
دو گھڑی اور ٹھہر جاو تو احسان کرو | مرگ مین دیر نہین قصہ ہی یکسو اپنا
اپنی ہاتھونسی جو تم غیر کو دو جام شراب | خون گھٹ جائی نہ کیونکر کبھی چلو اپنا
قیس کیا مال ہی پتلی مین ہماری جو تلی | کوہ کن بھی نہین پاسنگ ترازو اپنا
تنگ آئی ہین یہان تک کہ ارادہ ہی اب یہ | پھینک دین دل کو کہین چیر کی پہلو اپنا
تیری دوری مین نقاہت نی جھکایا ہی یہ | تکیہ زانون کو دم خواب ہی زانو اپنا
دل قوی ہی کہ دریا پہ پائی ہی جگہہ | ہوگیا بازوی قوت در بازو اپنا
امر آسان نہ رولانیکو ہماری سمجھو | ہوگا طوفان جو گرا ایک بھی آنسو اپنا
جام اگر ٹوٹ گیا کیا ہی تردد ساقی | حاجت جام نہین جام ہی چلو اپنا
شکم صاف دکھاؤ نہ مسلمانون کو | ای صنم پیٹ نہ مارے کوئی ہندو اپنا
ابتو کرتی ہین وہ خود حسن خداداد پہ ناز | دیکھتی ہین کبھی سینہ کبھی بازو اپنا
تری مژگان کی خلش سی جو ذرا واقف ہو | توڑ کر ڈنک ابھی پھینکدی بچھو اپنا

گرم تقریر تو ہال ہاں کی ہی آج اسیر

معجزہ ہے کہ کرامات ہی جادو اپنا

کبھی تونی نہ تپ ہجر کا نسخہ لکھا
یہ بھی تقدیر کا ای رشک مسیحا لکھا

دیر تک اشک تاسف سی بہائی سر لوح
جب قلم نی مری قسمت کا نوشتہ لکھا

داغ اوٹھا نیکی جزا کاتب اعمال نی دی
کہ مری نام پہ جنت کا قبالا لکھا

کی جو اُجرت مین بہت نامہ بروں نی تکرار
ہمنی خط لکھنی سے آخر کو مچلکا لکھا

پہونک اے نالۂ دل چھوڑ کہ ہو آج ہی حشر
یار نی خط مین جب مجھے وعدۂ فردا لکھا

سادہ روئی سی جو آگاہ مجھے کرنا تھا
اوسنی نامہ مین کہین ایک نہ نقطا لکھا

تھا جو اغیار سی اخفائی کتابت منظور
لکھہ کے خط یار کو ہمنی نہ لفافا لکھا

ہمنی جب بوسون کی تنخواہ کی بھیجی درخواست
اوس شتر حسن نی برعالم بالا لکھا

پرزی نامی کی کیئی یار نی دیکھو تو صد
ابھی آگی مری تقدیر مین ہی کیا لکھا

روز سر شام و سحر کاتب اعمال سی ہم
پوچھ لیتی ہین سحر ہو کی کہو کیا لکھا

قسمت اپنی مجھی اولٹی نظر آتی تھی اسیر
خط مگر کاتب اعمال نے اولٹا لکھا

گئی وہ دن کہ کرتی تھی ارادہ شیر گیری کا
ہلا جاتا نہین اب بھی یہ عالم ضعف پیری کا

غضب ہے عالمون کو دی فلک جامہ فقیری کا
گزری پہنی جو عالم ہو مقامات حریری کا

دل خرسند گنجینہ ہی انکا بوریا مسند
تری درویش بھی سلطان کہتی ہین اسیری کا

ردا و جبہ و دستار خلقت کی پھسانیکو
الٰہی وسیلہ ہو دونون عالم مین فقیری کا

نہ ہو جائی خضر رہ جی کا کہین ملّا بہیہ دریا ہے
سبق پڑہنی جو وہ مکتب مین آتی ہین ضریری کا

ہوا ہون جیسی مین پیدا نہان ہون چشم عالم سے
ازل ہی شوق ہی ہما عنقا کو تہ گیری کا

یہی توشہ ہماری ساتھ ہی صحرای وحشت مین
کہ عالم پاؤنکی چھالی مین ہی نان خمیری کا

سپیدی آگئی بالو مین جاگو غافلو اوٹھو
ہوا آنکھین ہوا روشن ستارہ صبح پیری کا

غم واندوہ و حرمان ہین مصاحب بوریا مسند
فقیری مین میسر ٹھاٹھ ہی ہمکو امیری کا

خداوندا قوی ہو دل کوئی مضمون تو نکلے
جوان فرزند بی شبہہ عصا ہوتا ہے پیری کا

نظیر مطلع خورشید ہی سر مطلع روشن
نظر مین کب جچتا ہی یہان دیوان نظیری کا

حقیقت کیا غزال دلکی چشم یار کی آگی
یہ وہ آہو ہی جسکو ہی ارادہ شیر گیری کا

غبار خط اگر نکلا کمی کیا حسن عارض مین
یہ وہ خسرو ہی جسنی ہہین بدلا ہی فقیری کا

اطاعت سی تری بندہ نہین ای سرو قد باہر
گلی مین مثل قمری طوق ہی فرمان پذیری کا

اوٹھایا دور گردون سی یہ صدمہ راست بازون نی
کمان کی گھر مین تیرونکو ہی قصد اب گوشہ گیری کا

نگاہ اہل عالم سی اسیر زار گرتا ہے
یہی ہنگام یا دست خدا ہی دستگیری کا

دل یہ سمجھا جو شب ہجر مین کوکب نکلا
اور اک نیش زنی کی لیی عقرب نکلا

گھر سی ابتک وہ نہ نکلا تھا مگر اب نکلا
بعد مدت دل مشتاق کا مطلب نکلا

کیا چمک خال کی ہی واہ لب چاہ ذقن
چاہ نخشب سی یہ گویا مہ نخشب نکلا

نظر آیا نہ شب ہجر کہین نام کو نور
چرخ پر چاند تو کیا ایک نہ کوکب نکلا

ہوگئی صبح شب ہجر قیامت برپا
مہر شاید طرف غرب سی یارب نکلا

فرش سی عرش تلک دم مین گیا ذہن رسا
ہم نہ سمجھی تھی بڑا تیز یہ مرکب نکلا

کسنی اوس ناوک مژگان کا نشانا لوہا
ہر نگاندار کبادی کی طرح دب نکلا

سنگ اطفال کی ہاتو نہ جمن مین جاہی کتنا
کوئی دیوانہ مگر جانب مکتب نکلا

منزل عشق مین رہزن کو کہان دخل تہا
ہر کنوان راہ مین گشتو نفسی لبالب نکلا

ہر طریقی سی ہی بڑہکر روش وحشی زلف
طرۂ ہفتاد و دو ملت پہ یہ مذہب نکلا

تجہہ سی ای مہر جو دریوزہ گر نور نہین
ماہ کاسہ لئی کیون جمع خ پہ ہر شب نکلا

محتسب فاش نکر پردہ یہ تہمت ہی عبث
گہر سے باہر قدم دختر رز کب نکلا

سو نہ چہپا کر وہ عیادت کو ہماری آئی
ہم تو محروم رہی غیر کا مطلب نکلا

ساقیا نام کو باقی نہین شیشی مین شراب
روح سمجہا تہا مین بیروح یہ قالب نکلا

وصف وسکی خط عارض کا جو کاغذ پہ لکہا
حرف پر نور ہوئی رنگ مرکب نکلا

چار عنصر سی بشر بنکی ہوا فتنۂ دہر
یہ عجب نسخہ معجون مرکب نکلا

آستان یار کا شاید در مسک تہا امیر
تہک گئی دوڑ کی ہم ایک نہ مطلب نکلا

وہ زار ہون کہ تختہ ہوا میری گور کا
سایہ اگر پڑا مژۂ چشم مور کا

چمکا ہی حسن سی جو وہ رخ چاند کیطرح
عہدہ ہی اپنی طائر دل کو چکور کا

ثابت نمود خط سیہ سی ہوا ہمین
چاہ ذقن نہین کوی روزن ہی مور کا

آرام کی طلب ہی تو عبرت کیواسطے
سایہ پسند ہی تو مجہے نخل گور کا

کیون صیدگاہ دہر نہ عبرت کا ہو مقام
کہیلا شکار گورنی بہرام گور کا

چاہی جو ناتوان وہ کری عشق اختیار
ایذا کی کہینچنے مین نہین کام زور کا

بی دیکہی کہینچتا ہی شبیہ میان یار
مانی کا موقلم ہی عصا دست کور کا

شیرین ہین مثل شکر کیطرح اونکی ڈکلیان
پوچہو ہماری دل سی مزہ پور پور کا

سرمایہ ہی بشر کی لئی مایہ ضرر
کہٹکا ہے مالدار کو دنیا مین چور کا

اگرچہ ماہ صیام ہی یہ پلا ہی جام شراب ساقی
ابھی تو ہین چند روز روزی کسی بہروسا ہی ایکدم کا

رہ طلب مین تمہاری طالب ہوئی جو آوارہ ہو گی آخر
تو سیر دیکھو کہ خاک سی بھی درخت پیدا ہوا قدم کا

وہ طبع عاشق مین تہا تلون زمانہ دونون بھی ایک مذہب
کبھی بنا دیر مین برہمن کبھی مجاور ہوا حرم کا

پکارتا ہون یہ بتکدی مین خدا اہی واحد خدا ہی احد
جواب دی مجکو ای برہمن یہ منہ ہی تیری کسی صنم کا

وہ بادہ کش ہون کہ رعب میرا فقط ہمین محتسب پہ غالب
جو چہنیی مجسی جام آئی تو خشک ہو جای ہاتہ جم کا

نجات دنیا کی مخصوصی ہمین نہین کوئی دینی والا
دراز عمر حسام قاتل جو آسرا ہی تو اسکی دم کا

جہان سی جو لوگ اوٹھہ گئی ہین خبر ہو معلوم اونکی کیونکر
کبھی نہ ہستی مین پھر کی آیا کوئی مسافر رہ عدم کا

ہوا ہی یہ حال زار اپنا کہ ایک شمہ کبھی جو لکھا
دوات کی آنکھہ خون روئی فگار سینہ ہوا قلم کا

جو اپنی ساتھی تہی سب ہی ہارگی کہان ملین وہ کدھر کو ڈھونڈین
جگر کو دیتا ہی داغ فرقت جو نقش رستی مین ہی قدم کا

ذرا جو تیرا اشارہ پاؤن ابھی تہ تیغ سر جھکا دون

ہزار جان بہی ہون مین تو قاتل مطیع حکم قضا شیم کا

پڑا ہون پیر مغان کے در پر یہان سے جاؤن کہان مین اوٹہکر

ملی کوئی خم کہ کوئی ساغر خیال کسکو ہی بیش و کم کا

گذر ہوا ہی جو میکدی مین ہی صید کرنی مین کیا تامل

اسیر لٹتا ہی شراب کی یہ نہین ہی طائر کوئی حرم کا

قطع رہ فنا مین کہان ہوش نقش پا ہی گور کی بغل مجہی آغوش نقش پا

وہ پانون ہون جو زینت آغوش نقش پا گل کیطرح ہنسین لب خاموش نقش پا

جس راہ سی گئی ہوا وسی راہ سی پہرو ای رفتگان یاد فراموش نقش پا

راہ جنون مین برہنہ پائی کا خوف کیا کافی ہی اسیری پانونکو پاپوش نقش پا

پوچھون مین کس سی قافلہ والونکی سرگذشت کب ہی سخن سرا لب خاموش نقش پا

زینت ہماری پانون نی دشت جنونکو دی ہر آبلہ ہوا گہر گوش نقش پا

مہندی لگاکی پانون مین کسنی کیا خرام لبریز گل ہے دامن آغوش نقش پا

سینی سی میری داغ ہی یون انکی قریب ہو جیسی نقش پا کوئی ہمدوش نقش پا

یہ اوسکی پیچھی پیچھی چلا بدحواس مین رستہ بہٹک گیا نہ رہا ہوش نقش پا

دید و شنید خاک نشینون کی ایک ہے جو چشم نقش پا ہی وہی گوش نقش پا

شکوہ کرو نہ سختی منزل کا رہرو و سمجہو اشارہ لب خاموش نقش پا

رہرو وہ ہون کہ شوق نی اندہا بنا دیا رستی کا فہم ہی نہ مجہی ہوش نقش پا

ریزش ہی میکی یار کی مستانہ چال سے شاہد ہی جام بادہ سرجوش نقش پا

شکر ہو خاک رہ جو وہ شیرین ادا چلی طوطی کی دی صدا لب خاموش نقش پا

لڑتا ہی کی ہمکو سخت جانی
خنجر کا ہوا جو بال بیکا

کیا ترک ہو شرب بادہ ساقی
روغن ہی چراغ زندگی کا

دشمن ہوئی عشق مین ہماری
دعوی تہا جنہین کہ دوستی کا

بگڑا ہی وہ لیا جو بوسہ لف
سودا انرہا ہنسی خوشی کا

دو بوسہ کرو نہ بخل اتنا
انجام بخیر ہے سخی کا

گرتی ہوئی ہم اسیر سنبہلے
کیا نام ہے مرتضے علی کا

غرور و عجز مین صاحب کمال ہوتا تہا
جو بڑہ کی بدر تو گہٹ کر ہلال ہوتا تہا

نصیب چشم کہان جلوۂ تجلی دوست
نہال طور جلا کیون نہال ہوتا تہا

وہ خط کو چہرۂ روشن سی دور کیا کرتی
کہ ہمکو کند چہری سی حلال ہوتا تہا

غضب ہوا وہ ہوئی زرد رو دل سنکر
زبان کو لال دم عرض حال ہوتا تہا

شروع سال مین موت آتی تیری گرہ یا نکو
تمام خلق مین قحط اسکی سال ہوتا تہا

گرا جو ہاتہ سی جام اختیار کیا ساقی
تجہی ملال ہی مجہی انفعال ہوتا تہا

بدی نصیب کی یہہی ہوئی بیابان مرگ
بدن کو طعمہ گرگ و شغال ہوتا تہا

کہا یہ اونسی چلیسو کنج ہو کیا جو مین دفن
چلین حضور ہوا جو ملال ہوتا تہا

بلند ہو کی نحوست مین کیون ہوا مشہور
زحل کو اوس رخ روشن کا خال ہوتا تہا

پیام سے لیکے مرا دل گیا سوی قاتل
اس ایلچی کی لئے یون زوال ہوتا تہا

دعا وصال صنم کی ضرور تہی ای دل
خدا سے طالب امر محال ہوتا تہا

بہائم [illegible] آنسو جو غیر مین دیکہا
[illegible] انفعال ہوتا تہا

یکایک اوسکو عیادت کا آگیا جو خیال
مریض عشق کو چندی بحال ہونا تہا

ہوئی جو پیر تو اوس ماہ رو سی وصل ہوا
ہمین زوال مین حاصل کمال ہونا تہا

خروس صبح نی چلا کی جو نیند حرام
ہماری ہاتہ سی اوسکو حلال ہونا تہا

اسیر بزم غنا سی وہ کیون نہ اوٹھہ جاتی
مری نصیب مین صوفی کا حال ہونا تہا

سرای ہستی سی ای مسافر ضرور گر قصد اب عدم کا
سحر ہی نزدیک رات ہی کم سحر کا تارا فلک پہ چمکا

جو ہو ملاقات کی تمنا اودہر کو تو بہی روان ہو ای دل
سفر سی ممکن نہین ہی پہر نا مسافران رہ عدم کا

گئی کچہ ایسی نہین پتا ہی جہی کوئی ڈہونڈہی کبہی نہ پاسی
غبار و بانگ جرس تو کیسو نشان نہین ایک کی قدم کا

ہوئی تلف تخت و تاج گیا مٹی و مال کیسی کیسی
کہان ہی وہ حشمت سکندر نشان دیکہو کہین ہی جم کا

نہین ہی کوئی مرض سی خالی قمر ہو شب کو کہ مہر دن کو
کوئی تپ لرز سی ہی مضطر کوئی ہی مبتلا دق و ورم کا

بدن ہی لاغر جگر فسردہ دماغ ہی خشک دل ہی مردہ
الٰہی آجای کوئی جہونکا کسی نسیم مسیح دم کا

کسی کو باندہا کسیکو پیسا کسیکو مارا کسیکو لوٹا
کی کیسو ہین قد قیامت غضب کی چتون چلن ستم کا

ساقی صدای قلقل مینا کا وقت ہی
ہی موذیون کا قتل ضعیفونکی پرورش
مرنی کی بعد ایک ضعیف و قوی ہین سب
شب اوسکی گہر گیا جو مین پروانیکی طرح
جوشش جنون مین شوق تماشا ہوا اگر
شب کو وہ پہر فاتحہ آئین تو دیکہہ لون
مجہہ ناتوان کو خوب سمجہتا ہی وہ پری
تلخی ہی سہل یار جو دی بوسہ و فن
کہتی ہین جسکو مہر وہ اوسکا تپنک ہے

اوٹہا ہی ابر باغ مین کس زور شور کا
موت آئی مار کو تو کہلا رزق مور کا
جامہ ہر ایک جسم پہ ہی ٹہیک گور کا
اوس شمع رو نی شور کیا چور چور کا
جنگل مین جا کی دیکہہ لیا رقص مور کا
مشعل جلائی اوڑکی شرر سنگ گور کا
معلوم حوصلہ ہی سلیمان کو مور کا
شیرین کنوان ہی ساحل دریای شور کا
تار شعاع نام ہی اوس مہ کی ڈور کا

ہر نوجوان کی حسن نی مارا ہمین اسیر
چمکا جو رخ چراغ ہوا اپنی گور کا

راحت وصل مین مجکو غم ہجران بہولا
عشق مین کہو تو کیا دین مسلمان بہولا
جبسی مشہور ہوا عشق مرا حسن ترا
وادی عشق ہی یہ عرصہ شطرنج نہین
ولولی ساری جوانیکی مٹی پیری مین
مشعل داغ اوسی شب کو دکہائی ہمنے
چار دن زیست کی کس بیمزگی سی کاٹے
وہ فقط تہی رہ پر پیچ پہ ہی اوہام اجل

باغ آیا جو نظر خانۂ زندان بہولا
اوسکو پوتہی نہ ہی یاد یہ قرآن بہولا
خلق کو قصہ بلقیس و سلیمان بہولا
نقد جان ہار گیا چال جو انسان بہولا
صبح ہوتی ہی مجہے خواب پریشان بہولا
کوئی پروانہ اگر راہ چراغان بہولا
موت کا مجکو نہ کہٹکا کسی عنوان بہولا
کوچۂ زلف مین دل بہول بہلیان بہولا

کیون نپائی وہ سزا ہو جو خدا سی غافل
مار کھائی جو سبق طفل دبستان بھولا

بخت کوتہ نے ادہر کا نہ ادہر کا رکھا
دام سی چھوٹ کی مین راہ گلستان بھولا

نشۂ رزنی کیا صاحب دولت کو یہ مست
فاتحہ جا کی سر گور غریبان بھولا

زیست تا حشر جو تقدیر سکندر مین نتھی
خضر کی ساتھ رہ چشمۂ حیوان بھولا

تیری چلنی کا تو اندازہ نہ آیا اوسکو
چال اپنی بھی مگر کبک خرامان بھولا

سیر ہونیکا نہین چشمۂ کوثر پہ بھی مین
مرتی مرتی نہ ترا چاہ زنخدان بھولا

مین تو کیا مصحف عارض جو ترا دیکھہ لیا
گم یہ حافظ کی ہوئی ہوش کہ قرآن بھولا

دست وحشت نہوا جامہ دری سی فارغ
یاد آیا اوسے دامن جو گریبان بھولا

سہو و نسیان سی خمیر گل آدم ہی اسیر
آدمیت کا کیا کام جو انسان بھولا

ٹھہرا نہ یہان قدم کسی کا
مشکل ہی مقام دوستی کا

ای جوشش جنون عدم کو لیچل
جنگل ہی یہ شہر آدمی کا

دریا مین عیان ہی حال امواج
عالم ہی یہان دوروی کا

غربت مین وطن سی کھینچ لائی
ہو خانہ خراب بیکسی کا

پہلی مجھے قتل کر کی جاو
ہو قصد جو خون مدعی کا

بسمل پہ تڑپ رہا ہے بسمل
قاصد یہ پتا ہی اوس گلی کا

آئینہ تمہاری عکس رخ سی
طوطی نامہ ہے بخشنی کا

افلاک نی دی ہی ہمکو دولت
دینار ہی داغ بے زری کا

اپنا تن زرد تار زر ہے
عالم ہے قبا مین جنتری کا

پھولونگی گرد ہین جو تماشائیونکی غول | ہی فصل گل مین جوشش گل و جوشش نقش پا

واماندگی کا میری کرے تذکرہ اسیر
گویا کبھی جو ہو لب خاموش نقش پا

جاتا باقی تو دنیا کی حکومت مانگتا | چار دن کیواسطے کیا پنج نوبت مانگتا
پیسکر دندان وہ سر پر آرہ کہو آتا ضرور | بانگ کا بوسہ جو مین برگشتہ قسمت مانگتا
کردیا گستاخ تمنی ورنہ گھر مین آپکے | آئینہ آتا تو آئینے کی اجازت مانگتا
پرزی نامیکی اوڑائی یارنی کیسا جواب | نامہ بر آیا ہے مجہ عریان سی خلعت مانگتا
تہا سوال زر عبث ہوتا اگر سائل کو فہم | صبر تہوڑا سا تو تہوڑی سی قناعت مانگتا
کچہ سمجھکر مینی کی ہی ایسی طالع قبول | آسمان سولی پہ رکھدیتا جو رفعت مانگتا
بال سلجہاتی جو تم لیکر حنائی ہاتہ مین | دست شانہ پنجۂ مرجان سی بیعت مانگتا
چشم پوشی اقربا سی تہی بجا ہنگام نزع | بات کی مہلت نتہی کس سی رخصت مانگتا
دو قدم تابوت یارونکو بال دوش ہے | یہ نجہتا تو خدا سی مرگ غربت مانگتا
طبع مستغنی ہوئی میری فقیری کا سبب | کیا نہ ملتی مین اگر دنیا کی دولت مانگتا
افسر شاہی سی بہتر تہا مرا کجکول فقر | ہوکی مین تیرا گدا کیا بادشاہت مانگتا
زشتی اعمال سی دوزخ کی تہی قابل تہا | کیا سمجھکر مین خدا سی باغ جنت مانگتا
طالع وارون سی کہلاتی دعا اولٹا اثر | برق گرتی مین اگر باران رحمت مانگتا
خانہ و اولاد فانی مال و دولت کو زوال | سب سے بہتر تہا جو مین سب سے فراغت مانگتا
توڑنا کیسا اگر ہوتا دل گلچین مین درد | دیکہتا گل کو تو بلبل سی اجازت مانگتا
عالم وحشت مین تہی مقبول حق میری دعا | گنج ویرانہ [illegible] دولت مانگتا

آسمان سی اپنی کپڑی بھی بچانی تھی محال
چھین لیتا رخت عریانی جو خلعت مانگتا

مرتی مرتی بھی مجھی معلوم تھا یارون کا حال
زہر دیتا جس سے وقت نزع شربت مانگتا

مال دنیا کو مین کیا کرتا حسینو نسی عزیز
جان تک دیتا جو کوئی خوبصورت مانگتا

باغ عالم مین مرا حصہ سوائی غم نتھا
خار ملتا گل جو مین برگشتہ قسمت مانگتا

داغ کہانا تہا مقدر عہد پیری مین اسیر
وقت سی پہلی مین کیونکر رزق قسمت مانگتا

حباب وار جو سر مین بھری سفر کی ہوا
اوسیطرف کو چلی ہم چلی جدہر کی ہوا

وہ گل ہوا کبھی اغیار کا کبھی میرا
کبھی ادہر کی کبھی چل گئی ادہر کی ہوا

غش آئیگا جو مجھی گرمی قیامت مین
تو جبرئیل امین دینگی بال و پر کی ہوا

جواب نامہ کہان نامہ بر کب آتا ہی
مجال کیا کہ ادہر آسکی ادہر کی ہوا

ملا نہ قلزم ہستی مین امن مثل حباب
پھری ہوئی رہی ہمسی ہماری گھر کی ہوا

خدا کیو اسطی سر خواب سی اوٹھا ساقی
پیام بادہ کشی دیتی ہی سحر کی ہوا

ہماری آہ سی بجلی کا گرم ہے بازار
ہماری آنکھ نی باندہی ہی ابر تر کی ہوا

جو گلبدن سبب زیب باغ عالم تھے
کدہر گئی وہ الہی چلی کدہر کی ہوا

حیا ضرور ہی نکلو نہ گھر سے بی پردہ
چراغ شام بجھا دیگی رہگذر کی ہوا

خیال زلف مین پھرتا ہون لیکہ مین دم سرد
ہمیشہ شام سی چلتی ہی یہان سحر کی ہوا

عدم ہی زیر قدم لامکان ہی پیش نظر
تری دہن کی ہوس ہی تری کمر کی ہوا

کسی سی کام نہین کچھ چکور کی صورت
جو سر مین ہی تو کسی غیرت قمر کی ہوا

ابھی نہ مثل کبوتر اوڑا خط او قاصد
اوڑا کی خاک ذرا دیکھ ہی کدہر کی ہوا

فراق یار ہوا بعد وصل یار اسیر
جنان مین چین سی تہا اگہی سقر کی ہوا

ہی اہل زمین پر جو ستم چرخ برین کا
در پردہ اشارہ ہی کسی پردہ نشین کا

مسجد سے نکل کر مین رہ بتکدہ بہولا
تقدیر نی میری مجہے رکہا نہ کہین کا

سجدہ تو مین کرتا ہون مگر خوف ہی اتنا
بدنامی کا ٹیکا نہ بنی داغ جبین کا

واژونی قسمت کی یہ ہی نام مین تاثیر
چہاپا مین بہی تو اولٹا ہی اٹہی نقش نگین کا

آیا ہی سی مونہ پہ تری کہینچے تصویر
فق رنگ ہوا جاتا ہی صورت گر چین کا

اقرار ہی ہر وصل کا انکار کہان تک
ہان منہ سی کبہی کہئی نہین کام نہین کا

کس دہوم سی گلشن مین بہار آتی ہی ساقی
اللہ سے اب زاہد سجادہ نشین کا

سب سمجہی کہ جہڑتی ہین یہ نو سی ستارے
پوچہا جو عرق یار نی اونگلی سی جبین کا

حسرت ہی کہ بلجای تری ہاتہ کا چہلا
طالب مین نہین مہر سلیمان کی نگین کا

قاصد مجہی ہرگز نہین خط لکہنی کی حاجت
سر کاٹ کی بہیجون کہ پڑہا ہی خط جبین کا

بازو کی جگہ شانہ قاصد مین لگا دون
شہپر مجہی ہاتہ آئی جو جبرئیل امین کا

آنی یہ حسینون نی تری راہ محبت
گز بن گیا ہر غیرت شمشاد زمین کا

کہدو کہ وہ دیدار دکہا جائین دم نزع
ہی حوصلہ باقی نگہ باز پسین کا

یکسان ہین اونہین پانہ اونہین بیچ کی پردے
ہستی مین تری مرتبہ ہی ہمکو یقین کا

چاہا یہ قلم نی کہ لکہی لف کی تعریف
تاجبر طرف روم گیا کشور چین کا

دل اونکی بزرگی کا ہمیشہ سی ہی قائل
العظمۃ للہ ہی نقش اپنی نگین کا

دیکہا کئی چلمن کیطرف بہار کی آنکہین
جلوہ نظر آیا نہ کسی پردہ نشین کا

جتنی ہین اسیر اہل دل کالیتی ہین وہ مول
دیوان مرا بیچ کے دیوان حزین کا

مژدہ وصل گلبدن آیا
تا صد اشک قطرہ زن آیا

اس رخ زرد پر پڑی وہ آنکھ
زعفران زار مین ہرن آیا

نامہ بھیجا ہی اوسنی ہمینی
بدلی یوسف کی پیرہن آیا

کچھ خبر ہی مریض عشق کی بھی
قبر کھودی گئی کفن آیا

ٹھوکرین کہاتین لاکھہ کی تقلید
کبک کو کب ترا چلن آیا

ہمنی مانگا کبھی جو بوسۂ لب
تنگ کیا کیا وہ بیدہن آیا

رفتہ رفتہ لحد مین پہونچی ہم
راہ غربت کی طی وطن آیا

ہون وہ میکش رہا نہ ضبط مجھی
ابر جب جانب چمن آیا

نہ گئی تنگ چشمی شیرین
تنگ جینی سے کوہکن آیا

واہ ری ساکنان یزد مین
نہ کبھی درمیان سخن آیا

ہمنی پہنا جو رخت عریانی
ٹھیک یہ جامۂ کہن آیا

کیون نہ ہو عیان سینہ زن اوس بت تک
دیکھنے ہاتھ برہمن آیا

حمد رب سے ملی نجات اسیر
کام میرے مرا سخن آیا

جو بحر شرم مین وہ مست ناز ڈوب گیا
یہان سفینۂ عمر دراز ڈوب گیا

نہ پوچھو غمی ہجران مین حال کشتی عمر
لگی پہاڑ کی ٹکر جہاز ڈوب گیا

ضرور کیا ہے تمہین روزہ اس نہ اٹکتے پر
کہ جی حضور کا وقت نماز ڈوب گیا

خیال سرو قد یار مین یہ رویا مین | جو نخل باغ مین تہا سرفراز ڈوب گیا

شراب شیخ نی پی طرفہ بی تمیزی سے | کہ مے مین جبۂ بی امتیاز ڈوب گیا

اوٹہا یہ ہند مین طوفان ہماری اشکون کا | تمام ملک عراق و حجاز ڈوب گیا

تمہاری چاہ ذقن پر پڑی جو اسکی نظر | حیا سے گر کی کنوین مین ایاز ڈوب گیا

تری نگہ سی طیور فلک بچین نہ بچین | بلند ہوکے ہوا مین یہ باز ڈوب گیا

تری غرور سی کہ دیا جو مین تو شکریہ ہے | کہ ہیلی خانۂ آئینہ ساز ڈوب گیا

اسیر غم ہی اسیکا کبوتر دل کو
کہ خون مین پنجۂ شاہین و باز ڈوب گیا

نالہ فلک کو توڑکے تا لامکان گیا | گستاخ رفتہ رفتہ کہانسی کہان گیا

طاعت مین بہی نہ دل سی خیال فغان گیا | مسجد مین پانچ وقت مین بہر اذان گیا

پرتو کی طرح ساتہ نچہوڑا اسیطرح | جس جس جگہ وہ مہر گیا مین وہان گیا

آیا کسی کا قیدی گیسو ہوا یہ غل | مین حشر مین جو پہنی ہوئی بیڑیان گیا

نالون سی میری فرصت دلمین پڑا نہ وق | چہوٹی ہزار تیر نہ زور کمان گیا

صندل لگا کی آئی ہے شیرین مزار پر | فرہاد درد سر نہ ترا رائگان گیا

دنیا لبان چاہ ہی انسان برنگ دلو | دم بہر کو جو یہان سبک آیا گران گیا

ہمراہ ہم بہی جائین گی یوسف کو دیکہیے | ابکی جو سوی مصر کوئی کاروان گیا

برسون تلاش خنجر قاتل مین سر پہرا | دوران ہجر صورت سنگ فسان گیا

روتی ہین کہکی یہ تن بیجان یہ میری گو | برباد قید خانہ ہی یوسف کہان گیا

انسان کی گو دکو نہ فرشتہ پہنچ سکا | یہ مشت خاک و ہی کہ تا لامکان گیا

ابتک نہ کوئی یار سے لایا جواب خط
یارب تباہ ہو کے کبوتر کہان گیا

آیا جو وقت نزع کسی لف کا خیال
ہستی سی نیستی کو مین شب درمیان گیا

حاصل ہوا نہ خاک اُدسی مانند گرد باد
سرکش اگر زمین سی تا آسمان گیا

پیری مین بھی خیال حسینون کا ہی ہی
اچھا ہوا جو زخم نہ اوسکا نشان گیا

کعبہ کو جاتی جاتی سوی دیر پھر پھرا
تہا قصد کسطرف کا بھٹک کر کہان گیا

بہکے تھی محض وعظ منبر نشین کی وعظ
دہوکا ہوا سمجہ کے مین اونچی دکان گیا

جوہر دکھائی صبر کی ہمت یہ زیر تیغ
قاتل کی دل سی حوصلہ امتحان گیا

پیری مین ابتو آہ کی طاقت نہین رہی
وہ ولولہ وہ جوش جوانی کہان گیا

کھائی ہمائی کچہ سگ جانان نی کچہ اسیر
صد شکر رایگان نہ کوئی استخوان گیا

ہم فقیرون پہ اگر فضل الٰہی ہوگا
بوریا زیر قدم مسند شاہی ہوگا

دل مرا دیر کو یا کعبہ کو راہی ہوگا
وہی ہونا ہے جو منظور الٰہی ہوگا

اوسکو بھیجا تہا خط شوق نہ سمجھی تھی یہ ہم
کہ کبوتر بھی گرفتار تباہی ہوگا

کیا ہوا تا سر منزل جو گئی تیز قدم
ہم بھی پہنچین گی اگر فضل الٰہی ہوگا

دوست اعضای بدن کو بھی نسمجھی کوئی
یہی بولین سگے جو ہنگام گواہی ہوگا

ہی کشتی کو جو گیا مین ابھی بدلی گی ہوا
ابر گلزار سے کہسار کو راہی ہوگا

دل دریا کو کری گی نگہہ یاد دو نیم
سان اس تیغ کو سنگ سر راہی ہوگا

تم دکھاؤ گی اگر چشم سخندان کی بیاض
نظر ہی فقرہ اشعار نگاہی ہوگا

کی بہی وسی طفل نی مکتب مین نصاب اکی شروع
کسقدر شاد ابو نصر فراہی ہوگا

چھان دین کیون نہ تری رہ پر خم پہ دلیر
قدر شمشیر کریگا جو سپاہی ہوگا

تخت بنجای گا اوٹھی گا جو صحرا مین غبار
جو بگولا ہی تجھے افسر شاہی ہوگا

وہی سمجھی گا ہماری دل مایوس کا حال
جو سفینہ پہ گرفتار تباہی ہوگا

بت کو بتخانی مین توڑین کی پرستش کیسی
شامل حال اگر فضل الہی ہوگا

ہی یقین جوش پر آیا جو مرا قلزم اشک
ماہ نو اوج فلک پر پہ تباہی ہوگا

عمر بھر ظلمت عصیان ہی کریگا تو حذر
کنج مرقد مین جسی خوف سیاہی ہوگا

مرگ کی بعد کوئی کام نہ آئیگا اسیر
گور تیرہ مین مددگار خدا ہی ہوگا

جب کوئی نازل ہوئی ہم پر بلا
یاد آئی سرگذشت کربلا

کبھی ہو ظلم پر قاتل کے صبر
ہو بلا گردان تہ خنجر بلا

کیا بلاؤن کا بیان ہو ہجر مین
گھر بلا اندر بلا باہر بلا

فی الحقیقت زلف کہتی ہین جسے
مو بمو آفت ہی سرتاسر بلا

بوسۂ گیسو پہ تکرار اسقدر
دیجئی صدقہ کہ رد ہو ہر بلا

زار ہون ایسا نہین پاتی مجھی
ڈھونڈتی پھرتی ہی میرا گھر بلا

دفعتہً دل قیدی گیسو ہوا
سچ ہے کچھ آتی نہین کہہ کر بلا

سر کٹی تو حرص دنیا دل سی جای
صدقہ دیجئی گھر سے ہو باہر بلا

یہ ارادہ تھا تو پھر روز نخست
کیون کہا ای منکر داور بلا

پالگا اوٹھ تیغ قاتل سی نکہ
یا نہو بیتاب تاب ضرب لا

اب سناتا ہون مین شعر مولوی
جس کا حاصل یہ کہ ہی سر بلا

دید حق کو چشم بینا چاہیئے
کب تجھی تاج شفاعت ہو نصیب

کور کورانہ مسر بہ در کربلا
تا نیفتی چون حسین اندر بلا

کام کیا نام سے علی کے آیا اسیر
ٹل گئی آئی ہوئی سر پر بلا

بدلی گا عیش و غم میں مرا حال یار کیا
افسردہ خاطروں کو خزان کیا بہار کیا

شکل حباب آب ہی دم بھر کی زندگی
ہم کیا ہماری ہستی ناپایدار کیا

برسوں میں بھی نہ آئی جو نوبت سلام کے
تو ہی تھا مگر میں تری امیدوار کیا

پی لیتی شراب کسیوقت ہم نہیں
توڑیگا ہاتہ پاؤں ہماری خمار کیا

مضطر ہی ہو گئے سی جو سنگ یار سے قدر
کیں ٹہڈیان ہمانے مری پہر مار کیا

مردی ہماری خواب میں آتی تو پوچھتی
اتنا کہو گذرتی ہے زیر مزار کیا

جتنی ملی شراب پیئں مست ساقیا
دی جام سو پیا بس انہیں وہ تین چار کیا

سامان اگر نہیں تو حوادث سی کیا خطر
جو نخل بی ثمر ہی وہ ہو سنگسار کیا

کہدو نہ پیدلوں سی تکبر کریں سوار
او بچے جو چار ہاتہ ہوئی افتخار کیا

بہر بہر کی ڈہال اشرفیان جام جام پر
لاکہون کی اپنی خرچ میں سو کیا ہزار کیا

بیکار ہی بندہی ہوئی مضمون کی باندھنا
چہوٹی خیالی جو کوئی دی بہار کیا

جاتا تہا سوی کعبہ پہرا دیر کیطرف
حیران ہوں ہو گیا مجھے پروردگار کیا

کیون توڑتا ہی شیشہ کہ شیشی میں ہی پری
ای محتسب ہی جن تری سر پر سوار کیا

ضعف مرض سے آہ کی طاقت نہین
بیمار تیر سے دل کا نکالیں بخار کیا

بنواکی خط کو بوسہ عارض عطا کرو
رکہتی ہو دل میں صاف وہ لون سے غبار کیا

تعویذ سی حصول عزیمت سی فائدہ
غافل قضا کو روک سکی گا حصار کیا

موجود نزع مین ہین حمایت کو پنجتن
اپنی حواس خمسہ مین ہو انتشار کیا

کیا وجہ بار بار جو آتی ہین ہچکیان
کرتا ہے یاد کوئی دم احتضار کیا

بخشی نہ بخشے حشر مین ہی اوسکو اختیار
مین کون اے اسیر مرا اختیار کیا

ہی جنون گیسوی شبرنگ کا سودا لٹ کا
ہاتھ آیا ترے دیوانی کو اچھا لٹکا

تنگی نام آئی اکھاڑی مین تمہاری ہم سے
چھوڑ دیتی ہاتھ ادھر ہی تو کوئی پالٹ کا

مر گئی پر ہی مقدر مین لکھی تھی تشہیر
کٹ چکا سر تو دریا سی لاشہ لٹکا

شانہ کرتی تو ہی اوس لٹ مین اے مشاطہ
ڈوری کھائیگی ہوا بال جو بیکا لٹکا

ہجر مین گھر کی تہ چرخ جو آیا کبھی ابر
ہم یہ سمجھے کہ سر کوہ سے کالا لٹکا

کیا ہوا ہمنی ہتونکی جو لئی بوسہ رخ
منہ خفا ہو کی نہ اے پیر کلیسا لٹکا

صورت تیرہ فرعون سیہ دل تھا اسیر
کیا ہوا چھپکے اگر رات کو الٹا لٹکا

شوق رکھتا ہی بہت وہ گلبدن تصویر کا
کھینچ لاتا ہی کوئی تازہ چمن تصویر کا

جانتا ہون مین بھی اے نقاش فن تصویر کا
ہی مرا دیوان رنگین بھی چمن تصویر کا

اے جنون نوبت بدلنی کی کبھی آتی نہین
کیا ہمارا پیرہن ہی پیرہن تصویر کا

صنعت خالق جدا ہی صنعت انسان جدا
دیکھ لو ہی جان سے خالی بدن تصویر کا

تو حسینون مین اگر تصویر اپنی بھیجدے
منہ تکی حیرت سی رہی انجمن تصویر کا

قابل قیمت ہی غربت مین ہمارا حال زار
بھیجنا اچھا نہین سوئی وطن تصویر کا

ہون وہ دیوانہ جو بھولی سی مرقع دیکھلون
چوکڑی بھر کر ابھی بھاگی ہرن تصویر کا

اہل حیرت کی خرابی غیر کی احسان سی ہے
آب سی برباد ہوتا ہے چمن تصویر کا

پیار آجاتا ہی لیا اوسکا نقشہ دیکھکر
چوم لیتا ہے مصور بھی دہن تصویر کا

تنگ عریانی گوارا اہل حیرت کو کہان
کب اوترتا ہے بدن سی پیرہن تصویر کا

بات کرنیکی نہین طاقت ہین ایسی ناتوان
ہی ہمارا بھی دہن گویا دہن تصویر کا

صاحب حیرت حوادث مین نہین چین بر جبین
کب ہوا اوریا ہوا ہے موج زن تصویر کا

کہہ کہو یہ غنچہ لب مطلق نہین دیتی جواب
کیا دہن انکا بھی ہی یا رہی دہن تصویر کا

وصل شیرین کی ہوس مین کاٹتا ہی کیا پہاڑ
دیکھ لینا کم نہین ای کوہ کن تصویر کا

ہی علو ئی رتبہ حیدر تحیر کا مقام
چوکھٹا ہی عرش رب ذوالمنن تصویر کا

آدمی ہون نام کو طاقت نہین مجھ مین اسیر
جسم بیحس ہے مرا گویا بدن تصویر کا

ولہ

جل جائیگا داغ دل بیتاب کا پھاہا
بالفرض ہو خورشید جہانتاب کا پھاہا

یہان داغ پہ بھی داغ اذیت پہ اذیت
تیزاب کی پھائی یہ بھی تیزاب کا پھاہا

نکھو نیگا جو مین جا کی خط شوق سفر مین
ہوگا وہی داغ دل احباب کا پھاہا

غم دوست وہ ہون داغ جگر پر اوسی رکھون
ہاتھ آئے اگر دامن مہتاب کا پھاہا

ہر درد کو لازم ہے مداوای مناسب
داغ تن ماہی پہ ہو گرداب کا پھاہا

ہین وضع تکلف سی بری صاحب ایذا
یکسان ہی گزی کا ہو کہ کمخواب کا پھاہا

جراح کو بھی یہ رقیبون نی چڑھا ہے
آلودہ کیا زہر سے تیزاب کا پھاہا

ہشیار اسیر آنکہہ ہی تجکو جو سخن مین
غافل ہی وہ فن سی جو کبھی خواب کا پیاسا

عجب طرح کا یہ آیا ہے وقت تنگی کا
کہ زن کو قصد ہی شوہر سی خانہ جنگی کا

بروج توپین ہین انجم ہین توپ کی گولی
فلک پہ کیون نہ گمان ہو جہاز جنگی کا

یہ گر گئی ہی اسیر ایت بدن مین الفت زلف
کہ پیچ پیچ ہی مری رگ رگ مین پیچ تنگی کا

اثر شش ہوا کوئی محبوب کٹ گیا مرا رنگ
سبب کچہ اور نہین ہی شکستہ رنگی کا

گروہ ہزار گناہ اوسکی پرورش ہی وہی
نہ بند رزق شرابی کا ہی نہ بھنگی کا

ضرور اوسکی سواری مین دوڑتا تیمور
شکستہ پا کو نہوتا جو عذر لنگی کا

کسی کو حکم خدا و رسول یاد نہین
زبان پہ خلق کی قانون ہی فرنگی کا

ولہ

شعر کہنی مین خیال رخ گلگون باندہا
آج کیا فکر نے گلدستہ مضمون باندہا

اور تشبیہہ سو جی کمر لیلی سے کے
موشگافی جو بہت کی تن مجنون باندہا

دیکہہ لینا جو کسی روز کیا قصد شکار
پہلی فتراک مین ہمنی سر گردون باندہا

سامنی اوسکے قد موزونکی یہ ناموزون ہے
کیا خطا ہمنی کی سرو کو موزون باندہا

کہل گئین نوح کی آنکہین وہ اٹھایا طوفان
تار رونے کا جو ہمنی لب جیحون باندہا

اشک خون تیری ہوئی لالہ عذار و نمین حنا
رنگ تونی عجب ای دیدہ پرخون باندہا

خاک کو بوجہ اوٹھانیکی کہان طاقت تہی
کس نصیبے لیے پشت پہ گنجینہ قارون باندہا

طرفہ بہکا مین دم فکر سخن مستی مین
لالہ عارض کو کہا خال کو افیون باندہا

ہم غریبون کا وہی پار کرے گا بیڑا
جسنی دریای جہان پر پل گردون باندہا

جی اف لجھنے لگا انکھون مین اندہیرا چھایا | جب تصور ترا ای گیسوی مشکبون باندہا

سامری کی نہ چلی نرگس جادو کی حضور | ہر فسونگر کا تری سحر نی افسون باندہا

بال کو دی کمر یار سے تشبیہ اسیر

خوب باریک مری فکر نی مضمون باندہا

ردیف بای موحده

جنت مین جا خرید کسی حور سی شراب | ساقی ہماری واسطے لا دور سی شراب

حاصل ہی نزع مین ہی مجھی لطف میکشی | کھچتی ہی جان تن سی کہ انگور سی شراب

تعریف چشم مست سے ہم مست ہو گئے | حاصل ہوئی شراب کی مذکور سی شراب

دی پہلی مجکو بعد مری سبکو ساقیا | تقسیم ہو تو بزم مین دستور سی شراب

وہ مست ہون کہ ہوگا جو میرا گذر وہان | فردوس مین ملی گی کف حور سی شراب

کرتی ہی صاف دل کو جلا دیتی ہی جگر | یارب بنی ہی نار سی یا نور سی شراب

زخمی ہون خنجر نگہہ مست یار کا | کھیچین گے میری خم کی انگور سی شراب

دو عیش ایکجا نہین ہوتے کبھی بہم | رہتی ہی دور کاسہ طنبور سی شراب

توڑا ہماری سر سی سبو ہو کی بد دماغ | مانگی کبھی جو ساقی مغرور سی شراب

ظاہر قبا سے ہو گی ترے سرخی بدن | کیا چھپ سکی گی شیشہ بلور سی شراب

دل مست ہی تصور روی صبیح سے | ہاتہ آئی ہمکو چشمہ کافور سی شراب

کیا پاؤن بوسہ لب میگون بغیر زہر | ایسی تو ہاتہ آتی ہے مقدور سی شراب

ہو نشہ دیکھ کر جو تری چشم مست کو | گر جائی کیون نہ دیدہ مخمور سی شراب

نالی سی کام ایک ہی میخانہ و بہشت | نزدیک سی ملی کہ مجھی دور سی شراب

شاہی سی بڑہ کی ہی مجہی مستی مین ذائقہ
بدلون کبہی نہ دولت فغفور سی شراب

کم آفتاب چشم حسد سے نہین اسیر
ڈہاپون مین دامن شب دیجور سی شراب

کب ہو مقابل رخ گلفام آفتاب
ہو لاکھ سرخ صبح کی ہنگام آفتاب

یون زلف مین وہ چہرۂ روشن نہان ہوا
ہو جس طرح غروب سر شام آفتاب

جس روز اوسکی چاند سی رخ پر ٹپک پڑا
رکہین گی طفل اشک کا ہم نام آفتاب

طائر تمہاری پرتو رخ کا ہو شکار
تار شعاع سی جو بنی دام آفتاب

اوسکو نہ ہی ثبات نہ اسکو قیام ہے
ہی عمر تیر جیسے لب بام آفتاب

پہرتا ہی روز کوچہ محبوب کا طواف
پہرتا ہی گرد صبح سی تا شام آفتاب

رکہا کبہی جو میری سیہ خانی مین قدم
ہوگا زحل کیطرح سیہ فام آفتاب

چونکو شتاب خواب تغافل سے غافلو
دیتا ہی ہر سحر یہی پیغام آفتاب

وسعت نپوچہہ میکدۂ دل کی ساقیا
ہی آسمان سبو تو یہان جام آفتاب

روشندلون کا رتبہ ہی آفاق مین بلند
ہی شہسوار ابلق ایام آفتاب

اک دن جو آگیا تہا تری عکس حسن مین
رہتا ہے روز رعشہ در اندام آفتاب

ذرون پہ اکدن جو نگی مہر کی نگاہ
محشر مین ہوگا مورد الزام آفتاب

ممکن نہین کہ بڑہ کی تری راہ مین چلے
سو ٹہوکرین نہ کہائی ہر اک گام آفتاب

ای دل شب فراق مین گر التجای صبح
کردیگا اس مہم کو سر انجام آفتاب

عریان تنون کو تیری ہی کیا خواہش لباس
ہی اُنکو مثل جامۂ اندام آفتاب

چاہو مزہ جو سیب ذقن مین تری ہو
بخت کی سیہ [illegible] آفتاب

کہتی ہین کسکو اسن جہان قتل گاہ ہی
آتا ہی روز کہینچکے صمصام آفتاب

سرگشتہ پہر رہا ہے فلک پہ عبث اسیر
باندہی حریم یار کا احرام آفتاب

قالب سی روح جب ہوی دور ازل قریب
کب دور تہی ہمین تو گہڑی تہی اجل قریب

ہی بعد مرگ کون کسی کا کہ زیر خاک
مدفون ہوی عزیز نہ میری بغل قریب

منظور فاتحہ ہے اگر تمکو گاہ گاہ
گاڑو ہماری لاش کو زیر محل قریب

کہتا ہی مار عجب حسن نہ آگی بڑہی قدم
ہی شوق وصل کا یہ ارادہ کہ چل قریب

آتی ہی کان مین یہ لب گور سی صدا
ہشیار غافلو کہ بہت ہی اجل قریب

ای موت لی خبر کہ یہ ہی مفلسی کو فکر
دین تالیان عزیز بجائین بغل قریب

کیونکر مین دور بین نکرون ہین صاف گو
مضمون ہین دور کی دم فکر غزل قریب

حیران ہون دیکہ کر رخ جانان پہ تل سیاہ
ہی منزل قمر سی مقام زحل قریب

ای شاخ ہاتہ اوٹہا جو بہار تو لطف کیا
اتنا تو جہک کہ ہوین لب و دندان پہل قریب

اوتنا ہی دور گنج قناعت سی ہی گدا
جتنا کہ اس سی ہی در اہل دول قریب

ہین جس مکان مین سارے جواہر جمع
ہم بہی تو جا رہی ہین وہین آجکل قریب

محفل مین بیٹہنی نہین دیتی وہ ہمکو پاس
جبتک کہ بہر کی رکہہ نہین لیتی بغل قریب

آتا صدای تیشہ فرہاد سے نہ خواب
شیرین کا بیستون سے جو ہوتا محل قریب

کیونکر نصیب ہوتا ہے دیدار دیکہتی
ہی دور ہمسی کوچہ جانان اجل قریب

دریا ہین اپنی رونی سی بحرین عرق و ضحکے
کامل ہزج طویل متشاکل رمل قریب

جب جا ہین دیکہہ آئین حسینونکو جاکی ہم
اپنی مکان سے ہی فرنگی محل قریب

جاتا ہین اوٹھہ کی گوشۂ عزلت سی اب اسیر
ہوتی کہین جو صحبت شعر و غزل قریب

صاف ہی وس چہرۂ روشن ہین بوئے آفتاب
پردہ اوٹھہ جائی تو شب کو ہو ظہور آفتاب

خشک آنسو کیون نہو خون دیکھین جو ہم رخسار یار
نجم ہو جاتی ہین پوشیدہ حضور آفتاب

میری گھر اگر سیاہی سی بدل جاتا ہی نور
کیا گناہ ماہ اسمین کیا قصور آفتاب

دن کو بالائی فلک تہا شب کو ہی زیر زمین
جہک گیا کیا جلد فرق پر غرور آفتاب

ایک روٹی حلق کو دیتا نہین طباخ چرخ
صبح کو کیون گرم کرتا ہے تنور آفتاب

سامنی کامل کی ناقص کی نہین بنتی ہی قدر
کب فروغ ماہ ہوتا ہی حضور آفتاب

خط نکلتی ہی ہوا رخسار جانان کا یہ حال
شام کو جسطرح گھٹ جاتا ہی نور آفتاب

کلفت دل نی چھپایا ہی جلوہ یار کا
ابر ہٹ جائی تو ہو جائی ظہور آفتاب

ہر سحر کیونکر نہ حاضر ہو تماشی کی لیے
جلوہ گاہ یار ہے بیت السرور آفتاب

کام کیا اونکو تعلق سی جو عالیقدر ہین
کب ہی پیراہن کا طالب جسم عور آفتاب

ہاتھ اوٹھائی ناخدائی سی اگر تیرا کرم
قلزم گردون سے مشکل ہو عبور آفتاب

خاک سوجھی زاہدونکو رہنہ جام شراب
کور آنکھین شپرہ کی ہین حضور آفتاب

داغ سینہ ہی مری چاک گریبان سی عیان
صبحکو جسطرح ہوتا ہی ظہور آفتاب

یاد روی یار سی روشن ہی پہلوی داغ دل
جسطرح مہتاب مین آتا ہی نور آفتاب

کیا سیہ خانی مین میری آوی خورشید رو
پردۂ ظلمات مین کب ہے مرور آفتاب

گردش گردون گردانسی تعجب کیا اسیر
ذرہ ہو جاوئے جو تجاہل امور آفتاب

ولہ

بوی گل دینی لگی گلہای داغ عندلیب
کیا ملیگا باغبان کچھ اب جو باغ عندلیب

حسن سے بڑھکر ترقی دی خدائی عشق کو
برگ گل اوتنی نہین جتنی ہین تنپہ داغ عندلیب

ایکدم مین نالہ ائی گرم کرتا ہون ہزار
سامنی میری جلی کیونکر چراغ عندلیب

اوسکی مستی سی نہ کیونکر میری مستی ہو سوا
جام میرا روی گلگون گل ایاغ عندلیب

تیری آگی وصف گل کرنیسی آجاتا ہی خشم
سرخ کردیتا ہی ہمکو سبز باغ عندلیب

دہ تری پٹو نہین ہر دم یہ تری کو جسکی گرد
ہی پتا گل کا نہ گلشن مین سراغ عندلیب

تو وہ گل ہی سونگھ لی جب تیری پیراہنکی بو
نکہت گل سی پریشان ہو دماغ عندلیب

عاشقونکا ضعف معشوقونکو ہی چشمہ رو
ہی شراب جام گل خون ایاغ عندلیب

ساری عالم مین کھلا گل اتنی آئی فصل بہار
خانہ صیاد بھی ہو جای باغ عندلیب

قدر عاشق جانتی ہین ہم کہ ہین عاشق مزاج
باغبان گل سی سیکھا ہی ہمکو داغ عندلیب

شاخ گلبن پہ جو بیٹھی ہی مسیح وقت ہی
کیون نہو چرخ چہارم پر دماغ عندلیب

گل کتر کر کی گتی کاغذ کا گلشن مین اسیر
تہا یہی مرہم خزان مین بہر داغ عندلیب

نہین دیتے اگر ہمکو شفا لب
کہو پھر کس مرض کی ہین دوا لب

سنین باتین تو ہون مردی بھی زندہ
مسیحا ہین تری معجز نما لب

غم عشق اپنا میخانہ ہی ساقی
می خون سی ہی جام دل لبالب

وہ محزون ہون جو دیکھون زعفران زار
ہنسی سے ہون میری آشنا لب

پلاتی ہین تمہاری خال افیون
شکر پارون کا دیتے ہین مزا لب

کہین کیونکر نہ ہم قند مکرر
زیادہ ایک سے ہی دوسرا لب

ہوئی اوسکا چشمۂ آب بقا ہی
بعینہ موجۂ آب بقا لب

ہماری آہ سے یہ ناتوان ہے
کہ آسکتی نہین سینی سی تا لب

نجا تو یاس سے میری نجاو
قیامت ہی فراق روح و قالب

ہو چہ احوال راہ منزل عشق
کنوین کشتون سی ہین لاکہون لبالب

فقط ہے گفتگو وجہ جدائی
خموشی مین نہین دیکھے جدا لب

الہی زخم مشتاق نمک ہے
دکھائین خندۂ دندان نما لب

کسی دیتا ہے جام بادہ ساقی
یہان ہی عمر کا ساغر لبالب

لیا بوسہ تو جان تازہ پائی
عجب جان بخش ہین نام خدا لب

اسیر اپنی زبان ہی بیزبانی
بنا ہی مثل ابروی صدا لب

پوچھا بڑہا کی ہاتہ عرق اوس جبین سی کب
دامن کا ہمنی کام لیا آستین سی کب

آزردگی سی کام دل صاف کو نہین
واقف ہوا یہ آئینہ چین جبین سی کب

آسان نہین ہی مسئلہ جبر و اختیار
اوٹہتی ہین پاؤن ساتہ ہی دونون زمین سی کب

پھر کھنچے جو چاک کرین سینۂ صدف
پونچھین وہ ظالم اشک یتیم آستین سی کب

لکھتا ہی جیسی معنی رنگین مرا قلم
تصویر ایسی کھینچتی ہی نقاش چین سی کب

اقرار وصل کا تو لیا پر ہوئی یہ چوک
اتنا نہ ہمنی پوچھ لیا اوس حسین سی کب

جاتی ہوئی وہان فرشتونکی پر جلین
پیغمبری اسیر ہو روح الامین سے کب

ردیف تای مثناۃ فوقانی

دم بھر فراق دوست سے ہی بھر وصال دوست
ہستی مری حباب ہی دریا جمال دوست

آنکھونکو بندہ گیا ہی یہان تک خیال دوست
دشمن پہ کی نظر تو ہوا احتمال دوست

آباد ہی وہی جو ہی برباد راہ عشق
سرسبز ہی وہی کہ جو ہی پائمال دوست

خنجر سی ہی سوا مجھی ایک ایک موی تن
گولی سی کم نہین مجھی اک ایک خال دوست

سیر چمن کو چشم ادا فہم چاہیی
ہی ہر نقاب گل مین عروس جمال دوست

خط کی نمود ہو کہ نہو روی صاف پر
ہم جانتی ہین ایک سوال محال دوست

جبتک ہی ہم سفر مین ہین کچھ مہربان ہین وہ
آتی ہین ناجہا ہی علی الاتصال دوست

تسکین دل نہ خط سی ہوئی خوب نامہ بر
لِلّٰہ کر بیان زبانی ہی حال دوست

لی لی وہ نقد جان تجھ فراغت نصیب ہو
مدت سی سیر ہی پاس نانشستہ ہی آل دوست

آزردگی نہین دل دشمن کی بھی پسند
کسطرح ہمکو ہوگا گوارا ملال دوست

ترغیب کیا بہشت کی دیتی ہو واعظو
مشتاق کب ہی حور کا محو جمال دوست

ایسا رفیق کوئی بھی آفاق مین کہان
ہمسے کبھی جدا نہین ہوتا خیال دوست

آتی نہ تاب حضرت موسیٰ کو غش ہو کے
آسان نہین نظارۂ برق جمال دوست

جانی لگا ہی کہ نکلنی لگا ہے خط
ہونی لگی ہی کچھ تو امید وصال دوست

عاشق کو قتل کر کی ندامت کہان تلک
عالم ڈبو چکا عرق انفعال دوست

آیا جو وقت نزع فرشتہ مجھی نظر
سمجھا کہ ہی یہ قاصد فرخندہ فال دوست

واعظ ہی ہمکو دوزخ و جنت سی کام کیا
دوزخ فراق یار ہی جنت وصال دوست

کھینچا نظارہ رشک سی یہ چاہتا ہی دل
دشمن کی خواب مین بھی آتی خیال دوست

کیا خوب کی ہی چہرہ نویسی خیال نی
دل پر لکھی ہوئی ہین بیان خط و خال دوست

سمجھی یہ ہم نیام سی باہر ہوئی یہ تیغ
بی پردہ ہوگیا جو کسی دن جمال دوست

نفرت اسیر ہمسی ہوئی اوسکو اسقدر
آتا نہین ہی خواب مین بھی اب خیال دوست

اون کا رہا مزاج جو برہم تمام رات
کچہ عرض حال کر نسکی ہم تمام رات

دکہلای حسن و عشق نی عالم تمام رات
مہتاب وہ چکور رہی ہم تمام رات

آتا ہی یار صبح کو جاتا ہی شام کو
دن بہر ہی گہر بہشت جہنم تمام رات

ای چشم گر نہ دیکھو تو افشای راز عشق
رونی کیواسطے نہین کچہ کم تمام رات

اللہ ری اشتیاق کہ سوتا رہا وہ ماہ
ہالی کی طرح گرد بہری ہم تمام رات

انسان ہمین کیون نہ دون پوشیدہ ہو وہ رخ
بی آفتاب روتی ہی شبنم تمام رات

کیا کیا نہ ہمنی کین شب وصل اوسکی منتین
سر یار کی قسم یہ رہا خم تمام رات

زندان کا حال پوچھتی ہو قیدیوں سی کیا
دن بہر تو دہوپ پڑتی ہی شبنم تمام رات

مر مر گیا مین بزم طرب مین بغیر یار
مطرب کی تال مجکو ہوئی سم تمام رات

تم وقت شام گہر تلک آکر جو پہر گیتی
اولٹا مریض غم کا چلا دم تمام رات

کس ابرو و ذقن کا رہا خواب مین خیال
کی ہمنی سیر کعبہ و زمزم تمام رات

ہوون مریض عشق کہ کرتی ہین مجہپہ دم
پڑہ کر مسیح سورۂ مریم تمام رات

اورونکو عیش ہمکو غم ہجر ای فلک
سوتی ہی خلق جاگتی ہین ہم تمام رات

تیغ نگاہ یار سی ڈرتی ہی فوج نجم
کیسی صفین ہین برہم و درہم تمام رات

پروانی اسطرف ہوا اودہر جلا ہی شمع
یہ طرفہ اختلاط ہی باہم تمام رات

کی شام ہم نی صورت بسمل تڑپ کی صبح
درد جگر ذرا نہوا کم تمام رات

جیسی بہشت کوچۂ جاناں سی ہین جدا
گرتی ہین اوٹھ کی ہم قد آدم تمام رات

کسکا خیال ہی یہ الہی کہ مثل چشم
رہتا ہی گھر مین نوحہ گرکا عالم تمام رات

گہر اوجڑ مین گیا جو تعزیہ خانی سی کم نہین
پڑھ پڑھ کی نوحہ کرتی ہین ماتم تمام رات

اوس گلبدن کی عشق مین روتی ہین کیون اسیر
ہی جسکو رشک طالع شبنم تمام رات

اوٹھاؤن منت کسکی ہر گھڑی بات
کہ تیہر سہے مری حق مین کڑی بات

دہان یار سی غنچے کو دعوے
مثل سچ ہے کہ چھوٹا منہ بڑی بات

سنا جب بادہ سکو گل غیرون نی بیچی
تو کانٹی کیطرح دل مین گڑی بات

کہون کس منہ سی اون باتون کی گرمی
بتاسا سا دہن ہی پہلجھڑی بات

کہا جب ختم ہی ہو گی شب ہجر
قضا بولی یہ ہی کتنی بڑی بات

جمی رنگین بیانی کا جو لا کھا
نکالی اور مسی کی دہڑی بات

فرشتی ہم سخن ہین نزع کی وقت
کری کوئی نہ ہمسی اس گھڑی بات

بیان گریہ کرتا ہون اگر مین
تو بن جاتی ہی ساون کی جھڑی رات

پری رو ہے یہ کیا زنجیر کا منہ
کری جو تیری وحشی سی کڑی بات

کہو تو کوہ کاٹون مثل فرہاد
مری آگی یہ ہی کتنی بڑی بات

سلاسل ہین عجب اوصاف ہاتین
کہان پائی یہ موتی کی لڑی بات

سنا جو کچھ وہ سمجھے یاد رکھا
گڑی دل مین جو کانومین پڑی بات

مسو واعظ نہ بی دستار دیکھا
حقیقت مین بڑون کی ہی بڑی بات

سلاسل زلف جو کر گون سے پہنے
اسیر وو سہتی نہین ہمسی کڑی بات

کچھ تو دیکھی تری ابرو سی خطر کی صورت
بن گیا تیغ سے جو ماہ سپر کی صورت

رنگ ہین اشک تو پیدا ہو ضرر کی صورت
دیدۂ تر مین ہی ناسور جگر کی صورت

دل پریشان ہی مرا اوسکی پریشان گیسو
شکل جو کچھ ہی ادہر کی وہ ادہر کی صورت

مہر تہی صبح شب وصل ہوا اونکی
دل بجھا کر وہ گئی شمع سحر کی صورت

جای کیا صبح کا کھٹکا کسی ساعت شب وصل
چھاگلین یار کی بجتی ہین گجر کی صورت

وحشت دل نی دکھایا ہی وہ صحرا ہمکو
سیکڑون کوس نہین جسمین بشر کی صورت

دست جانان کا یہ ہی شوق جو قاصد نملے
نامہ خود اوڑ کی پہنچ جای خبر کی صورت

ظلمت گور مین دیکھا جو کفن سمجھے ہم
اب دکھائی شب فرقت نی سحر کی صورت

زندگی بہر مرا دل سینی سی باہر ہی رہا
کبھی دیکھی نہ اس آئینہ نی گھر کی صورت

زر کو پوشیدہ کرین صاحب جنت سی بخیل
عیب زر خشت نہ چھپیگا کبھی زر کی صورت

موت سی کرتا ہی آگاہ زمانی کو فلک
روز دکھلاتا ہی کافور سحر کی صورت

کبھی معدوم کا سمجھی وہ اعادہ نہ محال
جسکو آجای نظر اوسکی کمر کی صورت

خلق جسمین کہ نہو اوسکو بشر کیا کہیی
یون تو ہی گہاس بہی جنگل مین شجر کی صورت

ہو نہ دشمن پہ جو مجھپر ہی شب ہجر عذاب
گور کافر نہ سیہ ہو مری گھر کی صورت

ہو وہ شاعر کہ نہین کچھ بھی سروپاے سخن
وقف سر بیت ہی اللہ کی گھر کی صورت

شعر کیون اپنی پسند آئین نہ شاعر کو اسیر
کسکو مرغوب نہین اپنی پسر کی صورت

وای او سپہر جسنی گندم رو یہان کہائی بہت
گر گئی دم ایک دانہ تو نشش پچتائی بہت

چشم مجرم سی گواہی چاہتی ہین اشک شرم
کہہ دو مالک سی کہ دوزخ کو نہ بہڑکائی بہت

حرص جو حد سی زیادہ ہی وہی پیغام مرگ
زہر ہو انسان کو حلوا ہی اگر کہائی بہت

کشتۂ تیغ تغافل ہون مین کہولونگا نہ آنکہہ
شور محشر اکی تربت پہ نہ چلائی بہت

ایک نالی کی بہی رخصت جب ندی صیاد نی
زمزمی اپنی ہمین گلشن مین یاد آئی بہت

ہو وہ گرشتہ بنائی جب مری مٹی سی ظرف
کاسہ گر بہی چاک کی مانند چکرائی بہت

خار اگر اون کی تیون نی بیتون کو دئی
پہول بہی اوسکی کرن پہولونسی تپائی بہت

کب شب گیسوی مشکین کی سیاہی کم ہوی
تیری افشان نی ستاری گو کہ چمکائی بہت

واہ ری فیض سبکروحی رہا محفوظ مین
ہاتہ کانٹون نی مری دامن پہ دوڑائی بہت

جا نکر باطل نہ آئی ہم فریب دہر مین
صورت ساحر تماشی اسنی دکہلائی بہت

کچہ بڑی امید ہمکو بہی دل صد چاک سی
بال جب الجہی ہوئی شانی نی سلجہائی بہت

کی دعا باران رحمت کی جو وحشت مین اسیر
کودکون نی ہر طرف سی سنگ برسائی بہت

ردیف ثای مثلثہ

ہوا وصال دل بیقرار کی باعث
دعا قبول ہوئی اضطرار کی باعث

حجاب ابروی جانان ہی یہ کلفت دل
ہلال ہمنی نہ دیکہا غبار کی باعث

بس فنا ہی نہین ہی مجہی مزار مین چین
تڑپ رہا ہون دل بیقرار کی باعث

گیا نہ دہشت گیسو سی اوس نگین کوئی
یہ راہ بند رہی خوف مار کی باعث

سپید موی سینہ اپنی ہوگئی کیا جلد
دورنگی چمن روزگار کی باعث

لحد سی کیون نہ صدا آہ آہ کی نکلے
کہ جور چرخ بدن ہے فشار کی باعث

شباب مین ہی عجب وی یار کی رونق
چمن عروس ہوا ہے بہار کی باعث

ہماری آہ سی کیون نگار خون کی ہی پرہیز
کہ پھول کھلتے ہین باد بہار کی باعث

غضب ہی یار نی کھولا ہی لف کا جوڑا
حواس کم ہین یہان انتشار کی باعث

جہان مین گرتی ہے صاف آئینہ کو خاکستر
نمود آپکی ہے خاکسار کی باعث

دل دونیم فی جھنی کلید قلعۂ چرخ
یہ جنگ سر ہوئی اس ذو الفقار کی باعث

شب وصال نہ ہم بات کر سکی اونسے
وفور گریۂ بی اختیار کی باعث

ہماری کشت تمنا ہری ہوئی آخر
سحاب رحمت پروردگار کی باعث

کمال ہی [illegible] طالع سے تنگ [illegible] ہین اسیر
جگر مین رخنی ہین اس مژہ خار کی باعث

ولہ

دست جاہل مین ہی یون خامۂ تحریر عبث
جسطرح قبضۂ نامرد مین شمشیر عبث

آہ سوزان مری فولاد کو کر دیتی ہی موم
کہدو حداد سی پہنائے نہ زنجیر عبث

آگی کو جبین ڈہونڈی دی دل لیلی جوڑا
قیس کو ہمنے دکھائی تری تصویر عبث

کر چکی مرحلہ ہستی فانی ہم طی
ملک الموت سی کہدو کہ ہی تاخیر عبث

دہن یار کا عقدہ نہ کہلے گا ہرگز
گفتگو اس مین ہی بیفائدہ تقریر عبث

ضعف سی ہل نہین سکتا ہی تن دیوانہ
طوق گردن مین عبث پاؤن مین زنجیر عبث

نامہ ہو جائیگا اک اشک ندامت سی سیاہ
میری اعمال ملک کرتی ہین تحریر عبث

جان بخشی کی نہین کشتہ وقت ہو نہین
نہ کھلا او نہ کھلا [illegible] اسیر عبث

اس مرقع مین کہان سامع اصوات کوئی
ہین خاموش لب مردم تصویر عبث

کون ایسا ہی خبر لی جو تری وحشی کی
کوئی سنتا نہین غل کرتی ہی زنجیر عبث

اب نہ وہ یار نہ وہ دل ہی ہمارا قاصد
خط کی آنی پہ ہی مکتوب کی تحریر عبث

شوق کہتا ہی بغل مین رہی نقشہ اسکا
ہی تصور کا تقاضا کہ ہی تصویر عبث

تن لاغر ہی نہان کون نشانہ ہوگا
ہر طرف ڈہونڈتی پہرتی ہین تمہی تیر عبث

کون مرتا نہین ای قاتل عالم تجہپر
تو نی باندہی ہی پی قتل یہ شمشیر عبث

کون سنتا ہے دل زار کی فریاد اسیر
مشعلین پہونکتی ہین نالۂ شبگیر عبث

اشک افشان غم الحباب مین ہونا ہی عبث
پہلی منزل پہ جو پہنچی وہ نہین روتا ہی عبث

اہل غفلت سی یہ کہدو کہ ہوئی بال سفید
کوچ کی صبح نمایان ہوئی سوتا ہی عبث

چند روزہ ہی یہان جان نہ تن کا بہی ثبات
زر خریداری املاک مین کہوتا ہی عبث

تیری دیدار کی کافر ہو جو رکہی امید
میری نزدیک قیامت کا بہی ہوتا ہی عبث

دولت وصل ملی کی نہ دلا بی قسمت
سلطنت کی لیی محتاج کا رونا ہی عبث

ظلمت بخت نجائیگی کبہی رونی سے
کہ سیاہی کا پر زاغ سے دہونا ہی عبث

کوئی نعمت نہین اس خوان جہان مین بیگا
ذایقہ ہو تو نہ میٹہا نہ سلونا ہی عبث

زیر سر ہاتہ ہی بالش کی نہین کچہ حاجت
بستر خاک اگر ہی تو بچہونا ہی عبث

سر کٹی کا مری قاصد کا وہان جانی کی ضرور
کاٹنا ناخن کا مقراض سی کہونا ہی عبث

ہین جو بد اصل نصیحت سی وہ نہین کیا حاصل
ہی جہان شور زمین تخم کا بونا ہی عبث

دامن غیر سے پوچہو نہ پسینا رخ کا
عرق شرم مین عاشق کا ڈبونا ہی عبث

دشت بیدانہ دکہایا ہمین قسمت نی اسیر
بہوک کی تاب نہین ہاتہ مین سونا ہی عبث

ردیف جیم تازی

مر گئی پر مجہ سی ہی یہ چرخ کجرفتار کج
ہی یقین اوٹھی گی میری خاک سی دیوار کج

عیب ظاہر سی ضرر کچہ اہل باطن کو نہین
کیا ہوا محراب مسجد ہو اگر طیار کج

کیا کہون ہے کسقدر زاہدونکی طبیعت مین کجی
زلف کج دستار کج رفتار کج گفتار کج

کج ادائے یار مین ہی کجروی اغیار مین
ہین عجب طالع ہماری یار کج اغیار کج

غیر ممکن ہی کہ جائی طبع دنیا سی کجی
ہی مُدام سگ کیطرح ہر وقت یہ مردار کج

راست ہون یا کج ہون باطن جد انسی شرط ہی
نیمچہ سیدھا ہی قاتل خونفشان تلوار کج

زلف قد یار کی تعریف مین لکھتا ہون شعر
راست مضمون ہین مگر ہی چار تو دو چار کج

جو بنا ڈالی کجی کی اوسیہ سارا ہی عذاب
جرم ہی معمار کا مسجد جو ہو طیار کج

ہی درستی کلک معنی آفرین کی آشکار
کیا شکستہ طرہ ہی کیا گیسوئی خمدار کج

پختہ کارونکو تواضع اس چمن مین سر سے ہے
دیکھہ لو بار ثمر سی شاخ پر اثمار کج

نیک ہی کج بی بساط دہر مین گوٹی ہے بد
رخ کی سیدھی چال ہی فرزین کی ہی رفتار کج

اپنی بیگانی کی بہی رکھتی نہین ہرگز خبر
ہین جو موذی ہر جگہ چلتی ہین مثل مار کج

عیب ہی اہل صفا کا کچہ ہنر سی کم نہین
کیا ہوا دریا مین موجونکی جو ہی رفتار کج

ہی دلیل جبن ظاہر سر مین رکھتی ہین غرور
فہم زن سی بہی کہین مردونکی ہی دستار کج

راست بازون سے کبہی سیدھا نہین چلتا ہے تو
چال تیری ہی بہت اے چرخ کجرفتار کج

مردم دنیا جو کجرو ہین تعجب کیا اسیر
بیشتر گلشن مین آتی ہین نظر اشجار کج

ہی پسند اوس طفل کو تحریر موج
کتنا روشن ہے خط تقدیر موج

دیکھ کر بازو تمہارے وقت غسل
مچھلیون مین چل گئی شمشیر موج

ناتوان وہ ہون نہ ہرگز ہل سکون
ہو جو سیر دریا تو پاؤن مین زنجیر موج

بحر مین ٹپکے جو میرا اشک گرم
بول اٹھی اف اف لب تقریر موج

صفحہ دریا ہے یا اوسکی جبین
چین پیشانی ہے یا تصویر موج

عکس کس مہ رو کا دریا مین پڑا
کہکشان سی ابرو کی ہی تنویر موج

دہوتی ہین افشانکو وہ پانی مین آج
کیون نہ چمکے اختر تقدیر موج

تشنہ لب وہ ہون جو آئی مجھ تلک
پنجۂ مرجان ہو دامنگیر موج

اشک کی دریا مین رہتا ہون رواں
ہی مری تقدیر بھی تقدیر موج

سب ہین دیوانی تری ای بحر حسن
پانی دریا مین بھی ہی زنجیر موج

ضعف سی ہی بی صدا میرا سخن
جیسی جنبش مین لب تقریر موج

جب گئے سب یار دریا پہ اسیر
ہمنے کھائے درۂ تعزیر موج

ہی بعد وصل ہجر کا ہمکو کمال رنج
ہر عیش کا جہان مین ہی آخر مآل رنج

آتی ہین وہ مگر رخ روشن پہ ہی نقاب
دیگا فراق سے بھی یہ بادہ وصال رنج

دی بوسہ اپنی پہولسی رخسار کا کبھی
کانٹی کیطرح دلسی ہمارے نکال رنج

اوس نوبہار گلشن خوبی سی ہون جدا
کیونکر نہ ہو بہار مجھے اونکی سال رنج

روز وصال ذکر جدائی نہ مت کیا
دیتی ہین تیری ہجر کی باتین کمال رنج

بوسہ کبھی کرون جو طلب منہ نہ موڑ لی
دیتا ہی [illegible] سوال رنج

شاید کبھی ہو اتری ابرو سی سامنا
کاہیدہ [illegible] ہلال رنج

ابر کرم شتاب پہنچ ہی مدد کا وقت
کشت امید کو نکرے پامال رنج

گھر ہجر مین نا ہی مسلخ قصاب سی سوا
کرتا ہی بی چھری جسی ہر دم حلال رنج

پیری ہی قہر صاحب افلاس کی لیے
عریان تنونکو دیتی ہی سردی کمال رنج

ہوتا ہی کیون ملال کی جبہی معشوق عرق
دیتا ہی مجکو اور ترا انفعال رنج

خوگر جو رنج کی ہین وہ راحت طلب نہین
جسم گلیم پوش کو دیتی ہی شال رنج

مرنی سی میری غیر ہین خوش یار ہی اداس
ٹھہرا ہو کیون مجہی دم انتقال رنج

ہر وقت کی ملال سی کہتا ہی یہ مجہی
ڈالی جو اس مین نبض کہین اختلال رنج

اس ماہ مین جو اہین جگ ادس رشک ماہ سی
دیکہا جو ہمنی چاند اوٹہائی کمال رنج

مرنی سی میری خویش و احبا کا ذکر کیا
غم رو رہا ہی رنج کو بہی ہی کمال رنج

اس شش جہت مین مجہ سی جو دیکہا تو ہی اسیر
اندوہ صدمہ درد مصیبت ملال رنج

کل کی ضرور فکر رہی تجکو یار آج
ہی کار نیک و بد مین تجہی اختیار آج

رکہتا ہی تند باد خزان سی بہی کچہ خبر
ای محو رنگ و بوی گل نوبہار آج

کر فیض سی جہان مین کشادہ کسی کا دل
لازم ہے فکر وسعت کنج مزار آج

وہ پہول بہی جہڑ ہین گی کل اونکی خاک پر
جنکی گلو سی لپٹی ہین پہولونکی ہار آج

بی کفش فرش خاک پہ چلنا پڑیگا کل
جیسا کہ اسپ و فیل پہ ہی تو سوار آج

کل تو بہی جائیگا کسی در پر امیدوار
جسطرح لوگ تجسی ہین امیدوار آج

رہتی تہی جو وسیع مکانو مین کل تلک
باقی نہین ہین اونکی نشان مزار آج

جی بہر کی دیکہ لین وہ عیادت کو آئی ہین
ای ضعف آنکہہ بند نکر بار بار آج

دستار سرخ کیون سر صیاد پر نہو
بلبل کا خون سر پہ ہی اوسکی سوار آج

اللہ رے کہ قلزم غم سی عبور ہو
دریا ہی جوش گریۂ بی اختیار آج

ساقی ہوای سرو ہی گلشن ہی ابر ہے
ہی دلمین کھیلیے ابلامی کا شکار آج

کانپون مین کب تلک غم فزای ہجر مین
ہونا جو ہی وہ ہو مرے پروردگار آج

خورشید تہک گیا ہی کہ گردون ٹھہر گیا
ہوتی نہین جو صبح شب انتظار آج

آمد یہ کسکی ہی کہ یہ ہے دل کو اضطراب
اوٹھہ اوٹھہ کی بیٹھتا ہو مثل غبار آج

ساقی نہ کام سو سے نہ مجکو ہزار سے
گن گن کی جام دی مجھی دو تین چار آج

رخصت ہوا وہ شوخ مگر آہ تک نکلی
کیا میری دل نی جبر کیا اختیار آج

شاید کہ اس مین روز قیامت کا طول ہی
کٹتی نہین اسیر شب انتظار آج

کہدی کوئی طبیب سی کر اہی کیا علاج
بیمار ہی مریض محبت ہے لاعلاج

جبتک طبیب آئی ہوا حال کچہ کا کچہ
ہی درد دل یہی کہ چلو ہو چکا علاج

ہی شربت وصال مداوای درد ہجر
اس کا کریگا کون سواے خدا علاج

اپنی دوا ہی مرگ کہ بیمار عشق ہین
ساری جہان سی ہی ہمارا جدا علاج

جانی نہ دیگا کون تمہین آؤ شوق سے
ہی محض وہم کہو اسکا ہی کیا علاج

نسخی بدل چکا تری تدبیر ہو چکی
بس ای طبیب درد محبت ہے لاعلاج

خط اوسکا نامہ بر نی دیا مجہ مریض کو
نسخہ نیا حکیم نیا ہی نیا علاج

کیا شوخ ہی مسیح سی کہتی ہی چشم یار
تیرا جدا علاج ہے میرا جدا علاج

خورشید کحل چشم کری خاکپاے یار
آشوب چشم کا ہی یہی توتیا علاج

بیمار ہون مین دست حنائی کی عشق مین
ہی درد دل کا روغن برگ حنا علاج

بیماری فراق کا اب کسکو خوف ہے
آیا مسیح ہوگئی صحت ہوا علاج

ازار مفلسی ہے اگر غم نکھا اسیر
ہر درد کی جہان مین ہین مشکل کشا علاج

ردیف جیم فارسی

نہ پوچھ اوس زلف مین ہین کسقدر پیچ
یہ قصہ ہے نہایت پیچ در پیچ

گرا مکتوب رستی مین جو تجھسے
مری تقدیر کا اے نامہ بر پیچ

ملا فرہاد کو خلعت پس مرگ
ہوا دامان زخم تیشہ سر پیچ

نہ کیونکر عمر کا رشتہ ہو کوتاہ
اوٹھایا کرتے ہین ہم پیچ بر پیچ

کری کیونکر نہ زخمے تل کی گو لے
کہ پیچک ہے تری گیسو کا ہر پیچ

بلائین الفت گیسو مین جھیلین
پڑی سر پر ہمارے پیچ در پیچ

تری زلفون نے کیا سنبل کو سبقت
نہ ایسی خم نہ اوسمین اسقدر پیچ

جو پہنچی آتش عارض کی گرمے
کرے کیونکر نہ وہ موے کمر پیچ

اوڑائی ہے اگرچہ ٹسی تکل
لڑاؤ ہمسے کوئے مختصر پیچ

فسون گر سی نہین کم قافیۂ شعر
کہ سر پر سانپ ہے بگڑیگا ہر پیچ

اسیر اوٹھتی نہین دریا مین موجین
روانی کی یہ آتے ہین نظر پیچ

کثرت مال و منال و زر و گوہر ہمہ ہیچ
وسعت کشور و جمعیت لشکر ہمہ ہیچ

ذکر اورنگ سلیمان و خم افلاطون
قصۂ جام جم و سد سکندر ہمہ ہیچ

ظل دامان علم طنطنۂ طبل و ظفر — رفعت تخت و سرافرازی افسر ہمہ ہیچ

رخت زرین و کمر بند مرصع ہمہ پوچ — مسند بوقلمون فرش مشجر ہمہ ہیچ

زینت خانہ و رنگینی سقف و در و بام — نرمی بالش و آرایش بستر ہمہ ہیچ

حرص دولت طلب جاہ سر قدر بلند — فکر دنیا غم روزی طمع زر ہمہ ہیچ

جملہ افراد برنگ خط باطل باطل — مفتی و ناظر و سر دفتر و دفتر ہمہ ہیچ

جوہر خنجر و شمشیر ہژبران ہمہ لغو — قوت بازوی مردان دلاور ہمہ ہیچ

جماجق اہل خبر بق بق ارباب سیر — مستی صاحب زر کبر توانگر ہمہ ہیچ

صنعت خامۂ نقاش و ہم تیشۂ فکر — نقش ارژنگ و صنم خانۂ آذر ہمہ ہیچ

دامن ساقی و دست طلب بادہ کشان — حلقۂ انجمن و گردش ساغر ہمہ ہیچ

خلوت آئینہ و پرتو رخسار حسین — صحبت شانہ و گیسوی معنبر ہمہ ہیچ

چشم نرگس دہن غنچہ زبان سوسن — چہرۂ گل قد رعنای صنوبر ہمہ ہیچ

یاری یار عبث دوستی دوست غلط — لقب جان من و جان برادر ہمہ ہیچ

جتنی اوضاع زمانہ مین وہ باطل ہین اسیر — جز طلبگاری اللہ و پیمبر ہمہ ہیچ

ردیف حای حطی

تیرہ بختی اپنی زائل ہو یقین ہی شام صبح — کرتی ہی ہر شب کو آخر گردش ایام صبح

عالم پیری مین ای دل چرخ کا شکوہ نکر — ہی بخیل اسکا نہین لینا مناسب نام صبح

ہون مین وہ میکش کہ بہر نذر میری روبرو — جام سیمین شام لاتی ہی طلائی جام صبح

چاہیی پیری مین عزلت نوجوانی ہو چکی — رات کی جاگی ہین ہم اٹہو کرین آرام صبح

چاہتی ہی مرغ عیش اہل دنیا ہو شکار — خاک پر تار شعاعی کا بچہاکر دام صبح

ہمسی سن لی نہ پہونچا نی کی گہات اپنی ہر بر
غسل کو وہ مہر جاتا ہی سحری حمام صبح

گور گوری ہاتہ سی کرتا ہی مسی وہ مہروش
کیا عجب پیدا کری اوسکی چہریکی شام صبح

گر ہی روزینہ مقرر کچہ اگر توفیق ہو
ایک ساغر شام کو دی ساقیا اک جام صبح

طوف کیا اوس کعبۂ ابرو کا ہی مد نظر
روز آتی ہی پہنکر جامۂ احرام صبح

اضطراب اتنا نکر ای دل تسلی پائیگا
آنی کا خط آج کل پہونچیگا قاصد شام صبح

نوجوانی مین ہی دل کو ضعف پیری کا خیال
دیکہتی ہین اپنی آنکہین شام کی ہنگام صبح

وصل کی شب کٹ گئی وہ مہروش گہر کو چلا
لیکی آئی ہی ہماری موت کا پیغام صبح

شام کا عالم ہوا کیا دیکہون فراق یار مین
تیرہ آتی ہی نظر مجکو برنگ شام صبح

ہی دیار مہر و الفت مین یہی لیل و نہار
شام گیسو عارض محبوب سیم اندام صبح

کوچۂ جانان مین چلیی نور کی تڑکی اسیر
اس سی بالاتر ہمین ہی اور کوئی کام صبح

دوستی سر کو تہی جیب مین کرتا ہون گیسو کیطرح
شہر ہم سی آنکہین جہکا لیتی ہین ابرو کیطرح

کسکی زلفون کا تصور ہی ہمین مرنیکی بعد
ہین شگاف قبر مشکین نافۂ آہو کیطرح

خوبصورت اور ہو جاتی ہین غصہ کیوقت
حسن ہر حسین ہمین دیتی ہی ابرو کیطرح

ہی یہ تعلیم تلون انکو ہنگام نشست
ہان طبیعت بہی بدلتی جاتی ہی زانو کیطرح

باغ عالم مین ہی تیرا قد موزون وہ شجر
پوچہتا ہی ہر مسلمان جسکو ہندو کیطرح

ہین وہ مجنون ہم کہ ان اگر جہان لیلی ہون کہین
ذبح دعوت مین کرنی نافیکو آہو کیطرح

ہین فقیر اوس چشم و ابرو کی مگر ہندو فقیر
ہاتہ سکہلاتی ہین اپنی شاخ آہو کیطرح

اچھا کیا اگر نہ اون آنکھون کو دل دیا
گھر سونپتا ٹھگون کو ہین کس اعتماد پر

موج خطر سی کشتی می آشنا نہین
جب دیکھیے رواں ہین یہ باد مراد پر

ہی عالم جنون مین بیابان مجھی چمین
شمشاد کا گمان ہے ہر اک گردباد پر

ای دل زیادہ تجھسے نہین کوئی مجتہد
اپنا تو بس عمل ہے تری اجتہاد پر

اکثر کلام حق مین ہی ذکر غم حسین
موقوف کاف ہا یہ نہ یا عین صاد پر

مطلب بیاض گردن مینا کا ہی قیصو
ساقی کہلے گا کیا یہ کسی کم سواد پر

منکر ہماری آہ کی جو کو نکی تہی جو وہ
نازل ہوئی ہوا کی بلا قوم عاد پر

بت برہمن کی کام نہ آئی کبھی اسیر
دل اوس صنم کو دیجیی کس اعتقاد پر

قتل کرتی ہے اوس قمر کی نظر
تیغ کی تیغ ہے نظر کی نظر

آنکھ کیا بند ہو گئی اپنی
پھر گئی ہمسے سارے گھر کی نظر

تا ناف اوسکی عیان کمر معدوم
جس طرح چشم بی بصر کی نظر

تیغ ابروے یار تیر مژہ
صورت آتی نہین نظر کی نظر

آنکھین دکہین [illegible]
[illegible] کی نظر

ہم ہنر پیشہ دیکھتے ہین ہنر
عیب بین ہوگی سفلے ہنر کی نظر

چاند نے دیکھئے تو دور پردہ
گر نہ دیکھے تمھین نمر کی نظر

قدر آنسو کی جانتے ہین ملک
جوہری رکھتی ہین گہر کی نظر

لطف معشوق سم ہی عاشق کو
ہی کتان کو چہری قمر کی نظر

دوست دشمن کی ہمسے پھر گئی آنکھہ
ہی ادہر کی نہ اب ادہر کی نظر

دیدنی ہو نہ جبکا جلوۂ حسن
خاک دیکھے اوسے بشر کی نظر

سب کجے چہرہ رخ سے وہ ہی بیخوف
جس سی سیدہی ہی اوس قمر کی نظر

قدرت حق سے ہے چشم یار اسیر
ہی قضا کی نگہہ قدر کی نظر

مست ہین ہم مست حسن ساقی گلفام پر
خط پشت لب نہین مینا ہی زرین جام پر

خط ہی کیا صیاد تیری چہرہ گلفام پر
بلبلون کا دم پھڑک جاتا ہی اس گلدام پر

ہمرہ پیراہن نو قطع کرتی ہین کفن
رہتی ہے اپنی نظر آغاز مین انجام پر

کیا ہوا بوسہ جو ہمنی اوسکی عارض کا لیا
فرض ہی تعظیم مصحف صاحب اسلام پر

چاند بالی کیطرح قربان ہوا پریان تو کیا
بال کہولی چاندنی مین جب وہ اپنی بام پر

دیکھنا ہی ایک دن آخر زمین پہر شہسوار
کسکو آتی ہے سواری ابلق ایام پر

ساقیا فصل گل آئی طاق پر تقوی سہی
آنکہ زاہد کی ہی اب پڑنی لگی ہی جام پر

جانتا ہون کنگہی گیسو کی ہین ای جنگجو
لام باندہا ہی اوسنی ہی چڑہائی شام پر

کثرت عصیان سی دل تاریک ہی موی سر سفید
ہی عجب گہر مین اندہیرا چاندنی ہی بام پر

کیا ہوا وہ شوق کیون کہتا نہین او بہکر شکار
گور سبزہ چہرہ ہی ہے تربت بہرام پر

شمع کا جلوہ مبارک تمکو پروانو ہی
دل ہی مجہ مین کشش کا پروانہ چراغ جام پر

جب لگایا ہاتہ اوس خورشید نی تقدیر سی
صبح روشن کا ہوا عالم چہرہ کی شام پر

کون اوس خوش چشم کی غم مین نہین رو رو کی کور
دیکہ لو چہایا ہی جالا دین بادام پر

مہر اوس رخ کی مقابل ہو تو ترک آسمان
کاٹ کر سر کو چڑہائے نیزہ بہرام پر

کیا عجب مٹی جو بعد مرگ ہو خاک شفا
جان دیتا ہون شہید کربلا کی نام پر

صبح جاکر دیر مین دیکہا فروغ روی بت
روشنی رکہی خدا کی گہر مین ہمنی شام پر

تل نظر آتی نہین ہین اوسکی ابرو کی قریب
ہندؤن کی ہی چڑہائی کعبہ اسلام پر

مرگئی ہین الفت چشم و لب بتان مین ہم
فاتحہ دینا انار و پستہ و بادام پر

ای بتو فرصت غنیمت ہی کرو حاصل ثواب
ایک بوسہ ہمکو دو فی اللہ خدا کی نام پر

ای مؤذن وصل کی شب ہے چہری تیری اذان
کیون کمر باندہی ہی اس فریاد بی ہنگام پر

سبزہ بیگانہ باغ حسن سی کہتا ہی دو
باغبان کا ہی گمان ہمکو تری انجام پر

کیا ہوا حاسد جو مجکو زشت کہتی ہین اسیر
طعن اہل کفر کیا کرتے نہین اسلام پر

ہے کسکو تاب غیر کا آزار دیکہکر
ہوتا ہون زرد چہرہ بیمار دیکہکر

قمری ہی سرو سرو قد یار دیکہکر
گل عندلیب ہو گل رخسار دیکہکر

عشرت قبول کی نہ کبہی اختیار مین
آتی ہنسی تو قہقہہ دیوار دیکہکر

وحشی وہ ہون جو دشت سی آیا مین شہر مین
بہاگا ہجوم مردم بازار دیکہکر

ہی شوق قتل عام یہ دلمین بہرا ہوا
اوٹہتی ہین ہر صبح وہ تلوار دیکہکر

ہر طرح تیری حسن نی غارت کیا جہان
دوچار سنکی مرگئی دوچار دیکہکر

ورنہ ہوں میری طرح نہ حالت کرے تباہ / آئینہ کو وہ آتش رخسار دیکھکر

رخنہ ہمارے آپکی الفت میں پڑ نجاے / رہ کہینچے گا کڑکیان سر بازار دیکھکر

ہم اور قابل ہدف ناوک مژہ / کہینچو کمان ابروے خمدار دیکھکر

موسی میں اور مجھ میں ہی لی حسن یار فرق / میں سنکی مشتری ہی وہ خریدار دیکھکر

پایا نہ اس چمن میں کہیں عشق بی طمع / بلبل ہے گرد گل سکے تو زردار دیکھکر

کیا رشک سے گرتی ہیں اشک اپنی متصل / اوسکی گلی میں موتیوں کا ہار دیکھکر

حسرت سے کیا نہیں کسی رشک مسیح کے / رہ جاتے ہیں فلک کو جو بیمار دیکھکر

موسی کا حال کیا نہیں معلوم طور پر / ای اہل دید خواہش دیدار دیکھکر

کاری مری جگر میں ہیں کس درجہ زخم تیر / روتا ہے خون دیدہ سوفار دیکھکر

ہم کیا اسیر مفتی و قاضی بہک گئی
اونچی دکان حضرت خمار دیکھکر

خلوت میں یون چڑہاؤ نہ اہل نفاق کو / دیکھو اوڑی کہیں بیٹھی نہ طاق پر

انکار وصل پر او نہیں انکار وصل ہے / بڑہتا ہی اشتیاق یہاں اشتیاق پر

لکھی جواب خط میں کبھی وعدہ وصال / مرہم لگائی مری داغ فراق پر

ساقی گیا وہ شوخ کہاں میکشی کا لطف / رکھدی اوٹھا کی شیشہ و ساغر کو طاق پر

احباب کا مزاج عناصر سی کم نہیں / در پردہ اختلاف ہی اس اتفاق پر

بی استخارہ دل کو ہی معلوم حکم رب / موقوف امر نہی و نہیں جفت و طاق پر

رستہ جو مجھسے کاٹ کی چلتی ہیں راہرو / کانٹے کا کیا گمان ہی مری جسم قاق پر

کہتا ہے کون عاشق و معشوق کو جدا / ماخذ ہی ایک ہو جو نظر اشتقاق پر

ہم تو اوای مہر مینڈی تی ہین نقد ہوش
کہینچا ہی دشمنو نکی بہی ایذا سی ہمنی ہاتھ
جلتی ہین ہیول وصل کی لگنین کہان مردہ
مصحف کی میکدہی مین جگہ ای سپہر دون
وہ پانچی اوٹہا کی اگر طور پہ چلی
روز جنون مین کوہ تو کیا ہی کہون جو قصد
راضی نہین ہے دختر رز خود طلاق پر
باندہی ہی دوستون نی کمر کیون نفاق پر
دل لوٹتا ہے کاہش خار فراق پر
بت کا مقام خانہ کعبہ کی طاق پر
پروانہ شمع طور ہوئی شمع ساق پر
جاؤن شلنگ بہر کی فلک کی رواق پر

کچہ تو اثر کیا ہے مدہ آہ نے اسیر
چلنی لگین ہین اب تو وہ کچہ کچہ سیاق پر

شہرہ قد جانان کا جو سن پائی صنوبر
میخانہ ہی گلزار نہین موسم گل مین
وہ سرو اگر باغ مین گلگشت کو آئی
گلزار سے آ اترے کو چمن مقرر
ہی راست تو یہ بات کہ آگی تری قد
آئی ہی تو کچہ تمکو ٹہرنا تہا چمن مین
گلگشت گلستان سی ہمین ہجر مین کیا کام
کم صحن گلستان سی نہین سینہ ہمارا
تیرا قد رعنا اگر اوسکو نظر آئی
کیا قامت محبوب کا دیوانہ ہی یہ بہی
لیتی ہے ہر اک فاختہ جمشید سی ٹکر
خجلت سی ابہی خاک مین گڑ جائی صنوبر
دیکہو قدح لالہ و مینای صنوبر
کوکو نہ کری فاختہ بالائی صنوبر
مجبور ہی لیکن کہ ہے شل پای صنوبر
بدنامی کا جہنڈا ہی سر اپنی صنوبر
نکلی ہوس گل نہ تمنای صنوبر
ہی شوق گل و لالہ نہ پروای صنوبر
پہولونکی عوض داغ مین دل پائی صنوبر
گلشن مین بگولا ہو یہ چکر ای صنوبر
ہی نہر چمن سلسلہ پای صنوبر
پر زور ہے کیا بادہ مینای صنوبر

حسن رخ گل دیکھ تو بلبل کی نظر سے
گرویدہ قمری سے تماشای صنوبر

رغبت اوس قد موزون کا جو ہے جا بجا چمن مین
کیون بید کے مانند تھرا ے صنوبر

صدمہ ہی عجب قمری و بلبل پہ خزان مین
ہی غلغلہ ہائی گل و وای صنوبر

طاعت کا خیال آئی گلستان مین جو مجکو
مسجد کا منارہ ابھی بنجا ے صنوبر

کیا اوس قد موزون کا اسی عشق ہوا ہے
ہی سوکھ کی کانٹا جو سراپای صنوبر

عاشق ہین امیر اوسکی قد راست کی ہم تو
قمری کی طرح کون ہی شیدای صنوبر

کبھی تو مہربان ساقی ہو رند لاابالی پر
کہان تک قفل صندوق شراب پرتگالی پر

کیا موقوف تو نی قتل لیکن خلق ڈرتی ہے
گمان مارمردہ ہی تری بندوق خالی پر

نہین کانٹا بیابان کا نہ مین سبزہ گلستان کا
کمر باندھی ہی کیون گردون نے میری پامالی پر

کیا ہی سایہ پیدا قامت پرنور احمد کو
یہی ہی حجت روشن خدا کی بیمثالی پر

یہ سمجھا مرتبی مین عیسی گردون نشین ہو کر
جگہ مزدور نے پائی جو تیری قصر عالی پر

جلا مین ہجر مین وہ سرہانے لیٹ کر ایسی سوئے
بجا ہی دل کو میری رشک تصویر نہالی پر

خداوندا ہی لاحق ایام مجکو مین وہ بیکس ہون
کہ ساتون چرخ سر دہنتی ہین میری [illegible] پر

نہین حاجت گرانی کار کچھ ہین ند لاغر ہون
قناعت ہی مجھی ساقی بس اک مے کی پیالی پر

خدا جانی کہ کیا اس جال مین آرام سمجھا ہی
گرا پڑتا ہے جو مرغ نظر غرفی کی جالی پر

دکھایا بزم مین کیا اوسنی اعجاز مسیحائی
ہوئین جاندار تصویرین جو رکھا پاؤن قالی پر

نہین لازم پرستار میان یار کو کہنا
عبث ہی شاعرون کو ناز مضمون خیالی پر

عجب بیمثل ہی رخ عکس تک جسکا نہین پڑتا
گواہ آئینہ دل ہی تمہاری بیمثالی پر

یقین جان اسکو اِی قاتل لہو سی دن عید ہو جاوے
گلا جس پر رکہہ دو نمین تری تیغ ہلالی پر

میسر ہو اگر دولت تو مین سمجہون اوسی ہاتہ
یقین ہو آنسوؤں کی تار کا سلک لآلی پر

لب شیرین کی مدحت سی بان ایسی ہوئی شیرین
کہ طوطی ہر کہاتا ہے مری شیرین مقالی پر

فراق یار آہو چشم مین گہر کاٹی کہاتا ہے
بگمان شیر نیستان کا ہی مجکو شیر قالی پر

اسیر اوسکا کرم درکار ہی بخشی جسی چاہی
نہ زاہد پر نہ ہے موقوف رند لاابالی پر

موت آئی ابروے بت بی پیر دیکہکر
گشتہ ہوا مین دور سی شمشیر دیکہکر

خجلت ہوئی یہ حالت تغیر دیکہکر
صد ادکٹ گیا مری زنجیر دیکہکر

قرآن کی نقل کرتی ہین قرانیسی جسطرح
تصویر کہنچی تری تصویر دیکہکر

لوح جبین ہماری جو مرقوم ہو چکی
روئے بلا کہ خط تقدیر دیکہکر

مجہ سخت جان کی پاس جو آئی نہین اجل
ڈرتی ہے تیری ہاتہ مین شمشیر دیکہکر

خالق سنے رکہدیا سر انسان پہ بار عشق
تکلیف یہ فلک کو ندی پیر دیکہکر

سمجہا کہ پہر جنان مین ہوا دخل یار کا
عارض پہ اوسکے زلف گرہ گیر دیکہکر

کہتی ہی موت گور کی بستی قریب ہے
منعم ہی شاد رفعت تعمیر دیکہکر

قاصد پہر آیا کوچۂ قاتل سی لوٹتی پاؤن
کہولی کمر نہ قتل کی تدبیر دیکہکر

وہ صید ہون گیے تن مین لہو مارتا ہی جوش
صید افگنون کی ترکش پر تیر دیکہکر

رستم بہی ہو تو اوسکے نہ ٹہرین کبہی قدم
اوس جنگ جو کو دست بہ شمشیر دیکہکر

نظارہ باز تہا جو مین اوس حسن شوخ کا
جہپکی پلک نہ برق کی تنویر دیکہکر

خجلت سی سر اوٹہا نہین سکتی ہی ریختہ
[illegible] دیکہکر

آخر کو آسمان بہی ہوا مجہسی سرنگون
تقدیر کو موافق تدبیر دیکھکر

بیکس وہ ہون کیا دل قاتل کو بہی فگار
حسرت کی آنکہہ سی تہ شمشیر دیکھکر

پیکان کی زخم کی مجہی مطلق نہین خبر
کہایا فریب راستی تیر دیکھکر

رسوا کروگی ہمکو تو رسوا ہی ہوسکے تم
کرنا ہماری لاش کو تشہیر دیکھکر

سمجہا نہین ہی دولت دنیا مین خاک نفع
کہنہ لباس صاحب اکسیر دیکھکر

مین آپ جاکی لیٹ رہا قبر مین اسیر
جلدی اجل سکے آنے مین تاخیر دیکھکر

ساقی پکارتا ہے یہ مے کی سبیل پر
بنت العنب حلال ہی ابن السبیل پر

پیاسا وہ ہون بہشت مین رکہا اگر قدم
بہرہ ملائکہ کا ہوا سلسبیل پر

تمنی وہ گوش آدم خاکی مین کہدیا
جو راز اجتک نہ کہلا جبرئیل پر

راحت ہی غم جو فضل خدا ہو شریک حال
آتش مین گرکے آنچ نہ آئی خلیل پر

اوقات کا نہ حال غریبون سی پوچہیے
ہی زیست نان توشہ و آب سبیل پر

جب رنج کا ہوا مجہی غربت مین سامنا
رویا مین حال مسلم ابن عقیل پر

پہرتا ہی میری انگلیونکی ساتہ یون قلم
جسطرح دست کور رہو دوش دلیل پر

ناحق دماغ کرتے ہین ہمسی ہم ارذیل
اپنی نظر ہی قصۂ اصحاب فیل پر

انجم فلک پہ دیکہہ کی سمجہا کلیم دل
فرعون کی سپاہ ہی یہ رود نیل پر

داغون پہ میری چرخ دنی کیا نظر کری
سیر جنان حرام ہی چشم بخیل پر

ہاتہ آئی اوس سی خال کا دانہ تو ہی بہت
قانع ہون مین ضعیف غذای قلیل پر

بیدم ہون جب جو عازم جنت ہو میری روح
سدرہ کے نیچی فرش کرین جبرئیل پر

او از عند و ابر سیہ حی کسو نہین
یہ خسرو بہار کا ڈنکا ہے فیل پر

دی جسقدر کہ کشتی مین موجود ہو مزا
ساقی نظر ہے کسکو کثیر و قلیل پر

جاہی جو وہ قوی پہ ضعیفونکو فتح ہو ہی
غالب کیا طیور کو اصحاب فیل پر

دشمن ہوئی ہین در پی ذلت تو غم نہین
اپنی نظر ہی فضل خدای جلیل پر

ہے صبح کوچ اپنو ہویدا ار غافلو
چپلے سے چوٹ پڑتی ہی کوس رحیل پر

ہو گا اسیر او طبیبون سی کیا علاج
عیسیٰ نہ ہاتہ ڈال سکے مجہ علیل پر

دیکھی تری انجمن کی تصویر
تہی صاف کسی چمن کی تصویر

انی نے کیا شکار عنقا
کہینچی جو تری دہن کی تصویر

لی آنے گلون کا رنگ نقاش
تب کہینچے تری بدن کی تصویر

عریان ہے جہان مین کون مجھسا
محتاج ہے پیرہن کی تصویر

والبستہ زلف تہا جو مانے
کہینچی ہے شکن شکن ہی کی تصویر

دلگیر وہ ہون کہ دل ہی خوابان
گھر مین نظر ہے چمن کی تصویر

آفت سی بری ہین اہل حیرت
کب ذبح ہوئی ہرن کی تصویر

مانی ہو وہین شبیہ شیرین
جس جا کہ ہو کوہکن کی تصویر

غربت مین ہے کسکو رنج غربت
ہی پیش نظر وطن کی تصویر

لی نوک کی کیون نہ کلک مانی
کہینچی تری بانکپن کی تصویر

مانی ہی اسیر فکر اپنی
کیونکر نہ کہنچی سخن کی تصویر

ہو دسترس جو اوس رخ گلگون کی دید پر
چادر چڑہاؤن پہولون کی قبر شہید پر

جسکی نظر ہی آیہ حبل الورید پر
روتا ہے خون زخم گلوی شہید پر

مارا ہی یارنی مجھے پاس رقیب سے
خون رضا ہے گردن ماموں رشید پر

قاتل کی تیغ سی کوئی بچتا ہی رخت تن
ہی آستین چڑہی ہوئی قطع و برید پر

قاصد کہلا لفافہ یہ تیرا فریب ہے
اوسکی تو دستخط نہین خط کی رسید پر

صاحب معاف کیجئی میرا کہا سنا
آجائیے نہ غیر کی گفت و شنید پر

آیا مہ صیام نمازی ہوا وہ ترک
تیغ وگلو کی اب ہی ملاقات عید پر

پیاسا وہ ہون اگر مین پیون آب تیغ ہی
بہیجون دہان زخم سے لعنت یزید پر

تابع کو اپنی اور ستاتا ہے آسمان
یہ پیر مہربان نہین ہوتا مرید پر

قاتل کبھی تو قصد تماشے کا چاہئی
لالہ اوگا ہوا ہے مزار شہید پر

جام شراب ہمکو علی الاتصال دے
ساقی عمل ضرور ہے ہل من مزید پر

ابرو دکہائے یار تو دل کی گرہ کہلے
موقوف قفل کی ہی کشایش کلید پر

ہر گھر مین نور مہر برابر ہے جسطرح
احسان ترا ہی ایک قریب و بعید پر

دنیا سے کچھ غرض نہین ہمکو لالا کیا
نازل بلا ہی خانہ رہے زن مرید پر

ای ترک خون زخم سے طوفان بپا ہوا
رومال تیغ باندہ گلوئے شہید پر

چوری لگاؤن دل کی مین کیا زلف یار کو
رکھتی ہی ہاتہ رخ سے کلام مجید پر

حیدر کا نام نقش مری دل پہ ہے اسیر
ناد علی کہدی ست نگین حسد بہ پر

ردیف خط یار کو لکھتا ہون میں مضطر دو جائے
اوڑ کے جاتے نہین کس لی کبوتر دو جائے

آخری وقت کبھی نہ مجھے کیا یاد کیا
ہچکیاں آئین دم نزع برابر دوچار

شوق نظارہ ٹہرنی نہین دیتا گہر مین
روز اوس کوچے مین ہو رہتی ہین چکر دوچار

محتسب بادہ پرستون کا ہوا کیا نقصان
ایک ٹوٹا جو سبو بنگئے ساغر دوچار

گوکہ باران ہی ہوئی سردمری خاک لحد
اب بھی ڈہونڈو تو نکل آئین کی اخگر دوچار

بحر الفت بہی مگر ہی کو نے خونین دریا
غرق ہو رہتی ہین ہر روز شناور دوچار

لعل و یاقوت کرون کیا کہ نہین مجکو جنون
منعمو تمکو مبارک ہون یہ پتہر دوچار

قید سی میری پہڑکنی نے چہڑایا مجکو
دست صیاد مین باقی ہین فقط پر دوچار

کشتی بادہ تو دیتا ہے مجہے ساقی پہ غیر
ہائے خیر ہوئے پڑگئی لنگر دوچار

دیۂ تر نے کیا کب نہ تلاطم برپا
ہر محلے مین نہ کس روز گری گہر دوچار

ای فلک تابکجا ظلمت شبہای فراق
چشم مشتاق کو دکہلا کبہی اختر دوچار

ساقیا دین ابہی اک جام کی قیمت مین تجہے
گنج ہمکو اگر آجائین میسر دوچار

کسطرح فوج دو چندان نہو جانبازونکی
ایک دو کرتی ہے وہ تیغ دو پیکر دوچار

دیرتک گہر سی کسیوقت نکلتے نہین وہ
طالب دید گہڑی رہتے ہین باہر دوچار

ملک الموت جو آتی نہین منظور یہ ہے
پیچ دکہلاۓ ہمین اور مقدر دوچار

ہون وہ طائر کہ نہین ضعف سی مجہین کچہ جان
استخوان جسم مین دو تین ہین باہر دوچار

چشم تر روکی ہمکو دیتی ہی ہردم جو اسیر
شب کو تا صبح بدلتا ہون مین بستر دوچار

حال کچہ اوسکے دہن کا ہی نکہنا بہتر
اس معمی مین ہی خاموش ہی رہنا بہتر

کینہ درکینہ پنہان سی کرین دل خالی
زخم بگڑے گا نہین چور کا رہنا بہتر

منع کیا کرتی ہو رونی سی مری آنکھون کو
یہ تو ناسور ہین کچھ انکا ہی بہنا بہتر

نازک اندام ہو تم پھولون کا زیور پہنو
نہ تو سونی کا نہ چاندی کا ہی گہنا بہتر

منحصر آپ پہ ہے کچھ راہ خدا مین دینا
ہاتھ اسواسطی بائین سی ہی دہنا بہتر

ہو مین حلہ جنت مین نمد پوش رہے
کبھی ہمنی کوئی ملبوس نہ پہنا بہتر

دفن ہو شہر خموشان سی الگ لاش مری
مر گئی پر بھی جدا سب سی ہی رہنا بہتر

شعلہ رو آگ ہین ہی کام جلانا انکا
پاس سی انکی ہی کچھ دور ہی رہنا بہتر

اونکی مرضی سی ہی مطلب حق و باطل کیسا
جو کہے یار وہی چاہیے کہنا بہتر

فرصت فکر نہین تو نکہو شعر اسیر
نطق بیجا سی ہی خاموش ہی رہنا بہتر

ردیف زای معجمہ

گلشن مین کیا کرون مین زبان فغان دراز
غنچہ دہن دریدہ ہی سوسن زبان دراز

جاوہ ہو دشت مین کہ فلک پر ہو کہکشان
دونون ہی ہین زیادہ مری بیڑیان دراز

اے شمع ہو خموش نکر سوز دل بیان
کوتاہ شب ہی اور تری داستان دراز

تجکو نہین زوال زمانیکو ہی زوال
رستی ہی تیری ظلم کی اے آسمان دراز

زخمی ہون ہونٹ بوسہ لون مین اگر چشم یار کا
ہوئی ہر مژہ ہین صورت نوک سنان دراز

دیتی ہے بڑھ کی ہر دہن زخم کو جواب
قاتل کی تیغ تیز ہی کتنی زبان دراز

کی بال بھر نہ دل کی ہنسانے مین کوتہی
یارب ہو عمر گیسوی عنبر فشان دراز

ناسور دل بھرین گی نہ مرہم کی پٹیان
لازم ہین ان کنوؤنکی لئی رسیان دراز

پائیگا اس بخیل سے کیا خاک اے گدا
دست طمع نکر طرف آسمان دراز

بیٹھا ہون زیر نخل بیابان حج مین غریب
سر پر کھچا ہوا ہی عجب سائبان دراز

تن مین نہین ہے جان مگر صورت سبو
دست طلب ہی جانب پیر مغان دراز

کیونکر ہی نہ قبر جنوب و شمال مین
ہی نخس شرق غرب مین صحن مکان دراز

بیجا ہے فکر کوتہئے عمر کی اسیر
سب ہے دامن عنایت پیر مغان دراز

ہو گئی قہر شب وصل گجر کی آواز
اوڑ گیا جی جو سنی مرغ سحر کی آواز

سینہ و دل ہی تیرا تیر جو سن سے گذرا
صاف آئی ملک الموت کی پر کی آواز

قدر انداز کمون کیونکر تری چشم کو مین
نہ سنی آج تلک تیر نظر کی آواز

لن ترانی کو بھی وحدت نی بنایا ارنی
ہو گئی ایک ادہر اور اودہر کی آواز

یہ وہ منزل ہی جہان قافلہ اترا ہی نہین
کان مین آنے لگی کوس سفر کی آواز

مر گئی سب شب فرقت مین الہی شاید
نہ موذن کی صدا ہی نہ گجر کی آواز

چہکی اوس شوخ کی کوچہ مین کبوتر یون جا
دم پرواز نہ آئے تری پر کی آواز

جاتی ہی خوابگہہ یار مین پڑ رہتی ہی آنکھہ
کہ جگا دے نہ اوسی پاے نظر کی آواز

کھڑکھڑاتی ہین تن خشک مین یون ضعف سے عضو
جیسی آندہی مین ہو اوراق شجر کی آواز

دوست دشمن کو ہوئی سرمہ مری ظلمت بخت
نہ صدا خیر کی باقی ہی نہ شر کی آواز

مر گیا یار نے جب دوڑ کی ہٹ بند کیی
ہو گئی صور قیامت جہجہی در کی آواز

کان کو چاندنی کا ہول بنا دیتی ہے
کتنی روشن ہی مری رشک قمر کی آواز

سرمگین چشم کو کسطرح سخنگو کہیے
بند ہو جاتی ہی سرمہ سے بشر کی آواز

الفت موی کمر ہی سبب نالہ کشی
دبی رہتی ہے یہ گہڑی اوسکی کمر کی آواز

نالہ کش ہجر مین رہتا ہون شب و روز اسیر
خستہ کیونکر نہو مجہ خستہ جگر کی آواز

ردیف سین مہملہ

بلبل کی دل سی اوڑ گئی فریاد کی ہوس
نکلی نہ نکلے خاطر صیاد کی ہوس

تہوڑی سی عمر اور ہو یارب مجہی عطا
رہجاے آسمان کو نہ بیداد کی ہوس

پر آسنے کیا مراد نپایا ہے اگر خدا
نکلی ارم بنا کی نہ شداد کی ہوس

ہر گل بغیر یار ہے گلچین کا منتظر
ہر عندلیب باغ کو صیاد کی ہوس

ای چرخ چاہئی کبہی ایسا بہی انقلاب
شیرین کو ہو نظارہ فرہاد کی ہوس

سر کو فراق یار مین ہی آرزوی سنگ
گردن کو اپنی خنجر جلاد کی ہوس

کہدو کہ پائمال کری میری لاش بہی
قاتل کو رہ گئی ہو جو بیداد کی ہوس

خواہان تیری نہ خلد مین جائین نہ قاف مین
ہے حور کی ہوا نہ پریزاد کی ہوس

شاعر کو حرص شعر اگر ہو تو کیا عجب
کسکو نہین ہے کثرت اولاد کی ہوس

مضمون تمام کئی ہین اون آنکہون کی کلک نے
کیونکر نہ بیت بیت کو ہو صاد کی ہوس

مانند آئینہ ہمہ تن چشم ہے یہ دل
ایسی ہے دید حسن خداداد کی ہوس

اوس گل کی آرزو ہمین لائی یہان تلک
تہی کسکو سیر گلشن ایجاد کی ہوس

ہم قیدیون کا قید مین کسطرح جی بچے
پہیری چہری جو حلق پہ جلاد کی ہوس

بیکس ہے مدد اسیر کی ہنگام نزع ہے
یا مرتضی اسے آپسے امداد کی ہوس

کیون نہو بیری مین اپنا دل اوداس
صبح کو ہو جاتی ہے محفل اوداس

دہر مین اپنی خوشی سے ہی خوشی
دل اوداس اپنا تو ہی محفل اوداس

رہگیا پیچھے کوئی کیا ہمسفر
ہے نہایت آجکی منزل اوداس

دے خداوند دوبارہ زندگی
ہی ہماری قتل سے قاتل اوداس

کل طبیعت کو تو کچھ تسکین بہی تھی
آج کل سے ہی زیادہ دل اوداس

نجد سے مجنون گیا یارب کدہر
ہی نہایت صاحب محمل اوداس

کون سنتا ہے حسینون مین مری
شہر ناپرسان مین ہی سائل اوداس

کون ہیکس غرق دریا ہے اسیر
آشنا ہین جو لب ساحل اوداس

ردیف شین معجمہ

جلون ہزار رہونگا مین خستہ جان خاموش
کہ مثل شمع ملی ہی مجھے زبان خاموش

مین نالہ کش ہون شب ہجر سب جہان خاموش
جرس فغان مین ہی مصروف کاروان خاموش

کچھ انتہای نصیحت بہی حضرت ناصح
دماغ کہیچیے خالی نہ مہربان خاموش

سناؤگی مجھے باتین جو روز پڑھ پڑھ کر
تمہین کہو کہ رہیگی مری زبان خاموش

ہزارون باتین سنین محفلون مین یارون کی
مرا تہا دل کہ رہا مین یہان وہان خاموش

دہان یار سے تشبیہ غنچہ بیجا ہے
مقام غور ہے گویا کہان کہان خاموش

شب وصال ہی باقی ابہی ہی دور سحر
خدا کو مان موذن ندی اذان خاموش

جنون کی جوش مین الٹی ہی سوجہتی ہی مجھے
دم سکوت ہون گویا دم بیان خاموش

ہماری داغون کی دیکہی جو روشنی شب ہجر
چراغ آہ کو کری جل کی آسمان خاموش

نصیب کیا ہمین زندان مین خواب راحت ہو
کہ اکیدم نہین رہتی ہین بیڑیان خاموش

نمود ہین تو کری ہمت گفتگو کیونکر
گلہ نہیں ہے اگر ہو وہ بیدہان خاموش

چھپی نہ داور محشر کی سامنی عصیان
پکار ہی عضو بدن جب رہی زبان خاموش

نہ کر کلام بہت ساربان سی ای لیلی
شروع ہوتی ہی مجنون کی داستان خاموش

محال راہ محبت مین ہی سکوت تجھی
لحد کو جیسی کوئی مردہ ہو روان خاموش

بیان مین درد جگر کیا کہ ولن بلبلیون سے
صدا یہ دل کی ہی ہر دم کہ ای زبان خاموش

سنا نہ صبح شب وصل نعرہ تکبیر
چھری چلی نہ موذن کسی پہ تان خاموش

پکڑ کی ہات تجھی لیجلون مین خلوت مین
اگر رہین تری ہاتھون کی چوڑیان خاموش

شب فراق مین آئی نہ ہمکو نیند اسیر
ذلیل ہو گئی ہو آپ قصہ خوان خاموش

اب پاؤن شل ہین کیجی کیا یار کی تلاش
تھی جب تلک کہ طاقت رفتار کی تلاش

دنیا ہی بیوفا کہ ہر ای ال تری ہین ہوش
کوچے مین اور یار وفادار کی تلاش

ای دل کہان تلک یہ تری برخلافیان
ہی مجکو یار کی تجھے اغیار کی تلاش

مسجد مین بیٹھ رہیے کہ آخر ہوئی بہار
اب کیا ضرور خانہ خمار کی تلاش

دیکھا جسی جہان مین ہی مطلب کا آشنا
رہرو کو بھر سایہ ہے دیوار کی تلاش

محشر مین بحر عفو اگر موج زن ہوا
ہوگی ضرور مجھسے گنہگار کی تلاش

خواہان ہی میری دل کا لب جانفزای یار
اولٹی ہی اس مسیح کو بیمار کی تلاش

گردش بغیر وجہ نہین چشم یار کی
شاید ہی اسکو طالب دیدار کی تلاش

راحت کہین نہ خانہ آفاق مین ملی
ہر چند ہیش در پس دیوار کی تلاش

شاید اوسی سے مجکو خبر یار کی ملے
اسواسطے ہی پرچۂ اخبار کی تلاش

نومشق شاعرونکو ہی یون شوق سامعین
جیسی سنئے طبیب کو بیمار کی تلاش

یوسف کو تیری ہاتہ ہی بکنے کی آرزو
رہتی ہی اسلیئے اوسی بازار کی تلاش

قیدِ مکان سے خانہ بدوشی مین ہم رہا
مزدور کی ہی فکر نہ معمار کی تلاش

سب مضمون سی گوشۂ عزلت مین چہپ گئے
دربار کی تلاش نہ سرکار کی تلاش

کرتی ہی سائلون سی خجل مجھکو مفلسی
اس واسطی ہے درہم و دینار کی تلاش

مومن کو عشقِ صورتِ کافر کہان اسیر
بیجا ہے قید خانے مین گلزار کی تلاش

کبہی تو کم ہو جہان تباہ کی گردش
کہو سپہر کری راہ راہ کی گردش

زمانی کی ہی یہ طاقت کہ کوئی دم ٹہرے
پہرا رہی ہے یہ تیری نگاہ کی گردش

جو ہین مصاحب کم ظرف ہین وہ سرگشتہ
دلیل اسپہ ہی دولاب چاہ کی گردش

تمہاری منزل عالی کا تب نشان پایا
جب آفتاب نے دو چار ماہ کی گردش

مین رقص مستی طاؤس دیکھکر سمجہا
کہ یون ہی ہی کوئی دم چترِ شاہ کی گردش

ملا نہ کوچہ ترا نامہ بر کو مشکل ہین
ہزار صورت پیک نگاہ کی گردش

یہی ہی گردش رفتار اگر جنون مین مری
بنی گی شعلۂ جوالہ راہ کی گردش

تمام سال مین اک روز وصل بہی ہوتا
کبہی سپہر نی ایسی نہ آہ کی گردش

تری طلب مین نہین گو کہ کم سیر ابہت
فلک پہ قطب نی سیکھی ہی ماہ کی گردش

شبیہ چشمِ صنم خیر کہینچ لے مانی
کبہی کہی گی نہ چشم سیاہ کی گردش

تمہاری چاہ مین دیکھی وہ حال عاشق زار
بہنور مین جسنی نہ دیکہی ہو کاہ کی گردش

بہنور یہ سمجہی ہی یارب کہ گرد باد مجہی
کہ بحر و بر مین پہراتی ہی راہ کی گردش

ہماری خاک سی بنتی ہین روز چاک اسیر
ہی اب تلک وہی بخت سیاہ کی گردش

ردیف صاد مهمله

کرتا ہی جسطرح کہ وہ گل انجمن مین رقص
طاؤس اسطرح نہین کرتا چمن مین رقص

روحون کو قبض ای ملک الموت ابھی نکر
قاتل کو بسملون کا خوش آیا ہی رن مین رقص

شوخی سی بوٹی بوٹی پھڑکتی ہی یار کی
کیا بھر دیا ہی کوٹ کی اوسکی بدن مین رقص

تیر نگہہ کا تم جو نشانہ بناؤ گے
پتلی کرے گی چشم غزال ختن مین رقص

یوسف کی حق مین چاہ ہوا زینۂ عروج
کیون دل کرے پھڑکی نہ چاہ ذقن مین رقص

آیا جو لب پہ نام ترا یہ خوشی ہوئی
کرنی لگی زبان ہماری دہن مین رقص

زنجیر کی صدا ہی صدائی غنا مجھے
کیونکر کرون خوشی سی نہ دیوانہ پن مین رقص

محفل کو اوسکی رقص کی تنہا خوشی نہین
پھولا نہین سماتا ہی خود پیرہن مین رقص

بیجا ہی ایسی شغل سی باز آؤ صوفیو
جائز نہین ہی شرع رسول زمن مین رقص

ردیف ضاد معجمہ

مجھ رند بادہ کش پہ ہی شرب مدام فرض
زاہد پہ جیسے روزہ ماہ صیام فرض

ہر صبح مغبچون سے یہ کرتا ہون مین سوال
ای بندگان خاص ہی کچھ فیض عام فرض

مرنا ہی خواب خواب سی اوٹھنا ہی زندگی
انسان کو یاد مرگ ہی ہر صبح و شام فرض

زیبا ہی ہم جو رک کی چلین کوئی یار مین
ہی حاجیون کو حج حرم مین مقام فرض

زندہ ہی دل تو نفس کشی بھی ضرور ہی
مومن کو بھی جہاد حضور امام فرض

جو ہین بیان کرون ہی اوس سی بیان کمہ
قاصد بعینہٖ ہی ادا اسے پیام فرض

بہتا ناصر ورا وس سی ہی تو ایسی جہنگ
ہی صورت سلام جواب سلام فرض

رندِ زنا ہی کچہ غرض ہی نہ مطلب نماز سے
جو کام ہمکو آپ کہین ہی وہ کام فرض

اوٹہہ اوٹہہ کی بیٹہتا ہون جو عم اضطراب دل
ہی اس نماز مین بہی قعود و قیام فرض

پہلی کرون جو حمد تو پیچہی بتون کا ذکر
نام خدا ہی وقت شروع کلام فرض

کیونکر نہ تیری کعبہ ابرو مین سر جہکین
سجدہ ہی خلق کو سوئی بیت الحرام فرض

ہو مالدار حسن تو بوسے عطا کرو
دینے کو ہ آپ کو ہے دام دام فرض

منظور شاعرونکو ہی تیری دہن کا ذکر
عنقا کا کر لیا ہی زمانے مین نام فرض

بو نی چمن سی مست ہوی جا نگر شراب
غنچے کو شیشہ گل کو کیا ہمنے جام فرض

گمراہ ہی جو خفنہ سی برگشتہ ہی اسیر
ہی الفت امام علیہ السلام فرض

ردیف طای مطبقہ

ایک ہی مجکو سے لکہے جو یار خط
نامہ بر اوسکو لکہون مین چار خط

نامہ بر سے لکہے نہ یار خط
تیغ غم کی تن پہ ہین وہ چار خط

بسکہ درد دل کی ہین مضمون رقم
زرد ہی مثل رخ بیمار خط

کوئی قاتل مین اگر جاتا نہین
پہیر دی قاصد مری سر مار خط

کیا ہی مرغ نامہ بر کی احتیاج
آپ اوڑ جانیکو ہی طیار خط

تو وہ ٹکڑے ہے اگر قرآن لکہا
نسخ خط بہی ہو گیا گلزار خط

لکہدیا ہے دیدہ تر کا جو حال
بن گیا ہے ابر دریا بار خط

وہ تو پڑہتا ہی نہین ای نامہ بر
کیجیے تحریر کیون بیکار خط

گرم مضمون کچھ نہین شعلون سی کم
لیکی جائے مرغ آتش خوار خط

آتش گل مین دہوان ہوتا نہین
کیا کرے پیدا اثر رخسار خط

ہی جو مضمون کی یہی پیچیدگی
ہوگا قاصد کی گلی کا ہار خط

چار پارہ یار نی ضد سے کیا
ایک خط کے ہو گئی ہین چار خط

خوف رہتا ہی نہ کاتب ہو رقیب
کون لکھوائے سر بازار خط

مصحف رخ کا ہی قاصد اس مین وصف
سر پہ رکھ لے صورت دستار خط

نامہ و پیغام اب کس سے اسیر
یار کے رخ پر ہوا اظہار خط

پڑھ سکی کیا وہ بت سنے پیر خط
نامہ بر سے نامۂ تقدیر خط

ای کبوتر تہام کر منقار مین
لی ہی جا مانند کاغذ گیر خط

شکل کچھ اب زندگانی کی ہوئی
یار نے بہیجا ہے مع تصویر خط

بسکہ مژگان کی لکھی ہین ہمی وصف
بنگیا ہے ترکش پر تیر خط

اوسنی لکھہ بہیجا نہ آنا میرے گہر
کیا جلون سے پاؤن کی زنجیر خط

گہر اگر اوسکا نہین ملتا تجھے
کو بکو قاصد نکر تشہیر خط

خامۂ بہزاد ہے میرا قلم
لکھ رہا ہون یار کو تصویر خط

خط جبھی لکھتے ہین ہی زرگر پسر
زرگری مین کیجیے تحریر خط

جرم قاصد کا اگر سمجھے ہو تم
چاک کیون ہوتا ہی بی تقصیر خط

خط لکھا اوسنی تو ہم دولت مل گئی
ہوگیا میری لیے اکسیر خط

ابروی جانان کا کچھ لکھا جو حال
حرف جوہر بنگیے شمشیر خط

ایک بھی پرزہ نہین لکھا ہی یار
تب گیا قاصد کہ جب خلعت دیا

سیکڑون کرتا ہون مین تحریر خط
لیگیا کب بی سپر شمشیر خط

ہی نوشت و خواند لاحاصل اسیر
دہو سفینہ توڑ خامہ چیر خط

ایک بھی ایسا نہین پرنور خط
لکھتی لکھتی ہو گیا بار گران
نامہ لکھئے یار کو اسسے جدا
گھر ہی وسیع قِ تجلی کا کھان
ہاتہ آجائی نہ غیرون کو کہین
کیا سپیدی کیا سیاہی ہی عیان
سبزہ بیگانہ گلشن سی ہے
میری داغ دل کو ای قاصد ہوا
ملک دل مین کب ہی قاصد کا گذر
عرضیون پر بھی نہین ہی التفات
ہین وہ بی پروانہ لکھین ہم جواب
کیا مرا تیرا رہ عنوان ہین ساتہ

خط روئے یار ہے مشہور خط
لی کی جائے اب کوئی مزدور خط
سات جو عالم مین ہین مشہور خط
باندہیئے بالای نخل طور خط
بہیجی مجکو نہ سنے دستور خط
چاند ہی وہ رخ شب دیجور خط
کیجئے جہری سی اپنی دور خط
صاف مثل مرہم کافور خط
پاس ہی وہ کیا مین بہیجون دور خط
کوئی لکھے اوسکو کیا مقدور خط
لیکی رضوان کا جو آتے حور خط
کھینچ اپنی حد پر اسے منصور خط

اوس رخ روشن کی مضمون سی اسیر
بنگیا ہے برگ نخل طور خط

کیا کدورت ہی جو سمجھا ہی اگر ڈاک مین خط
دل کی تلوو نسی ملا دیتا ہے وہ خاک مین خط

کہکشان جسکو سمجھتا ہی جہان ای قاتل
تیری شمشیر کا ہی سینہ افلاک مین خط

لخت دل یون نظر آتا ہی مجھی اشک کی ساتھ
جسطرح ہو کمر قاصد چالاک مین خط

قتل کی خوف سے قاصد نی بڑھایا نہ قدم
دور سی پھینک دیا کوچہ سفاک مین خط

نہین جاتی ہین وہ حمام مین بھی اس ڈر سے
کسی عاشق کا نہو کیسۂ دلاک مین خط

ایک دو روز کا مہمان ہون مین بیمار فراق
شاید آجاے وہ بھیجو تو اوسی ڈاک مین خط

سمجھی ہین باغ جنان یار کی رخ کو نہ کہین
سبزۂ باغ جنان ہی نگہ پاک مین خط

ربط خیاط سی ہمنے جو کیا کام آیا
لیگیا یار تلک رکھہ کی وہ پوشاک مین خط

وای تقدیر کہ قاصد بھی ملا افیونی
کھو کی آیا ہے کہین نشۂ تریاک مین خط

صفت قامت بالا مین ہین مضمون بلند
اوڑ کی جبتک نہ لگائی کہین افلاک مین خط

قاصدی کی لئے موجود ہین جبریل امیر
بھیجنا چاہیے بزم شہ لولاک مین خط

ردیف ظای معجمہ

دل مین اپنی ہی سر گیسوی جانان واعظ
تری تقریر سنی کون پریشان واعظ

کس طرح دل کو یقین ہو جو بیان کرتا ہے
دیکھہ آیا نہین تو روضۂ رضوان واعظ

اسقدر ہمکو نہ تعزیر معاصی سے ڈرا
ہم تو ہین اپنے گناہون سے پشیمان واعظ

صحن گلشن بھی ہی مسجد جو ہون گوش شنوا
نخل منبر ہی ہر اک مرغ خوش الحان واعظ

کسکی دانتون کی تصور مین ہون انگشت نما
دیکھکر مجکو ہے انگشت بدندان واعظ

کچھ بیان مصحف عارض کا سنا تو جانون
سن چکا ہون مین بہت معنی قرآن واعظ

حق ہی الفت مین بتونکی نہین رہتا ایمان
راست کہتا ہی کہ ہے مرد مسلمان واعظ

اسقدر ذکر جہنم سے ڈرائی نہ ہمین
گہر مین اللہ کی کیا لاہی گا طوفان واعظ

ہمکو خود عالم سودا مین پریشانی ہی
مغز تک تک کی نگرا اور پریشان واعظ

پاک رندون کا معاصی سی ہوا مین نکلا
باری خجلت سے کی ہوا سرنگریبان واعظ

گر سکے ایک سخن سامنی میری نہ اسیر
ہو فصاحت مین اگر ثانی سحبان واعظ

ردیف عین مہملہ

بزم مین پہرتی تری گرد ای پری رخسار شمع
پاؤن مین اپنی جو رکہتی طاقت رفتار شمع

تیری فرقت مین ہے ای گل باعث آزار شمع
چشم محفل مین کہٹکتی ہی برنگ خار شمع

ایسی ظلمت ہی یہان مہر آکی نبتا ہی توا
گر سکے پر نور کیا میر امکان تار شمع

اپنی سوز دل سی ہی بزم جہان مین روشنی
آسمان فانوس ہی یہ آہ آتشبار شمع

آکی بزم یار مین پایا ہی کیا تاج شرف
رکہتی ہی شعلہ سی سر پر طرہ زرتار شمع

شیخ ہی کافر کا ہی جز نار جہنم کیا علاج
کیون نہ آتش مین جلی ہی صاحب زنار شمع

بزم مین بی پردہ کسکا عارض روشن ہوا
شرم سی ہی زرد مثل چہرہ بیمار شمع

سامنی علی کی کب رہتا ہی اذنی کا فروغ
روبروئی مہر عالمتاب ہی بیکار شمع

ای کمان ابرو نہ ٹہری تیری قد کی سامنی
بنگئی تیر ہوائی جب ہوئی طیار شمع

آہ کی آندہی کی باعث ہی ہمارا گہر سیاہ
ہی ہوا ایسی کہ گل ہوتی ہی سو سو بار شمع

ہم نہین دنیا مین چہوڑا نام اگر روشن تو کیا
شب کو روشن ہو جو خالی گہر مین ہی بیکار شمع

سوز دل کا اپنی افسانہ سناؤن مین اگر
صبحدم تک پہر نہ توڑی آنسوؤن کا تار شمع

وجہ روشن ہی جو یہ ستی ہی ہی وتی بہی ہے
عشق مین ہیرتی ہی مجنون ای پری رخسار شمع

ہون مین وہ دل سوختہ چاہی جو گہر مین روشنی
ڈہل کی پروانیکی چربی سی ہوتی طیار شمع

گرد ہون کیونکر نہ دل عشاق کے پروانہ وار
آستین فانوس سیمین ساعد دلدار شمع

رو رہی ہی دہن ہی ہی سر ہی لب پر دود آہ
ہی مگر محفل مین پروانون کی ماتم دار شمع

مائل عصیان ہی دل اہل جہان کا چہرہ صاف
گہر تو ہی تاریک روشن ہی پس دیوار شمع

اسلیی خلوت مین ہم روشن نہین کرتی کبہی
گہر کو پروانونسی کردی گی ابہی بازار شمع

بزم عالم مین کبہی غافل نہین ہین ابنت باز
دیکھی جب صبح تک رہتی ہی شب بیدار شمع

راست بازونکو ہی دولت عین ماتم مین نصیب
پہنی ہی اشکونسی اپنی موتیون کا ہار شمع

وہ ہی داخل محفل جانان مین ہم خارج اسیر
رکھتی ہین ہم بخت خفتہ طالع بیدار شمع

جان لی گی بوسہ لبہای دلبر کی طمع
زہر ہی میری لیئے قند مکرر کی طمع

بیمشقت دولت دنیا ملی ممکن نہین
غوطی کہلواتی ہی غوطونکو گوہر کی طمع

بوریا بس ہی کلاہ فقر کافی ہے ہمین
تخت دارا کی نہ ہی تاج سکندر کی طمع

مرد جو ہین اونکو کیا آرایش ظاہر سی کام
عورتون کو چاہیی ملبوس و زیور کی طمع

دور گردون سی ہین سرگردان بگولی کیطرح
خاک تیری خانہ بردوشون کو ہو گہر کی طمع

شش جہت مین حرص دولت کی نہین کس سی چار و ناچار
ایک کشور گر ملی ہو ہفت کشور کی طمع

لیگیا زیر زمین ہی گنج قارون اپنی ساتہ
اتنی ہی انسان کو لازم نہین زر کی طمع

ہوو وہ عریان سب دنیا سی ہی نفرت بعد مرگ
گور ہی کہتی نہین پہولونکی چادر کی طمع

سفلہ طینت لذت دنیا پہ مرتی ہین اسیر
مور دار آسا ہی انکو شیر و شکر کی طمع

ردیف غین معجمہ

جس مکان مین ہو ترا خسارۂ انور چراغ
مانگی پروانون سی اُڑ جانیکو بال و پر چراغ

پرتو رخ سی تری روشن ہوی گھر گھر چراغ
خاک پر ہر گل فلک پر ہی ہر اک اختر چراغ

جب ہوا مغرور انسان روشنی دل کہان
بزم مین آتی ہی گل کر دیتی ہی صرصر چراغ

شمع کافوری جلی ایوان خسرو مین تو کیا
کوہکن کی گور پر ہے لالۂ احمر چراغ

مٹ گیا داغ جگر وہ زلف جب آئی نظر
سامنی کالی کی روشن رہ سکی کیونکر چراغ

یاد حق مین رو اگر منظور ہی آنکھون مین نور
محفل عالم مین ہی محتاج روغن ہر چراغ

پوچھتی ہو سب مجھسے کیا افسانہ مرگ و حیات
آگیا جھوکا ہوا کا رہگیا بجھکر چراغ

اسطرح مضمون ہین میری طبع کو وجہ فروغ
جانتی ہی جسطرح فرزند کو مادر چراغ

مر گئے پر بالی کرتی ہین ترے دل سوختہ
صاف روشن ہی کہ دیتا ہی دھوان بجھکر چراغ

نام روشن ہی مرا عالم مین ہین خلوت نشین
روشنی ہی بزم مین فانوس کی اندر چراغ

گرد پھر کر تیری قربان ہو جو تجھکو دیکھ لے
شعلۂ جوالہ ہو ایسی کری چکر چراغ

کون آیا فرط شادی سی جو بالیدہ ہی بزم
جامۂ قندیل سی ہر وقت ہی باہر چراغ

میری سوز دل سی ہی ساری زمانی کا فروغ
جل کی کر دیتا ہی روشن جیسی سارا گھر چراغ

کوچۂ محبوب مین سب سنتی ہین ہم اندھیر ہے
نامہ بر جا ساتھ لیکر پھر پیغمبر چراغ

روشنی خانۂ ایمان انہین سی ہی اسیر
خانۂ اللہ مین ہین حیدر صفدر چراغ

داغ الفت کیون نہ دل روشن کری بنکر چراغ
کون دولت خانہ ہی جسمین نہین ہی زر چراغ

جب ہوئی زائل جوانی کیسی چہری کی چمک
صاف روشن ہی کہ بی روغن جلی کیونکر چراغ

آستین فانوس ہی تو چہرہ سیمین ہی شمع
رات گیسو ہی تو اوسکا چہرۂ انور چراغ

ہو گی دیوانہ کری پیراہن قندیل چاک
دیکھ لی تجکو تو یہ جامی سی ہو باہر چراغ

بادہ کش ہین شب کو کیا درکار ہمکو روشنی
شمع مینا ہی ہماری بزم مین ساغر چراغ

کشتہ ہون اوس چشم کا مین کچھ تو لازم ہی نشان
روغن بادام سی روشن ہو مرقد پر چراغ

کام آئی بعد انسان کی جو انسان کا ہنر
آئینہ بنجائے بجھکر گور اسکندر چراغ

آدمی کیا بحیسون کو میری مرنی کا ہی غم
دیدۂ پر آب ہی مرقد پہ میری ہر چراغ

گل فشان ہونی سی ہوتا ہی عیان اوسکا یہ قصد
میری تربت پر چڑہائی پہولونکی چادر چراغ

دیدۂ انصاف بہی درکار ہی معشوق کو
سمجھی کحل چشم پروانونکی خاکستر چراغ

شام فرقت کیا عجب ہی ذبح ہو جانا اسیر
پہیرنی آیا ہی میری حلق پر خنجر چراغ

زلف دکہلائی جو اوسنی مٹگیا داغ جگر
آگی افعی کی بہلا روشن ہی کیونکر چراغ

دی خیال گیسوی جانان تونکو کیون داغ
شام ہوتی ہی تو روشن ہوتی ہین گہر گہر چراغ

اوسکی دانتونکی چمک سی دی جو نسبت نگیا
رشتۂ گوہر فتیلہ روزن گوہر چراغ

خال زنگی جانتی ہین ہم حضور روی یار
دیدۂ پروانہ مین ہوگا پری پیکر چراغ

میری داغ دل سی ہی پرنور سب دنیا اسیر
جل کی کر دیتا ہی روشن جیسی ہالہ گہر چراغ

ملتا نہین اگر نہ ملے یار کا دماغ
اوس سی سوا ہی اپنی دل زار کا دماغ

جز بحث ہو سکے نہ طبیبون سی کچھ دوا
تک تک کی کہا گئی تیری بیمار کا دماغ

واعظ مگس کی گزتی ہین طینت کہ مثل شہد
ہر روز رچاٹ جاتی ہین دو چار کا داغ

دکھلاؤ چہرہ ورنہ اوتر جاوین طور سے
موسی کی طرح کسکو ہے انکار کا داغ

سحبان سی کمند و بڑہ کی نہ بولی مری حضور
نا فہم سے نہین مجھے گفتار کا داغ

بیمار جیسے ہم ہین طبیبون کا ذکر کیا
ملتا نہین ہے اب کسی عطار کا داغ

لائی ہی بوی گل جو قفس تک نسیم صبح
کچھ اور ہی ہے مرغ گرفتار کا داغ

دکھلا سکے آئینۂ ماہ ای فلک
عالی ہی یار آئینہ رخسار کا داغ

کرتا ہے سامنا دل پر داغ سی مری
کیا ٹل گیا ہے لالۂ کہسار کا داغ

کیسی بدل گیی ہی ہوا باغ دہر کی
ہی زاغ کو بھی بلبل گلزار کا داغ

لائی نسیم کاکل محبوب کی شمیم
طالب ہی بوئے نافہ تاتار کا داغ

فیض قدم سی تیری ہوا مین ہی ہر چمن
ہی پھول سی بھی بڑہ کی ہر اک خار کا داغ

جسدن سے گرد خال رخ یار کی پھرا
ہی آسمان پہ کوکب سیار کا داغ

سنتا نہین فرشتونکی ہم بادہ خوار کیا
کچھ اندنون فلک پہ ہی خمار کا داغ

ہین سر برہنہ گوشۂ عزلت مین ای اسیر
دربار کا داغ نہ دستار کا داغ

ردیف فا

ہوگا مجھسا پابند سر زلف
کہ سر گرم ہون قربان ہر سر زلف

کہان گل روی جانان کی مثال بلبل
کہان گیسوی سنبل ہمسر زلف

اوڑا ہی چاہتا ہی طائر حسن
کھلی ہین دونون جانب شہپر زلف

ہند ہی شیرازہ ڈالو جلد سو باف
پریشان ہو رہا ہی دفتر زلف

کئی سودی ہین اپنی سر مین باہم
سر کاکل سر گیسو سر زلف

ختن بیجا نی مین جون نقد دل کیا
اگر سوداگری سوداگر زلف

جدہر دیکھو ہین قصان دل کی ہتاوس
تماشا ہے سواد کشور زلف

ید بیضا ہی وہ رخسار روشن
عصائی دست موسی اژدر زلف

سفینہ حسن کا ٹھہرے نہ کیونکر
کہ ہین دونون طرف دو لنگر زلف

ہوا سی درہم و برہم نہین بال
کلا کرتا ہے یہ بازیگر زلف

ابہی آنکہین کہلین غش سی جو آجانے
شمیم مشک خال و عنبر زلف

مری دل کی پریشانی نپوچھو
ہی یہ بہی ایک فرد دفتر زلف

تری چوٹی مین ہین جو چاند سورج
انہین کو کہتی ہین سب زیور زلف

شب دیجور سی ہی چاندنی رات
عجب افشان سی چمکا اختر زلف

مگر زنجیر کے ہین پاؤن مشتاق
اسیر اچھا نہین اتنا سر زلف

لاکھون قصور کرتی ہین اہل عطا معاف
توبہ تو کی شراب سی ساقی خطا معاف

غیرون کی ساتہ باغکی منظور ہی جو سیر
رکہیے حضور مجکو برائے خدا معاف

بوسلے وہ لیکی بوسہ گیسو کیا جو غدر
کرتی ہی ایسی جرم ہماری بلا معاف

ساری زمین خدا کی یہ سب بندہ خدا
پوچہو تو حاکمون سی یہ کرتی ہین کیا معاف

مہندی لگائی ہی تو کہاری لگا مجہی
گوڑری نہو گی ابی بہت رنگین ادا معاف

اللہ رہی کریم تو عصیان کا خوف کیا
اب کچھ معاف کچھ ہین بر فرد جزا معاف

دل رکھ کی ہاتہ پر جو گیا مین حضور یار
ہنسکر کہا کرون مین تری نذر کیا معاف

آزردہ دل کسی کا نکر ہو جو خوف حشر
تقصیر غیر کی نکری گا خدا معاف

غیر دنسی کیا امید ہی اتنا ہی کاش ہو
تقصیر آشنا کی کری آشنا معاف

کوچی مین تمنی ہمکو جگہہ دی تو کیا ہوا
قطعی زمین کی کرتی ہین اہل عطا معاف

ساقی یہہ ہوش مین کہی کہتی ہین تجہسی ہم
مستی مین کچہہ کہین تو ہماری خطا معاف

ہون دوستی دوست حیدر صفدر کا اسیر
بالکل مری گناہ کری گا خدا معاف

ردیف قاف

پابند حرص و آز نہین مبتلای عشق
بیگانہ جہان ہی جو ہی آشنای عشق

موسی ہین حاجی حرم کبریای عشق
عیسی ہین حاجب در دولتسرای عشق

آئی مکان سی صاف نظر حال لامکان
اوٹہی جو پردہ حرم کبریای عشق

کنج لحد مین مردہ صد سالہ جی اوٹہی
جبدن ذرا ہلی لب معجز نمای عشق

ہر روز قتل ہوتی ہین بیجرم سیکڑون
ہی کربلا سی بڑہ کی کہین کربلای عشق

یوسف کنوین مین گرکی ہوئی بادشاہ مصر
رفعت بہی وہی کنوئین جو کسیکو جہکای عشق

دل کہای داغ جان تلف ہو جگر جلی
کچہہ ہمکو اختیار نہین جو رضای عشق

منصور کا یہہ ظرف کہان تہا آبل پڑا
مشکل ہی شرب بادۂ مردازمای عشق

جس کا مرض ہی نام جسی کہتی ہین اجل
وہ ابتدای عشق ہی یہ انتہای عشق

محمود ہی جہانمین نہ مجنون نہ کوہکن
سنتا ہی کون کس سی کہون ماجرای عشق

کیونکر ازل سی ساتہہ ہو حسن و عشق کا
یہہ ہی برای حسن تو وہ ہی برای عشق

بندہ تو کیا خدا بہی ہی عاشق رسول کا
دیکہا تو دو جہان مین نہین کچہہ سوای عشق

نکلی جو آف زبان سی زبان اپنی قطع کر
دیتا ہی یہہ صدا دہن بی صدای عشق

روشن ہی حال خلق پہ باغ خلیل کا
انگارہی پہول ہون جو تماشا دکہای عشق

بنجای برگ گل سی ہوا پردہ دماغ
آئی جو نکہت چمن دلکشاے عشق

ہو خاک پای حضرت ختم رسل اسیر
ایسا کوئی کہان خضر رہ نمای عشق

مرکرہی چہوڑتی نہین پیچہا بلائی عشق
دشمن کو بہی خدا نکری مبتلای عشق

طوفان کرین جو سیل کی مانند آی عشق
دیوار صبر و خانۂ طاقت گرای عشق

زندہ ہی نام وامق و فرہاد آج تک
مرتی ہین کو کجی کشتۂ تیغ ادای عشق

زلف سیاہ یار کو دیکہا تالک نہین
پیچہی پڑی کہان سی الہی بلای عشق

کجکول فقر تاج ہی اورنگ بوریا
ہی بادشاہ وقت تمہارا گدای عشق

کہدو طبیب سی کہ ہی بیفائدہ علاج
ہی مرگ دارو ہی مرض لادوای عشق

فیض نظر سی ہوتی ہین درویش بادشاہ
آیا ہی اپنی دام مین جب سی ہمای عشق

آئی جو بادشاہ نہ تعظیم کو اوٹہی
بیٹہا ہی بوریئی پہ یہہ جم گرگدای عشق

اکسیر کی طلب نہین مجہہ خاکسار کو
کر خاک پای عشق مجہی کیمیای عشق

جلد بدن ہی جامۂ گلدوز داغ سی
آئی ہی ٹہیک میری بدن پر قبای عشق

سینہ مین دل کسی کا ٹہرہا ہوا کہان
کہینچی پہاڑ کو نفس اژدہای عشق

پروانہ وار آتی ہین خاطر مین وسوسی
یارب چراغ عقل بجہا دی ہوای عشق

مین ہون اگرچہ ابہی بیکار ہو اسیر
گویا دل و جگر ہین مری دست و پای عشق

بنت کی اوس گلی مین جمع ہین پانچ چار طوق
اک ایک کرگی نو سی یہہ ہون نو ہزار طوق

عاشق سی ہین محال کی طالب یہ سرو قد / قمری سی کہتی ہین کہ گلی سی اتار طوق

رستی مین گر پڑا ہی جو نعل سمند یار / بیڑی گلی کا ہو ہی پروردگار طوق

دیوانہ ہون تو اس بت شیرین ادا کا تن / مانند نیشکر ہین گلی مین ہزار طوق

ہی ناگوار بعد فنا مجکو سرکشی / لازم ہی پہر گردن شمع مزار طوق

حداد اندنون مرا زور ون یہ ہی جنون / زنجیر مین آٹہہ سات بنا پانچ چار طوق

ایذای طوق اٹہہ مینسکی دم نکل گیا / پہانسی مری گلی کو ہوا خاردار طوق

دولت کی حرص نی مجہی دیوانہ کر دیا / چاندی کی بیڑیان ہون مری زرنگار طوق

جاتا نہین ہی ہیچ مقدر کا قید مین / مدت ہوئی کہ بیڑی گلی کا ہی ہار طوق

مشتاق دید آنکہین ہین مانند ماہ نو / کیا خوشنما ہی تیری گریبان کا یا طوق

قسمت کا پیچ جوش جنون نہین نجای کا / پہرنی لگی گا شعلہ جوالہ دار طوق

جب قید مین پڑی گا مجہی اشتیاق قتل / پیدا کری گا خنجر قاتل کی دہار طوق

لی ہیری رنگ زرد کا سونا تو خوب ہی / اوس طفل کی لیی جو بنائی سنار طوق

زیور رہی عروس سخن کا ہی ای اسیر / زنجیر پاؤن سی نہ گلی سی اوتار طوق

جہکتی ہین کب کسی سی جو ہین سرفراز عشق / حاجت رکوع کی نہین رکہتی نماز عشق

کہدو کہ چشم کم سی نہ دیکہین مجہی حسین / جو کارساز حسن ہی وہ کارساز عشق

بہر جہان مین مجہہ سی محبت کا تہا قیام / مین ہو گیا تباہ تو ڈوبا جہاز عشق

اوتری کبہی نظر سی کبہی اوسکی منہہ چڑہی / ہم آزما چکی ہین نشیب و فراز عشق

روشن ہا اوسی سی محفل آفاق ہی تمام / رکہتا ہی مثل شمع جو سوز و گداز عشق

قبضی مین اوسکی صورت شانہ ہی زلف حسن
اللہ ری درازی دست دراز عشق

منصف ہی تو تو زلف کی ڈوری مجھی لگا
دی ہاتھہ سی نہ سلسلہ امتیاز عشق

اوٹھہ اوٹھہ کی بیٹھتی ہین جو ہم اضطراب مین
بس ہی یہی قیام و قعود و نماز عشق

کھینچی جو آہ سینی سی دل کو نکال دون
کانون زبان کو کہی جو کوئی راز عشق

ہی لن ترانی وارنی سی عیان یہہ صاف
ہوتا ہی ناز حسن بقدر نیاز عشق

سجدہ کرین تو سنگ در یار پر کرین
ہی فرض عاشقونکو ادای نماز عشق

منظور یہہ نہین کہ جلین پردہای گوش
لاؤن زبان پہ کیا سخن جانگداز عشق

جولان کی وقت عرصہ کونین تنگ ہی
دوڑا ہی راہوار کہان یکہ تاز عشق

ہی کب سی صید ہونیکو طیار مرغ دل
چنگل تو اپنا تیز کری شاہباز عشق

جلنی لگی قلم صفت شمع ای اسیر
لکھون اگر مین قصہ سوز و گداز عشق

ردیف کاف تازی

مزاج وہ نہ رہا وصل یار کی نزدیک
جنون ہوا جو دن آئی بہار کی نزدیک

جگہہ ہی وحشیونکی قصر یار کی نزدیک
پڑا ہی جا کی یہہ لشکر حصار کی نزدیک

رہی جنون مین بھی احسان غیر سی نفرت
گیا نہ مین شجر سایہ دار کی نزدیک

ابھی ہی اتنی محبت کہ راہ چلتی ہین وہ
ٹھہر ٹھہر کی ہماری مزار کی نزدیک

سواد شہر خموشانکو دیکھہ عبرت سی
لحد فقیر کی ہی شہریار کی نزدیک

نہ پوچھہ ہوش و خرد کا خیال زلف مین حال
لٹا یہ قافلہ [illegible] کی نزدیک

جنون کی جوش مین فصد بن تو لین طبیب ہوئی
نگر عبث کہ دن آئی بہار کی نزدیک

[illegible] اومین کمی غرق ہی تو دنیا [illegible]
یہہ دو [illegible] کنارہ کی نزدیک

بلا کی قیس کو دکھلا دی دور سی جلوہ
یہہ کہا ہی لیلی محمل سوار کی نزدیک

رہی یہہ آہ کی شعلی بلند مرگ کی بعد
کہ آسکی نہ فرشتی مزار کی نزدیک

ہمیشہ رہتی ہی جن مومنونکو قید نماز
وہ پانچ وقت ہین پروردگار کی نزدیک

وہی ہی زشت جو ہی زشت رو بروی حبیب
وہی ہی خوب جچے جو خوب یار کی نزدیک

چمن مین ایک ہی بلبل کا باغبان قائل
مرا سخن ہے مسلم ہزار کی نزدیک

چمن مین جا کی روش پر کبھی گلو سی ہنسے
جنو نمین روی کبھی آبشار کی نزدیک

کسی کو رنج ہو نالو سنی اپنی کیا حاصل
گرہ نہ کوئی ہماری مزار کی نزدیک

یہہ حال زار ہی ابتو کہ رو کی اوٹھتا ہی
جو بیٹھتا ہی تری بیقرار کی نزدیک

الہی آئی تو آئی نجف مین مرگ اسیر
لحد نبی تو علی کی مزار کی نزدیک

دل سرد ہوا اب وہ کہان ولولۂ اشک
تھا سلسلہ شوق تلک سلسلۂ اشک

دونون نی مجھی ایک نہ تاثیر دکھائی
اہی دل گلہ آہ کرون یا گلہ اشک

ہمجنس کی ہمجنس نہین دری ایذا
ٹوٹی نہ کبھی خار مژہ آبلۂ اشک

پہرات رہی گھر مین مری شام سی تا صبح
ٹوٹا نہ شب ہجر کبھی سلسلۂ اشک

آتی ہی خوشی دل کی طرف صورت رہزن
ڈرتا ہون نہ لٹ جای کہین قافلۂ اشک

آب آب ہو خجلت سی ابھی ابر بہاری
دیکھی جو مری بارش بیجا صلۂ اشک

نکلی ہی صدف سی جو گہر بہر تماشا
دریا مین ہی شاید خبر داخلۂ اشک

کس رات نہ مین فرقت محبوب مین رویا
اک رات نہ قضا مجھ سی ہوا نافلۂ اشک

کنعان ہی مرا دیدۂ تر مصر ہی دامن
بی یوسف تاثیر نہین قافلۂ اشک

دل گیا سبب گریہ سی اب ہوگا خبر دار　　ملی آج تلک تو نہ ہوا مرحلۂ اشک

پیری مین گیا ولولۂ عشق جوانی　　ہی حوصلۂ آہ نہ اب حوصلۂ اشک

فرقت ہی جو اوس سی تو یہی کام ہین دونون　　یا مشغلۂ آہ ہی یا مشغلۂ اشک

اوس کا گہر گوشش نہی ہی یہہ ارادہ　　اللہ بلند اس سی کری حوصلۂ اشک

پہنچا دی مرا خط مری محبوب کو قاصد　　انعام مین دونگا مین تجہی مرسلۂ اشک

سالک و رندان مجہی ہنس ہنس کی دکہاوین　　منظور اگر ہو تمہین دینا صلۂ اشک

ہی ابر کی طاقت کہ اسیر اوسکو نمانی
جاری جو کری مفتی دل مسئلۂ اشک

رسائی فہم کی کیا ہوگی اوسکی آستانی تک　　یہہ تیر کج کی صورت سے نہ پہنچی گا نشانی تک

گلی کیا کیا کرین گی ہمصفیران گلستان سے　　قفس سے لیگئی قسمت جو ہمکو آشیانی تک

دکہایا جب سی منہ پیری نی چہٹی ہی جوانی سے　　زمانہ خوب تہا کچہہ تو جوانی کی زمانی تک

خوشا وہ پاؤن ہو جسکا گذارہ اوسکی کوچی تک　　خوشا وہ سر پہنچ جای جو اوسکی آستانی تک

وطن چہوڑی تو انسان منزل مقصود تک پہنچی　　جدا ہو کر کمانسی تیر جاتا ہی نشانی تک

وہ طائر ہون بنایا جی مشقت رزق دنیا مین　　پہنسا یا دام مین جب لیگئی تقدیر دانی تک

اجل جلدی نہ کر تو جان لینی کو جو آئی ہے　　توقف چاہیی اوس قاتل عالم کی آنی تک

نہین شبہہ زمانہ ایکدن آخر تو بدلی گا　　جو حسرت ہی تو یہہ ہی رہن ہم اوس زمانی تک

رہا وہ چہرہ گیسو کی سبب محفوظ بوسونسے　　نہ آیا سانپ کی دہشت سی کوئی اس خزانی تک

جنون کی ہوین طوق و سلاسل توڑ کی ٹکڑی　　گرفتاری ہماری ہی فقط فصل گل کی آنی تک

کوئی نخل چمن کیا پہنچی نخل قد جانان کو　　نہایت بڑہ چلا جب پہنچا اوسکی شانی تک

الٹ دینگی وہ پردہ آپ ہی اپنی عماری کا
ذرا آنی تو دو میری لحد کی شامیانی تک

موئی جب ہم تو قسمت نی سراپا ہمکو زینت دی
لحد پر پائینتی سی چادر گل ہی سرہانی تک

طمع دیکھو کہ اہل حرص مٹی آپ لیتی ہین
رسائی ہی نہین منظور قارونکی خزانی تک

برا رتبہ ہی انسان کا نہ سمجھو مشت خاک اسکو
یہی ہی دخل ہی جسکو خدا کی کارخانی تک

قفس سی پاؤن پاؤن ہم گلستان تک تو پہنچی ہین
الہی پر نکل آئین تو پہنچین آشیانی تک

اسیر آگی نہ تہا کوئی نہ حیدر سا کوئی ہوگا
شروع عہد آدم سی پیمبر کی زمانی تک

ردیف کاف فارسی

چمک گیا ہی یہ غازہ سی روئی یار کا رنگ
کہ جسکی سامنی کٹ کٹ گیا بہار کا رنگ

ذرا نہین ہی کسی گلبدن مین بوئی وفا
بدل گیا ہے عجب باغ روزگار کا رنگ

کیا یہ کون کہ سارا چمن ہوا لال لال
ہر ایک پہول نی پیدا کیا ہزار کا رنگ

قتیل کس سی آلودہ لب کا ہون یارب
کہ سوسنی ہی ہوئی بر مری غبار کا رنگ

نہو جہان کی سفید و سیاہ سی غافل
کبہی سیاہ کبہی ہی سفید یار کا رنگ

وہ گل عذار جو گلزار مین نہین آیا
جما ہی دیدۂ نرگس مین انتظار کا رنگ

نہ شعر وہ نہ رباعی مری کرینگی پسند
کبہی نہ دو کا جمی گا وہان نہ چار کا رنگ

چمک گئی ہین یہ سرخی سی پان کی وہ دانت
کہ موتیو نمین ہی یاقوت آبدار کا رنگ

ہمین بہی عید مین ای رنگ رز ہو شادی عید
ہماری خوشی پیراہن اوس نگار کا رنگ

مگر وہ مہروش آیا ہی فاتحہ کی لیے
چمک گیا ہے مری گنبد مزار کا رنگ

ادہر ہی عالم پیری ادہر ہی عہد شباب
یہان خزان کی ہی زردی وہان بہار کا رنگ

گمان ہی نہ شنجرف کا زمانے کو — لہو سے سرخ جو ہی آنسووں کی تار کا رنگ

خیال کر کی جو پستانکو اوسکی روتا ہون — ہر ایک اشک مین ہی دانۂ انار کا رنگ

دکہاؤن سینہ پر داغ کے بہار جو مین — خجل یہہ ہو کہ اوڑہی روی لالہ زار کا رنگ

اسیر ایک بہی اب بات بن نہین آتی
بگڑ گیا ہے نہایت مرے دیار کا رنگ

ردیف لام

تم بات کرو اوس سی جو ہو بات کی قابل — ہم بات کی قابل نہ ملاقات کی قابل

اللہ کی قدرت ہی کہان غیر کہان ہم — چڑہتی ہین وہ منہ پہ جو نہتی بات کی قابل

کہدو مری تربت مین نکیرین نہ آئین — ہوتا نہین دیوانہ ملاقات کی قابل

کیا ذکر رخ یار کرون تیرہ دلو نسی — دن کی یہہ کہانی ہی نہین رات کی قابل

زیبا ہی مرا خانۂ دل ہو جو گہر اوسکا — یہہ کعبہ ہی اوس قبلۂ حاجات کی قابل

شرم آتی ہی ہر چند کہ ہی نقد خرد پاس — یہہ نذر نہین پیر خرابات کی قابل

خاموش رہی ہم جو گئی دیر و حرم مین — دونون نظر آئی نہ مناجات کی قابل

بہت سی ہی سب ہم مرقع تری آگے — کس کا ہی دہن حرف و حکایات کی قابل

وہ حمد کی قابل ہی ذرا اشک نہین ہین — لیکن ہی کہان حمد تری ذات کی قابل

نہ موڑ گئی تیغ تری عید کی دن بہی — شاید مجہی سمجہی نہ ملاقات کی قابل

اتنا بہی کلیجا نہین غم کو جو کہلاؤن — تقدیر نے رکہا نہ مدارات کی قابل

تعمیر جو کعبہ کی ہوئی ناف زمین مین — شاید یہہ زمین تہی نہ خرابات کی قابل

لائق نہین جو بات کی ہان ہم سخن اوس سی — خاموش وہ بیٹہی ہین جو ہین بات کی قابل

کرتی ہین جو وہ فخر دو ابرو یہ بجا ہی
غنچہ کو ہی بیجا دہن یار سے دعوی

حقا کہ یہہ مطلع ہی صبا بات کی قابل
چہوٹا سا دہن کب ہی بڑی بات کی قابل

ہم محفل جانان مین اسیر آپ ہی چپ ہین
باتین وہ بنائین کہ جہون بات کے قابل

پہیر لینا ہے کب گوارا دل
دیکہتی ہے فقط تمہارا دل

دل سے اک دل کو راہ ہوتی ہے
جو تمہارا ہے وہ ہمارا دل

نیم شب کوئی آس پاس نتہا
کچہہ نسمجھے کسی پکارا دل

جان تک آپ سی عزیز نہین
آزمالے تہو گیا ہمارا دل

کیمیا صبر کی اوسی کو ملے
مثل سیماب جسنی مارا دل

ہوچکا تہا چہ ذقن مین غریق
پاگیا زلف کا سہارا دل

کچہہ تردد نہین دیا ہے اوسے
دیکہہ کر ہمنے استخارا دل

جاتے ہین اوسکے سامنی بیخوف
یہہ جگر ہے یہہ ہے ہمارا دل

قدر ہو میری جانفشانی کی
یارب آہی کہین تمہارا دل

اب کی بچ جاے جی تو عہد یہہ ہے
پہر کسی کو ندین دوبارا دل

آہ سے پہونک دی کا ہفت فلک
لائیگا ایک دن حرارا دل

کچہہ کرو اوس سے عرض حال اسیر
ہمکو کرتا ہے یہہ اشارا دل

گلشن کو لیجلو ہے ہمین آرزوی دل
اس مین بہی مرغ قبلہ نما کا ہی خاصہ

شاید کہ آہی اب اسی غنچہ مین بوی دل
ہر وقت سوی کعبۂ ابرو ہی روی دل

اوسکو بلا کہ کوچہ جانا نمین آپ چل
رانون کو مجہ سی رہتی ہی یہہ گفتگوی دل

آدہی نکل کی میان سی وہ تیغ رہگئی
پوری نہ بسملون کی ہوئی آرزوی دل

ماہی کی طرح الفت ابروی یار مین
پی تیغ ہی ازل سی بریدہ گلوی دل

کچہ تو امید لذت زخم خدنگ سے ہے
رخ ہے تری کمان کا اُدہر کو سوی دل

جیسے صفا ہی اسمین کمان اوسمین وہ صفا
قلعی کہلے جو آئینہ ہو روبروے دل

رکہی جو اوسنے تیغ گلوے رقیب پر
دل مین ہماری قتل ہونی آرزوی دل

اغیار کا تو کوچہ الفت مین ذکر کیا
حق یوں پوچہی تو جان یہان ہی عدوی دل

درکار کیا ہی ظرف مِی عشق کی لیے
کافی ہین اپنی ساغر چشم و سبوی دل

گیسو کو اپنی شانی سی دیتی نہین ہین بل
پہانسی بنا رہی ہین وہ بہر گلوی دل

آئینہ کی طرح تو وہ پیش نظر رہے
لیتی ہو مجہ سے دل تو کرو آبروی دل

ترچہی نگاہ اسکو گوارا نہیں ذرا
کیونکر بنی کہ تمنی بگاڑی ہی خوی دل

مشکل گذر ہی کوچہ گیسوی یار مین
پہنچون وہان تلک تو کرون جستجوی دل

ہو داغ معصیت کی سیاہی ذرا تو دور
ای آب اشک شرم کرو شستشوی دل

بیکار تار اشک ہی فرقت مین اے اسیر
ہو سو جگہہ سی چاک کرون کیا رفوے دل

تشبیہین ایسی ملتی ہین شاعر کو خال خال
اسود سی نہ لعت کعبہ ہی ابرو بلال خال

الفت مین اوسکی کشتگی تیغ ہلال ہون کمال
کیا جانتا تہا بال کی کہینچیگا کہال خال

لالی کی حسن یار سی تشبیہ ہے بجا
چہرہ کمال سرخ سیہ ہی کمال خال

بوسہ کا ہو ارادہ تو ای دل سمجہ کی لی
انگاری کی طرح ہو غصہ سی لال خال

شاخ غزال ابروی خمدار یار ہے
آنکھین غزال نافۂ مشک غزال خال

شمع و چراغ کا شب فرقت مین ذکر کیا
تارہی بہی آسمان پہ نکلی تو خال خال

کیون مانگتا مین بوسۂ رخ جانتا اگر
کولی لگائیگا مجہی وقت سوال خال

بہوکی ہین نان نعمت دیدار کی جو لوگ
ہی اونکی حق مین دانۂ رزق حلال خال

نقطہ ثواب کا خط اعمال مین نہو
ایسا گناہ گار کری بال بال خال

مین کیا کہ آسمان کا بہی دل داغ داغ ہی
دیتا ہی ساری خلق کو داغ ملال خال

آنکھون کی تل جلائین گی عاشق ہی بیقرار
رکھی نہ خوف صدمۂ عین الکمال خال

سنتی ہین رومیونکی زبان سی ہم ای اسیر
بیشک ہی زنگیون مین عدیم المثال خال

ردیف میم

ساقی کسی سی کام نہین ہی سوای خم
بیگانہ شیشہ ہو نہین آشنای خم

فرقت مین کیا قیام کرین زیر پای خم
ڈرہی نکل نجائی کہین اژدہای خم

سچ ہی کہ ذکر عیش بہی ہوتا ہی نصف عیش
عید غدیر ہو جو سنون ماجرای خم

بہو تیغ موج میکی جو تیزی ہے ساقیا
دونون کٹین گی دست سبو ہو کہ پای خم

وہ مست ہین کہ اپنی وصیت ہی بعد مرگ
گنبد نہو لحد پہ ہماری سوای خم

جبتک ہی آفتاب چلی ساقیا شراب
تا دور آسمان رہی ساقی بقای خم

میخانۂ جہان مین ہی حکمت اسی پہ ختم
جسکو پسند مثل فلاطون ہی جای خم

رکھتی ہی پاؤن دختر رز جو ہو گئی
ساقی تہی کیا زمین ارم سی بنای خم

مستی مین بوسۂ لب ساغر تو لی لیا
اب چاہی توبہ بہی رکہہ کر ادای خم

آئی اگر وہ ساقی یوسف لقا نظر
پہر کیون کنوین فراق مین مجکو جہکای خم

واعظ ثبات دہر ہی زور شراب سی
پہٹ کر گری سپہر اگر ٹوٹ جای خم

بی یار میکدی مین بلا کا ہی سامنا
کہولی ہوئی ہی منہ کو ہر اک اژدہای خم

دیتی ہین تیری مست کو کیا جام شیر و شہد
ٹوٹی کا کیا خمار نہ جبتک چڑہای خم

میخانہ مجکو محفل رود و سرود ہی
ہی جلد تنگ جام پکہاوج بجای خم

میخانی مین جو آئی وہ گل پیرہن اسیر
جامی مین پہر خوشی سی نہ پہولا سمای خم

یار سی کام ہی کیا خوی بد یار سی کام
گل کی مشتاق ہین رکہتی نہین ہم خار سی کام

مار ڈالا ہمین غرفہ سی وکہا کر ابرو
دور سی ہمنی لیا تیر کا تلوار سی کام

اور طائر جو ہین پر اونکی کترا ہی صیاد
ہم تو مقراض کا خود لیتی ہین منقار سی کام

ہاتہ سیو دن کو لگا مین کی تر گل ہو گیے
باغبان ہمکو ہی نظارۂ گلزار سی کام

کوہکن کوہ تو مین کاٹ رہا ہون نہ عجب
بہاری بہاری ہوئی ہین عشق کی بیمار سی کام

دین و دنیا ہی فراموش تری الفت مین
ہیچ دہاری مین ہین اس یار نہ اوس یار سی کام

ہمکو انداز خرام آپکا ہی دل سی پسند
کبک کی چال نہ طاؤس کی رفتار سی کام

زندگی بہر ہی فقط مومن و کافر مین تمیز
مرگ کی بعد نہ کچہہ یار نہ اغیار سی کام

ہم تو اوس آنکہ کو دیتی نہین تکلیف نگاہ
سخت بیدرحم ہین جو لیتی ہین بیمار سی کام

آنکہ اسیواسطی ہی کان اسیواسطی ہین
تیری دیدار سی مطلب ہی نہ گفتار سی کام

خانقاہ اہل عبادت کو مبارک ساقی
ہم ہین میخوش ہمین خانۂ خمار سی کام

آشنائی سی میان حسن پرستی ہی مراد
خوبصورت ہو نہین کافر و دیندار سی کام

ہم ہین مفلس ہمین معشوق بہی مفلس ہی پسند
مثل بلبل نہین کچہہ شاہد زر دار سی کام

فصل گل مین بہی جو آزاد نہین کرتا ہے
کچہہ تو صیاد کو ہی مرغ گرفتار سی کام

غیر سی ہمکو سرو کار نہ مطلب ہے اسیر
ایک رکہتی ہین فقط حیدر کرار سی کام

ہوئی رو رو کے لاغر سقدر ہم
نظر آتے نہین مثل نظر ہم

پس دیوار جانان سایہ آسا
پڑی رہتے ہین غش ہو دوپہر ہم

ذرا چل ای نسیم آہ تہم کر
مزاج زلف جانان ہو نہ برہم

وہان بہی دل بجہا ئی چرخ ظالم
جو پہر ہین چہپین مثل شرر ہم

کف رنگین ذرا سینہ پہ رکہدو
لگاؤ زخم دل پر لال مرہم

بسان شمع ہین اک شب کی مہمان
کہان اس بزم مین وقت سحر ہم

زمانے کی خبر سے ہمکو کیا کام
اسیر اپنی نہین رکہتے خبر ہم

ردیف نون

زنگار گون مین تیغ ہون گرد ملال مین
جو ہر چہپی ہین پردہ تغیر حال مین

نالان دل بشر ہو نہ کیون خشک سال مین
چلا رہی ہین سوکہہ کی پتی نہال مین

ہون مست یاد چشم بت بی مثال مین
پیتا ہون بادہ ساغر چشم غزال مین

غسل و کفن یہی ہی کہ مردہ ہی بعد مرگ
گرد ملال ہین عرق انفعال مین

فرقت مین شوق وصل تو وصلتمین خوف ہجر
راحت فراق مین ہی نہ ہمکو وصال مین

اس بیکسی مین عیش سی وقعت نہ ہم ہوے
آئی کبہی ہنسی تو ہجوم ملال مین

شکر خدا کہ نقص مین ہمکو کمال ہے
داخل مین ہم بھی حلقۂ اہل کمال مین

پیش نظر وہ مہوش ساچہرہ ہی چار فصل
دخل خزان نہین مری باغ خیال مین

بیرنج ہین جو صحبت اہل صفا مین ہین
پڑتی نہین گرہ کبھی چینی کی بال مین

آخر کلیم طور پہ غش کہا کی گر پڑی
نظارۂ جمال غضب ہی جلال مین

گیسو بھی قتل کرتی ہین مثل صف مژہ
لشکر کی ساتھہ یار ہین اس مو چال مین

ساقی مہ صیام ہی اب میکشی کہان
رکہدی اٹھا کی جام کو طاق ہلال مین

سٹی ہوا یہ مشک تری زلف کی حضور
خاک اوڑ رہی ہی کوچۂ ناف غزال مین

آفت مین وہ دونون پہنس گئی کیا جواب خط
زندان مین نامہ بر ہی کبوتر ہی جال مین

جوش جنون مین جیسی مین میری بدن پہ داغ
پتی بھی اسقدر نہین ہوتی سفال مین

چلتی ہی تیری راہ طلب مین او سمجہہ گیا
پای کبود چرخ رکاب ہلال مین

ہو کر امیر شوق فقیری وہی رہا
ہین جا بجا گلیم کی پیوند شال مین

بی فاصلہ نکلتی ہین دن رات مہر و ماہ
دن کو نہ رات کو ہی توقف وصال مین

خالی نہین کلف سی کبھی چودھوین کا چاند
داغ ملال شرط ہی کسب کمال مین

شکر خدا کہ جامۂ زیبا ہی ناپسند
اب تک تو ہم پہنسی نہین تنیو کی جال مین

دریا ہی دوست ماہی دریا ہین عشق باز
فرقت مین سرگزشت ہی انکی وصال مین

مجہہ ناتوان کا عقدۂ خاطر کہلی گا کیا
کہلتی نہین اسیر گرہ پرکی بال مین

دکہلا کی منہ مرا بھی گرد ملال مین
آئینہ غرق ہی عرق انفعال مین

دل پای بند زلف ہوا شوق خال مین
طائر کو جیسے دانہ پہنساتی ہی جال مین

امید عیش کیون نہو ہمکو ملال مین
ہو سو جو انقلاب جہان اک اک سال مین

ای بت تری وصال سی وہ نا امید ہو
شبہہ ہو جسکو مرحمت ذوالجلال مین

مضمون کس طرح دہن یار کا باندہیے
آتی نہین یہ بات ہماری خیال مین

مقبول ہو کلام تو صحت سی کیا غرض
ہم تو اذان بہی دین تو زبان بلال مین

دل خون کسی کی مردمک چشم نی کیا
بو ہی لہو کی نافۂ مشک غزال مین

حاصل ہو غیر دست تہی سائلون کو کیا
خالی ہر ایک حرف ہی لفظ سوال مین

روکی نہ ضرب تیغ اجل کو کسی طرح
روغن جو پیہ شیر ہو گینڈے کی ڈہال مین

نا اہل کو بہی اہل سمجہتی ہین بے تمیز
تصویر شیر شیر ہی چشم غزال مین

کہاتا ہی بیخبر سگ یار استخوان غیر
حیوان کو کیا تمیز حرام و حلال مین

سودا تہا کیا اوسی بہی تری چشم شوخ کا
خشکی ہی اسقدر جو کباب غزال مین

چہرہ کمان مین ترک کمان دار کا نہین
دیکہا ہی ہمنی بدر کا جلوہ ہلال مین

زلفون پہ انکہین دل کی بہای ہین عجب سرشک
موتی پروے ہین تری بال بال مین

پیچہی پڑا ہی اس دل وحشی کی عشق یار
شیر گرسنہ جیسی ہو فکر غزال مین

دیکہی نگاہ بد سی نہ اس جسم زار کو
تنکا بنی کا رشک ہی عین الکمال مین

پیاسی ہین میری خون کی ای قاتل جہان
بالی کی مچہلیان تری گیسو کی جال مین

طاؤس و کبک لاکہ دکہا تمکین خرام ناز
بازی ہی انکی مات تری ایک چال مین

اہل جہان پہ وقف ہی زنبور کا عسل
کیون کر نہ ہاتہ ڈالیی موذی کی مال مین

مستون کو شکر چاہیی ساقی کا ہر طرح
چینی مین وہی شراب کہ جو جام سفال مین

دل کیون نہ آئی طفل مغنی پر ای اسیر

داؤد ہی وہ لحن مین یوسف جمال مین

در پیر مغان ہی اور مین ہون | مرا بخت جوان ہی اور مین ہون
سمجھتا ہے یہ اپنی دل مین مغرور | زمین ہی آسمان ہی اور مین ہون
مجھے دیکھا در گلشن کیا بند | خزان مین باغبان ہی اور مین ہون
عداوت نفس امارہ شیاطین | ہجوم دشمنان ہی اور مین ہون
سگان دیکھا دیکھہ کر کہتا ہی مجھکو | یہہ مشت استخوان ہی اور مین ہون
نہ مونس ہی نہ تنہائی مین ہمدم | بس اب ہو کا مکان ہی اور مین ہون
زمین کوی جانان کہہ رہی ہے | بلند اک آسمان ہی اور مین ہون
جگہہ اوس حور کی محفل مین پاے | تماشاے جنان ہی اور مین ہون
نہ کعبہ سی نہ بتخانی سی مطلب | وہ سنگ آستان ہی اور مین ہون
نہین بچنی کی عشق زلف مین جان | بلای ناگہان ہی اور مین ہون
یقین ہی اب برای مطلب دل | فقط وہ جان جان ہی اور مین ہون
کہان چہری کی زردی مثل زاہد | شراب ارغوان ہی اور مین ہون
سخن سے زندہ ہی محشر تلک ناصر | بہار بیخزان ہی اور مین ہون

اسیر اندیشۂ محشر کہان کا
خدا ہی مہربان ہی اور مین ہون

ناتوانی سی ہی یون دوش پہ حال گردن | جس طرح دست شکستہ ہو وبال گردن
گر سبکبار کہین جلد مجھی کاٹ کی سر | ہی یہی خنجر قاتل سی سوال گردن
تیزی تیغ اجل ہی بدیں فرقت مین | ٹھہر سی دم ٹھہر نہین رہی کی وصال گردن

خلعت فخر ہی ساری شہیدونمین مجھے
ہو تری تیغ کا رومال جو شال گردن

کرسکے خنجر قاتل سی تجاوز سر مو
سر کا مقدور نہ اتنا نہ مجال گردن

ہی مری بزم تصور مین ضیا طور کی طرح
شعلۂ شمع تجلی ہی خیال گردن

دیکھتا ہون جو بیاض سحر و نقطۂ نجم
یاد آجاتا ہی اوس ماہ کا خال گردن

یہہ لطافت یہ صباحت یہ صفا اوس مین کہان
ہی غلط گردن مینا سی مثال گردن

چشم ساقی کا تصور ہی مجھی جام شراب
کم نہین شیشۂ صہبا سی خیال گردن

کل تلک راست جو قد تہا الف قامت دار
سرنگون آج ہی وہ صورت دال گردن

سب یہہ کہتی ہین کہ نکلا ہی عجب عید کا چاند
جب سی وہ طوق طلائی ہی ہلال گردن

تیغ قاتل نی شہادت کا دیا ہی خلعت
دامن زخم گلو ہی مجھی شال گردن

پیچ کہا کہا کی بنی حلقۂ زنجیر کی شکل
طوق کی بوجہہ سی پہنچا ہی یہ حال گردن

ای پری شاخ یہہ ترشی ہوی بلور کی ہے
گردن حور سی کیا دون مین مثال گردن

ہی سراپا کو مری عشق سراپا سی اسیر
ہاتہہ تنہا نہین مشتاق وصال گردن

روئین گی تردار ہینگی گردش افلاک مین
دفن جب یون کرتی ہین زر مرد کی صورت خاک مین

موت آئی تو غم ابن شہ لولاک مین
خاک ملجای الہی کربلا کی خاک مین

یاد چشم مست مین ہین اسطرح پلکون پر اشک
خوشۂ انگور جیسی ہار بستہ تاک مین

رشک تی پہیری چہری دل پر مری اوشہسوار
جب بندہا دیکہا کسی نخچیر کو فتراک مین

طبع سی مضمون کبھی پیدا نہونگی بی تلاش
کیا ہنسین ظرف گلی گردش نہو جب چاک مین

منزلون اونسی ہوئی دوری تو کچھہ غم نہین
وہ بہی آسکتی ہین جاسکتی مین ہم بہی ڈاک مین

صاف وہ رخسار ہو پر جای جسپر اپنی آنکھ
خاصہ ہی موج دریا کا نگاہ پاک مین

آبرو چاہی تو کر جلدی در میخانہ بند
محتسب آیا ہی ساقی دختر رز کی تاک مین

کیا موافق اوس پری پیکر کا ہو ہمسی مزاج
سرکشی ہی آگ مین افتادگی ہی خاک مین

تیری دانتونکی چمک نی بسکہ روشن کردیا
کم نہین ریشی شعاع مہر سی مسواک مین

دولت دنیا سی ہین محروم ارباب ہنر
سیم و زر دیکہا نہ ہمنی کیسۂ دلاک مین

فتنی برپا ہوتی ہین کیسی سر رہ ہر قدم
عطر فتنہ مل کی نکلی ہین جو وہ پوشاک مین

غیر نی شانہ کیا اوس زلف مین سمجہا یہ مین
سانپ کا مسکن ہی یہ ہی شانۂ ضحاک مین

ہجر کی شب دیکہہ کر سوی فلک روتا ہو مین
ہین نمک افشان ستاری دیدۂ نمناک مین

پنج راحت ہی فقط رنگ شرافت کی سبب
خندہ زن ہون مثل گل پیراہن صد چاک مین

رزق کی تنگی نہ کیونکر ہو پی اہل زمین
ایک خوشہ ہی فقط نہ خرمن افلاک مین

ذرہ ذرہ کیون نہ دکہلائی چمک خورشید کا
مل گئی ہین کیسی کیسی مہر طلعت خاک مین

پستی طالع ہی مرتی پر نصیب اہل کفر
مردہ کس ہندو کا پایا اطلس افلاک مین

میری رونیسی نہو کیونکر جہانکو خوف غرق
نوح کا طوفان بہرا ہی دیدۂ نمناک مین

ہی کڑا پانی بہت گرداب بحر عشق کا
دست و پا ماری یہان طاقت ہی کس پیراک مین

لغزش پا سی صراط حشر پر کیا کام اسیر
ہاتہہ اپنا ہوگا دست صاحب لولاک مین

خوش ہین ہمسی جو وہ بات نہین کرتی ہین
ہم بہی ایسون سی ملاقات نہین کرتی ہین

بیٹہکا آٹہہ پہر ہی درجانان اپنا
کون دن ہی کہ وہان رات نہین کرتی ہین

لگ گئی چپ سی جو مجکو سبب اوسکا ہی یہ
بات اتنی ہی کہ وہ بات نہین کرتی ہین

کیا بیان ہو تری کوچی کی فقیرونکا شکوہ
بادشاہ ہو انسی ملاقات نہین کرتی ہین

ہم وہ ہین دیتی ہین جو رندین ہمین کوثر کی قدح
فخر ای پیر خرابات نہین کرتے ہین

رہنی والی تری کوچی کی وہ کہتی ہین مانع
جا کی کعبہ مین مناجات نہین کرتی ہین

میکشی کا وہ نہین کچہہ لطف نہین ای ساقی
جو بسر باغ مین برسات نہین کرتی ہین

کام رہتا ہی انہین بادہ پرستی سی مدام
زندہ ضائع کبہی اوقات نہین کرتی ہین

شور دربان نکرین دور سی دیکہین جو مجہی
پاس اتنا بہی یہ بدذات نہین کرتی ہین

نیت صاف سی ہین معتقد اونکی ہم رند
مغبچی کوئی کرامات نہین کرتے ہین

منتظر رہتی ہین ہم شام سی تا وقت سحر
وہ قدم رنجہ کبہی رات نہین کرتے ہین

بندۂ عشق ہین پر فرق ہی اتنا کہ تمہین
سجدہ ای قبلۂ حاجات نہین کرتی ہین

باغ جنت مین وہ رضوان سی بہی گی مین نہ امید
مہمان کی وہ مدارات نہین کرتی ہین

اب تو برسون سی وہ اگلا سا نہین ربط او نہین
عید کی دن بہی ملاقات نہین کرتی ہین

کس قدر تازہ مضامین ہماری ہین اسیر
راست کہتی ہین مباہات نہین کرتی ہین

نجا دن عوت حاتم مین وہ سقیم ہو نہین
گدا تری در دولت کا یا کریم ہو نہین

دکہائی مجہی دیدار ہو چکا انکار
جو آب برق تجلی ہین تو کلیم ہو نہین

شفا نہین جو مقدر مین ہی دوا بیسود
قضا کو روک لی تو قائل حکیم ہو نہین

بہشت ترک کہ آدم سے سوچ تو زاہد
مجہی بہی اس مین جگہ دی ترا سہیم ہو نہین

ملی ازل سی مجہی آبروی یکتا سے لئے
مجہہ نہ آسمان مین صدف گوہر یتیم ہو نہین

مری صدا کی ہین مشتاق گوش اہل فلک
دعای اہل دل و نالۂ سقیم ہو نہین

بڑی ہی لوٹ تلون سی دامن ہمت
مزاج طفل نہین رای مستقیم ہو نہین

شگفتہ ہین مری باعث سی غنچۂ خاطر
ریاض صحبت احباب مین نسیم ہو نہین

کشادہ دل ہی ازل سی مراز بانہین
تمام فیض ہون اندیشۂ کریم ہو نہین

خدا کا خوف کرای چرخ دی نہ مجکو شکست
دل مریض ہو نہین خاطر یتیم ہو نہین

مکان ہی پست تو ہو وقت رفعت ہمت
مسیح خرچ پہ ہون طور پر کلیم ہو نہین

کبھی غیند کبھی زرد ہے مرا چہرہ
نگاہ اہل طمع مین طلا و سیم ہو نہین

وہ اعتقاد کہ ہون لائق ہزار بہشت
وہ فعل بد کہ سزاوار صد جحیم ہو نہین

اسیر بس یہی اشعار چند کافی ہین
کہون نہ طول غزل شاعر قدیم ہو نہین

دل عشاق ہین کیا شاد پہنسکر زلف دلبر مین
کیا ہی قید یون نی رتجگا زنجیر کی گہر مین

پہنسا جا کر دل اپنا حلقۂ گیسوی دلبر مین
گرایا ہی جو قسمت نی تو ہمکو غار اژدر مین

لہو ہرگز نچہوٹیگا شہیدان محبت کا
پہنسا رکہا ہی تیری تیغ نی زنجیر جوہر مین

مے الفت کی قابل ظرف ہی ساقی مری لکا
سماتی ہین نہ یہہ خم مین نہ شیشی مین نہ ساغر مین

جواب نامۂ اعمال لکہہ رکہا ہی ہمنی بہی
فرشتون نی جو کاندہی سی کرینگی پیش محشر مین

کہین کیا خاک مین گرکر جو کچہ لذت اٹہائی ہی
نہوگا چہین ایسا طفل کو آغوش مادر مین

مکان جب لامکان اوسکا ہو خط پہنچای کیسا کر
کہان سی آئی ایسی عرش پروازی کبوتر مین

سوی میخانہ شاید محتسب آہی میکشو آیا
کہ کف لایا خم می خون اوترا چشم ساغر مین

اگر یون ہین کرے گا شوخ چشمی سادہ رو کو نفسی
چہنا جائیگا اک دن آئینہ سد سکندر مین

چلا ہی کوچۂ قاتل کو خوش خوش لیکی خاطر
خدا جانی کہ کیا لکہا ہی قاصد کی مقدر مین

تلاش رزق مین انسان کیون سرگشتہ پھرتا ہے
عنایت رزق کرتا ہی خدا اکثر ہی کو بیٹھے گھر مین

جو ہین اہل صفا کیا کام ہی اونکو تلو نسی
کبھی اوٹھتی نہ دیکھین ہمنی موجین آب گوہر مین

نگر وہ میکش خونخوار آیا جانب گلشن
بھرا ہی باغبان نی خون بلبل گلگی ساغر مین

نکر ترک وطن ہرگز جو اپنی زندگی چاہے
نہین بجھتی ہین ہوتی ہین شرر جبتک کہ پتھر مین

شب وصلت وہ کرتی ہین محبت بہی عداوت بہی
نہین ہی خط پشت لب ملا ہی زہر شکر مین

ہماری کشتی می بہی کہانسی کس جگہہ پہنچے
کہ ڈوبی قلزم عصیان مین نکلی جا کی کوثر مین

اسیر اللہ سی ہر دم دعا اپنی یہہ رہتی ہی
کہ دم نکلی الٰہی الفت آل پیمبر مین

یکایک کب ملی عشرت جو لکھی ہو تقدیر مین
کہ خم سی شیشہ مین شیشہ سی می آتی ہی ساغر مین

امیر ونسی کہو بہولین نہ کمخواب و شجر مین
گذر جائی گی محتاجو نکی بہی اک ایک بوری مین

گرایا چاہ مین اخوان نی لیکن یہ نسمجھی تھے
کہ ملک مصر کی شاہی ہی یوسف کی مقدر مین

ہزارون داغ لاکھون آبلی ہین اور دل میرا
تماشا ہی لگی ہین پھول بہی پھل بہی صنوبر مین

جو بد ہین اونکو کب ہوے گا اثر نیکو نکی صحبت کا
موافق بہی منافق بہی تھی اصحاب پیمبر مین

دلا گبھرا نہ فرقت مین میسر وصل بہی ہو گا
زمانہ منقلب ہے کچہ کا کچہ ہوتا ہی دم بہر مین

پہنچ جاوی گا اوڑکر یار تک مکتوب شوق اپنا
نہین آتا تو کیا سرخاب کا پر ہی کبوتر مین

ہلاکت مین جو پڑ جاوی یعنی جان آفت کو
مقر ریش و بز کی موت ہی قصاب کی گہر مین

وہ سرگشتہ ہون میری گہر چراغ شام اگر آوے
رہی تا صبح مثل شعلہ جوالہ چکر مین

دلا وہ مرد میدان قیامت ہی ترا نالہ
گرایا آسمان کی توپ کو جو ایک ٹھوکر مین

بعینہ ہی وہی لکہی پڑے ہو نامین حال جاہل کا
کہ جیسی سادہ رہجاتی ہی کوئی فرد دفتر مین

اسی گل کی تصور نے رلایا اسقدر مجھکو — رگ ابر بہاری بن گیا ہر تار بستر مین

فراق یار مین کچھ لطف میخواری نہین باقی — بجای بادہ بھر دی زہر ساقی میری ساغر مین

فقط ہی زندگی تک انتہا عشرت و عسرت — نہین کچھ فرق زیر خاک درویش و تونگر مین

تیری گیسو کا مین دیوانہ نازک طبیعت ہون — عوض زنجیر کی کر قید مجھکو موج عنبر مین

پھری گرد آتش رخسارۂ محبوب سی اگر — نہ پروانیکو تاب ایسی جان آتنی سمندر مین

لکھا ہی ہمنی بیتابی کا جو احوال نامی مین — ہوا ہی طائر سیماب کا عالم کبوتر مین

اسیر اندیشۂ تربت نہ ہمکو خوف محشر ہی
ہوا ہی خاتمہ بالخیر اپنا عشق حیدر مین

آئی گلشن مین جو تم اور ہوائین ہوتین — پتی پتی مین چلاجل کی صدائین ہوتین

ہمکشون کی جو نہ مقبول دعائین ہوتین — کالی کالی نہ گلستان مین گھٹائین ہوتین

روز محشر تو گناہون کا نہ کھٹکا رہتا — یہین ای کاش جمع ہوتی تھین سزائین ہوتین

آگی دنیا مین فرشتی بھی گنہگار ہوئے — ہم تو انسان تھی نکیون ہمسی خطائین ہوتین

سب شب ہجر مین خاموش جو ہوتی شب وصل — بولتی مرغ اذانون کی صدائین ہوتین

پوچھتی صاحب اسلام بھی ہندو کی طرح — یار تیری سی بتون مین جو ادائین ہوتین

باغبان تونی دم سرد سی روکا مجھی کیون — ٹھنڈی ٹھنڈی تری گلشن مین ہوائین ہوتین

مین جو آیا یہ مری ساتھ عدم سی آئین — مین نہوتا تو جہان مین نہ بلائین ہوتین

ملک الموت ہی ایسا تھا طبیب ورنہ — تم سی فرقت کی مریضونکی دوائین ہوتین

ابر مژگان کو جو مین رخصت بارش دیتا — پانی پانی ابھی ساونکی گھٹائین ہوتین

کیا کرون فوج حوادث نی بھی گھیر لیا — ٹالتا اونکو جو دو چار بلائین ہوتین

بیٹھ رہتی مری مرقد پہ مجاور بن کر / لاکھہ ہین دو جو او نہین یاد وفا مین ہوتین

لطف کرتا جو وہ عیسی تو سمرتا کوئے / مقبری تو نسی موقوف قضائین ہوتین

نم دکہاتے تو اگر چہرۂ گلگون اپنا / چاک پہولون کی نہ گلشن مین قبائین ہوتین

تندرستی مری دشوار تہی بی شربت مرگ / لاکھہ بیماری فرقت کی دوائین ہوتین

یار کی تیغ کی محراب مین کرتا جو سجود / زندگی بہر کی ادا مجہ سی قضائین ہوتین

صیدگہ سی جو مین غیر دنکو نکرتا باہر / تیری تیرون کی نہ موقوف خطائین ہوتین

گر دعا کاش دکہاتی اثر سہ اسیر
بند غولون کی بیابان مین صدائین ہوتین

کاسۂ فقر لین کلاہ نہ لین / تیری درویش تخت شاہ نہ لین

کب ہو ہمسی کسی کی دل شکنی / ہو دو راہہ تو ایک راہ نہ لین

گہر با ہون تو ہم چمن سی ترے / باغبان ایک برگ کاہ نہ لین

سایہ تیغ کے سوا قاتل / تیری زخمی کہین پناہ نہ لین

ہاتہہ رکہہ کر کمر پہ یون نہ چلو / رستے والے عدم کی راہ نہ لین

تیرے گالونسی اونکو کیا نسبت / دون کی آفتاب و ماہ نہ لین

بولے دربان سی دیکہہ کر وہ ہمین / کیون یہہ ٹہرے ہین گہر کی راہ نہ لین

مرہی جائین دکہائے آنکہہ جو یار / دم تہ غمزہ نگاہ نہ لین

جنس دل بیچنے کو نکلے ہین / خواہ اسی مول لین وہ خواہ نہ لین

تحت سے ہے کہ لوٹتا ہے سبو / اپنے ذمے یہہ ہم گناہ نہ لین

پیر ہو کر فلک کی کیا پروا / نام ممسک دم بگاہ نہ لین

ہم تو ڈوبین وہ ناخدا ہو کر / خبر کشتی تباہ نہ لین
خرمن ماہ ہمکو دی جو فلک / وہ غنی ہین کہ برگ کاہ نہ لین
ملک دل سے یہ حکم ہے اوس کا / کہ خراج اور بادشاہ نہ لین

قلزم عشق ہے عمیق اسیر
آشناؤن سے بھی کہدو تھاہ نہ لین

پرتو فگن جو چہرۂ ساقی ہو آب مین / عید غدیر خم ہو مکان حباب مین
رخنی گئی ہین اوسکی مژہ نی نقاب مین / جالی کٹی ہی یا ورق آفتاب مین
ای اہل حشر مژدہ کہ تمکو ملی نجات / دن ہو گیا تمام ہماری حساب مین
زاہد نہ طعن کر جو کردن مین ثنای مے / بنت العنب کا ذکر ہی ام الکتاب مین
رہتی ہین شوق کعبہ ابرو مین جان بلب / قصد ثواب کر کی پڑی کس عذاب مین
مقصود کل کا ایک ہی جز ماہو یا چکور / جو نور ماہ مین ہی وہی آفتاب مین
رو پوش ہم سی دولت دنیا ہی اسلیئے / رہجا ہی روئی زشت کا پردہ نقاب مین
جل کر موا ہون آتش می مین مین ناتوان / نہلاؤ میری مردی کو اشک کباب مین
ساقی نہ سیر ہون ان مین جو دریائی می ہون / خم کس شمار مین ہی سبو کس حساب مین
غفلت مری سنای کی مجکو پیام یار / نازل ہیمیر دن پہ ہوئی وحی خواب مین
ای کلک لکہہ مقابل ہر بیت ایک بیت / تعمیر ہو مکان مکان کی جواب مین
نالان ہوا تہا مین لب دریا جو ایکدن / انگشت موج رہتی ہی گوش حباب مین
ہی کون لا جواب زبانی مین بجز خدا / تیرا دہن ہی تیری کمر کی جواب مین
دل اپنا تاب جلوۂ جانان نہ لا سکا / پانی یہ تجلی سے [illegible] ہوا آفتاب مین

لب پر علی کا نام دم نزع ہو امیر
اپنی یہی دعا ہی خدا کے جناب مین

شامل ہی گرد کلفت دل کسکی آب مین
ہی ریگ مثل شیشۂ ساعت حباب مین

پرتو فگن ہی ابروی ساقی شراب مین
دو ماہ نو کا جلوہ ہی اک آفتاب مین

پیتا ہون می ہزار مین ہوتا نہین ہون سیر
ہو جرعہ نوش جیسے کوئی تشنہ خواب مین

جتنا کہلای یار غم ہجر کہا سکے
دعوت کا ہی طعام نہین یہ حساب مین

مین تہک گیا زبان نکیرین مرک رہی
رد و بدل ہوسے یہ سوال و جواب مین

مین ہون جو شہر علم تو یہ باب علم ہے
ہی مصطفے کا قول یہ حیدر کی باب مین

نفرت یہ وصل سی ہی کہ باندہی نہ اونسی تیغ
دیکہی ہم جو عاشق و معشوق کی داب مین

بی یار تہا جو ہجر گی کا مزا پسند
ڈالا نمک کباب کی بدلی شراب مین

نازک دلون کو قید تعلق سے کام کیا
پائی گل سوار نہ دیکہا رکاب مین

بیمار زلف و رخ ہون یہی ہی میری دعا
گہس گہس کی مار چہرہ پلاؤ گلاب مین

غفلت تجہی دکہائی گی دنیا کی حشر مین
دولت کسیکو ہاتہ لگی جیسی خواب مین

ایمان مرا ہی روی مخطط حبیب کا
ہون امت پیمبر صاحب کتاب مین

اس بحر بی ثبات مین غفلت ہی زندگی
کہلتی ہی آنکہ کچہ نہین رہتا حباب مین

دل کو مری نہ کہینچی چاہ ذقن سی دور
ماہی کی زندگی ہی وہ جبتک ہے آب مین

مصحف کا دیکہنا ہی عبادت ہی ای امیر
ناظر ہین روسے یار کی داخل ثواب مین

نامہ لکہا ہی وصف رخ بیحجاب مین
قاصد روانہ ہو شرف آفتاب مین

دیکھی جو اوسکی قامت دلجو کو خواب مین
گڑ جای سرو ڈوب مری جوی آب مین

یون چشم تر ہے یاد رخ بیحجاب مین
رکھتی ہین جیسی ظرف گلاب آفتاب مین

مسکن مرا جدا ہے جہان خراب مین
آب گہر صدف مین ہوا ہون حباب مین

ساقی کا عکس خط نہین جام شراب مین
خط شعاع ہی قدح آفتاب مین

تکیے سے ہو علیحدہ مجہ نالہ کش کی قبر
مردی غریب مفت پڑین کیون عذاب مین

توسن پہ ہے سوار جو وہ آفتاب حسن
گردون نہین سماتا ہی چشم رکاب مین

دولت مین چاہیی کہ رہی فقر کا خیال
پیری کو یاد کیجیی عہد شباب مین

آفت مین کون کون نہین میری قید سے
بیڑی بلا مین طوق پڑا ہی عذاب مین

کم می کشون کا مرتبہ جمشید سی نہین
ساری جہان کی سیر ہی جام شراب مین

بیمار اوسکی نرگس میگون کا یہ بھی ہے
ہیو جہ کچہ ورم نہین چشم حباب مین

دہوؤ جو بال ساحل دریا پہ آ کے تم
لہرائین موجین سانپ کی مانند آب مین

سایہ فگن نہین تو نہو سائبان ابر
ہاتہ اپنا سائبان ہی ہمین آفتاب مین

ہر ایک زخم تن سی جو آتی ہی بوی گل
شاید کہ تیغ یار بجھے تھے گلاب مین

اوس طفل کی ہی شکل عجب شکل دلپذیر
پڑتا ہی عکس آئینہ اسا کتاب مین

غفلت مری کہائی گی مجکو جہان کی سیر
کہلتا ہے دور دور کا احوال خواب مین

بیچھا رہا ہون خط عبث اوس ترک کو لکھا
بھیجا ہے کاٹ کر سر قاصد جواب مین

سرکش مین پختہ مغز کی جوہر کہان اسیر
موتی صدف کیطرح نہ دیکھی حباب مین

وہ مست ہین کبھی خشت کو ہم نہ کام کرین
ملی جو دولت جمشید صرف جام کرین

خدا کرے کہین دیدار کو وہ عام کرین — کہ جا کی طور پہ موسیٰ کو ہم سلام کرین

ضرور کیا ہی کہ وہ تیغ بے نیام کرین — اوٹھائین چہری سی پردہ تو قتل عام کرین

زمین مین آپ ہی گڑ جائے کام مردہ — کرین عزیز تو شرکت برای نام کرین

جنون کا ہی یہ تقاضا کہ مثل شبنم و گل — جو ہنسکی صبح کرین ہم تو روکی شام کرین

یہ آسمان کی ہی خواہش کہ صوت پرگار — جہان سے کوچ کرین ہم وہین مقام کرین

کسی کی ہاتہ وہ سیب ذقن کب آتا ہی — وہ پختہ کار نہین جو خیال خام کرین

اثر دکھانی لگے اب تو نالہاے فراق — یقین ہی وصل کا اولٹا وہ اب پیام کرین

وہ ناتوان ہین اوٹھائی جو ہمکو بزم سی یار — تو گھر سی در تلک آتی ہی آتی شام کرین

لگائین تیغ کہ چھوٹین عذاب سی بسمل — وہ کام آئین جو اسوقت مین تمام کرین

ہر ایک داغ بدن پر ہی شبہہ دینار — فقیر کیون نہ مرے گرد ازدحام کرین

مین لکھہ رہا ہون خط شوق کہتی ہین قاصد — یقین ہی یہ کہ یہ محشر تلک تمام کرین

مری لحد مین نکیرین بنگئے تصویر — زبان بند ہی حیرت سے کیا کلام کرین

مریض اوس رخ و گیسو کی لٹ گئی ایسی — کسی طرح نہ کٹی شب جو دن تمام کرین

ابھی تو خاک کا تختہ ہو صفحۂ تصویر — لگا کے پاؤن مین مہندی جو وہ خرام کرین

کبھی وہ خط بھی جو مجکو لکھین تو بی میرا — ہو العزیز نہ تحریر و السلام کرین

برا کہین نہ اوسے جو برا کہے ہمکو — بری کرین اوسی تب قصد انتقام کرین

تمام سال تو دشوار ترک می ہی اسیر
ہر ایک ماہ کو کیونکر مہ صیام کرین

رہا باقی نہ مری بے تفاوت دوست و دشمن مین — مقام صلح کل پایا پہنچکر ہمنے مدفن مین

محبت اثنا کرتی ہین جبتک جان ہی تن مین
کوئی مدفون نہین ہوتا کسیکی ساتھ مدفن مین

اثر دیکھو مری دیوانگی کا سیر گلشن مین
کہ ابر کوہسار آیا ہے پتھر بھر کی دامن مین

اثر ہوتا اگر ای باغبان بلبل کی شیون مین
لگاتی مثل اخگر آگ گل گلچین کی دامن مین

بجز سختی نہین مئی ذرا ابہی تجہ مین ای سنگدل قاتل
فرشتون نی مگر گوندہی تہی مٹی آب آہن مین

تہی الفت سی ہین اس میکدی کی جتنی ہین ساکن
ندیکہا ایکدن ست سبو شیشہ کی گردن مین

سحر تک شام سی حسرت نہین ملتی جو سوزش سی
مگر شامل ہی پروانیکی چربی شمع روشن مین

اگر ملتی بہی ہی دولت تو کام آتی نہین اپنی
گہر ہوتی ہین مثل اشک غائب کی دامن مین

نہین کچہ خوف انکو تیزی شمشیر دولت سی
نقوش بوریا سی تن فقیرونکی ہین جوشن مین

کیا غل کم کی ایسا بلبلون نی دسکو نوا نہ
کہ جاتی گل بہری گلچین نی کانٹی اپنی دامن مین

کیا دیر مغان مین ایک بت کا انتظار ایسا
کہ دونون پتلیان پتہرا گئین چشم برہمن مین

مری خاک کو کمری کی مضمحل کیا پستی طالع
نکل آئیگا ستمگر کی آخر چاہ بیژن مین

نہین ہی خوف و رنجک کچہ اہل شجاعت کو
کہ مثل تیغ اپنی جوہر ان سے ہین یہ جوشن مین

نہ پہچانا مجہی دشمن نی بالونکی سفیدی سی
غبار کاروان نی خاک جہونکی چشم رہزن مین

کبہی باندہی کبہی صیاد نی بلبل کی پر نوچی
خداوندا نہ آجائی کوئی قابوی دشمن مین

بقائی روح تک جہگڑی ہین سارے قصر و ایوا سی
نہین لگتی جو بستر بہی ہون دی ایک مدفن مین

صفت کرتی ابہی تیری مسیحا تو وہ ہونٹونکی
جو ہوتی تاب گویائی زبان برگ سوسن مین

ہوئی ہین اہل دنیا پیر پر اتنک نہین نادم
اوتر کر آرہا ہی پشت مین خم تہا جو گردن مین

بنا تا ہی مکان منعم عبث برسونکی رہنی کو
قیام روح تو پہلی سمجہلی خانہ تن مین

دعا سی بلعم باعور بہی اللہ نی سن لی
رہی سرگشتہ موسی سالہا صحرای ایمن مین

حسینونکو اسیر ایسی ہی الفت اپنی دیوانے سے

مری جنہین کہ لب خشک و چشم تر کی ہین
عجیب موی مژہ ترک فتنہ گر کی ہین

جو مرتے ہین علی کی وہ کس نشتر کی ہین
امید زیست بہی ہی خوف مرگ بہی شب ہجر

خمیدہ پشت ہی مو ہین سفید سست اعضا
ہمین تو نزع کی ہچکی لگی ہی ہوش ہین گم

شب فراق مین دیکھی جو اپنی موی سفید
بجا ہی دیکھہ کی اون ابرؤونکو آئی پیارہ

تری دہان و کمر دیکھہ لین تو جانین ہم
اوٹھین گی غیر سی کیا تیری تیغ ناز کی وار

خبر ہے تجکو مرضیون کی ای مسیح ضرور
لحد کی خاک سے پایا ہی رتبہ اکسیر

بہار باغ مبارک ہو نونہالون کو
گدا ہون پر مرا احسان ہو شوق سی ای غنی

حرم ہی کوچہ جانان یہ حج کو جاتا ہے
چمن مین ہو وم ہی ہیری قفس مین پہنسی کی

عبث وجود عدم کی نہین ہی آمد و رفت
اثر کیا نہ لیس مرگ تیرہ بختی کا

حمایل کیطرح پہنی ہوئی پہرتی ہین گیسو وہ مین

وہ پادشاہ حقیقت مین بحر و بر کی ہین
قضا کی تیر ہین نشتر رگ جگر کی ہین

وہ خانہ زاد کہ مالک خدا کی گھر کی ہین
لٹک رہی ہین ادہر کی نہ ہم اودہر کی ہین

قضا کی دیر ہی سامان سب سفر کی ہین
وہ پوچھتے ہین ارادی کہو کدہر کی ہین

ہوئی امید کہ آثار کچھ سحر کی ہین
یہ پیچے کسی محبوب کے کمر کی ہین

بڑی گھمنڈ جنہین تیزی نظر کی ہین
یہ حوصلے تو ہماری دل و جگر کی ہین

غریب شام کی مہمان ہین یا سحر کی ہین
قتیل کس نطفہ کیمیا اثر کی ہین

درخت خشک ہین مشتاق ہم تبر کی ہین
قبول تجکو جو ٹکڑے مری جگر کی ہین

بڑے ثواب مقدر مین نامہ بر کی ہین
کچھ ایسی اوڑتی ہے گویا کہ پر خبر کی ہین

تری تلاش مین ہر و ادہر اودہر کی ہین
چراغ قبر یہ بہی روغن ہنر کی ہین

نبی کا معجزہ سبطین کو بھی حاصل ہی
خدا شناس جسی سر غیب کہتے ہین
ہماری تازہ مضامین کو دیکھہ باغ نجا
ملا وہ نکو تلون کا قصہ رنگا رنگ
جو بد ہین اونکو عداوت ہی حق شناسون سے

قمر کی طرح سے دو ٹکری اگ کہر کی ہین
مری حساب وہ مضمون تری کمر کی ہین
گلون کی انمین ہی خوشبو مری ثمر کی ہین
ستون جسمین زمرد کی در گہر کی ہین
عدو علی کا ہی تلخ جس شجر کی ہین

چہپی گا ہمسی کہان کوئی معنی باریک
اسیر دیکہنی والی ہم اوس کمر کی ہین

شاہی کرون قبول مین ایسا گدا نہین
جز ضعف اور توشۂ راہ فنا نہین
ابروی یار سے طلب بوسہ ہی عبث
جاہون ابہی تو ساتہ صدا کی نکل چلون
کشور سپاہ طبل علم چتر تاج تخت
بیگانہ آشناسی مین ہون ہی محال عقل
افتادگی اب آئی ہی ایسی مزاج مین
ہون ہر قدم جو گرمی تن سی عرق عرق
بی عقل ہین فرار جو کرتی ہین روز جنگ
پستی ہین چہپائی کیون صفت دانہ ای جنون
وہ چشم کیا ہی جس سے روان ہون نہ غم مین اشک
کشتی ہماری رکہتی ہے طوفان سی کیا خطر

بہتر مری گلیم سے بال ہما نہین
تہ کردہ نان کمر مین ہی پشت دوتا نہین
اس کعبہ مین قبول کسی کی دعا نہین
زنجیر پا مری مجہے زنجیر پا نہین
دل پادشاہ چاہیے موجود کیا نہین
بیگانہ کون ہے جو مرا آشنا نہین
جز خاک تن مین آتش و آب و ہوا نہین
ہین دیر پا یہ آب مری نقش پا نہین
مرتا نہین وہ جنگ مین جسکی قضا نہین
جگہ ہمارے پاؤن کا کچہہ اسیا نہین
ماتم مین جو قبا نہ قبا ہو قبا نہین
اللہ ناخدا ہے اگر ناخدا نہین

مشتاق ہون تو چاہ زنخدان یار کا
مین مثل خضر تشنہ آب بقا نہین

ٹھری میان شہر وہ دیوانہ کسطرح
جسکو پسند صحبت مردم گیا نہین

کثرت ہی برق و سیل حوادث کی ہر طرف
مور ائین کسطرح مری خرمن مین جا نہین

واقف ہی سحر چشم سخنگو سی گوش دل
ظاہر ہے یہ کہ کوئی سخن بی صدا نہین

غافل ہون رہروان عدم کیون نہ ای اسیر
عمر روان کی تیز روی مین صدا نہین

عاجز ہین سب غرور کسیکا بجا نہین
آفاق مین خدا کا کوئی دوسرا نہین

عمر روان روان ہے کوئی جانتا نہین
یہ طرفہ کاروان ہی کہ جسمین درا نہین

یاور غریب کا کوئی اوسکے سوا نہین
وہ آشنا ہی جسکا کوئی آشنا نہین

صوفی سی کہہ و فہم سی تو آشنا نہین
جامے مین ہر بشر کی ہو ایسا خدا نہین

ای شیخ جا کی جانب کعبہ کرون مین کیا
کیا بتکدہ مین جلوۂ نور خدا نہین

دار العمل سی دار جزا کا ثبوت ہی
ظاہر یہ ہی کہ شرط کوئی بے جزا نہین

مخلوق سب یہ اوسکی ہین الا ہو خواہ لا
اس ہست و نیست مین کوئی اوسکی سوا نہین

منکر رجوع رب کہتے ہین جو سوی غیر رب
کیا اونکو یاد جملہ قالو بلے نہین

جبر یہ سے کہو کہ ہی ظلم اور عدل اور
تیرا خدا ہے جو وہ ہمارا خدا نہین

ذری ہین کس شمار مین خورشید کی حضور
اوسکے سوا ہمین طلب ماسوا نہین

سمجھی جو اوسمین مجہ مین جدائی ہی بی بصر
دریا سے موج موج سے دریا جدا نہین

موسی سنین کلام شجر کو ذر الغرور
طوطی ہی پشت آئینہ اصلی صدا نہین

سجدہ خدا کو کیجئی کیا خلق کی حضور
مقبول وہ نماز ہے جسمین ریا نہین

ظاہر مین فرق ہی صفت رنگ و بوی گل ہی اصل ایک گو کسی سی جدا نہین
دولت وہی ہی جسکو گرہ کہتی ہین تنگ حرص دل ہی غنی تو حاجت سیم و طلا نہین

شدت ہو درد دل کی تو گھبرا نہ ای اسیر
مرتا ہی کب مرض سی وہ جسکی قضا نہین

وصف آئینہ رخ کیجیے حیرانی مین باندھیی زلف کی مضمون پریشانی مین
یا مژہ خشک تہی یا اب ہی لہو بہرہ اشک یا تو خاک اوڑتی تہی یا آگ لگی پانی مین
تیری نقشہ کا ہو عاشق یہ ہی مجھ زار کا قصد جیب رہون جا کی کہین ہو قلم مانی مین
لخت دل خون جگر تک نہین باقی اے ضعف کیا کرون دعوت غم کی سر و سامانی مین
صفت اوس آئینہ رخ کی جو لکھنی تھی مجھ سا کچھ لکھ گئی ہم عالم حیرانی مین
نہ سمجھ کفر کو ایمان سی جدا ای واعظ دیکھہ زنار تو تسبیح سلیمانی مین
کر مشقت جو ہو بوئی گل جنت کی طلب تازگی روح کی مشکل ہی تن آسانی مین
کبھی درکار جنون مین نہوا اور لباس عمر کی ہمنی بسر جامہ عریانی مین
شکل اچھی جو تری بانک پنی کی کھیچے نوک باقی نہ رہی گی قلم مانی مین
صورت شانہ تو سل ہو کسی گیسو سے ہم سیہ بخت ہین اس سلسلہ جنبانی مین
کر دیا تفرقہ دہر نے یارون سے جدا ربط باقی ہے فقط زانو و پیشانی مین
منہ جھکا کر کبھی دھوتی ہین جو دریا مین وہ بال سانپ لہراتی ہین موجون کی جگہ پانی مین
استخوان کھائی سگ یار کی ساتھ اگر ہما ہی مناسب کہ طفیلی بہی ہو مہمانی مین
کہد و پریون سی کہ دل پھیر دین دیوانون کا نالشی ہو نہ کہین جا کے یہ دیوانی مین
خود نمائی کا جو ہو بزم شہادت مین خیال دیکھہ منہ آئینہ دم کے قربانی مین

تیغ بی مثل تری ابروی پر خم کی ہی یار
اصفہانی مین یہ خم ہی نہ خراسانی مین

سنکر خرق فلک کیلیی ہوتا ہی حکیم
اہرمن دخل ناری قدرت یزدانی مین

شعر تہوڑی ہین غزل مین تو مناسب ہے اسیر
مرتبہ حسن کا گہٹتا ہے فراوانی مین

رہا ہی یاد ابرو مین مجہی شغل فغان برسون
وہ مومن ہون کہ دی ہی مینی کعبہ مین اذان برسون

سبب یہ تہا کہ فرقت مین جیا مین ناتوان برسون
بہت ڈہونڈہا نہ پایا موت نی میرا نشان برسون

وہ بلبل ہون رہا دشمن ہمارا باغبان برسون
جلائی آگ راتونکو قریب آشیان برسون

مزہ عشق جوانی کا کوئی جاتا ہی پیری مین
جو زخم اچہا بہی ہوتا ہی تو رہتا ہی نشان برسون

صبا وقت ہین ہم بہی تیتی بوٹی بوٹی ہی
ہمارا بہی رہا ہی اس چمن مین آشیان برسون

یقین صیاد کو مشکل سی آیا میری الفت کا
کہلا رکہا قفس کا در برائی امتحان برسون

خموشی خوب ہی اپنی وگرنہ ایک نالی مین
رہین گی برہم و درہم زمین و آسمان برسون

نہ کعبہ کا نہ ہمسی دیر کا ہی حال پوشیدہ
یہان ہمنی مہینون عمر کاٹی ہی وہان برسون

قوی سی جلد اہل ضعف ٹہجاتی ہین آفت مین
کہ گل جاتا ہی تن رہتی ہین باقی استخوان برسون

نہین کچہ امر آسان عشق اوسکی زلف پیچان کا
ہوا جسکو یہ سودا اوسنی پہنین بیڑیان برسون

جو خط نکلا تمہاری آتشین رخ پر تو زیبا ہی
کری پیدا سمندر آگ روشن ہو جہان برسون

لبان تک اسیا دل کی وہی باقی رہی نالی
دبائی گو کہ دانتون کی تلی ہمنی زبان برسون

کبہی وہ فاتحہ کو بہی نہ آئی لوح تربت پر
جو ہم آغوش تہی مانند خط توامان برسون

نہو گا دوسرا ہمسا پرستار ابی خدنگ افگن
کئی ہین ہمنی سجدی زیر محراب کمان برسون

تلاطم خیز ہی ایسا اگر دریای اشک آشنا
تباہی مین رہیگا یہ جہاز آسمان برسون

وفور ضعف یہ ہی ناتوانی اسکو کہتی ہین
کیا جب یاد اوسنی ہمکو آئین ہچکیان برسون

رہی جاری ہمیشہ اشک بی تاثیر آنکھون سے
نہ پہنچا منزل مقصود تک یہ کاروان برسون

ہماری اشتیاق دل کی طول ایسی کہانی ہی
نہو ختمہ بیان کبھی اگر یہ داستان برسون

نہ آنکھا نہ آیا اپنی تربت پر سگ جانان
امانت کیطرح رکہی زمین نی استخوان برسون

عجب کیا ہی جو انکو رتبہ جمشید حاصل ہی
قدح نوشون نی کی ہی خدمت پیر مغان برسون

قدم تہک جائین گی جبدم تلاش تیغ قاتل مین
یقین ہی سر پہریگا صورت سنگ فسان برسون

اسیر اندیشۂ اعدا سی ہین عزلت نشین ہم بہی
میان غار ابراہیم تہی جیسے نہان برسون

تیغ تولی ہوئی نکلی جو وہ بازارون مین
ہم بہی ہین جنس شہادت کی خریدارون مین

ایک عیسی بہی ہین اوس چشم کی بیمارون مین
ایک یوسف بہی ہین زلفونکی گرفتارون مین

وہ ہوم محشر مین ہوئی جب تری آمرزش کی
بیگنہ مل گئی چہپ چہپ کی گنہگارون مین

کچہ تو انصاف پر آئی ہی طبیعت انکی
کہ در انداز چنی جاتی ہین دیوارون مین

کبھی مژگان کی کبھی ابرون کی یاد رہی
نکلی تیرون سے تو ہم گہر گئی تلوارون مین

اعتماد اپنی عناصر پہ ہو کیونکر ہمکو
ایک کا ایک مخالف ہو جب ان چارون مین

کو مکدر رہین گر درد تہ جام کیطرح
لطف اوٹہتا ہی جو ہم بیٹہتی ہین یارون مین

گشت کرتی ہو جو تم گشت مین اوٹہتا ہی یہ رشک
روز چل جاتی ہی بندوق زمیندارون مین

تیر سی توڑ سوار کہتی ہی مظلوم کی آہ
رخنی کرتی ہی یہ فولاد کی دیوارون مین

جتنی قاتل تہی مری بعد ہوی سب بیکار
توڑ تیرون مین نہ اب باڑہ ہی تلوارون مین

اپنی بندون مین تیغ اولٹو رخ سیمین سی نقاب
کچہ تصدق بہی ہو تقسیم گرفتارون مین

کیا چھپاتا ہی مری خون کو ای تیر فگن
ہی مری خون سی سرخی تری سوفارون مین

غم نہین بند جو دربان نے دربار کیا
جھانکنی کے لیے روزن تو ہین دیوارون مین

خوگر غم کو زمانی مین خوشی سی کیا کام
عید کی دن بہی محرم ہی گرفتارون مین

ہاتھ آیا ہمین فردوس نہ دوزخ دم حشر
بیگناہون مین نٹھہری نہ گنہگارون مین

لڑکھڑاتی ہین قدم کیون نہ دین مین اوسکے
زاہد خشک تو ساقی نہین میخوارون مین

کسکی آنکھین نہین دیدار بتان کی طالب
سیکڑون تار نظر اولجھی ہین زنارون مین

نہین برسا جو یہ ابر مژہ تر امسال
جنس کا قحط ہی ہر تال ہی بازارون مین

تیری وحشی گئی ہستی سی عدم کو عریان
دھجیان ہو گئی تار رخت بدن خارون مین

فکر دنیا غم دین پاس احبا سر دوست
اتنی کامون پہ بہی ٹہہری ہین بیکارون مین

غسل دریا مین بہی ہی ابروی جانان کا خیال
گھیر لین آ کی نہ موجین مجہی تلوارون مین

روح فرہاد سے شاید ہو ملاقات اسیر
روز اسکے لیے پہرتا ہون مین کہسارون مین

کیا کرون اشک اگر صاحب تاثیر نہین
طفل سے ہو جو خطا لایق تعزیر نہین

نہ پڑھی یار تو اوسکی کوئی تدبیر نہین
ورنہ مکتوب ہمارا خط تقدیر نہین

بھاگتی ہین تری دیوانی سی جنگل مین غزال
ہمہمہ شیر کا ہے نالہ زنجیر نہین

قبضہ حیران ہی ہون سارے جہان پر کیونکر
بڑھ کی وہ ہاتھ سی قاتل تری شمشیر نہین

کم آئی نظر اوسکی تو کسی دل پہ ہو نقش
شکل نادیدہ کبہی قابل تصویر نہین

ای جنون ہمکو درختون کی بہی قسمت نملی
بید مجنون ہے مگر پاؤن مین زنجیر نہین

ستم چرخ کی شاکی ہین عبث مردم دہر
حکم سلطان ہو تو جلاد کی تقصیر نہین

وعدہ خلا مریدون سی عبث کرتا ہی
خوہ گلستان حنا مین گذر پیر نہین

آب غربال کے مانند نکل جاؤن گا
سدرہ جوش جنون مین مجھی زنجیر نہین

کہین دشمن ہی زبان میری اوسی دی گی جواب
دور کی جنگ مین بیکار یہ شمشیر نہین

چاہیی گوشہ نشینی مین تری الف کی یاد
گھر ہی بازار جو دروازے مین زنجیر نہین

جسکی بیٹھا جو مین اوس در پہ تو دربان نی کہا
چلیی اوٹھیی یہ نہ رہین آپ کی جاگیر نہین

ایک ہی سا اصل ہی یہ کبر یہ نخوت کیسی
مین اگر خاک ہون کچھ آپ بھی اکسیر نہین

بارہا ہمنے حسینون کا مرقع دیکھا
تیری سی شکل نہین تیری ہی تصویر نہین

اذن لی پیر مغان سی تو یہان داخل ہو
شیخ میخانہ ہی یہ کعبہ کی تعمیر نہین

دم ہی شکوہ نہ کہول ای رگ گردن دم ذبح
تیغ ہی کند ہی جلاد کی تقصیر نہین

کور باطن کو مری شعر کی کیا قدر اسیر
چشم خفاش مین خورشید کی تنویر نہین

نالۂ دل مین مری کونسی تاثیر نہین
توڑ مین تیر کہ یہ کاٹ مین شمشیر نہین

آفت دہر سے خالی کوئی تعمیر نہین
گوشۂ امن بجز خانۂ زنجیر نہین

راست قد دفن ہوئی ہین جو زمین مین لاکھون
کون سی گور ہے جو ترکش پر تیر نہین

مرگ کی بعد خیالات جہان سی کیا کام
یہ وہ ہی خواب کہ جسکی کوئی تعبیر نہین

اہل رفعت مدد غیر سی رہتی ہین بری
شمع مہتاب کو کچھ حاجت گلگیر نہین

کیا گلہ ہی نکری بات جو وہ غنچہ دہن
دہن تنگ مین گنجائش تقریر نہین

جان بری الفت گیسوی سیہ مین ہی محال
سانپ لپٹا ہی مری پاؤن مین زنجیر نہین

ہون وہ طائر کہ ملی بی پر و بالی مین بھی پر — کس جگہ جسم مین پیتھا کہ وہان تیر نہین

خواب غفلت سی ذرا کھول مسافر آنکھین — شب کٹی صبح ہوئی کوچ مین تاخیر نہین

خط رخسار چھپاتی ہو عبث عاشق سے — کاغذ زر یہ نہین نسخہ اکسیر نہین

تمسی کیا دون مین مہ چہاردہم کو نسبت — ایسی ابرو نہین یہ زلف گرہ گیر نہین

اتہو اوس قید مین الایا ہی مقدر کہ جہان — آب شمشیر نہین دانہ زنجیر نہین

ہاتہ اٹھاتی ہین دعا کو مگر اتنا ہے یقین — قابل محو ہمارا خط تقدیر نہین

اہل حیرت کو ہی کیا عشق مجازی سی غرض — گل کی مشتاق کوئی بلبل تصویر نہین

سیر میخانی کی زہاد کو لازم ہے اسیر
خلد مین ایسی کوئی قصر کی تعمیر نہین

لب پر جز تذکرہ زلف گرہ گیر نہین — پیچ کچھ جسمین نہو یاد وہ تقریر نہین

کیا وہ سینہ ہی جو سینہ ہدف تیر نہین — کیا وہ گردن ہے جو گردن تہ شمشیر نہین

نامہ بر حال جو دیکھا ہے زبانی کہنا — خون روتا ہی قلم حاجت تحریر نہین

ای برہمن جو سنین بت ابھی دل پانی ہو — بانگ ناقوس مرا نالہ شبگیر نہین

ہون وہ مقتول کہ قاتل سے ہے الفت مجکو — آب خنجر سے لہو کب شکر شمشیر نہین

رکھتی ساتھ تواضع کی ہی انسان مین خم و — ہی کمان معانقہ مین بیکار اگر تیر نہین

یہی تیزی جو زبان کی ہی تو بندہ کا سلام — قطع الفت کی لیے حاجت شمشیر نہین

دل ندیتا تو بلاؤن مین نہ پہنستا ایسا — میری تقصیر ہی کچھ آپ کی تقصیر نہین

دیکھ تو بزم حسینان کو مصور جاکر — کون سی شکل ہے جو قابل تصویر نہین

الفت قید نکلنے نہین دیتی باہر — تیری دیوانے کو کچھ حاجت زنجیر نہین

ذبح ہو جاؤنگا آنکھین تو ملا اے قاتل
نگہہ ناز تو ہی پاس جو شمشیر نہین

کون دنیا مین ہے دل جسمین نہین تیری جگہ
تجکو رہنی کی لیے حاجت تعمیر نہین

دوڑ کر خود مری آغوش مین آتی ہین حسین
کون کہتا ہے مری آہ مین تاثیر نہین

گالیان لکہہ کی نہ دکہلائے وزبان کو کہولو
کام تقریر کا ہے حاجت تحریر نہین

باغبان ہون وہ سیہ بخت کہ گلشن مین مری
شام سوسن کی سوا صبح طباشیر نہین

شوق رہبر ہے تو چل جلد زیارت کو اسیر
ہند سی دور بہت روضۂ شبیر نہین

مردہ نہ یون دبا کوئی دشمن نہین ہون مین
تیرا ہی ایکبارہ تن ای زمین ہون مین

مذہب ہی عشق عاشق روئی حسین ہون مین
کس دہر مین ہین بت کہ برہمن نہین ہون مین

ہر وقت مین ایک ہی مری ہستی و نیستی
ثابت یہ خود مجہی ہی کہ گویا نہین ہون مین

یارب یہ کسکی سجدہ درگاہ ہی اشتیاق
مانند آفتاب سراپا جبین ہون مین

جز عجز کبر مجہمین ذرا بہی نہین رہا
آگی تو آسمان تہا پر اب زمین ہون مین

مٹتی ہی سینہ لب سی نہوتی تہی لب جدا
قدرت خدا کی ہی کہ کہین تم کہین ہون مین

گہر سی نکل کی کیا مجہی پہر نیکی ہو امید
ہمر از گفتہ ہون نفس واپسین ہون مین

دیکہو نگاہ کم سے نہ مجہہ خاکسار کو
وہ خاک ہون کہ سرمۂ عین الیقین ہون مین

غصہ مین ہی جو اوسکی مژہ مجہسی پوچہی
جوہر شناس خنجر چین جبین ہون مین

کیا پہنچی دست شوق تری ہاتہ پاؤن تک
دامن ترا ہون مین تری آستین ہون مین

قابل نہین جحیم کی بہی فعل زشت سی
منہ ہی مرا کہ طالب خلد برین ہون مین

اعلی کیا ہی مجکو نہ ادنی نصیب نے
بالائی آسمان ہون زیر زمین ہون مین

ہی تنگی جہان سی کسی انجمن کا لطف / اتنی جگہ نہین ہی کہ خلوت نشین ہون مین

ہوتا ہون بدگمان تو یہ کہتا ہی نامہ بر / خط دو کہ جبرئیل کی صورت امین ہون مین

اسباب خانہ ہی تو خم و ساغر و سبو / وہ گھر شرابخانہ ہی جسمین مکین ہون مین

ظاہر مین ہون مقیم تو باطن مین ہون روان / دریا ہی یہ زمانہ تو کشتی نشین ہون مین

لیلی کی ساتھ ہوتی ہین مجنون کی تذکری / اللہ ری اتحاد جہان تم وہین ہون مین

بڑھکر کوئی زمانی مین اس سی نہین شفیق / تقدیر میری ساتھ ہی میری کہین ہون مین

بسمل کی ہچکیان ہین کہ میری سوال اسیر / مجروح خنجر لب نان جوین ہون مین

فکر توصیف دہن مین شعرا رہتی ہین / روز مضمون نئی غیب سی آ رہتی ہین

صورت سبزۂ بیگانہ ہین اس باغ مین ہم / سب مین ہوتی ہین مگر سب سے جدا رہتی ہین

قطع امید عطا ہی مری مذہب مین گناہ / ہاتہ شل ہو گئی ہی مصروف دعا رہتی ہین

صائم الدہر جو ہین انکو ہی کیا فکر معاش / سالہا سال یہ مہمان خدا رہتی ہین

کب توجہ نہین اوس ابرو پر خم کی طرف / رو بقبلہ صفت قبلہ نما رہتی ہین

خاک ہوتا ہے رہ عشق مین اکسیر بقا / جو بگڑتی ہین یہان کچھ وہ بنا رہتی ہین

تنگ آیا ہون مین افلاس مین مہمانون سے / استخوان تن مین نہین گرد ہما رہتی ہین

منزل عمر سی ہر دم ہین یہ آمادۂ کوچ / کان اپنی طرف بانگ درا رہتی ہین

خون پیا داغ سہی صبر کیا کچھ نہ کہا / خوش ہین ہنستی ہین اب بہی وہ خفا رہتی ہین

کذب دعوی یہ نہین حال ہمہ تن ہی دلیل / جتنی ناقص ہین وہ انگشت نما رہتی ہین

ہر شب ہجر کو کرتا ہون مین مر کی سحر / روز ہنگامی قیامت کی بپا رہتی ہین

بت ہین گر آزردہ تو ہون ہمسی ہے اللہ تو خوش
بتکدہ ترک کیا کعبی مین جا رہتی ہین

ای اجل کر نہ کرم اونپہ جو تجھسے ہین نفور
لی خبر اونکی جو جینی سی خفا رہتی ہین

فرش مخمل پر امیرونکو مبارک رہی خواب
خار زارون مین ترے آبلہ پا رہتی ہین

صحبت اہل فنا انکو خوش آتی ہی اگر
گھر جو تکیے مین بنا کر فقرا رہتی ہین

آمد یار کی مشتاق نہین کونسی راہ
منتظر دیدۂ نقش کف پا رہتی ہین

چشم نرگس ہی نہین طالب دیدار تری
کان پھولون کی بھی مشتاق صدا رہتی ہین

پوچھتی کیا ہو تپا آئینہ رخسارون کا
دل عاشق مین یہ ارباب صفا رہتی ہین

میری نالی ہین ستون خیر ہی اتھی ورنہ
ہفت افلاک زمین پر ابھی آ رہتی ہین

چشم انصاف کشادہ ہی ہماری ایسے
گوش دل منتظر دخل بجا رہتی ہین

تعزیہ خانہ ہی کہتی ہین جسی کوچۂ عشق
جو یہان آتی ہین مصروف بکا رہتی ہین

واہ کیا صاف طبیعت ہین قدح نوش اسیر
ہم انہین لوگون کی خاک کف پا رہتی ہین

پھنس گئے خط ذقن کی چاہ مین
غوطے کھائی آب زیر کاہ مین

کیا کرم سے ایک ہین اچھی برے
آپ کی سرکار عالیجاہ مین

وہ مسیحا ہو جو کی تمنے نظر
جان ڈالی مرغ بسم اللہ مین

بوریی سے ہاتھ بہر اونچا ہی تخت
فرق کتنا ہی گدا و شاہ مین

ہون وہ مضعف توڑ ڈالون اپنی پانون
ہو اگر پامال کانٹا راہ مین

حاجیو اوس سرو قد کی یاد ہے
رکن اعظم حج بیت اللہ مین

ساتھ ہین عاشق ہزارون ننگے سر
آتے ہین لیکے علم درگاہ مین

بند کر لے آنکھہ چل سوی عدم
ہے کہین بتخانہ اونچا راہ مین

عشق لایا آنسوؤن کو سوے چشم
کاٹ کر دریا گرایا چاہ مین

کعبے چلتا ہون پر اتنا تو بتا
میکدہ کوئی ہے زاہد راہ مین

اہل حق ہی ہین یہان پست و بلند
چرخ پر عیسے ہین یوسف چاہ مین

ای فلک دے قبر تو ہمکو وسیع
عمر گذری خانۂ کوتاہ مین

ابتو ہی روپوش وہ خورشید رو
دیکھیے آئی نظر کس ماہ مین

دل جلائے کیون نہ وہ چاہ ذقن
معدن گوگرد ہے اس چاہ مین

طرفہ عریانی مین پایا ہی لباس
تن چھپا رہتا ہے گرد راہ مین

منہ چڑہی گا کیا رقیب حیلہ جو
شیر کی جرات ہی کب روباہ مین

مہربان وہ بت ہوا ہمپر اسیر
شکر ہے اللہ کے درگاہ مین

لگی نہ ہاتہ جو اوسکی کمر تو عیب نہین
ہماری قبضہ قدرت مین دست غیب نہین

مقام فکر ہی نیرنگیٔ ریاض جہان
وہ کون غنچۂ گل ہی جو سر بجیب نہین

وہ بت ہی صاف کہ ہمسی خفا خدا جانی
بجز خدا کوئی وانامی حال غیب نہین

جری کو جامہ میسر اگر نہین تو نہو
برہنگی پی شمشیر کوئی عیب نہین

ہماری دل کو مصائب کی تاب ہو کیونکر
خباب شیث نہین حضرت شعیب نہین

دکہا رہا ہی مجہی دل وہ باغ یکرنگی
جہان بہار شباب و خزان شیب نہین

ہی ایک شکل بد و نیک دوست دشمن سے
وہ آئینہ ہی یہ دل جسمین زنگ ریب نہین

تمہارا سینہ ہی یا تختہ بہشت برین
در بہشت برین ہی یہ چاک جیب نہین

وہ بی وہین سرمحفل ہی آج گرم سخن
سنین وہ جسکو یقین صدائی غیب نہین

لئی یہ دست جنون نی لباس کی لیتی
کہ آستین نہین دامن نہین ہے جیب نہین

دلیل رنگ شرافت ہی اس چمن مین بہی
پہٹی لباس پہ خندان ہین گل تو عیب نہین

ہنروروں کو مبارک رہی عرق ریزی
ہنر ہا ہین کوئی آتا نہین تو عیب نہین

اسیر رفعت معنی اگر نہین تو نہو
ردیف سست نہین قافیون مین عیب نہین

بلائین لاکہہ شب ہجر مین یہان آئین
شکایتین نہ کبہی اوس سی درمیان آئین

فلک پہ جائین جو آہین یقین نہین آتا
کہ رک کی دل سی کبہی جا بہ تا زبان آئین

مریض عشق کو ایسا خیال وصل رہا
تپین جو ہجر مین آئین تو توامان آئین

کمند جذبۂ دل گیا جنون مین کام آئی
کہ کوہ قاف سی پریان کشان کشان آئین

سنی جو خلد مین حورون نی اوسکی حسن کی دہوم
خدا سے اذن لیا زیر آسمان آئین

تصور رخ و گیسو مین جب گئی نالے
کبہی سیاہ کبہی سرخ آندہیان آئین

شہید ناز ہین کس مست کی یہ شیشہ رگی
کہ بسملون کیطرح انکو ہچکیان آئین

کہلی نہ گل کوئی تازہ یہ ڈر رہی بلبل کو
چمن کا روز بدلتا ہی باغبان آئین

گرائی آدمی بجلی بہائی اشک نی سیل
جہان گیا مین نئی آفتین وہان آئین

کہلا یہ خانۂ زندان مین میری قید کو طول
بلا مین طوق پڑا تنگ بیڑیان آئین

لرز گیا دل ہم رنگ کلام واعظ سے
عجب مہیب صدائین دم بیان آئین

بزنگ ماہی بی آب اوسکا دل تڑپا
نظر جسی تری بالیکی مچہلیان آئین

کرین جو کام جوانونکی پیر کیا ممکن
کہ دست و پا مین گئی قوتین کہان آئین

اسیر آج ہے پھر عیش باغ کا میلا
چلو چلو کہ حسینون کی ڈولیان آئین

کرین اشعار موزون اسکی وصف قد موزون مین
بلندی شاعری تنکو ہو اگر درکار مضمون مین

پھنسا ہی دل مرا جا کر کسیکی زلف شبگون مین
جنونکی جوش نی زنجیر ڈالی پای مجنون مین

پھرا ہون عالم وحشت مین برسون کوہ و ہامون مین
رہا ہون اشتیاق صحبت فرہاد و مجنون مین

سواد فہم کا پردہ پڑا ہی چشم حاسد پر
کرےگا موشگافی کیا مری جو تیکی مضمون مین

تری خال رخ گلرنگ سی تشبیہہ دی ہمنے
زیادہ کسطرح نشہ تہو لالی کی افیون مین

زمین مین گاڑتی ہین سیم و زر بیفائدہ ممسک
عبث کرتی ہین اپنی گنج داخل گنج قارون مین

ہوا ثابت جنون مین بھی بشر رہی فقط ایذا
نہ تھکی ایکدن زنجیر پائی بید مجنون مین

کیا ہم وزن گلشن مین جو اوسکی قد موزون سے
ہوا قمری کو سکتا سرو کی مصراع موزون مین

دکھا دو اپنی ہی ظرف کی ای می کشو وسعت
پیو پھر بھر کی می پیمانہ خورشید گردون مین

چلی کچھ تیز تحسین کی ہوا تو رنگ اوڑ جاوے
نزاکت سی نزاکت ہی مری گلہای مضمون مین

سنگ جانان سے کیونکر دین کسی لہو کو نسبت ہم
تفاوت ہی بڑا گاو زمین و شیر گردون مین

یہ آنکھین جل رہی ہین اب نہین ہین نام کو آنسو
نیا دیکھو تماشا اوڑ رہی ہے خاک جیحون مین

مکان آباد تھی جتنی ہوئی ہونگی مکان آخر
نہ کوئی طاق کسری مین نہ ایوان فریدون مین

جنھین اہل زمین سب رات کو انجم سمجھتی ہین
یہ رخنی ہیری تیر آہ سی ہین سقف گردون مین

حنا گلزار سی منگوا کی پسوانی سی کیا حاصل
ڈبو لی اونگلیونکو اپنی ای قاتل مری خون مین

مقام عافیت پایا جو خم مین بیٹھہ رہنی سے
یہ تیری فیض سے ساقی تہی فقط عقل فلاطون مین

درازی اپنی دکھلاتی یہ کسکی دست وحشت نے
کہ جا دامن سی اودہر چاک ہین دامان ہامون مین

اسیر امید عشرت آسمان سی سخت بیجا ہی
فقط یارونکو دہوکا ہے کہان مے جام و اژدون مین

کوئی میخانہ ایسا ہی کہان اس دور گردون مین
بھرا ہی بادہ مستی تمہاری چشم میگون مین

خمار آلودہ ہون کیونکر نہ میکش ربع مسکون مین
شراب عیش اے ساقی نہین مینائے گردون مین

ہماری چشم گریان نی کیا رنگ مقتل مین دکھایا ہے
کہ عالم شاخ مرجان گل ہی اوسکی تیغ پرخون مین

عنایت کوئی کر مینای جی ہمکو بہی ای ساقی
خم و پیمانہ ہین قابو نہی جمشید و فلاطون مین

ترقی تجکو ہر دم ہی مہ ہر روز ایک صورت پر
مقابل مہر کیا ہو تجہسی حسن روز افزون مین

بجائی دل فنی لیکن نہ پہنچا اوسکی گیسو تک
یہ انجمی ہاتہ آتا کچہ اثر ہوتا جو افسون مین

کیا گردون نی میری اختر طالع کو پست ایسا
ہوا اک اور درہم جا کی داخل گنج قارون مین

کلام اللہ شاہد ہی کہ قادر نظم بالا ہی
تردد کیا ہی بسم اللہ کی مصرع موزون مین

کسی دل مین اثر پیدا کری تیغ ہم گدا جانین
تکلف کیا عمل پائی جو سلطان ربع مسکون مین

زمین پشت و دریا ہی یہ مجہ وحشی کی رونی سے
کہ جا دی موج دریا نکلی چل نکلی ہین ہامون مین

نہین بی لخت دل آنکہون سی جو آنسو نکلتی ہین
کئی یاقوت بہی شامل ہین سلک در مکنون مین

تصور اوس کمر کا بسکہ وقت فکر باندہا ہے
زیادہ بال سی باریکیان ہین میری مضمون مین

چڑہین ای جسم خ قبر کوہکن پر مسعودہ بین
مناسبت مجنون ہی ظل بید مجنون مین

روانی دیکہہ تو خون سر فرہاد کی شیرین
یہ سرعت اور یہ گرمی کہان خسرو کی گلگون مین

گر اسلطان نعمون دنیا مین کیونکر اوسکی سایہ سے
ہما رہتا ہی تیری سایۂ بخت ہمایون مین

عجب کیا ہے اگر پہنچا ہی من منقل آتش
جلن ہی بڑہ کی جگر سے مر ہر قطرۂ خون مین

ہنسی کیا لیا سمجکر اوسکو کشت زعفران لیلی
ہوا رنگ رخ ہو صرف اگر تصویر مجنون مین

نہ کیونکر شاد ہو باریکی مضمون سے دل میرا
سمائیگا مرا مضمون چشم ذرہ مضمون مین

کیا تیری قد موزونکی اوسکو ناموزون
نکالین مہنی شاخین جو کی مصراع موزون مین

سر مو لکھہ سکی کوئی اسیر اسکو یہ کیا ممکن
سیہ بختی کی بختی ہو جو صفر لف شبگون مین

امید وصل سے ہے دل ہجر مین ہلاک نہین
بہت قریب ہے عیسی اجل سے اگ نہین

بشر نہین جسے اندیشہ ہلاک نہین
وہ کون خاک ہے جسکا مآل خاک نہین

وہ کون مست ہے کلفت سے جو ہلاک نہین
سوای دردخم آسمان مین خاک نہین

کمال آج حسینونکی سرخ سرخ ہین ہاتہ
مری لہو کا تو مہندی مین اشتراک نہین

خیال وصل حسینون سے اور دست تہی
خرید جنس کا سوداگرہ مین خاک نہین

یقین نہین ہے تری زہد کا ہمین زاہد
قسم تو کہا کہ تجہی دختر زر کی تاک نہین

بری گناہ سے کیونکر رہین یہ دولتمند
شراب خانہ مین دامن کسی کا پاک نہین

جو تپ بہی آئی عیادت کی ہے امید کسی
ہماری اونکی وہ اگلا سا اب تپاک نہین

نگاہ بہر کی اوسی کوئی آنکہ کیا دیکہی
کہ آفتاب ہے وہ روی تابناک نہین

فدا ہین اوسپہ سب اہل زمین اہل فلک
کدہر کو غلغلہ روحنا فداک نہین

علی کا نام ہے سلمان صفت جو ورد زبان
دہان شیر مین بہی ہشت ہلاک نہین

ہین ایک دیدہ مادر مین طفل خرد و بزرگ
گدا و شاہ مین کچہ فرق زیر خاک نہین

عجب نہین ہے گنہگار آدمی ہین اگر
یہان تو آکی فرشتی خطا سے پاک نہین

صفای ساعد سیمین کو کیا کوئی دیکہی
کہ آستین مین تری پیرہن کی چاک نہین

لٹک رہی ہین ستارونکی سیکڑون انگور
سپہر کیا ہے اگر دار بست تاک نہین

جدا جو تمسی ہون عاشق ایسی فنا ہو جاتین
بجز نگاہ یہ دوامہ مین انکا کا نہین

پھرا رہا ہی فلک کیا سمجھ کی سر پھیرا
بھنور نہین ہی بگولا نہین تو چاک نہین

بنی نہ سامنی فرعون کی کبھی جسسے
خدا نسی پاک ہی جسکو کسی سی باک نہین

غرور کیا ہے جسکا نہ سوار ہوا دو
کھلی ہی راہ کسی وقت بند ڈاک نہین

پی سواری شاہ جنون بنی ہی سر ترک
عبث اسیر گریبان مین اپنی چاک نہین

کام پارس کا یہ ارباب نظر کرتی ہین
دیکھ لیتی ہین جو آہن تو زر کرتی ہین

درد کی فرقت مین اک شام سحر کرتی ہین
زندگی عین تلاطم مین بسر کرتی ہین

اشک موقوف کوئی دیدۂ تر کرتی ہین
کٹنی تاریکی شب فرقت مین سحر کرتی ہین

یاد ابرو مین کہ وان اشک اگر کرتی ہین
دامن تیغ کو لبریز گہر کرتی ہین

کچھ دو دو شا سی نہین کام کہ ہین پہنچتی
ایک کملی مین ہم اوقات بسر کرتی ہین

منزل عمر نہین ہمسفر و جای قیام
تم چلو یا نہ چلو ہم تو سفر کرتی ہین

چشم عبرت ہو تو مردی نہین کم واعظ سی
مرگ اک دن ہی یہ زندونکو خبر کرتی ہین

کچھ نہ کہاتی ہین پیتی ہین تمہاری عاشق
ہجر مین کام فرشتون کا بشر کرتی ہین

ہی بیابان بجای خدا خال رخ یار کی یا
ایک دانی پہ ہم اوقات بسر کرتی ہین

دکھا غیر کا کیا کہ ہم اونکی در سی
جسکی نظارۂ خورشید و قمر کرتی ہین

بسکہ اختفای محبت ہی ہمین مد نظر
اپنی دل سی ہی نشان داغ جگر کرتی ہین

درد حسرت سی ہین جلتی انکھین روشن
تو ہی آتا ہی نظر جسکو نظر کرتی ہین

دی بجا بہر ہنو سخت اگر تمکو کہین
[illegible] نی اشک یہی باتکا خنجر کرتی ہین

راہرو دونون ہین زیادہ ہون یا تر دامن
ہے تری آنکہ تو وہ خشکی کا سفر کرتی ہین

دل تمہارا نہ پسیجی تو عجب کا ہی مقام
یہ وہ نالی ہین کہ پتھر مین اثر کرتی ہین

صرف زر کرتی ہین تعمیر عمارت پہ جو لوگ
ان سی پوچھو کہ کسی دل مین بہی گہر کرتی ہین

کم یہ کاندہونکی فرشتی نہین ہر کاروان سی
میری احوال کی روز اوسکو خبر کرتی ہین

استخوان اسکی جو سرمہ ہون تو ہون کیا پروا
پہر گئی آنکہ ادہر کب وہ نظر کرتی ہین

کام کیا تنگی عالم سی فقیرون کو تری
جہوپڑی مین بہی فراغت سی بسر کرتی ہین

پیچ و تاب دل عشاق تماشا ہی اسیر
یہ کبوتر وہ نہین ہین جو کمر کرتے ہین

اعضای بدن یہ ٹوٹتی ہین
گویا کہ تپنچی چہوٹتے ہین

می پیتی ہی خوشی ٹوٹتی ہین
توبہ کی نصیب پہوٹتی ہین

لکہتا ہون جو خط مین حال گریہ
قرطاس پہ حرف پہوٹتی ہین

ہوتی ہین سبک جو ہین گرانبار
رہزن بہی ثواب لوٹتی ہین

ہوتی ہین جو میری پاؤن زخمی
کانٹون کی پہپہولی پہوٹتی ہین

رندونکو ہی شغل دزدی مے
میخانونکی قفل ٹوٹتی ہین

ہی حوض یہ چشم دل خستہ
فوارے مژہ کی چہوٹتی ہین

مردون کی لحد پہ جل کی مزدور
مزدوریان گورکی کوٹتی مین

تاچند یہ صحبت تن و جان
جگ ایسی ہزارون ٹوٹتی ہین

وہ وادی عشق ہے کہ جسمین
خم شیشہ دلون کے چہوٹتی ہین

حداد بنا ہے کے محبت کی زنجیر
کیون آہن سے دکو ٹوٹتی ہین

دنیا مین لٹا کی ہم گھر اپنا
عقبی کا ثواب لوٹتی ہین

ہم دام اجل مین ہوتے ہین قید
احباب اسیر چھوٹتی ہین

کچھ جدا نور علی و احمد مرسل نہین
ایک کو دو کس طرح سمجھون کج مین احول نہین

دیکھہ ای دل مطلع کونین ہی کیسا دو لخت
مصرع ثانی سی ربط مصرع اول نہین

شعر پڑہکر اشک افشان کس لیے ہین اہل درد
میرا دیوان ہی ابو مخنف کا یہ مقتل نہین

ہجر ساقی مین مجھی کیونکر نہو خوف ہلاک
اژدہا کہسار سے آیا سیہ بادل نہین

ہمرہ رخ خال کی نقطون کا ہی لکھا ہون وصف
صورت فیضی مری تفسیر کچھ مہمل نہین

مین یہ سمجھا روشنی مین شب کو نکلا جو امیر
غول مشعلچی چراغ غول ہی مشعل نہین

پستی طالع یہ میری رو رہا ہی اسقدر
بحر تقویم منجم نہر ہی جدول نہین

کاٹ ڈالون سر کہ ہو مطلق زوال دردسر
درد سر کیو اسطے دردسر صندل نہین

ہجر کی شب میری آنکھون سی جو آنسو ہین رواں
اشک پانی سی بہری ہی تکیہ مخمل نہین

تیری تیغ امتحان کی کون کہا سکتا ہی زخم
مرد اس میدان کا جب جوہر اول نہین

ہی جو معشوق اسکو ہی عاشق کی صحبت سے گریز
میہمان طاؤس کی گھر مین کبھی بادل نہین

دشت غربت مین ہی اہل وطن کا ہی خیال
ساتھ میری آدمی کا کس جگہ جنگل نہین

داغ دل موجود ہی نان سفر درکار کیا
پاؤن مین چھالا ہی پانی کی اگر چھاگل نہین

بادہ کش ہین کیون مجھی عورت مین گر ہی مطلب
گھر مین قاضی کی تو می کی ایک بھی بوتل نہین

تا بہ اتممت علیکم نعمتی سی ای اسیر
جز علی کوئی وزیر احمد مرسل نہین

کون صاحب تبسم ہی جبین یہ عقدہ حل نہین
جسکا ثانی ہو خدا کی ذات وہ اول نہین

کب تہا وہ کب نہ ہی اے حاکم واعدل نہین
آخر آخر نہین یا اول اول نہین

غیر کا احسان اوٹھاتی ہین کوئی اہل صفا
دل وہ آئینہ ہی جسکو حاجت صیقل نہین

نالی کرتا ہون نہین ہی نام کو آنکھون مین نم
ہی عجب بجلی چمکتی ہے مگر بادل نہین

انقلاب دہر ظاہر ہی عیان تغیر حال
آج جو ہی کل تہا جو آج ہی وہ کل نہین

چہرہ روشن چھپاتی ہو عبث دامن سی تم
شمع ہی فانوس مین پر آنکھہ سی اوجہل نہین

گہر پر آکر ستاتی ہین مجھے کیون آشنا
بہاگ جاؤنگا مین وحشی دور کچہ جنگل نہین

شرم آتی ہی کہ مین کاندہون پہ جاتا ہون سوار
کون ہی تابوت کی ہمراہ جو پیدل نہین

کیون نہ کپڑی پہاڑ کر راہی ہون صحرا کیطرف
دست و پا میری ابہی انی جوش وحشت سل نہین

آگیا ہے پردۂ ابر تنک مین آفتاب
رقص مین رخسارۂ محبوب پر آنچل نہین

ہون وہ میکش خم چڑہاؤن تو نہو تسکین دل
باعث سیری یہان ملی ایک دو بوتل نہین

قوت معنی عیان میری قلمدانسی ہی رو
شیر سی خالی کبہی یہ کلک کا جنگل نہین

گل گئی بازار مین بلبل گئی سوی قفس
قصۂ صیاد و گلچین آجتک فیصل نہین

کسکی خوشبو آگئی جسنی معطر کر دیا
عطر دان صحن چمن مین کونسی کونپل نہین

سہل سمجہی ہو ہماری دل جلانی کو عبث
آہ سوزان ہی یہ دود آتش منقل نہین

لائی ہی وحشت ہمین کس وادی تاریک مین
منزلون جسجا کہ دست غول مین مشعل نہین

چاہتی ہین جو مزہ دنیا مین نادان ہین اسیر
نخل حنظل ہی یہ شیرین اسمین کوئی پہل نہین

اوسنی پیغام یہ بہیجا ہی کہ ہم آتی ہین
ایسی عالم مین کہ اوٹہی ہمین دم آتی ہین

کبھی آتی نہیں کہتی او نہیں ہم آتی ہیں
آدمی بھیجتے ہیں روز کہ ہم آتی ہیں

سرد ہنگامہ یوسف نظر آتا ہی ہمیں
آج کسکے سر بازار قدم آتی ہیں

ظاہرا کچھ تری بیمار کو تخفیف ہوئی
تپ تو آتی ہی مگر غش او بھی کم آتی ہیں

وعدۂ قتل میں ہی وعدۂ فردا ہر روز
خوب قاتل تری تلوار کو دم آتی ہیں

سر کٹی عاشق شیدا ہیں ہزاروں ہمراہ
آج درگاہ میں کسکی یہ علم آتی ہیں

بت پرستوں سی کہو پوچ رہی کسکو
کبھی مشکل میں بھی آڑی یہ صنم آتی ہیں

دیکھئی زیست ہی یا مرگ کہ جلاد و مسیح
آج بالین پہ عیادت کو بہم آتی ہیں

تھم جو آتی ہو تو سب نخل پئی استقبال
بڑھ کی گلزار سی دس بیس قدم آتی ہیں

تیغ کعبہ ہی کہ ہر سجدۂ شکرانہ کروں
کھیلنے کو وہ مری ساتھ صنم آتی ہیں

کشت سینچی نہ مری جھوم کی آیا سو بار
کتنی چھینٹے تجھی ای ابر کرم آتی ہیں

کوئی قاتل سی ہو کیا رجعت قاصد کی امید
پھر کی کب راہی اقلیم عدم آتی ہیں

تیغ کھینچے ہم اگر اہل عدم دیں یہ صدا
اک ذرا اور توقف ابھی ہم آتی ہیں

دہ کماندار کری صید تو کیا خیر مگر آپ
تیر کی زد پہ غزالان حرم آتی ہیں

آب کوثر سی بھری جام کری زینت قصر
کہدو رضوان سی کہ ہم سوئے ارم آتی ہیں

خاک پیدا ایسی مضمون ہو شہرہ ہی میں آسی
کہ ثمر نخل کہن سال میں کم آتی ہیں

جنت ارضی ہی ہی جو کچھ ہی بی حورین
باغ جنت کی ہوا ہی سایۂ انگور میں

ای بہار تازہ داغوں نے بھی ال ... دورین
پھول بنجاتی ہیں انگارے بھی تنور میں

کیا حرارت ہی بھی ... تہیں ہی جراح دیکھ
شمع کی مانند بھی جل اوٹھی ناسور میں

کس شہ خوبی نے ڈالی ہے عمارت کی بنا
شادیانے بج رہے ہین خانۂ معمور مین

گفتگو کیا ذرہ کی کرتا ایک ذرہ خاک کا
بولتا تھا حکم تیرا پیکر منصور مین

جو سنے نغمہ اوسے ہو جاے اے مطرب جنون
تار ہون میں رشتۂ گریبان کی اگر طنبور مین

کیا دل پرسوز مین آے خیال روے یار
کود پڑتا ہے کوئی جلتی ہوئی تنور مین

رنگ مہندی کا تری گوری ہتیلی مین ہے یون
بادۂ گلرنگ جیسے ساغر بلور مین

اوس رخ روشن کی مضمون کس طرح روشن ہون
نور کا ہر ایک فقرہ ہے دعائے نور مین

سو دیونکو نیستی قسمت ہے دولت مین نصیب
سیکڑون ہین چاہ صحن خانۂ زنبور مین

واہ کیا اللہ نے پہل تیری زخمی کو دیا
ذائقہ انگور کا ہے زخم کی انگور مین

روسیاہی کب تلک یارب مجھے کر دے سپید
صبح کی امید رکھتا ہون شب دیجور مین

ہے فروغ حسن ایسا نور ہو یا چاندنی
جب نکلتی ہین وہ ملجاتا ہے سایہ نور مین

تھی جو قسمت مین گرفتاری وہی باقی رہی
مر گئے پر دل ہے پہنا زنجیر زلف حور مین

میری زخمونکو جو اے جراح ایذا ہے کمال
نشک کا تھا سیل شاید مرہم کافور مین

لشکر افلاس سے اندیشہ کیا مجکو اسیر
ہون مین ظل رایت شاہ ابو المنصور مین

داغ دل کہیا خیال نرگس مخمور مین
آفتاب آنے نپایا سایۂ انگور مین

تل نہین ہین جابجا اوسکی رخ پر نور مین
غسل کو اوتری ہین زنگی چشمۂ کافور مین

دل ہوا مجروح یاد نرگس مخمور مین
پنبۂ مینا کی تہی جا بخیہ ناسور مین

جانب جنت چلی ہے روح کس مسکین کی آج
دست غلمان [illegible] شیشۂ جام حور مین

آج کل سی کچھ نہین مین طالب دیدار حسن
آئینہ تھا دل مرا خلوت سرائے حور مین

ذرّی افشان کی ہین یون زلف سیاہ یار مین
جسطرح جگنو چمکتی ہین شب دیجور مین

تم اگر دعوی انا الحق کا کرو حق ہی وہی
جھوٹ کہتا ہون تو اوٹھون مذہب منصور مین

زادۂ موذی سی موذی کو نہین کچھ فائدہ
جلتی ہی کب شمع مومی خانۂ زنبور مین

بام پر چڑھکر دکھایا کسنی جلوہ حسن کا
لوٹتی پھرتی ہی بجلی جلوہ گاہ طور مین

داستان یوسف کی سنتا ہی تو کہتا ہی وہ شوخ
جی نہین لگتا مرا اس قصۂ مشہور مین

تیری گرمی سی تو ای واعظ کلیجا پک گیا
ذکر دوزخ کیون کیا فردوس کے مذکور مین

گرم بازار حسد کس جا زمانے مین نہین
آگ کی ہستی پہ روٹی جل گیی تنور مین

جسقدر اندھیر ہو عالم مین خوش ہین بد سرشت
کیسی چورونکی بن آتی ہی شب دیجور مین

طور کو سمجھی ہین بازیگاہ یہ طفلان شوخ
جھولتی ہین ڈال کر جھولا نہال طور مین

ہونگی ہم بیجان جو کوئی دوست پہنی گا کفن
جا رہیگی روح اپنی مثل بو کافور مین

نقد جان کا ہی خدا مالک امانت دار مین
جیسی سلطان کا خزانہ قبضۂ گنجور مین

آیا ہی کون گل [illegible] معطر ہی سارا حرم
دود چراغ کشتہ مین خوشبو ہی عود کی

رکھنا سمجھ سمجھکی قدم چاہیئے یہان
دنیا [illegible] رہا ہے یوم الورود کی

افشان سی آشنا ہوئی کس ماہ کی جبین
لیتی ہین آفتاب سی ذرہ ہی نمود کی

خوشبو نسیم لائی ہی اوس گل کی اسطرف
ای دل درود پڑھ یہ جگہ ہی درود کی

کرتی دعا خدا سے کہ [illegible] اگر ہمین
ہوتی خبر جو ہمکو عدم مین وجود کی

لب تشنگان وادی غربت کیواسطے
کافی ہی ایک موج تری بحر جود کی

نیلی کریگا جسم غریبون سے زہر غم
گردش اگر یہی ہی سپہر کبود کی

دیکھین نگاہ بد سے جو اے مہروش تجھی
ہون کور مثل شپرہ انکھین حسود کی

ہلتی ہین میری نالہ سے در دیر یہ بت
وحشت نہین ہی کچھ انہین آب اور دود کی

لازم ہی اجتناب معاصی سے غافلو
کیا داستان سنی نہین قوم ثمود کی

اوٹھہ اوٹھہ کی بیٹھنی کی کہان تاب ای اسیر
قید یہ نماز مین ہین قیام و قعود کی

شک نہین وشن سے اودن پہ یہ روشن صاف ہے
خط سے رخسارہ کتابی یار کا وصاف ہے

شکل آئینہ بدن وسی سادہ رو کا صاف ہے
ہر تو چاہ زنخدان ہی کہ او سمین ناف ہے

مر گئی پر حب حیدر سے دل اپنا صاف ہے
صوت در نجف سنگ لحد شفاف ہے

خلق کو دکھلا رہا ہی جلوہ شام و شفق
جلوہ گر چوٹی مین تیری رخ جو موباف ہے

بوسہ لینے کی خط پشت لب کی کچھ پروا نہین
ہم پلانوشونکو ساقی ایک درد صاف ہے

ہین کف افسوس مہندی غیر ہاتون سے ملے
تمہی منصف ہو ذرا ہاتھ ایکی انصاف ہے

آئینہ کو دیکھکر روشن ہوئی ہمپر یہ بات
دوست دشمن دونو یکسان ہین اگر دل صاف ہے

خط بنایا ہی تو دکھلائینگے وہ ابرو ضرور
کیا رہیگا ماہ نو پنہان کہ مطلع صاف ہے

قطعہ استاد کیا دیکھین کہ ہمکو ضعف ہے
طور ہی ہر طاہر حطی قاف کوہ قاف ہے

جاہلونکی خوب ہین معلوم ہمکو اعتقاد
قائل عطار کوئی پیرو نداف ہے

بیجدی تصویر ہی اپنی جو وہ آتا نہین
اہل دوزخ کی لیے باغ بہشت اعراف ہے

واقعی ہی بات کچھ سمجھن بناوٹ کی نہین
سانپ چوٹی سانپ کی کیچل ترا موباف ہے

غم و [illegible]
[illegible] انصاف ہے

ای خیال یار تو بھی ہو مری دلمین مکین
جو ہر کا مسکن ہی جنت گھر پری کا قاف ہے

ایک دن ہوتی ہی افزایش بھی نسانگی ہے
فصل سرما مین زیادہ روزی نداف ہے

پاک جو گرد کدورت سی ہی وہ ہی بیگناہ
نامۂ اعمال بھی ہی صاف اگر دل صاف ہے

بھول کر بھی تم مری گھر مین کبھی آتی نہین ہے
آج کیا ہی جو یہ بندہ مورد الطاف ہے

بسملو کیون قافیہ ہی تنگ آ وسی آنی تو دو
مصرعۂ شمشیر سی دم بھر مین مطلع صاف ہے

جو ہی ثابت بلای سخت مین میرا ہی دل
بار کاکل سی جو ٹلجائی وہ تیری ناف ہے

دل جو قرآن ہی تو میرا سینہ تفسیر ای اسیر
ہین جو اہل کشف او نہین کیا حاجت کشاف ہے

آنکھین بیکار ہین دیکھین جو نہ صورت تیری
دل وہ کیا دل ہی نہو جسمین محبت تیری

نخل ہستی سی نمودار ہی قدرت تیری
اصل وحدت ہی تری فرع ہی کثرت تیری

جلد ای روح سفر پیکر خاکی سی نکر
چند روزہ ہی ملاقات غنیمت تیری

کوئی پہونچا نہ تری جلوہ گہہ ناز مین یار
راہ ڈھونڈا کئی ہفتاد و دو ملت تیری

کیا عذاب شب فرقت سی چھڑایا ہمکو
مہربانی تری ای مرگ غنایت تیری

غنچۂ دل کو مری چاک نکر ڈرتا ہون
کہ پریشان نہو بوی محبت تیری

اسلیی ہی پر طاؤس کی قرآن مین جگہ
کہ دکھاتا ہی یہ نیرنگی قدرت تیری

باغ مین بلبل و گل بزم مین پروانہ و شمع
بھیس بدلی ہوئی پھرتی ہی محبت تیری

شعلۂ نار سقر سی جو ڈری اہل گناہ
ابر بن بنکی برسنی لگی رحمت تیری

سرکشی صورت آتش نکر ای پارۂ خاک
ذرّی ذرّی کو ہی معلوم حقیقت تیری

بدلی نرگس کی او گئین گو یہ آنکھین ہر سال
راہ دیکھا کیی ہم تا بقیامت تیری

دعوی خون ہمین وہ کرتا ہی کیا حشر کی دن
سرخ مہندی سی ہی رنگی انگشت شہادت تیری

پاؤن کانٹون کی سنانون پہ ہین دیوانون کی
راہ کیا سخت ہی ہای وادی وحشت تیری

دفن زر کی لیی کہدوائی ہی تونی جو زمین
دیکھہ منعم کہ اسی جا نہو تربت تیری

ہو چکا محکمہ دربارہ جنان کی ہو ہی بند
دیکھتی رہ گئی ہم حسن صورت تیری

ہی بجا دیدہ عاشق سی گرین اشک جو گرم
آگ بدلی کو لگانی ہی شرارت تیری

ایک ساغر مین کیی سیکڑون پیاسی سیراب
دیکھی ای پیر مغان ہمنی کرامت تیری

مین جھکا مہندی لگانی تو وہ ہنسکر بولی
پاؤن کو ہاتہ لگانیکا یہ طاقت تیری

سیر بازار کو تو روز نکلتا ہے اسیر
آ گئی کیا کسی یوسف پہ طبیعت تیری

داغ کہاکر غم جدائی سے
دل ہوا سیر آشنائی سے

الحذر طاعت ریائی سے
خوب رندی ہی پارسائی سے

دل مرا کاش آستین بنجاے
کہ لپٹ جاے اوس کلائی سے

ہین یہ مومن جو اور یوسف
گذری اس گرگ آشنائی سے

دستگیرون نی ہاتہ کہینچ لیا
تہک گئی میری شکستہ پائی سے

موت آئی کہین کہ بہتر ہے
شب تربت شب جدائی سے

طوق و زنجیر قید رنج مین ہین
کیا خوشی ہو بھی رہائی سے

ہجر مین یہ مرض کو طول ہوا
لگ گئی پیٹھ چارپائی سے

آئینہ غرق بحر حیرت ہے
سادہ رویون کی خودنمائی سے

دیکھی شمع طور کو نسبت
کیا سمجھہ کر تری کلائی سے

نرمی دل سی سٹ گیا صدمہ — جسطرح چوٹ مومیائی سے

سجدہ کرتا تھا کون ابرو کا — کعبہ ہی میری جبہہ سائی سے

خون پیتی کو میری آتی ہین روز — مچھلیان اوس کف حنائی سے

لکھہ کی تعریف چشم ولب کاتب — بڑہ گیا جامی وشفائی سے

ہر سحر مہر کا نیتا ہے اسیر — وحشت پنجہ حنائی ہے

ہستی سی ہستی کو اوٹھا کر [illegible] چلے — غربت مین جب ہوا نہ گذارا وطن چلے

کچہ گل کی نازکی نہ حضور بدن چلے — غنچی ہون دلگرفتہ جو ذکر دہن چلے

غارتگری [illegible] ہی مر کی نہ حاصل ہوئی نجات — ہمرہ مری جنازہ کے دزد کفن چلے

مشتاق ہے ہوئی تری [illegible] کے — طاؤس و کبک چھوڑ کی صحن چمن چلے

[illegible] ہوئی کہ [illegible] کا بازار بند ہے — تلوار کی جو چال چلو تم چلین چلے

وہ جنگ جو جو معرکہ آرا ہوا کبھی — جی اونکی چھوٹ چھوٹ گئی تہی جو من چلے

شکر خدا کہ اب نہین تقدیر کا بگاڑ — بگڑی رقیب سی وہ مری کام بن چلے

کانٹی ہین اس چمن کی نہایت دراز دست — دامن ذرا بچا کی نسیم چمن چلے

طول شب فراق سی گھبرا گیا ہی جی — ہو صبح تو بصبح کی یاد ذو المنن چلے

ایذا کی دوڑ دھوپ سی عالی کا ہی فروغ — رہ جائین پاؤن تھک کی تو کیونکر بدن چلے

آیا شکار کھیلنی صحرا مین جب وہ ترک — چارون طرف سی چوکڑی بھولی ہرن چلے

پیری مین ہمکو جامہ ہستی وبال ہے — دیکھین کہ کب تلک یہ لباس کہن چلے

بھوکی ہوئی تو خال کی دانی پہ کی نظر — پیاسی ہوئی تو جانب چاہ ذقن چلے

شیرین کا وصل قصر فلک کا تھا بھاندنا
کیونکر گری نہ دوڑ کی جب کوہکن چلے

دریا ہی دل جو پیر مغان کا تو کیا کرین
ہم بادہ کش غریب تو تشنہ دہن چلے

پوچھا نشان مرقد مجنون جو نجد مین
آنکھون سی ہمکو راہ بتاتی ہرن چلے

عقبی کی سمت طالب دنیا کرین رجوع
کعبی کو تنگدی سے ہے اگر برہمن چلے

خط لکھہ کی جب نال کا آیا اسیر دھیان
قاصد کی ساتھ اشک مری قطرہ زن چلے

کہین دنیا سی بہتر ہی نئی دنیا مری دل کی
اس آئینہ مین ہی کیا خوب محفل عکس محفل کی

کہی گی بیقراری کیا کسی سی تیری بسمل کی
لہو نی لال کر دی ہی زبان شمشیر قاتل کی

پڑینگی کیسی کیسی ن گرینگی خون الہی کیا کیا
سلامت دست و بازو خیر یارب میری قاتل کی

خدا جانی یہ کسکی جلوہ گاہ ناز ہی دنیا
ہزارون اوٹھہ گئی کثرت وہی باقی ہی محفل کی

سفر مین ساتھ داغ ہجر یاران وطن لیچل
ولا تدبیر لازم ہی چراغ شام منزل کی

وہ دیدی تیغ سی مقتل مین آنکھون سر اوتری ہین
پڑی رہتی ہین دونون آستین میری قاتل کی

الہی خون کا دعوی کرینگی حشر مین کسکی
کہ وقت ذبح صورت بھی نہ دیکھی ہمنی قاتل کی

جو خط قاتل کو لکھین ہم تو رنگ اوڑ جای کاغذ کا
دولت اپنی کری پیدا سپیدی چشم بسمل کی

صدا یہ ہر رگ گردن سی وقت ذبح آتی ہے
کمی کرتا نہ اے خنجر قسم ہی تجکو قاتل کی

تری مجنون کا پرستش تیری ہی کرتی ہین اے لیلی
کری سجدی اگر ہون سجدہ گاہین خواب محمل کی

گری سب دانت گویائی زبانکی ہی وہی باقی
ہوئی نابرخاست محفل جل رہی ہی شمع محفل کی

خبر اپنی نہین کہینچا ہی قتل غیر پر خنجر
لبان زخم بسمل ہنس رہی ہی معرکت قاتل کی

وکیل رشتی دنیا ہجوم اہل دنیا ہی
کثافت سی زمین خالی نہین ہوتی ہی منزل کی

تمہاری چہرۂ خندان کی ہین ہم دیکھنی والے — پسند آتی ہی کسکو روتی صورت شمع محفل کی

امید زندگی تھی بعد مردن یہ نسمجھا تھا — کہ عیسی دھوم سی دعوت کریگی میری قاتل کی

جما گلشن مین ایسا رنگ میری بیقراری کا — اگر پتا ہلا آواز آئی نالۂ دل کی

اسیر اس بزم مین غفلت سی بھی ہی منفعت کیا کیا
مسافر بھولتا ہی خواب مین تکلیف منزل کی

خط رخسار جانان نی کدورت دل کی زائل کی — شعاع مہر تھی جاروب صحن خانۂ دل کی

نگہ گشتی ہی یارب یہ کس شیرین شمائل کی — جو شربت آب دریا ہی تو شکر ریگ ساحل کی

کمی کی کچہ برش مین تیغ نی تو مر ہی جاؤنگا — قسم کہاتا ہون ای شوق شہادت تیغ قاتل کی

برابر رزق عالم کا ہی اوسکی خوان نعمت پر — نہین لقمہ اوٹہایا نہین کمی بیشی لی نااہل کی

نہ کہی قتل سی محروم ہمکو سخت ڈرتی ہین — یہ رعشہ دست قاتل کا یہ لغزش پای قاتل کی

وہ گل ہی تو کہ تیری یاد مین خجل بہی لالان ہے — زبانین ہین یہ کانٹونکی کہ منقارین عنادل کی

وہی مجمع ہی مجمع جسمین کوئی خوبصورت ہو — چمن کی گل سی زینت شمع سی رونق ہی محفل کی

ہزارون آرزوئین تھین تجھی جبتک ندیکہا تھا — تجھی دیکھا نہین باقی کوئی اب آرزو دل کی

کوئی کعبی کو جاتا ہی کوئی ہی دیر کو راہی — تفاوت اسقدر ہی ورنہ راہین ہین ایکمنزل کی

بہت دشوار ہی بوسہ ملی اوس روی روشن کا — لگی کیا ہاتہ یہ دولت کہ اسپر مہر ہی تل کی

شریک حال عالم ہی جو انسان نیک سیرت ہو — رعیت کم نہین ہی فوج سی سلطان عادل کی

فراق یار کی صدمی ہین دل پر وصل اب کیسا — جہاز آیا جو طوفان مین گئی امید ساحل کی

بہار آئی ہی ای صیاد ہمکو بھی رہائی دی — صدائین آرہی ہین کیسی گلشن سی عنادل کی

ہماری کعبۂ دل مین چراغ داغ روشن تھا — نہ تھی قندیل محراب فلک مین ماہ کامل کی

اسیر آیا نہ وقت نزع وہ عیسی عیادت کو
بدن سے جان نکلی آرزو دل مین رہی دل کی

شراب خون دل پیتا ہون ہمیں فرقت مین قاتل کی
صراحی چاہئی مجھکو گلوی مرغ بسمل کی

یہ اہل عیش سمجہ نالان کیا درد جگر جا مین
چمن مین ہنستی ہین گل کون تماشائی عنادل کی

یہ کس نے آنکھ پھیری ہی کہ ایسی تیرگی چہائی
زبان آہوی صحرائی ہر شمع محفل کی

نہ آؤ گی کبھی وعدہ عبث آنیکا کرتی ہو
مجھی روشن ہی سب کہتی ہو کہدن آن کی کل کی

ہوا ثابت نہین کچھ بعد ہستی عدم ایسا
جو دوری وہ پھر مین طی ہوئی منزل سی منزل کی

مسلمانونکی صحبت کب اثر کرتی ہی کافر کو
نہ کہوئی نور عارض نی سیاہی اپنی تل کی

سزا اہم تو مجرم ہین امید رحم رکھتی ہین
مبارک بیگناہونکو عدالت رب عادل کی

سفینہ بیکسون کا غرق ہوتا ہی تو ہوتا ہے
کسی پر وہ ابلا جانی سنگسار ان ساحل کی

مصور تار کی ہی گلشن انصاف کی لازم
شبیہ گل مین لالی صرف کر خون عنادل کی

ہزارون گردنین کٹتی ہین لاکھون سر اوترتی ہین
نہ گرتی ہے نہ مڑتی ہی کبھی شمشیر قاتل کی

پئی گلگشت یار [illegible] قاتل کی آمد ہے
چمن مین نرگس شہلا نہین آئی نگہ بسمل کی

نی گلگون لہو سی کم نہین ہی ہجر ساقی مین
پیالی ہی کٹوری قبضہ شمشیر قاتل کی

مگر پھر موسم گل مین جنونکی آمد آمد ہے
مری کانون مین پھر آواز آتی ہی سلاسل کی

اسیر اک ایک قدم پر آبلونسی خون ٹپکتا ہی
پیر افشانی ہی اپنی چال گویا مرغ بسمل کی

جو گیا ملک عدم کو وہ کہان پھرتا ہے
چھوٹ کر تیر کوئی سوی کمان پھرتا ہے

کس تکلف سی وہ گلگون نہ ران پھرتا ہے
رقص طاؤس کا آنکھون مین سمان پھرتا ہے

دیکھا پانی بھی گیا خنجر عریان تیرا
خود لگائی ہوئی یہ خشک زبان پھرتا ہے

قتل کا شوق یہ ہی جامی سی باہر ہو نمین
منہ چھپائی ہوئی جلاد کہان پھرتا ہے

مرگ کی بعد یہ ہی خنجر قاتل کی تلاش
سنگ مرقد صفت سنگ فسان پھرتا ہے

خواہش اک جام کی ہی خم نہ چڑھا جائینگی ہم
ہیٹ پکڑی ہوئی کیون پیر مغان پھرتا ہے

ہر جگہہ دل کو مری چاہ ذقن کا ہی خیال
ساتہ یوسف کی سفر مین یہ کنوان پھرتا ہے

بسکہ ہی کوچہ جانان کی ہوا چوبائی
مارا مارا مری اہون کا دہوان پھرتا ہے

کبر اچھا نہین عشاق سی ای مہر وشو
دم مین حربا کیطرح رنگ جہان پھرتا ہے

سر فروشونکی ہی کتنی تری خنجر کو تلاش
ڈھونڈھتا پیاسون کو یہ آب روان پھرتا ہے

در و دیوار کی تصورین ہین قربان کس پر
شکل فانوس خیالی جو مکان پھرتا ہے

کچھ خبر ہی تجھی زاہد کی بھی ای قاضی شہر
اینڈتا تاک کی سایہ مین جوان پھرتا ہے

قدر عاشق کی حسینونکو ہوئی شکر خدا
ماہ ہالی کیطرح گرد کتان پھرتا ہے

ہر زہ گردون کا کبھی ساتہ ندی گوشہ نشین
مہر و مہ لاکھہ پھرین قطب کہان پھرتا ہے

استخوان چور ہون پیر فلک کی کیونکر
جنکی پیہا مری نالون کا دہوان پھرتا ہے

ہند سی چل طرف روضۂ شبیر اسیر
یہی رستہ طرف باغ جنان پھرتا ہے

رہی درست طلسم حیات یا ٹوٹی
کسی کا دل نہ کبھی ہمسے یا خدا ٹوٹی

کہو فلک سی نہ مجھسی ضعیف کو چھیڑے
یقین ہی خار سی او بھلے تو آبلا ٹوٹی

جہان کو رحم عطا کر یہ ای خدای جہان
پسی جو دانہ دل سنگ تہ سیا ٹوٹی

خبر ہی شوق [illegible] جام [illegible]
ہمیشہ خار [illegible] کی [illegible] ٹوٹی

جهان مین زیست کا باعث فقط سہارا ہے
کمر ضعیف کی ٹوٹی اگر عصا ٹوٹی

فلک خوشی سی کری رقص ہی وہ ظلم پسند
زمین پہ گر کے اگر کاسہ گدا ٹوٹی

عبث تھی آمد و شد ان تہونکی گلیون مین
کہ ہاتھ کچھ نہ لگا پانون بارہا ٹوٹی

ورود قافلی سے ہو نہ رہزنون کو خبر
مچا نہ شور غضب تجھپہ ای درا ٹوٹی

مدد ہی دل کی رگین کی نہ اشک غم نے کبھی
ملا ہو بحر سے سوتا تو جاہ کیا ٹوٹی

ہمارا عقدۂ خاطر کسیطرح نہ کھلی
لگائے ہاتھ تو دست گرہ کشا ٹوٹی

فلک سی سنگ جفا کب نہ میکدی پہ گرے
خم و سبو کی نہ کس کس و زدستہ پا ٹوٹی

یقین معنی لا تقنطوا رہے دل کو
خدا سے آس نہ ای بندۂ خدا ٹوٹی

نہ استخوان ہوئی ضائع نہ مرکی لحم اپنا
ہزارون زاغ گری سیکڑون ہما ٹوٹی

نہ پھوڑون کسی ظرف شراب کو بیکار
بناؤن جام اگر شیشے کا گلا ٹوٹی

وہ جنس دل ہے ہماری کہ دیکھکر جسکو
حسین ہر ایکطرف سی ہزارہا ٹوٹی

اسیر کسنے یہ گلزار کو کیا تاراج
زمین پہ پھول پڑے ہین ہزارہا ٹوٹی

ہوا خط آشکارا حسن عارض کی تمامی ہے
دہن کا اب تو بوسہ دو یہ باقی لاکلامی ہے

قلم نی وصف اوسکی لعل شیرین کا جو لکھا ہے
جہان مین مثل طوطی شہرۂ شیرین کلامی ہے

جھکی کیونکر نہ خفت سی مرا سر اہل محشر مین
مری اعمال بد سی پلہ میزان سلامی ہے

وہ میکش ہون کہ علم نحو ہی پیش نظر ساقی
کہ ساغر کافیہ ہی خط ساغر شرح جامی ہے

مربی کعبہ معمار الولد ہی ذات حیدر کی
محب اونکا حلالی ہی عدو اونکا حرامی ہے

عدا [illegible]
کباب کبک [illegible] آسمان [illegible] کی شامی ہے

گمان کیونکر نہو اوسپر جو دل سینے سے غائب ہو
ترا دزدِ حنا سب جانتی ہین جو بدنامی ہے

نہو مایوس انسان عالم ذلت مین عزت سے
یہ کنعان کو زینۂ بامِ رفعت کا غلامی ہے

وطن سے ہو سفر مشکل نہ کیونکر خام طبعونکو
جدا ہو شاخ سے کب جب تلک میوے مین خامی ہے

جو بے پروانگی اوس شمع تک پروانہ آتا ہے
تو کہتا ہے عجب اس بزم مین بے انتظامی ہے

چلے جب وہ قدم مُردے ہین مین ہو گئی زندہ
قیامت بادا اونکو شیوۂ محشر خرامی ہے

حسین جو ہے وہ ہی تیری قدِ آزاد کا بندہ
خطِ رخسارہ ہر سرو قد خطِ غلامی ہے

حفاظت سے رہی یوسف کنوی مین نوح طوفان نہین
اوسے کیا خوف ہی جسکا خدا آفت مین حامی ہے

نہین ہم وحشیونکو اور پیراہنکی کچھ حاجت
کہ مخمل سبزہ ہی مہتاب کی چادر تمامی ہے

مخمس مین بھی کوئی وصفِ حسن یار مین لکھون
جہان مین کسقدر مشہور خمسے سی نظامی ہے

اسیر زار کہ سب قدردان اتنا تو کہتی ہین
کہ مشاق نہین یہ بھی صاحب طبع گرامی ہے

تنگیٔ غم دل کو آخر باعث راحت ہوئی
اسقدر بے ہمتی پریشانی کہ جمعیت ہوئی

چھین لے گا کس طرح اسکو زبردستی کوئی
مفلسی بھی کیا کسی زردار کی دولت ہوئی

پوچھنے آئے ہو اب بیمار فرقت کی خبر
مر چکا گذرا زمانہ گڑ چکا مدت ہوئی

یار نے وعدہ کیا تھا خوابمین آئینگے ہم
شب کو ہم جاگا کئے ہم سے بڑی غفلت ہوئی

تیغ ابرو کا لیا بوسہ تو اوس بت نے کہا
کیا خدا کی شان ہے تمکو بھی یہ جرات ہوئی

ساعتیں گن گن کی کاٹی رات ہمنے ہجر کی
گرد کلفت دل مین ریگ شیشہ ساعت ہوئی

تیغ قاتل کو دیا سر جان عزرائیل کو
تنگدستی مین کہان قاصر مری ہمت ہوئی

میرے مرنے سے [illegible]
ہتکڑی کو طوق کو زنجیر کو فرصت ہوئی

رنگ یکرنگی دورنگی سے نے کیا کیا آئنہ
رفتہ رفتہ میری صورت یار کی صورت ہوئی

ذہن مین آیا بڑی مشکلسے مضمون دہن
اس معمی کی سمجھنی مین بڑی دقت ہوئی

عشق جمپکا حسن سے کی عشق نے تائید حسن
آپ کی مجھسے تو میری آپ سے شہرت ہوئی

بھوک کا غم بھوک مین کھایا کئی ہم عمر بھر
جب ہوئی ہمکو تلاش رزق بے ہمت ہوئی

آئنہ دیکھا اگر پیری مین یاد آیا شباب
اگلی صورت اور تھی اب اور ہی صورت ہوئی

وصل کی دولت میسر کوئی ہوتی ہے بزور
بیستون مین رائیگان فرہاد کی محنت ہوئی

چھٹنی کامل ہین فنا کی بعد ہی اونکی نمود
خلق سے معدوم جب عنقا ہوا شہرت ہوئی

بعد مدت قید سے محبوس چھوٹا ای اسیر
جسم خاکی سے جو نکلے روح کو راحت ہوئی

روبہ ہمنشون کو مجہ سے کد ہے
یا شیر خدا دم مدد ہے

ہر ایک بلا اسیر رد ہے
لب پر مرے یا علی مدد ہے

بیہوشی و ہوشیاری اپنی
دریائے جنون کا جزر و مد ہے

ای چرخ کہان تلک یہہ بیداد
ہر چیز کی آخر ایک حد ہے

محشر مین کرینگے دعوی عفو
تحریر خط جبین سند ہے

نزدیک ہماری اوس پری پہ
وحشی جو نہو وہ بیخرد ہے

جب دیکھو وہ رخ ہے زیر گیسو
یہہ آئینہ عاشق نمد ہے

خامہ مرا ذو الفقار حیدر
حاسد عمر ابن عبدود ہے

اوس سے بھی یہہ آدمی ہے بدتر
شیطان کا جہان نہین نام بد ہے

ہے دل مین مری جو داغ الفت
یہہ پھول گل سبد ہے

ہے دختر رز کو پردہ لازم
زاہد کی بہت نگاہ بد ہے

صادق ہی ہمارا دعوی عشق
آنکھین ہین گواہ دل سند ہے

آمدسی ہے اوسکی سینہ مجروح
ناوک ہے الف کمان مد ہے

ہے مسئلہ ذہن غلاسفے
جو آپ کہین وہ مستند ہے

ہٹتا نہین اپنا جسم خاکے
گویا کہ سکندری یہ سد ہے

سب پر ہے اسیر اوسکی رحمت
یہہ ابر محیط چار حد ہے

آئے بہار پیر مغان کا زمانہ ہے
جام و سبو ٹی ہین نیا کارخانہ ہے

آنسو زمین کو آہ فلک کو روانہ ہے
الفت مین بہی نشیب و فراز زمانہ ہے

دور فلک سی اہل زمین کو نہین قرار
ہر مہرہ اس بساط کا خانہ بخانہ ہے

گردش کی احتیاج نہین مثل آسیا
پہنچے کا منہ تلک جو مقدر کا دانہ ہے

چل بزم معرفت مین ذرا سن لگاکی کان
منصور نغمہ سنج انا الحق ترانہ ہے

دل جنکی صاف ہین وہ تواضع پسند ہین
پانی زمین پہ جانب پستی روانہ ہے

ہے دولت جہانکو محبت بخیل سے
قارون کے ساتہہ اب بہی زمین مین خزانہ ہے

سلجہاتے ہین وہ بال الجہتا ہی دل مرا
وہان شانہ ہو رہا ہی یہان درد شانہ ہے

کیونکر بچے گا ناوک مژگان سے دل مرا
ناوک فگن یہہ بال کا باندہا نشانہ ہے

کچہہ حال عمر و خواہش دنیا نپوچہئے
تہوڑی ہی رات طول بہت یہ فسانہ ہے

مضمون چار ابر و جانان جو ہین رقم
جو بیت ہی غزل مین مری چار خانہ ہے

مہمانسرا ے دہر نہین منزل قیام
آگی یہان کوئی کوئی پیچہے روانہ ہے

سوچ کا ہے زیارت شبیر مین ثواب
حق پوچھئے تو کعبہ ہی آستانہ ہے

کیون کر سمند عمر روان ہو نہ تیز رو
جو رشتۂ نفس ہے اسی تازیانہ ہے

حیلے کرین جو مردم دنیا تو کیا عجب
درکار یہان اجل کی لئے ہی بہانہ ہے

دنیا ہے زور ملتی ہے کسکو بغیر زور
اچھی ہین اہل زور انہین کا زمانہ ہے

بہتر ہے دور چار عناصر سی نار عشق
اوڑ جائیگا اسیر یہ بارود خانہ ہی

پیدا تمہارے ذات سی سارا زمانہ ہے
مقصود تم ہو خلقت آدم بہانہ ہے

آیا ہے جو عدم سے عدم کو روانہ ہے
دو دن کی زندگی کا عجب کارخانہ ہے

دیتا ہے ظالمون کو فلک دولت جہان
بندوق جو جہان مین ہے صاحب خزانہ ہے

کافی ہے فرش خاک جنھون نہین بجای فرش
ہر نخل سایہ دار بھی شامیانہ ہے

نادان ہین مال و زر پہ جو رکھتی ہین اعتماد
دولت کسی کی ہی نہ کسی کا زمانہ ہے

دونون جہا تمین ایک حسین ہی وہ [illegible]
کوئی برابر اوسکے نہوگا نہ تھا نہ ہے

سب ہے جمع کاروان عناصر تو کیا ہوا
یہ چار دن مین چار طرف کو روانہ ہے

تجھسا کہان ہی کوئی کماندار ای فلک
تیرے خدنگ ظلم کا عالم نشانہ ہے

پست و بلند بزم خرابات مین نہین
اس بزم مین جو صدر ہی وہ آستانہ ہے

سب ہے غول عاشقون کا جو اوس سرو قد کی ساتھ
پیچھے سپاہ ہی علم آگے روانہ ہے

محفوظ ہین جہان مین آفت سی خاکسار
اسپ گلی کو کیا خطر تازیانہ ہے

ممکن نہین بچے کوئی اوس تیر ناز سے
آئی جو زو پہ طائر سدرہ نشانہ ہے

کیونکر [illegible] بای فقر
[illegible] کا سی تازیانہ ہے

دیکھا ہمیشہ مور و مگس کو شکر کے گرد
دولت ہی جسکی پاس اوسی کا زمانہ ہے

کیونکر بسر نہ ہجر مین کرتے اسیر عمر
قابو کبھی وصال پر اپنا نہ تھا نہ ہے

یاد کی زلف عدم کو تری رنجور چلے
دیکھنے کو جو ہم اوسکا رخ پر نور چلے
ساقیا دور ہو غم لگی پہولی پہوٹین
بیکشو چاہیے ستان گذشتہ کی ہی یاد
آئے مقتل مین بہر طور تمہاری جانباز
کر چکا مین سفر ملک عدم کا سامان
ہم تہی عمر دشت مین عیش سی کیا مطلب تھا
سطح گردون کیطرح خاک یہ تاری چھٹکے
بر گیا سوز جگر خواہش می مین ساقی
موت آجائے اگر معرکہ آرائی پر
رخصت ای اہل جہان سوی عدم جاتی ہین
جلوہ گر نور مین ہوا اور یہی نور ایساقی
سرفروشونکو نہ کیون سہر ہو وبال گردن
دار کہتے ہے کہ سہر دار وہی عشق مین ہو
غم نہین ہے جو کفن ہاتھ نہ آیا پس مرگ
کون اب کوئی کیا مین زیادہ ہو فلیل

شام جب ہونے لگی چھوٹ کی مزدور چلے
خلق چلائی کہ موسی طرف طور چلے
فصل گل آئی ہی جام مے انگور چلے
ساتھ ہے جام کی جمشید کا مذکور چلے
تھک گئی پاون تو آنکھوں سے یہ مسطور چلے
میرے ہمراہ ہو چلنا جسے منظور چلے
راہ دوزخ نہ ملے خلد کو مجبور چلے
میری آنکھوں سے جو آنسو شب دیجور چلے
ہو گئی زخم کہن تازہ جو انگور چلے
زور رستم کا نہ سہراب کا مقدور چلے
سہر کی آنیکی نظین آپکی سمت دور چلے
چاندنی شب مین کوئی ساغر بلور چلے
دوش پر رکھہ کی جو تلوار وہ مغرور چلے
جو قدم بر قدم حضرت منصور چلے
عو آئے عدم آباد سی ہم گور چلے
گر ... چلے

ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی ہین خدا دا اسیر
فصل گل آئے کہین کام بدستور چلے

آمد شام جدائی سی جہان پُر شور ہے
کیا سیاہ آندھی ہی اسمین کس بلا کا زور ہے

راست قد اتنی گئی ہین چرخ کی زیر زمین
کم نہین ہے ترکش پُر تیر سی جو گور ہے

کہتے ہین رہرو گذرتی ہین جو مجمع بالا کی سمت
کیا قیامت کا ہی دن یہ باجو ایسا شور ہے

جتنا جی چاہی زمین گور دی ہمکو فشار
ایک مشت استخوان ہین کیا ہمارا زور ہے

واہ رے تحریر توصیف لب شیرین کا فیض
خط مرا شیرین ہے خامہ نیشکر کی پور ہے

کیا حقیقت تیری مہر و ماہ کی ای آسمان
روز گور اک اسمین ہے تو دوسرا شب گور ہے

اوس رخ رنگین پہ زلفین دیکھکر کہتی ہین سب
واہ کیا صحن گلستان مین گھٹا گھنگور ہے

لوگ حسد سے غیر ہو وی کا جنازہ لیچلے
ہم یہ سمجھے مار مُردہ پر ہجوم مور ہے

دل چرائی کوئی اوس دزد حنا پر ہو گمان
کیون نہو بدنام عالم مین یہ نامی چور ہے

چشم تر مین سیر کی کرتا ہی تصور یار کا
چاہیے مشق شنا پانی کا اسجا زور ہے

نطق شیرین کیا نہ شاعر کو کری گا نامور
کسقدر پتونسی شوری کا جہان مین شور ہے

بے بدونکی قدر نیکون کی کہان آفاق مین
پاسبان بیکار ہے جبتک مقید چور ہے

اوڑتے ہین ہوش اونکی گاقی پر نجانیسی سوا
رشتۂ آواز تار سا نیر بھی دور ہے

دوڑتی پھرتی ہے پر اس سی نکل سکتی نہین
آسمان ہی طاس اسمین عقل انسان مور ہے

حل مشکل کی لئے کوئی سہارا چاہیے
مرد الکن کو سخن تکیہ عصائی کور ہے

آج اوٹھے کل اوٹھے اس دار فانی سی اسیر
بیٹھی ہین تکیہ مین ہم بستر کنار گور کے

کب آتی ہین وہ جھوٹ یہہ آنیکی خبر ہے
نادان مین نہین مجکو زمانیکی خبر ہے

بالین سے مری اوٹھ گئی ڈر کر جو اجا
شاید ملک الموت کی آنیکی خبر ہے

کچھہ منہ سی نہ کہئی جو مجھے قتل کیا ہے
اغیار نہ سن لین یہہ چھپانیکی خبر ہے

بیہوش کیا ہے خبر یار نے ایسا
اپنی نہ خبر ہے نہ زمانیکی خبر ہے

کیون مجھہ سے کہا اوسنے تری خطکو جلایا
قاصد یہ مری دلکی جلانی کی خبر ہے

بیہوش مین آیا تھا گیا پھر سی بیہوش
آنے کی خبر مجکو نہ جانے کی خبر ہے

محروم تماشا ہو نہین باور نہین آتا
محشر مین جو دیدار دکھانیکی خبر ہے

پہناوہ خوشی سے جو میرا ہوا جامہ
ہمکو نہ نئی کی نہ پرانیکی خبر ہے

اک پہر سحر سے پس دیوار لگی ہے
دروازے تلک کیا ترے آنیکی خبر ہے

بولا جو سنا اوسنے لحد مین مرا اگرنا
ہان جھوٹ نہین ہے یہہ ٹھکانیکی خبر ہے

مرنیسے مرے اونکو ہوئی زیب فراموش
آئینہ سی اب کام نہ شانیکی خبر ہے

کہتے ہین یہہ سب ہی اونہین منظور جلانا
روشن ہے کہ یہہ آگ لگانیکی خبر ہے

رجعت تو ضروری ہی اسیر اس مین نہین شک
کعبہ مین یہ قرآن اوٹھانیکے خبر ہے

موت کا ڈر ہی جو ہر دم جان کسکی تن مین ہے
سر گریبان مین نہین ہے تیغکی دامن مین ہے

کچھہ تنہا مین ضعف سی تربت مین کہون ہی نہ ملک
پوچھ لینا تھا یہہ پہلے کوی اس مدفن مین ہے

حبس سی کہتا ہون کہانی اپنی رو دیتا ہی وہ
شکر ہے تاثیر یا تو نہین اثر شیرین مین ہے

عالم پیری مین ہی صحبت جوانو نسی نصیب
سبزۂ بیگانہ ہون پر جا مری گلشن مین ہے

آرزوے تیغ رکھتا ہون نہ قاتلکی ہوس
تیغ کی دوری کا عالم ہر رگ گردن مین ہے

صاف دو ٹکڑی کر گئی ضرب شمشیر اجل
لاکھ جوشن پوش پنہان قلعۂ آہن مین ہے

ظاہرا آراستہ رکھتی ہین یہ خونخوار خلق
دیکھیی جس گرگ کو یوسف کی پیراہن مین ہے

مر گیا اک مہروش کی عشق مین یہہ ہو کی زار
قبر مین مردہ نہین ذرہ کوئی روزن مین ہے

نخل تک رکھتی ہین سودائی قد موزون یار
طوق قمری کی طرح شمشاد کی گردن مین ہے

وصف مژگان نظم کرتا ہون ثنای خلق ساتھ
بوی گل دیتا ہی جو کانٹا مری گلشن مین ہے

آئی اب سیلاب یا بجلی گری یہ دو نہین
ازدحام مور دانون سی سوا خرمن مین ہے

سخت دل کو کب ہی حاصل رتبۂ اہل صفا
آب گوہر مین ہی آتش سنگ اور آہن مین ہے

وحشی یکرنگ ہون مجکو دوئی سی کام کیا
چاک جو میری گریبان مین ہی وہ دامن مین ہے

یاد چشم مست ہی لازم رخ گلگون کی ساتھ
بادہ خوارو بادہ خواری کا مزہ گلشن مین ہے

عالم افلاس ہی لیکن ہین ہم عالی دماغ
بوی شاہی اپنی درویشی کی پیراہن مین ہے

زندگی کا ہی نہ دولت کا جہان نہین اعتماد
قصر عالی مین جو کل تہا آج وہ مدفن مین ہے

تخم یہہ ہی کس میوۂ پختہ مین ہی ایسا مزہ
ذائقہ جو تیری گدرای ہوی جوبن مین ہے

چشم عالم سی چھپایا خاکساری نی مجھے
خاصہ اس ہمن وہی ہی جو الوپا انجن مین ہے

انقلاب عالم فانی تماشا ہی اسیر
زن لباس مرد مین ہی مرد رخت زن مین ہے

کان مین آوے سکے دیکھ کر سب بجلے
لوٹتی ہے ادہر ادہر سب بجلے

نامہ بر کو روانہ کر لون مین
ابر تھم جا ذرا ٹھہر سب بجلے

ہوگئی غائب چمک کی پیش نظر
تھی مگر یار کی کمر سب بجلے

میری تم مین تاکہ نہین آسکتی
[illegible] ہے کہتی [illegible] سب بجلے

مر گئے اوسکے جلوۂ رخ پر
بند کے آنکھ دیکھ کر سب جلے

دم مین آنکھونسے ہو گیا غائب
تو سن یار تھا مگر سب جلے

خرمن صبر جل کے خاک ہوا
تھے مگر یار کے نظر سب جلے

خط مین لکھا ہے حال بیتابی
کیا عجب ہو جو نامہ بر سب جلے

رہ گیا درد دل چمک سے اسیر
ادہر آئے گئے اودہر سب جلے

ہوا شیشی سی ساقی یہ مے گلنار گرتی ہے
تڑپ کر ابر سی یا برق آتشبار گرتی ہے

عجب وحشی ہون وہ زنجیر جو مجکو پنہاتا ہے
سفارش کو قدم پر زلف سو سو بار گرتی ہے

عجب کیا روتی روتی گر گئین پلکین اگر میری
بہت پڑتا ہے جب منہ پہ تو کبہی دیوار گرتی ہے

مری پلکونسی آنسو بہتی ہین یون بہر جانا نہین
دہان مشک سے پانی کی جیسی دہار گرتی ہے

یہ رحمت برستا ہی پی سرسبز ہے عالم
گمان تجکو ہی شبنم بات کو بیکار گرتی ہے

وہ مجرم ہون کہ میری قتل کی مشتاق ہی ایسے
کہ ہر دم پاؤن پر جلاد کی تلوار گرتی ہے

خرابی لاتی ہین رونی پہ جب آجاتی ہین انکھین
کہین چھت بیٹھی جاتی ہی کہین دیوار گرتی ہے

مشقت بھر کا خلق تجکو بہی مناسب ہے
کنوین مین ہر قدم سوزن دم رفتار گرتی ہے

نہین بام رفیع یار کا نظارہ کچہ آسان
سر سپہر فلک سی مہر کی دستار گرتی ہے

اثر اس مین بہی ہے اے باغبان کیا ضعف بلبل کا
کہ دیوار چمن اٹہ اٹہ کی سو بار گرتی ہے

الٰہی سیر کو یہ کون یوسف بی نقاب آیا
کہ غش ہو ہو کی سب خلقت سر بازار گرتی ہے

ہماری اشک گر چشم صدف بہی دیکھ لیتی ہے
نظر سی آبروئی گوہر شہوار گرتی ہے

نگاہ یار یون کرتی ہی جانبازونکی مجمع پر
کسی خرمن پہ جیسی برق آتشبار گرتی ہے

بنا ای کوہ کن اوٹہہ کر لحد سی کوہ کا رستہ
کہ شیرین کہا کی ٹہوکر راہ مین ہر بار گرتی ہے

نگاہ یاس میری دل ہلا دیتی ہی قاتل کا
لرز جاتی ہین بازو ہاتہہ سی تلوار گرتی ہے

چمن مین نالۂ موزون نکر ای دل سمجہہ اتنا
نگاہ باغبان سی بلبل گلزار گرتی ہے

جو محفل مین کوی کرتا ہی ذکر اوس تیغ ابرو کا
تو شمع آسا زبان کٹ کر دم گفتار گرتی ہے

زبان جزو ہی نقصان کل نزدیک عاقل کی
ٹہر سکتے ہی کوئی سقف اگر دیوار گرتی ہے

خدا جانی نظر کسکی لگی اس طاقت دل کو
تنزل ہر گہڑی ہی روز میہ سرکار گرتی ہے

اسیر اس خانۂ تن کا بہروسا کیا ہی پیری مین
عمارت جو پرانی ہوتی ہی ناچار گرتی ہے

مجکو اونکی اونکو میری چاہ ہے
ہے مثل سچ دلسی دل کو راہ ہے

سردمہری عمر کو کرتی ہے کم
دیکہ لو سرما کا دن کوتاہ ہے

ہے چہری اوس طفل کی گویا زبان
مرغ بسمل مرغ بسم اللہ ہے

منہ سی جو نکلا وہ ہے کرتا ہمین
قول اپنا حکم نادرشاہ ہے

بڑہ گیا مجنون سی بہی میرا جنون
عشق کی سرکار عالیجاہ ہے

کہینچ لیجے ای ترک تیغ آبدار
پیاس مین دریا کی ہمکو چاہ ہے

اسقدر تمکو جو نفرت ہو تو ہو
اسے بتو بندے کا بہی اللہ ہے

وصف تیرا عمر بہر کیجے تو کیا
طول افسانہ ہے شب کوتاہ ہے

دیدہ گذرے گہر سے باہر آئیے
در پہ حاضر بندہ درگاہ ہے

نیک و بد مین فرق ای واعظ نکر
آب کوثر فی سبیل اللہ ہے

سنتے ہین ہم بہی کہ ہی اوس کا ہے
سچ ہے کیا جانے کہ یہ افواہ ہے

رکھہ قدم شرع رسول اللہ پر
باغ جنت کی یہ سیدھی راہ ہے

ہون مین اوسکا جس کی باعث سی اسیر
رونق شرع رسول اللہ ہے

کاکل جو اوسکی چاند سی رخ سی سرک گئی
شب چاندنی سی ساری مکان مین چہک گئی

ساقی تمام بزم یکایک مہک گئی
بوتل لنڈہی کہ عطر کی شیشی لنڈہک گئی

کشتی ہماری موج کار کتی ہی خاصتہ للہ
مت جای کی اگر لب ساحل تلک گئی

دار القضا کی سامنی کہنچی لگی شراب
قاضی سی میفروش کی پگڑی اٹک گئی

آنسو گرے مژہ سی تو بادل برس پڑا
اوٹھا جگر مین درد تو بجلی چمک گئی

قاتل نی جلد جلد کئے ایسے سر قلم
روحونکو قبض کرنیکے موت تہک گئی

میرے دل گرفتہ پہ کیا کیا لڑے حسین
پہولونمین ایک غنچہ کی بابت چہک گئی

تشبیہ دی جو ہمنی لب لعل یار سے
یاقوت آبدار کی رنگت چمک گئی

صیاد خود فروش نی گلشن مین تازہ سے
پہر کی لگائی ایسی کہ بلبل پہڑک گئی

شام فراق لیگئی تہی جنس جان قضا
دیکہا جو صبح کو تو مرے سر ٹپک گئی

جام آگیا نظر جو ترے چشم مست کا
زاہد کی مثل مست طبیعت بہک گئی

دوگام اگر مین وحشی آتش قدم چلا
کوسون زمین وادی وحشت کی بہک گئی

پوشیدہ ظلم اہل ستم نی کئی تو کیا
دل دکہہ گیا کوئی تو خبر عرش تک گئی

مین کیا نہ میری گہر سی اوٹھا سلطنت کا بوجہ
دیوار یار ظل ہما سے مسک گئی

دولت ہوئی نصیب جو آئی وہ قتل کو
چمکی جو سر پہ تیغ تو قسمت چمک گئی

پایا نہ کوئی مثل جرس دادرس اسیر

فریاد کرتے کرتی زبان اپنی تہک گئی

جب تلک از و ر چلی صورت جم جام چلے
چال وہ چل کہ زمانی مین ترا نام چلے

دور میدان قیامت نظر آتا ہی بہت
ای فلک تیز ذرا ابلق ایام چلے

ہو نہ آزردہ جو مجہ مست سی شیشی ٹوٹی
ساقیا شیشۂ گردون کا بہی... کچہ کام چلے

منزل دہر مین ہم گرم سفر بیٹہی ہین
کوچ مین دیر نہین صبح چلی شام چلے

دور آخر تو نہ ہم عیش سی محروم رہین
ساقیا عمر چلے جام چلے جام چلے

مر گئے شیب مین غفلت مین گنا عہد شباب
شب کو سو یا گئی ہم صبح کی ہنگام چلے

دار فانی مین ذرا ہم نٹہرتے لیکن
کر چکے خوب جو چلنے کا سرانجام چلے

نوجوانی مین اون آنکہونکا ہی عالم کچہہ اور
کیون نہو قدر کہ تازہ ہین یہ بادام چلے

ہاتہ پر ہاتہ دہری بیٹہی ہین عدلہ تمام
ایخبون موسم گل آئی تو کچہ کام چلے

ہو جو اوس ماہ کو منظور سواری کا جلوس
آگی آگی آ ہی نیزہ لیے بہرام چلے

جس طرف خانۂ صیادسی ہین قصد کرون
ہی یقین سایہ صفت ساتہ مری دام چلے

بلبل و فاختہ لینے کو چمن مین آئین
بہر گلگشت جو وہ سرو گل اندام چلے

تیری کوچی کو جو عشاق چلی سب نی کہا
طرف کعبہ یہہ مومن بنے احرام چلے

تازہ بلبل کوی کیا صحن چمن مین آیا
دام کش دوش پہ رکہہ رکہہ کی جو گلفام چلے

دل مین ہی اوس رخ و گیسو کا تصور ہر گہ
ساتہ ہم لیکے جہانسی سحر و شام چلے

عید قربان ہی بزد میش پہ چلنی ہی چہری
میری گردن پہ بہی قاتل تری صمصام چلے

صبح کو خواب سی جب آنکہہ کہلی اپنی اسیر
طرف کوچۂ محبوب دلارام چلے

ہوئی کبھی تو خوشی ہم حزین ہوئی تو ہوے
لیا تو بوسۂ رخ مورد عتاب سہی

نظر مین ایک سی ہی پستی و بلندی دہر
نشان تک نہین ہے کا لوح تربت کی

خطا معاف ہو صاحب گناہگار سہی
فنای اہل جہا نسے جہان کو کیا پروا

لکھو کرین نہ وہ گھبرا کی ترک ہوک کی سیر
چلی ہین خلد کو حور و نسی دل لگا ئین ہے گے

دل و دماغ فقیرون کو کب ہی شاہی کا
کہا نسی لاہین گی ہمسر آب و تاب گہر

بلا سی غیر تری ہمنشین ہوئی تو ہوے
شہید خنجر چین جبین ہوے تو ہوئے

خاک ہوے تو ہوئے ہم زمین ہوئی تو ہوے
برائی نام جو کندہ نگین ہوئی تو ہوے

قصور ہے ہمسے جو صادر نہین ہوئی تو ہوئے
مکان کو غم نہین غارت مکین ہوئی تو ہوے

دو چار راہ مین ہم سی کہین ہوئی تو ہو
خفا وہ ہمسے وہم دا بسین ہوئی تو ہوئے

ملوک صاحب تاج و نگین ہوئی تو ہوے
حباب بحر جو بالا نشین ہوئی تو ہوئے

زمین مین گڑ چکی ہم ای اسیر کیا مطلب
فساد زیر سپہر برین ہوئی تو ہوئے

دیوانی سر کٹی ہین در یار سی کوئی
در پردہ پتا حضرت واعظ نے بتایا

دل بند ہو گیا فرقت ساقیین ہمارا
در بند کیا شام سی تم سیہ ہی سمجھے

مرغان قفس ہی یہ صیاد کی تاکید
یار و نسے وصیت ہی دم نزع تو اتنی

ہو وہی جہان دست کشی اس سی ہی لازم
دیسے کوئی لیتا ہی تو دیوار سی کوئی

آگاہ تہا خانۂ خمار سے کوئے
نکلا جو اٹھا ابر کا کہسار سے کوئے

ٹکرا سے گا سر یا تو نکو دیوار سی کوئی
پر صاف کری اپنی نہ منقار سی کوئی

آئی مری عمر سی پہ نہ اغیار سی کوئی
کافی اگر افعی کو ہی بیمار سی کوئی

خورشید بہی ہی ماہ بہی انجم بہی فلک پر
بہتر نہین اوس آئنہ رخسار سی کوئی

ہوتی ہین کہین اہل صفا باعث ایذا
زخمی نہوا موج کی تلوار سی کوئی

قاصد لو اٹہاتا نہین پشتارہ مکتوب
حمال بلا لائی بازار سے کوئی

دربند کیا تم نی ذرا یہہ بہی تو سوچو
جہانکی نہ تمہین روزن دیوار سی کوئی

اتنی تو تڑپ ہو نہ اسیران قفس کو
جہوکا ادہر آجائی جو گلزار سی کوئی

ہوتی ہی عطا سنگ کی گیڑی کو بہی روزے
محروم نہین آپ کی سرکار سی کوئی

عریان وہ ہوئی ولین یہہ ٹہرا کی شب وصل
ڈر جائی چمکتی ہوئی تلوار سے کوئی

خس پوش ہی وہ چاہ ذقن خط سیہ سے
تا اسیر ہنو شربت دیدار سے کوئی

کیون ملتجی آب بقا خضر سے ہوتا
کرتا جو سفارش مری خمار سے کوئی

عاشق کو تم اغیار کا مرنا نہ سناؤ
کہتا ہے خبر مرگ کی بیمار سے کوئی

کیون تنگ ہو بوسہ دہن تنگ کا دیگر
ہوتا ہے ترش اپنی نمکخوار سی کوئی

دل نرگس جانان سی اسیر اپنا ہی واقف
پوچھی مزہ اس جام کا میخوار سے کوئی

حال ظاہر ہی گواہ عشق روی زرد سے
ہاتھ رکھ سینہ پہ آہستہ کہ دل مین درد ہے

عالم وحشت مین ظاہر ہی مری سرگشتگی
گردباد دشت کیا گردون گردان گرد ہے

سینہ کیا سد سکندر مین بہی یہہ روزن کرے
فی الحقیقت تو زمین اوسکا نتیجہ فرد ہے

جو کرے خوش مجکو اوسکا ہی عدو ترک فلک
زعفران کشمیر مین مجکو ہنسا کر زرد ہے

ہی خریدار اوسکے مانند زلیخا اپنی جان
روبرو حسن ماہ کی بازار یوسف سرد ہے

یہہ چلے دو گام وہ سار ازبانظی کرے
یاد پائی یار سے [illegible] کی گرد ہے

ہے چمک پہ ہر گھڑی لیکن نظر آتا نہیں
جلوہ اوس کا کیا کسی عاشق کی دل کا درد ہے

عشق چار ابروی جانا نہین ہی مرنا عین زیست
یہہ وہ چوپڑ ہے کہ جس مین مرگی نقد نرد ہے

باغبان تجھکو بھی ہی پرویز کی دولت نصیب
موسم گل مین زر گل گنج باد آورد ہے

وسعت ہمت جو رکھتا ہی بہادر ہی وہی
جس کسی کے ہاتھ یہ میدان رہی وہ مرد ہے

ذکر جنت سنکی واعظ سی مجھی ہوتا ہی داغ
خوگر غم اسقدر یہہ جان غم پرورد ہے

کیا ہماری خاک پہنچے تجھ تلک ای شہسوار
تیز روہی اسقدر توسن کہ صرصر گرد ہے

بحر ہو غالب ہی کتنی اوسکی رحمت قہر پر
ایک اشک گرم مین سارا جہنم سرد ہے

ایک صورت پر ندیکھی نعمت خوان فلک
مہر نان گرم ہی مہتاب نان سرد ہے

کیا حقیقت غیر کی ہی منہ مری چڑھتا ہی کیا
بیجگر ہے بزدلہ ہی ہیز ہی نامرد ہے

مرگئی پر بھی وہی آوارگی باقی اسیر
خاک اپنی گردباد آسا بیابان گرد ہے

در پر جو ترے لحد بنی ہے
بے شمع و چراغ روشنی ہے

اللہ رے ہجر کے درازی
دن دونی مین رات چوگنی ہے

پڑ رہے کسی شجر کے نیچے
کیا چھاؤن ولا گھنے گھنے ہے

زندہ تو فراق مین ہون لیکن
چھائی ہوئی منہ پہ مردنی ہے

لا جلد شراب صاف ساقی
کیا صاف چمن مین چاندنی ہے

سائل ہو فلک سی کوئی کیا خاک
ممسک ہے بخیل ہے دنی ہے

فرقت مین جو وصل ہو عجب کیا
بگڑی ہوئی بیشتر بنی ہے

محفل ہے [illegible] چراغ [illegible]
ساری یہہ تمہاری [illegible] ہے

دل کرتی ہی زخمی اوسکی رفتار
کیا کفش مین تیزی کی انی ہے

وہ کار نہین جنون مین بستر
کانٹی جو چبھی ہین سوزنی ہے

بیرنگ نہین ہی یہ مرقع
تصویر جو ہی وہ روغنی ہے

ہی قصر فلک مکان تمہارا
ہی کاہکشان کہ انگنی ہے

ہم وحشیونکا مکان نپوچھو
صحرای جنون مین چھاونی ہے

ہین ہمتو اسیر پاک طینت
اغیار کو خبث باطنی ہے

ساتھ ہر اشک کی سو لخت جگر کی نکلے
حوصلی آج مری دیدۂ تر کی نکلے

تار ہی آنکھونکی جنہین آہ سمجھتا تہا یہ دل
خوب دیکھا تو وہی داغ جگر کی نکلے

بال کیطرح کیا فکر نے لاغر لیکن
طبع نازک سے نہ مضمون کمر کی نکلے

بعد مدت کی خدائی جو دکھائی شب وصل
حوصلی خوب ادھر اور اودھر کی نکلے

پیچ کہو کام تہا کیا تمکو کہان تہی اشک
شام کیوقت جو آئی ہو سحر کی نکلے

روز و شب ہجر مین سامان محرم کا رہا
خوب رویا جو علم شمس و قمر کی نکلے

سخت نادان ہین جو ہین محو غذا کی طالب
خشک روٹی کی لیی دانت بشر کی نکلے

اوڑ گیا کوچۂ محبوب مین قاصد کیونکر
پر کبھی صورت طائر نہ نشتر کی نکلے

ہی گدائی در دولت کی لیی ننگ سوال
پانون گھر سی نہ ترقی سمت نگر کی نکلے

شکر للہ کہ اوٹھی چہرۂ جانان سی نقاب
آج ارمان دل اہل نظر کی نکلے

ساتھ ہی جوش بہار آنکی بڑہا جوش جنون
داغ چمکی مری پتی جو شجر کی نکلے

جسا دیوانہ تری زلف مسلسل کا کہان
کہ قدم خانۂ زنجیر سے مر کی نکلے

دیکھ لیں ایک نظر اور کہ بالیں پہ ہے یار
دم سے کہدو کہ جو نکلے تو ٹھہر کی نکلے

بٹ گئی میری مضامین شعرا میں پس مرگ
کئی حصہ کئی اس مال میں ترکی نکلے

بحث سے فائدہ جب غور کیا اے ناصح
ساری پہلو تری باتوں میں ضرر کی نکلے

کیا لہو تھا تری سودائی الفت کا کسیں
جوہر ایسے جو تری تیغ نظر کی نکلے

تن سے روح در یار سے نکلی ہے اسیر
روح کو چاہیے نہ اوس رشک قمر کی نکلے

لب پہ اے دل گلہ یار نہ آئی یا نہ آئے
بات میں فرق خبردار نہ آئی یا نہ آئے

وصل کی رات تو نکلی ہوس بوس و کنار
نیند اے طالع بیدار نہ آئی یا نہ آئے

نامہ بر سے ہے یہ نفرت کہ ہے اونکی تاکید
کوئی طائر سر دیوار نہ آئی یا نہ آئے

دیکھیے خاطر سودا ہوگا حسینوں کو غرور
آئینہ بزم میں زنہار نہ آئی یا نہ آئے

پا بگل ہوں غدہ عشق میں ہم بادیہ گرد
عوق اے گرمی رفتار نہ آئی یا نہ آئے

دختر رز سے ہے تاکید یہی ساقی کی
ہوش میں ہے [illegible] ہمکو خبردار نہ آئی یا نہ آئے

آشیانہ سر گلبن وہ بنا اے بلبل
اشک شبنم کی ہے یا جو بہار نہ آئی یا نہ آئے

شمع و گل سے تو ہوئی پروانہ و بلبل ہمدم
ہم تری بزم میں اے یار نہ آئی یا نہ آئے

تو وہ یوسف ہے تری گھر میں تو آنا کیسا
در تلک مردم بازار نہ آئی یا نہ آئے

کوچہ تنگ سے کہتا ہے یہ مطلب وہ پری
کہ سلیمان کا ہوا دار نہ آئی یا نہ آئے

باغبان سے ہے مری خوشی ہو دونکی درخت
کہ خزاں جانب گلزار نہ آئی یا نہ آئے

چاہیے گرد کدورت سے مری دامن پاک
دل کی آئینہ میں زنگار نہ آئی یا نہ آئے

زن مریدوں کو رہی زال جہاں کی خواہش
گھر میں مردوں کی یہ مردار نہ آئی یا نہ آئے

تمہین کہتی ہو کہ کوچہ ہی مراد ارشفا
اس پہ یہ حکم کہ بیمار نہ آنی پائی

رکھہ کبھی دل پہ نہ باریکی عالم کا خیال
بال آئینہ مین زنہار نہ آنی پائی

بعد مدت نظر آئی ہی شب وصل ای دل
نیند آنکھون مین خبردار نہ آنی پائی

کوچہ بازار ہی اوس غیرت یوسف کا مگر
حکم ہے یہ کہ خریدار نہ آنی پائی

نامہ اوس شوخ کو لکھیو فصاحت سی اسیر
چاہیے لفظ کی تکرار نہ آنی پائی

دولت آئی جو کہین آج ہی کل مین نہ رہی
یہ دولہن ایک ہی دولہہ کی بغل مین نہ رہی

کب ٹھہرتی ہی کسی گھر مین عروس دولت
جب یہ کسری و فریدون کی محل مین نہ رہی

کبھی فارغ نہوا قتل سی وہ قاتل خلق
تیغ قبضی کی سوا اوسکی بغل مین نہ رہی

درپی قتل اگر ہی خط پشت لب یار
گفتگو خضر و مسیحا کی اجل مین نہ رہی

ہون فقط وہ بیتاب کہ جسدن مری تصویر کہنچی
ایک ساعت کف نقاش ازل مین نہ رہی

ہاتہ قاتل کا ہوا شاخ شکستہ مری بعد
تازگی نام کو بہی تیغ کی پہل مین نہ رہی

باوضو ہو کی تری مصحف عارض کو چھوا
جای انگشت مری حسن عمل مین نہ رہی

نیش تہا نعمت دنیا مین نہ سمجھی یہ حریص
یاد زنبور انہین ذوق عسل مین نہ رہی

تم جو بی پردہ ہوئی ہو گئی روشن نہ فلک
تیر کی نام کو رخسار زحل مین نہ رہی

دل وہ کیا دل ہی جو فریاد سی لبریز نہین
نی ہمیشہ ہی گولی جو رفل مین نہ رہی

دور گردون نی ریاست سی کیا یہ محروم
کہ زمین شعر کی بہی اپنی عمل مین نہ رہی

خامشی خوب ہی کچہ عالم پیری مین اسیر
فکر کس کام کی شوخی جو غزل مین نہ رہی

پھر دیر سے بتون کی مجکو پیام پہونچے — کعبی کے رہنی والو تمکو سلام پہونچے

اتنی تو پھر کی لاسے پھر خدا سبو مین — سب میکشونکو ساقی اک ایک جام پہونچے

وہ مرغ خوش نوا ہون آیا جو مین چمن مین — صیاد ہر طرف سی لی لیکی دام پہونچے

نزدیک رہ گئی ہی ہمسی عدم کی منزل — برسون چلی ہین رستہ اب صبح شام پہونچے

ہمسایون مین کسی سی راہ اونکو ہی مقرر — پایا جو وقت فرصت بالای بام پہونچے

کس کا لہو بہاکر آئے ہین وہ الٰہی — ہین سرخ آستینین گلگون تمام پہونچے

بزم جہان مین ایسی قسمت تہی ہی اپنی — ممکن نہین کہ ہم تک لبریز جام پہونچے

رزاق ہی وہ سب کا دیتا ہی سبکو روزی — کیونکر نہ رزق سب کو تا وقت شام پہونچے

یہ پیاس کی ہی شدّت جی ڈوبتا ہی میرا — یارب کہین گلی تک آب حسام پہونچے

محفل مین اوسکے جانا ٹہری اگر ہمارا — نوبت کلام کی بہی پہر لا کلام پہونچے

مقبول ہین خدا کی ساری رسل پیمبر — اونکو درود پہونچی انکو سلام پہونچے

اپنی نصیب مین ہی اس دور مین کہان مے — ساقی کا ہاتہ کانپی ہم تک جو جام پہونچے

ارباب حق کے آگی سد زبان ہے لازم — تسبیح خوان رہی جب جب تا امام پہونچے

دہشت اسیر کیسی رحمت ہوئی خدا کی
پہونچی قضا جو اپنی بارہ امام پہونچے

ساتہ ابرو کے رخ پہ خال بہی ہے — ماہ بہی نجم بہی ہلال بہی ہے

ضعف بہی رنج بہی ملال بہی ہے — کچہہ نہ پوچہو کہ مجہہ مین حال بہی ہے

آپ ہین لطف و قہر کی مختار — لب ہلاؤن مری مجال بہی ہے

ہون تو مجرم مگر نہین مجہی پاس — جرم کے ساتہ انفعال بہی ہے

رنگ اوڑایا سب کیا مرا تیرا
سیب جو زرد ہی سہی لال بھی ہے

خوش ہو نظاہر ہین میری مرنے سی
سچ کہو دل مین کچھ ملال بھی ہے

ساتھ تابوت کے چلا جو وہ شوخ
مین یہ سمجھا کہ اسمین چال بھی ہے

خواب کا قصد ساتھ غیرون کے
کچھ کسی کا تمہین خیال بھی ہے

میری مطالب ہین سب جو مثل ہلال
نقص کے ساتھ کچھ کمال بھی ہے

دیکھ لے آسمان پہ حال قمر
کاملون کی لیے زوال بھی ہے

مر ہی جاؤنگا دیکھ کر اوسکو
ایکدن وصل ہی وصال بھی ہے

ترک مطلب کی کر خدا سے دعا
اس سی بہتر کوئی سوال بھی ہے

وہ بلاؤن مین پھنس گیا ہی یہ دل
عشق خط بھی ہی عشق خال بھی ہے

جب ہوس نکر جو میرے مرنیکو
کیا کوئے اور احتمال بھی ہے

کر دیا وحشت چشم نے یہ شوخ
کہ غزل بھی ہی یہ غزال بھی ہے

یہ جو ترنی غزل کہی ہے اسیر
عاشقانہ بھی حسب حال بھی ہے

ہر کو مین اوسکی جستجو کی
چھوٹی نہ گلی رگ گلو کی

باقی نہین دل مین کوئی حسرت
حسرت ہی تو ترک آرزو کی

منصور پکارا اوٹھا انا الحق
تہا مست بہک کی گفتگو کی

گلشن مین نقاب تم بھی اوٹھو
گل لینی لگی ہین رنگ و بو کی

اوڑاہ تری زاہد خشک سی رہی
شکل ایک تیمم و وضو کی

دامن سے جو پونچھتی اشک بچکے
مجھ خاک نشین کی آبرو کی

اہی تیغ جفا کے نگہ نا — سوگند تجھے مری لہو کی
بند آنکھہ ہوئی نہ ہجر کی شب — حالت رہی چاک بی رفو کی
حقا کہ وہ تیغ ہے شناسا — گردن گردن گلو گلو کی
دیکھی شب ہجر جب کواکب — سمجھی کہ یہ فوج ہی عدو کی
ٹہکرا کے نہ چل مزار عاشق — او سالکِ راہ بد سلو کی
پہنا جو کفن سفید سمجھے — یہ صبح ہے شام آرزو کی
اول تو رہی تلاش دنیا — آخر کو اجل کی جستجو کی
عبرت سے کہا بنی جو تربت — سرحد ہی یہ ملک آرزو کی

ہی زخم دہن اسیر اپنا
جو آہ ہے دہار ہے لہو کی

تصور مین جو روی لالہ گون ہے — گریبان نظر گرداب خون ہے
پری وہ یون سی فکر وصل ای دل — غضب سودا قیامت کا جنون ہے
کرین زیر فلک کیا خاک آرام — کہ مسکین زیر سقف بی ستون ہے
دم تحریر غم نالان ہے ہر کلک — قلمدان بہی ہمارا ارغنون ہے
کیا ہی ضعف نی اس درجہ بیحس — کہ جنبش بہی مری عین سکون ہے
مری آگی بیان عشق ای قیس — تجہی سودا ہی وحشت ہی جنون ہے
فلک ہی یا کوئی شیشہ ہی ساقی — شفق ہی یا شراب لعل گون ہے
تلف جیسی ہوئی فرہاد کی جان — سر تیشہ خجالت سے نگون ہے

اسیر اسکو نہین میرا جو ماتم

لباس آسمان کیون نیلگون ہے

کسی دن طور پر وہ گل جو بہر سیر آ نکلے
شجر سی اَنت منی انت منی کی صدا نکلے

ہوئی یہ قید کو مدت کہ غل زنجیر کرتی ہے
رہا ہو جلد یہ قیدی مری گہر سی بلا نکلے

جوانی دی اگر توفی تو یہ بہی ای خدا اُسن لے
شباب اتنا ٹہر جائی کہ دل کا حوصلا نکلے

خیال ضبط ایسا ہی جو تیہر سی کوئی توڑے
نہین ممکن کہ اپنی شیشۂ دل سی صدا نکلے

تصور ہی جو مرنی پر بہی اوس کندن سے چہرے کا
کہُلین تختی جو اپنی قبر کی کان طلا نکلے

مثالی ووتی ہی ظلمت شب تارِ جدائی کی
سہا چمکی تو کیا چمکی قمر نکلی تو کیا نکلے

عبث رکہتا ہے زاہد ہم پہ تہمت بت پرستی کی
چلی تہی جانب مسجد سوی بتخانہ آ نکلے

بلایا ہے ہمین خط لکہہ کی اوس خورشید طلعت نے
روانہ ہون قمر عقرب سے جلدی ای خدا نکلے

یہان تک خلافی ہی گئی اوسکی مصحف رخ مین
جو دیکہی فال ہی عاشق خلاف مدعا نکلے

غبار راہ تاثیر سیہ بختی سی سرمہ ہے
مین ہون جس قافلی مین خاک آواز درا نکلے

ترش ہو ہو کی کیا کیا گفتگو تی تلخ کرتی ہو
کہون مین بہی اگر ایسا تو کہیی کیا مزا نکلے

یقین ہی آدمیت کا نشان مرگ نہ زائل ہو
بجائی سبزہ اپنی خاک سی مردم گیا نکلے

شمیم برگ گل لا ہی کہین صحن گلستان سے
تمنای دل بلبل قفس مین آ صبا نکلے

وجود اللہ کا ہی خلقت کونین سی ثابت
نتیجہ حسب طرح صغرا و کبری سی خدا نکلے

تپ ساری کری بیمار ابہی سا رہی حکیمون کو
مریض عشق اگر ہو کر سو دار الشفا نکلے

زمین گور کو ہم ملک بیگانہ سمجہتی تہے
بہت سی لوگ لیکن اپنی صورت آشنا نکلے

اسیر ایسی کرون طاعت اگر ہو دیر مین جانا
کہین تحسین برہمن بت کی منہ سی مرحبا نکلے

ہجر مین عیش کہان بادہ لہو جام مین ہی
جام ہی میری طرح گردش ایام مین ہی

مردمک طرفہ تری چشم سیہ فام مین ہی
مشک نافہ عوض مغز اسی بادام مین ہی

صید لاغر تہا پہنسایا مجہی چوکا صیاد
مین نہین دام مین گویا وہ مری دام مین ہی

در جانان پہ دی جا کی جو ستک مینی
موت بولی کہ ٹہر وہ ابہی آرام مین ہی

چشم معشوق سی اس بی بصری دعوی
سخت بیمغز ہی سودا اسے بادام مین ہی

رہنی آیا نہین اس منزل ہستی مین کوئی
جو مسافر ہی وہ چلنی کی سرانجام مین ہی

ایک ہی ہو نہ سکا وصف لب اوسکا ہر چند
عمر گذری کہ زبان اپنی اسی کام مین ہی

پہاندتی یار کی دیوار غنیمت ہی یہ وقت
تیرہ شب خواب مین دربان ہی سگ آرام مین ہی

خوف عصیان سی لرزتا ہون تو کہتی ہین یہ لوگ
کثرت مے سی یہ رعشہ تری اندام مین ہی

خانۂ تن کا ہی معلوم ہی منعم کو ثبات
اسقدر صرف جو تعمیر در و بام مین ہی

دیکہہ لی کلک شکستہ کی قلمدان مین جگہہ
توڑ کر پاون جو بیٹہا ہی وہ آرام مین ہی

کیا ہوا سرخ جو ہین تیرہ دلونکی چہرے
شام تاریک ہی سرخی شفق شام مین ہی

تن ہوا از رہ نہایت تو بنا موی کمر
عشق کہتی ہین جسی حسن وہ انجام مین ہی

میری قسمت کی جو دانی تہی سبہی ای صیاد
چاک غربال کی مانند تری دام مین ہی

سیر عالم کی اگر جام مین جم کرتا تہا
ساقیا سیر دو عالم کی مری جام مین ہی

نخوت حسن سی بیفائدہ سو چو تو ذرا
اک حسین اور بہی آئینہ حجام مین ہی

جو مشرف ہوا دوری کی زیارت سی اسیر
سر بر آوردہ وہی حلقۂ اسلام مین ہی

کیا کہین ہم عدم سی کیا لائی
اک دل درد آشنا لائی

تبکدے مین بہل گیا دل زار / اب حرم مین ہمین خدا لائے

مہندی قاتل کی ہاتہ تک پہونچی / دیکہی اب یہ رنگ کیا لائے

مر گئی ہم تو بولی قبر سی سوت / تیری روٹہے کو ہم منا لائے

دی کی دل اوسکو نقد بوسہ لیا / کچہ لگاڑا تو کچہ بنا لائے

دردِ دل جب سنا بگڑ کی کہا / لو نئی داستان بنا لائے

نہوی سبزہ زار خاک لحد / خضر تشریف بارہا لائے

ضعف سی ہم ہین شکل نادید / کوئی خاطر مین ہمکو کیا لائے

نہ ہنسا لوگ تیری محزون کو / زعفران زار بہی دکہا لائے

روبرو اوس صنم کی ہم لب تک / ڈرتی ڈرتے خدا خدا لائے

خط نی اوسکی دکہائی شام فراق / مورچی فیل کو لگا لائے

ہو گرسنہ اگر سگ لیلے / استخوان قیس کی ہما لائے

قاصدون کو جواب جب نملا / پرزے مکتوب کی اوٹہا لائے

دل بغیما اسیر برذ رین / سرو قدی بلند بالا لائے

عشق گیسو وجہ چاک سینہ ہے / حال شانے کا ہمین آئینہ ہے

ہم بہی اوس پیر مغانکی ہین مرید / خضر جسکا خادم دیرینہ ہے

دی کی می تہوڑی بہت سالی نواشت / آج ای ساقی شب آدینہ ہے

وصف قاتل مین پڑہو نہین شعر نو / شاہنامہ دفتر پارینہ ہے

بال سر کی بڑہ کی کملی ہوگئے / تیری وحشی کو یہی پشمینہ ہے

گیا ملی بوسہ وہ رخ ہی زیر زلف
سانپ کی قبضی مین یہ گنجینہ ہے

کب ہی مشکل بام وحشت پر عروج
راہ ناہموار صحن ازینہ ہے

دل جلا اوسکا جو آیا روبرو
روی جانان آتشی آئینہ ہے

عشق رخ مین یہ خمیدہ ہو گیا
سر ہی مصحف رحل اپنا سینہ ہے

کیا کرون ای خضر مین آبحیات
حال اسکندر مجھے آئینہ ہے

کارگر کیا ہوگی تیغ اعتراض
ہر رباعی اپنی چار آئینہ ہے

کام کیا گر دکدورت سے اسیر
صاف اپنا سینۂ بی کینہ ہے

تیری در کی نہ کبھی مجھسے گدائی چھوٹے
ای شہ حسن اگر ساری خدائی چھوٹے

چاندنی شب مین جو بی پردہ وہ چہرہ ہو جائے
شرم سی ماہ کی چہرہ پہ ہوائی چھوٹے

مخلصی زلف کی زنجیر سی پائی لیکن
قید الفت سی نہ ہم بعد رہائی چھوٹے

وصل ہونی پہ رہی ہجر کا کھٹکا باقی
چاہیی ہاتہ سی اوسکی نہ کلائی چھوٹے

ترک ہم رند ہی بی شبہہ کرین بادہ کشی
زاہدو تم سی اگر زہد ریائی چھوٹے

چاہ یارون مین کہان قصۂ یوسف ہی دلیل
جوش پر ہی جو حسد بہائی سی بہائی چھوٹے

تیری کشتونکی جلانی مین مسیحا کو ہی خوف
جی نہ کیونکر دم اعجاز نمائی چھوٹے

وہ مسیحا جو خبر لے کبھی بیمارون کی
مرض و طبع کی بحران مین لڑائی چھوٹے

استقدر وصف مین اوسکی کف رنگین کی لکھون
کہین بازار مین کاغذ نہ حنائی چھوٹے

آستین یار کی ہاتھون مین الہی آجائے
دامن دل سی کبھی داغ جدائی چھوٹے

سرخرو ورنہ قیامت مین شہیدون ہی
حسبر او ترک ترا دست حنائی چھوٹے

ای جرس مغز پریشان ہی تو یی سیف کا
خوب ہو تجہسے اگر ہرزہ درائی چہوٹے

عمر بہر کیون نہ ملون مین کف افسوس اسیر
ہاتہ سے میری جو وہ دست حنائی چہوٹے

رنگ غم جس سی ٹپکتا ہی خوشی ہی تو یہ ہے
خون فشان زخم کیصورت ہون ہنسی ہی تو یہ ہے

مہر بہی رکہتی ہین الفت بہی وفا بہی عاشق
صبر کا نام نہین انمین کمی ہی تو یہ ہے

نشۂ می کا ہی انجام خمار ای ساقی
سب طرح کا ہے مزا یہ مزگی ہی تو یہ ہے

رونق جادہ ہی پرزون سی مری دامن کے
وشت مین خار بچی والونکی گلی ہی تو یہ ہے

سیکڑون حادثۂ مردہ جلا دیتا ہی
لب جانان مین مسیحا نفسی ہی تو یہ ہے

تیغ جلاد گلی سے ملے گی آکر
عید اضحی کی غریبونکو خوشی ہی تو یہ ہے

بادۂ صاف تو سبکو ہین دردتہ جام
کرم پیر خرابات کبہی ہی تو یہ ہے

ساتہ ہی آئین سگے بالین پہ ایہ دم نزع
ملک الموت کی آنی کی خوشی ہی تو یہ ہے

چلتی چلتی سر قرطاس ٹہر جاتا ہے
حسن سب اسپ قلم مین ہی بدی ہی تو یہ ہے

فقر اسے ہی یہ سید ہا امراسی ٹیڑہا
راستی ہی تو یہ ہی دل کی کجی ہی تو یہ ہے

عاشق احمد مختار مرا دل ہی اسیر
اس زمانی مین اویس قرنی ہی تو یہ ہے

لیجیے دل اگر ارادہ ہے
کیا کوئی آپ سی زیادہ ہے

منہ نہ شیشے کا بند کر ساقی
در توبہ ابہی کشادہ ہے

رند زاہد کی کیون کرین تعظیم
کیا کوئی پادشاہ زادہ ہے

کوئی ... کی ... ہے

ابھی کم سن ہے خط نہین نکلا
ورق روی یار سادہ ہے

ہون سوار جنازہ ہو کی خجل
کہ ہر اک آشنا پیادہ ہے

کون پیا ساہی واجب التعظیم
آب شمشیر ایستادہ ہے

جسکو کہتے ہین لوگ موی کمر
صاف ملک عدم کا جادہ ہے

لاغری سے ہی اب تو یہ عالم
کہ مرا رخت تن لبادہ ہے

زور وحشت سی مری قبضہ مین
قوس گردون تلک کبادہ ہے

کچھ نہین فرق سب ایک ہین
ایک بارہ کا خانوادہ ہے

کون گلگو ہے وار میدان
معرکہ باغ سے زیادہ ہے

کل اسوار ہے ہر ایک سوار
ہر پیادہ گل پیادہ ہے

فی الحقیقت تری سخن مین اسیر
ایک عالم کو استفادہ ہے

باغ مین اگر جو شبنم رو گئی
بلبلونکی حق مین کانٹے بو گئی

کس کا شکوہ کیجیے کسکا گلا
تھی مقدر مین جو ہونی ہو گئی

ہجر کی شب منتظر ہون دیر سے
موت یارب مر گئی یا سو گئی

نشۂ زر مین یہ منعم کو ملا
عقل سی بیدار دولت سو گئی

مرحبا اشک ندامت مرحبا
خط عصیان کی سیاہی دھو گئی

وصل کی شب بھی نہ نکلا کام دل
جاگ اوٹھی وہ میری قسمت سو گئی

ہین پیام مرگ یہ موی سفید
جاگ غافل صبح پیدا ہو گئی

بی ثباتی اس چمن کی دیکھکر
بھر رہی تھی خوب شبنم رو گئی

قیصر و خاقان و کیکاؤس و جم
چار دن سب کی حکومت ہو گئی

کون مجھ بیکس کا ماتمدار تھا
خاک پر ہاں آکی بدلی رو گئی

کوئی قاتل سے بچاتا تھا اسیر
پھنس گئی آفت مین جان اتو گئی

سر کی بھل سوی بت بدخو چلے
یون چلے ہم جسطرح آنسو بہ چلے

وصل کی محفل ہوئی میدان جنگ
تیر مژگان خنجر ابرو بہ چلے

باغ ہستی مین سبکروحی سی ہم
مثل رنگ آئی بہ رنگ بو چلے

کب رہ الفت رہی بیراہ رو
ہم جو تھک کر گر پڑے آنسو چلے

جانتی ہین ہم تجھے ای چشم یار
سامری پر بھی ترا جادو چلے

لگا لیون سی بات کی مہلت نہین
کیا کسی کی تجھسے ای بدخو چلے

قد جانان سی ہی باغی سرو باغ
دار پر رکھدون اگر قابو چلے

ہمکو چلنا ہو نقاہت سی محال
ای صبا کوچہ مین اوسکی تو چلے

تیغ چل جائی تو کیا اسکا عجب
جسجگہ ذکر خم ابرو چلے

میوۂ فصلی ہمین بھی چاہیے
دیجیے بوسہ کہ شفتالو چلے

رحم پر لائی سنا کر درد دل
رات اوس سی ہم نیا پہلو بہ چلے

غیر اوسکے پاس ہم دوری اسیر
کیا کرے جسکا نہ کچھ قابو چلے

جو مزی جینی کی تھی سب جا چکے
جان بھی جائی کہین جھگڑا چکے

دن تین گزرین وہی ہے آج کل
ہو گئی ہم ناتوان بس تم آ چکے

ترک الفت دل نہین کرتا قبول حق جو سمجھانے کا تھا سمجھا چکے
وای قسمت تب ہوی وا اپنی آنکھ جب سرا سی سب مسافر جا چکے
اب تو اوٹھوانے کو تابوت آئی لوگ مردی کو مری کفنا چکے
دیکھو یکتائی کا یہ کس منہ پہ ناز آئینہ بھی ہم تمہین دکھلا چکے
روز کی دھڑ کے کہان تک واعظو ہو قیامت کو جو آنا آچکے
اب نہ مانے دل جہنم مین پڑے ختم حجت ہو چکے سمجھا چکے
وصل مین شک ہی کسی کافر کا کام کرکے وہ وعدہ قسم بھی کھا چکے
مرگئے ہو روز کا قصہ تمام کھینچیے خنجر کہین جھگڑا ہی چکے
ای فلک تو ہی لگا تیر ستم ان کمانداروں کو ہم جتلا چکے
جنکو رہنا تھا وہ پیچھے رہ گیے جنکو جانا تھا وہ آگے جا چکے
جانتا ہون بیدماغی آپ کے دل مرا باتوں مین تم بہلا چکے

عاشقی سے اب تو باز آؤ اسیر
دیکے دل سو بار دھوکا کھا چکے

جب دیکھتی ہین پاتی ہین چین بر جبین تجھے پھینکین گی چاک کرکی ہم اپنی آستین تجھے
اللہ رے نور دینے داغ سجود کا سجدی مین صاف دیکھ رہا ہی جبین تجھے
منظور حق ہوا کہ ہو بے پردہ قتل عام کھینچی نہ تیغ قہر بنایا حسین تجھے
ناوان نہ بھاگ گور غریبان سی اسقدر آخر تو ایک روز ہی آنا یہین تجھے
کرتا نہ کوئی قدرت کامل کا اعتقاد کرتا اگر نہ خلق جہان آفرین تجھے
ای غم ہماری گھر سے نجا کہتے ہین اب اور بھی گھر نہ ملیگا کہین تجھے

نفرت ہوتی ہی ایسی مجہی تجہسی ای فلک — نفرین کرون اوسی جو کہی آفرین تجہی

تیری قدم کہان مرا اوجڑا اسکان کہان — ابتو بکمال جذب کا آیا یقین تجہی

بزم خیال اہل جنون مین ہی تو پری — کہتی ہین طالبان جہان حور عین تجہی

شیرین ہی تو یہ خسرو و فرہاد کا ہی زعم — سمجہا ہی قیس لیلی محمل نشین تجہی

حق تو یہ ہی کہ کرتی ہین سب دعوی دروغ — میری سوا کسی نی بہی دیکہا نہین تجہی

ترجیح ہی سخن پہ خموشی کو اندنون — دم بہر اسیر فکر کی فرصت نہین تجہی

جاؤ بہی تمکو اگر جانا ہے — اپنی قسمت ہی مین مرجانا ہے

آشنائی یہ تری بیٹھے ہین — اودہر آنا نہ اودہر جانا ہے

چاہیے شکر جو گذری گذری — آخر اک روز گذر جانا ہے

اس سرا مین ہی مقام اک شب کا — شام آنا ہی سحر جانا ہے

ہم تہی بخت کہان عیش کہان — دن فقط زیست کی بہر جانا ہے

گہر سے نکلے ہین سر راہ مگر — نہین ثابت کہ کدہر جانا ہے

خط لکہی یار تو دولت ملجای — ہنڈوی کا یہ سکہر جانا ہے

عشق ابرو نہ کرین ہم کیونکر — تیغ کی کہاٹ اوتر جانا ہے

کوچہ اوس ترک کا ہی جاۓ تیغ — پانون رکہنا نہین سر جانا ہے

کہو جوڑی سی نزو کی رستہ — زلف کو تا بکمر جانا ہے

دم رفتار دم سرد بہرین — ٹہنڈی ٹہنڈی جنہین گہر جانا ہے

ہجر مین جسم ہی بیجا ای جان — اپنا جینا نہین مرجانا ہے

شام سے کیا ہمین نیند آئی اسیر
کہ سفر نے پچھلے پہر جانا ہے

لگی مین یار کی بدہی وہ بہاری ہی پہولونکی
یہان ہی تیسرا دن وہ طیاری ہی پہولونکی

تمہاری خوشنویسی یا گلستان کا تماشا ہی
جو وصلی ہی خط گلزار کی کیاری ہی پہولونکی

حسین خاموش تہی صد شکر باتین کین دہن کہولے
نمائش ہو چکی غنچونکی اب باری ہی پہولونکی

تونگر چار دن کو پہول لین بی اصل دولت پر
جہان مین مالداری انکی زرداری ہے پہولونکی

خدا حافظ ہی طفل باغبان کا ہمکو کہٹکا ہے
کہ وہ نازک بہت اوڑہو گرانباری ہی پہولونکی

گئی کتنی فلک نی طاق میخوارونکی بیرونق
نہ مینا کاری مینا نہ گلکاری ہے پہولونکی

بہادی بادۂ گلرنگ کا بہی رنگ ای ساقی
چمن مین بہینی بہینی کیسی بو پیاری ہے پہولونکی

حسین کہنی لگی جبسے سر بازار گلباری
ہن آئی گلفروشونکی خریداری ہی پہولونکی

فراق یار مین گل اسقدر اعضا پہ کہائی ہین
کہ اپنی قصر تن مین چار دیواری ہے پہولونکی

بہار حسن آئی تیری مشتاقونکی حصہ مین
مبارک باغبانونکو پرستاری ہی پہولونکی

پہ گسنی خاک کو پایی حنابستہ سی گوندا ہے
کہ چادر میری تربت پر بہت بہاری ہے پہولونکی

اسیر اون عارضونکی یاد مین ہی چشم تر گریان
بہار غم ہی نہر فیض تک جاری ہی پہولونکی

نہ چہیڑ ای صور محشر شور کر کے
ابہی سوئی ہین جاگی رات بہر کے

بڑہا یہ شوق خط تحریر کر کے
چلے ہم پیچہے پیچہے نامہ بر کے

غضب ہی نیم جان قاتل نی چہوڑا
ادہر کے ہین نہ اب بسمل ادہر کے

ہو آنکہون مین قحط اشک شاید
کہ اب آنے لگے ٹکڑے جگر کے

تمہارے ہاتھ سے خط لیکے آیا | قدم آنکھون پہ میری نامہ بر کے
الہی شکر ہی گذری شب ہجر | عیان آثار ہین کچھ تو سحر کے
چلین تقلید مین شیرین ہزارون | قدم اپنی نہ سر کے پیر نہ سر کے
ہوا لبریز اپنا ساغر عمر | پلایا جام اوسی ساقی نی بھر کے
بہت یاد آیا اوس زانو کا تکیہ | جو سوئی زیر سر ہم ہاتھ دھر کے
جہان دریا مین وہ دم بھر نہائے | وہان پل بندہ گیے گرد نظر کے
مری زنجیر کی حلقے ہون یارب | جو دونون پاٹری پہنا دو سفر کے
بتاؤن کیا کہ داغ دل ہین کتنے | گنی جاتی نہین ستی شب بھر کے
ابھی یارب ہوئی شام شب وصل | ابھی آثار پیدا ہین سحر کے
لیی جا کوئی تیشہ ساتھ ای آہ | کواڑی بند ہین باب اثر کے
کسی دعوت مین اونکو بھی بلاؤ | جو بھوکی ہین عنایت کی نظر کے
ملی بوسہ اگر سیب ذقن کا | بہرون میوون سے مین طاق اوسکی گہر کے
بدن گل کا جو ہی صد چاک ای گل | تری تیغ ادا کی ہین یہ جوہر کے
ملا تو غنچہ مرجان سے کچھ | ہماری خون دل سی ہاتھ بھر کے
تری وحشی کو کیا در کار زنجیر | قدم تک بڑہ کی پہونچی بال سر کے

اسیر اوج فلک پر ماہ و خورشید
نشانی ہین کسی تیر نظر کے

صبح شام اپنی صبح شام ہوئی | عمر اسی دور مین تمام ہوئی
کبھی خندان ہوئی تو صورت گل | ہمکو شادی برای نام ہوئی

پردہ اوس روی صاف سے اوٹھا
یا کوئی تیغ بے نیام ہوئی

قتل کو میری ہجر جانان مین
فوج انجم سپاہ شام ہوئی

کون مجمع سے اوٹھ گیا یارب
بزم تسبیح بے امام ہوئی

کون ہین ہم کہان سے آئی ہین
عمر اسے سوچ مین تمام ہوئی

ایسی گھڑیالیون نی شورش کی
نیند وصلت کی شب حرام ہوئی

دست پرنور سے یہ پایا نور
صبح روشن چھڑی کی شام ہوئی

اوس پہ دود آہ سے میری
زلف اوسکی سیاہ فام ہوئی

تیغ ابروکا سنکی وصف کہا
تمکو بھی جرات کلام ہوئی

کسکی عارض کا بندہ گیا مضمون
اور رنگینی کلام ہوئی

دیکھ کر تیری آنکھ کی گردش
بادہ خوارونکو قدر جام ہوئی

تھی تواضع کی جو مجھے عادت
فوت کب وہ تہ حسام ہوئی

اوٹھ گیا ہاتہ خود بخود جو مرا
یہ ہی اک صورت سلام ہوئی

ہون وہ میکش کھلی جو صبحکو آنکھ
مجکو ساقی تلاش جام ہوئی

تھی جو زاہد کی جانماز اسیر
سنتی ہین وہ بھی رہن جام ہوئی

مقدر استراحت کا مکان دیتا تو ہم لیتے
زمین کوی جانان آسمان دیتا تو ہم لیتے

بہت مرغوب دل ہی تھی ہمکو بلبل کی گویائی
خدا ان بیزبانونکی زبان دیتا تو ہم لیتے

عتاب و لطف دونو ایک ہین رنگین مزاجونکی
عوض پہولون کی کانٹے باغبان دیتا تو ہم لیتے

برنگ آئینہ اس بزم مین قانع ہی دل اپنا
مقدر آبروسی لب و نان دیتا تو ہم لیتے

خضر آب بقا لایا تو لایا کسکو یہ دوا ہے
کوئی جام شراب ارغوان دیتا تو ہم لیتے

نبات و قند کی خواہش نہین ہی تلخی کی لذت
جو بوسہ وہ بت شیرین دہان دیتا تو ہم لیتے

اطاعت سی غرض مثل سکندر عذر کیا ہی کو
جو دو شاخین خدائی مہربان دیتا تو ہم لیتے

مرید با صفا ہین مرگ کی تلخی گوارا ہی
پیالہ زہر کا پیر مغان دیتا تو ہم لیتے

نہین بیجا توقف نا بلد ہین کوچۂ جانان سے
ابھی رستہ جو کوئی بھی نشان دیتا تو ہم لیتے

وہ لاغر ہین کہ اپنے نقش پا سی ہم یہ کہتے ہین
جو پڑ رہنے کو تو اپنا مکان دیتا تو ہم لیتے

برای دیدۂ یعقوب ہی مد نظر سرمہ
غبار راہ یوسف کاروان دیتا تو ہم لیتے

اسیر اپنی سخنگوئی کی گل کہتی ہین بلبل سی
خدا ایسی بہار بے خزان دیتا تو ہم لیتے

خاکساری مین نقش پا میرے
ہر قدم پر ہین رہ نما میرے

بڑیان سو ہزار ہیت گڑیان
ہین سلامت جو دست و پا میرے

ایک تو قدردان حسن رہے
قتل عالم کرو سوا میرے

ہاتہ زلف رسا تلک پہونچا
واہ کیا بخت ہین رسا میرے

ایک طرز نگاہ ساقی مین
تمسی ہر روز ہی ہوئی قضا میرے

سخت تابوت مین ہون شرمندہ
دوست سب ہین پیادہ پا میرے

مین ہون اور گوشۂ مزار مرا
پھر گئی ساری آشنا میرے

پھول گلشن مین خار صحرا مین
منتظر ہین جدا جدا میرے

بزم عالم مین ہون مین آئینہ
سیکڑون صورت آشنا میرے

خوف گلچین سے باغ مین نے یار
بھول جاتی ہین دست و پا میرے

نیش غم سی کہان نجات اسیر
کہ عقارب ہین اقربا میری

یہ ربط ہمکو کسی شوخ دلپسند سی ہی
کہ بند بند کو پیوند بند بند سی ہی

تمہاری خال نی چمکا دیا ہی عارض کو
نمود آگ کی اس دانۂ سپند سی ہی

نکل کی تن سی کہان جائیگا یہ طائر روح
رگون کا جال زیادہ اسی کمند سی ہی

کہین مریگا وہ ہوگا شہید راہ خدا
جسی کہ عشق تمہاری حسین بند سی ہی

سوئی پہ بہی ہی یہ اوس شہسوار سی الفت
غبار راہ مین لپٹا ہوا سمند سی ہی

ہماری آہ سی بس ایک تم نہین ڈرتی
وگرنہ سب کو خطر آتش بلند سی ہی

چہری جو یار کی ہر وقت تیز رہتی ہی
کہان کی تمکو عداوت نیازمند سی ہی

کیا ہی عشق نی کس شہسوار کی وحشی
کہ طوق آہن نعل سم سمند سی ہی

بندہی ہوئی ہین ہزارون طیور دل اسکی ترک
زیادہ حلقۂ گیسو شکاربند سی ہی

جواب کہتی ہین کرتی ہین دخل لیا ہمکو
رضا سی کام غرض آپکی پسند سی ہی

رجوع عشق ہی دل کیطرف خدا حافظ
اسیر صحبت قصاب گوسپند سی ہی

ہجر مین حالت بسمل کبہی ایسی تو نتہی
جیسی اب ہی طپش دل کبہی ایسی تو نتہی

آدمی کیا کہ قدم تہکتی ہین سیارون کی
دور آتش بادہ کی منزل کبہی ایسی تو نتہی

صاف بی پردہ ہی قاتل نظر آتا نہین کچہ
حیرت دیدۂ بسمل کبہی ایسی تو نتہی

عکس پڑتا ہی تو سر جسم سی ہوتی ہین قلم
تیزی خنجر قاتل کبہی ایسی تو نتہی

پردۂ گوش جلی جاتی ہین ہو تونکی صبا
گرم آواز عنادل کبہی ایسی تو نتہی

واہ کیا خوب جو اسنے مین نکالا جوبن — آپکی شکل و شمائل کبھی ایسی تو نتھی
قیس آوارہ بگولی کیطرح پھرتا ہی — خواہش لیلی و محمل کبھی ایسی تو نتھی
شکر صد شکر کہ اب پاس ہین ہم دور رقیب — وہان تمیز حق و باطل کبھی ایسی تو نتھی
شاید اوس قاتل خونریز کا کوچہ ہی یہی — راہ چلنی مجھے مشکل کبھی ایسی تو نتھی
آشنا جمع ہین آیا ہی نہانی کو یہ کون — بھیڑ آگی لب ساحل کبھی ایسی تو نتھی
اب یہ کیا ہی کہ ہی محروم تماشا مری آنکھ — آرسی بیچ مین حائل کبھی ایسی تو نتھی
بڑھ کی آئی ہی ادہر کاکل لیلی شاید — پای مجنون مین سلاسل کبھی ایسی تو نتھی
شمع شاید کہ تری آتش عارض سی جلی — پیش ازین گرمی محفل کبھی ایسی تو نتھی
چاک بنکر اوسی اب ور دیا چرخ نی چرخ — گردش کاسہ سائل کبھی ایسی تو نتھی

یہ زمین سہل ہی کیون ہو گرین کہاتی ہو اسیر
شاعری آپکو مشکل کبھی ایسی تو نتھی

شب راہ وصال بت بی پیر نسوجھی — چھایا یہ اندھیرا کوئی تدبیر نسوجھی
نظارۂ قاتل سے نے کیا محو یہ ہمکو — گردن پہ چمکتی ہوئی شمشیر نسوجھی
دھوکی مین مری پانونکو جلادنی کاٹا — زندان مین یہ ظلمت تھی کہ زنجیر نسوجھی
اس درجہ کہچا ضعف کہ ارباب نظر کو — دیکھا جو مرقع مری تصویر نسوجھی
زاہد کو رہا وصف می ناب سی انکار — خفاش کو خورشید کی تنویر نسوجھی
تربت مین کیا عذر تو بولی یہ فرشتی — اب دور کی سوجھی تم تفسیر نسوجھی
تہا قصد کہ اوس سے یہ کہین گی یہ کہین گے — دیکھا جو وہ چہرہ کوئی تقریر نسوجھی
جاتا تہا کہین اور بہک کر کہین پہونچا — نالی کو ہوئین مدتین تاثیر نسوجھی

چاہا تو بہت پر نہوا وصل میسر
تقدیر کے آگے کوئی تدبیر نسوجھی

ایسا دل مضطر کو کیا شوق نی اندھا
راہ شکن زلف گرہ گیر نسوجھی

خط یار کو لکھا تو نہ لکھنے کی برابر
مطلب کی عبارت دم تحریر نسوجھی

تھا بسکہ شریعت سی جدا مسئلہ عشق
قاضی کو مری جرم کی تعزیر نسوجھی

قاصد مگر اوس گل کا مکان باغ ارم تھا
سو بار گیا تو سے تجھے تعمیر نسوجھی

روشن ہی کہ کہنی کو اسیر آپ ہین حافظ
اوس مصحف رخسار کی تفسیر نسوجھی

جرم خالق اسیر کا بخشے
آدمی خوب تھا خدا بخشے

کاش اتنا ہی ہو کہ حشر کی دن
آشنا جرم آشنا بخشے

کوئی قاتل نظر نہین آتا
کسکو مقتول خون بہا بخشے

عشق نے دل کو داغ دی کیسے
سیکڑون باغ دلکشا بخشے

مرض عشق کا علاج نہین
فائدہ کیا کوئی دوا بخشے

کہہ گئے طول میری بیماری
اب شفا خالق شفا بخشے

غائبانہ کسیکو بد نہ کہو
اتنی نیکی تمہین خدا بخشے

ہجر مین ہو کہین وصال نصیب
یا الٰہی اثر دعا بخشے

نکہت اوس گل کی لیکی آئی ہے
دل کو فرحت نہ کیون صبا بخشے

یاد لب مین پیون جو خون جگر
شربت قند کا مزا بخشے

ہی سخاوت علی پہ ختم اسیر
گنج لوگون کو بارہا بخشے

مخمس غزل خواجہ حیدر علی آتش مرحوم

جمع کی تھی جسقدر دل نی بضاعت لیگئی — لوٹ کر زنگی بچی سب مال و دولت لیگئی
ہر نفس مین ہر نون سی بھی فضیلت لیگئی — آنکھ اٹھتی ہی قرار و صبر و طاقت لیگئی
خال مشکین و لبہی مین گوی سبقت لیگئی

لاکھ لغزا وادی وحشت مین پہونچے دل ہی شاد — غیر وقت حال سی اپنی ہون اس ہی کیا مراد
طرز خفافی جنون گردش مین بھی ہی ہمکو یاد — خاک چہانی ہم سکر و حون نی مثل گرد باد
وادی پرخار سی تلوی سلامت لیگئی

ابتدا اسی کچہ محبت کی ہے بہتر انتہا — بعد مردن ہجر کی تلخی و کہاتی ہے مزا
یان شیرین کا عوض ہی چشمہ آب بقا — زہر کہا کر اک شکر لب پر موا ہون یکہنا
قبر پر دشمن گھڑی بہر کی شربت لیگئی

کیا ہوا جو ایک مدت تک رہا عریان بدن — عاقبت محرومی قسمت گئی بدلا چلن
حال دیکھو لی مری السی فی سی پیرہن — عالم اسباب سی حاصل ہوا آخر کفن
چلتی چلتی آسمان ای ہم کو خلعت لیگئی

بسکہ تھی زلف بتان کی سر مین مدت سی ہوا — جبتلک جیتا رہا مسکن رہا ظلمت سرا
شامت اعمال باقی رہ گئی بعد فنا — تیرہ بختی کی اثر نی شام سے گل کر دیا
صبح کو کوئی اوٹہا کر شمع تربت لیگئی

تھی ہوا ای روح افزا کوچہ محبوب مین — کیون نہ جاتا بلبل آسا کوچہ محبوب مین
دیکھکر رنگ تماشا کوچہ محبوب مین — دیدہ و دل نی کہسیٹا کوچہ محبوب مین
کھینچ کر مجکو وحشتی ہی جنت لیگئی

ہی بہار شادمانی سی خزان غم ہم
جو شجر اس باغ مین اگتا ہی ہوتا ہی قلم
ہمسی پوچھو پتی پتی سی تو ہین آگاہ ہم
باغ عالم مین ہی نافہمونکو بی برگی کا غم
سبز تی اس چمن سی زر صورت لیگئے

یون تو کسکی طبع فن شعر مین معزون نہین
میری دیوانسی مگر دیوان کوئی افزون نہین
شعر وصف چشم و کاکل مین بجز افسون نہین
مصحف رخسار کی مضمون سوا مضمون نہین
سب کی مضمون پر مری مضمون فضیلت لیگئے

کچکہ بیماری فرقت ذرا حالت نہتی
دست و پا بیحس تہی بالکل جسم مین قوت نہتی
اور زیر خاک بچنی کی کوئی صورت نہتی
ناتوانی سی فشار قبر کی طاقت نہتی
گور مین بہی تیری عاشق کو اہانت لیگئے

صاف رکہہ دل کو کہ ہو جنت کو بہی تا بعد مرگ
روشنی بہتر کہ مرقد کی سیاہی بعد مرگ
کیا خجل ہونگے جو دیکہین کی تباہی بعد مرگ
کوئی مومن ہو نہ گل ورگل الہی بعد مرگ
وای بر حال اونکی جو دل مین کدورت لیگئے

شہر سی تنگ آگئے ہمبہی گہر بنایا دشت مین
چین لیکن تیرہ بختی سی نپایا دشت مین
دیکھکر لالی کی نکہت داغ کہایا دشت مین
گردش چشم غزالان نی ستایا دشت مین
ساتہ اپنی ہر جگہ ہم اپنی قسمت لیگئے

کون تہا مشفق اسیر ایسا کہ یہان کہتا درود
سورہ الحمد پڑھتا بہیجتا ہمپر درود
مرگئی پر بہی ہنی باقی تو سنگین دل حسود
دیکھہ سکتی تہی کہان کافر مسلمان کی نمود
کہود کر تربت ساز آتش سنگ تربت لیگئے

رباعیات

رباعی

اے اہل عزا چاک گریبان کرو
احمد بھی شریک بزم میں مہمان کرو
ہیں پنجۂ مژگان یہ در اشک ضرور
آنکھوں سے کہو نذر کا سامان کرو

رباعی

اس بزم کی آداب کا لازم ہے خیال
ہے آمد خاصگان رب متعال
نالوں سے کہو اٹھیں برائے تعظیم
اشکوں سے کہو چلیں پئے استقبال

رباعی

افسوس ہیں ظلم کی بانی پانی
اور پایہ نہ فاطمہؑ کا جانی پانی
کہتا ہے جو کٹتا تھا گلا خنجر سے
آواز یہ آتی تھی کہ پانی پانی

رباعی

کس شہ کا یہ ماتم ہے ذرا دھیان کرو
سر پیٹ کے چاک اپنی گریبان کرو
وہ اشک بہیں تو وہ شرف ہوں حاصل
اللہ کو خوش نبیؐ پر احسان کرو

رباعی

وہ سینہ ہی کیا جسمیں کہ یہ درد نہیں
وہ لب نہیں جس لب پہ دم سرد نہیں
سرشہ نے دیا بیعت غدار نکی
شبیر سا دنیا میں جوانمرد نہیں

رباعی

چلتے چلتے رکا جو رہوار امامؑ
ہنگام خرام
شہ بولے کہ یہ زمین محنت انجام
کیا کہتی ہے نام
کی عرض کسی نے کربلا ہے یہ زمین
یا خسرو دین

فرمایا کہ بس یہی ہمارا ہی مقام — منزل ہی تمام

رباعی

پھرتا ہون خویش آفاق کو غمگین ہو کر — پایا ہے ثمر یہ تخم محنت بو کر
اس باغ مین ہی یہ باغبانی میری — ہستی کی درخت سینچتا ہون رو کر

رباعی

سر پر جو خدا کی فضل کا سایہ ہے — دنیا مین وہی امن کا پیرایہ ہے
کثرت ہی رقیبونکی تو کچھ خوف نہین — کم من فئۃ قلیلۃ آیہ ہے

رباعی

ہر چند گرفتار غم و درد ہی دل — لیکن رہ کوشش مین جوانمرد ہی دل
پھرتا ہے زمانی مین یہ ہر چار طرف — مخدوم جہانیان جہان گرد ہی دل

رباعی

واقف نہین دنیا مین کوئی راحت سے — جو دل ہی مکدر ہی غم و محنت سے
کیا زیر فلک گرد کدورت کا گلہ — جز خاک جھڑی خاک ہرانی جہت سے

رباعی

نافہمون کی کیا جمع ہوئی ہی محفل — کرتی ہین بہت علم کا دعوی جاہل
احوال ہی انکی یہ مطابق ہی مثل — لکھے نہ پڑھے نام محمد فاضل

تاریخ وفات مولوی میر قایم علی

سیّد قائم علی عالم — در جنگ عدو زبان او سیف
بر بست ز دہر رخت ہستی — در شدت ہیضہ بی کم و کیف

آمد ز فلک ندای ہاتف	افتاد ستون دین حق حیف
	سنہ ۱۲۷۲ ہجری

تاریخ وفات سید مظفر حسین ضمیر مرثیہ گو مرحوم

سید پاک و شیعۂ مومن | مرثیہ گوی پادشاہ انام
کرد رحلت ز عالم فانی | از خدا یافت در بہشت مقام
گفت سال وفات او دل من | بود سید ضمیر محو امام
 | سنہ ۱۲۷۲ ہجری

تاریخ وفات حشمت علی برادر زادہ ام

آہ حشمت علی دہ سالہ | رفت از دار جہان سوی جنان
سال تاریخ وفاتش گفتم | آہ حشمت ز جہان شد پنہان
 | سنہ ۱۲۷۲ ہجری

تاریخ تالیف ترجمہ حیوۃ القلوب

شد از ناصر خوش بیان ترجمہ | باندازِ نیکو بآئین خوب
قلم سال تاریخ ان ثبت کرد | بہ از دوست کشف حیوۃ القلوب
 | سنہ ۱۲۷۱ ہجری

دیگر

زہی ناصر خوش بیان خوش سخن | امیرؔ سہ کا مداح آگاہ فن
سر دست کی اوسنی نظم صحیح | کتاب حیوۃ القلوب فصیح
کہی اوسکی تاریخ ہاتف نی خوب | کہ منظوم جلد حیوۃ القلوب
 | سنہ ۱۲۷۱ ہجری

تاریخ وفات وصی علیخان بہادر مرحوم

چو خان ذی شان ز دار امکان بباغ فردوس شد خرامان

بماتم خان بجملہ امکان یکی است نالان دگر پریشان

قلم بتاریخ اشک ریزان نوشت مصرع ز تار غزن...

محب یزدان حبیب پاکان حمید ایمان وصی علی خان

تاریخ وفات میر اشارت علی صاحب مرحوم

در جہان سی باغ جنان کو میر اشارت علی سدھارے گئے
صدمہ اون کا سب پر گذرا کہتی ہی سب دنیا ہاے
فکر ہوی تاریخ کی ہمکو آئی ہاتف کی یہ صدا
کامل عالم شیعہ مومن عارف زاہد سید وا ے

سنہ ۱۲۷۲ ہجری

تاریخ وفات نواب امین الدولہ بہادر برای کندہ شدن بر قبر

کوچ از منزل جہان فرمود — آنکہ او بود در وزارت صدر
سال تاریخ فوت گفت اسیر — خواب گاہ وزیر عالی قدر

سنہ ۱۲۷۱ھ

تاریخ وفات زوجۂ برادر کلانم

از جہان زوجۂ برادر من — پیش زہرا برای خدمت رفت
سال تاریخ آن چو پرسیدم — گفت دل مومنہ بجنت رفت

سنہ ۱۲۷۳ھ

تاریخ رہائی واجد علی شاہ از قلعہ کلکتہ در بلبنیہ

برون از اعتکاف آمد شہ ما — بحمد اللہ نمایان گشت یوسف
بگوشش آمد صدا از ہاتف غیب — رہا از کنج زندان گشت یوسف

سنہ ۱۲۷۴ ہجری

تاریخ وفات مسیح الدولہ بہادر در کلکتہ

تار برقی بہم داد عزا او بمن — خبر منتشر مرگ مسیح الدولہ
سال تاریخ ہمان وقت بر آمد زدلم — آہ آہ از خبر مرگ مسیح الدولہ

سنہ ۱۲۷۵ ہجری

دیگر

مرزا علی حسن که مسیح زمانه بود | بیمار شد چنان که سفر کرد از جهان
آمد ندای غیب بتاریخ فوت او | رفت از جهان جناب مسیحا بر آسمان

۱۲۷۰ ہجری

تاریخ وفات دلیر الدوله مرزا حیدر صاحب بهادر

دلیری که از دولتش بود شهرت | شجاعی که مشهور همنام حیدر
بتاریخ فوتش ندا کرد هاتف | که جا یافت حیدر بقرب پیمبر

۱۲۷۱ ہجری

دیگر

میرزا حیدر آن امیر کبیر | آسمان بود و در زمین در شد
سال تاریخ فوت گفت اسیر | فوق جنت سمی حیدر شد

۱۲۷۱ ہجری

تاریخ مثنوی میان صغیر

نامه بر آورد ز دست صغیر | نامه پیچیده بنام اسیر
صورت الفاظ فضای چمن | معنی او نکهت مشک ختن
بود رقم مثنوی گفته ام | گوهر نایاب سخن سفته ام
نیز در و خواهش تاریخ بود | الفت دیرینه از و در نمود
گفت دلم مصرع تاریخ سال | واه عجب مثنوی بی مثال

۱۲۷۶ ہجری

تاریخ وفات نواب عاشور علیخان

عاشور علی که بود نواب | خوش صاحب هوش طوطی هند
در باغ جنان ز باغ هستی | شد جلوه فروش طوطی هند
تاریخ وفات گفت هاتف | گردید خموش طوطی هند

۱۲۷۶

تاریخ طبع تذکرهٔ میر محسن علی مسمی به سراپا سخن

نمود جمع چو محسن علی عالی طبع | سخن بوصف سراپای خطان مجموع
نوشت مصرع تاریخ سال کلک اسیر | بطبع طبع سراپا سخن بود مطبوع
۱۲۷۷ ہجری

تاریخ دیوان میان خطا بخطا

حبذا دیوان که شعرش تازه کرد | مغز جان چون بوی زلف دلربا
کلک مشکین سال تاریخش نوشت | دور از آهو زاده این مشک خطا
۱۲۷۷ ع

تاریخ وفات زوجه مرزا محمد باقر

زائره از عالم فانی گذشت | شد بجنت از ره خوش نیتی
بر در فردوس اعلی چون رسید | گفت رضوان زاد علی فی جنتی
۱۲۷۷ ہجری

تاریخ تولد طفل نجابت نشانه سید علی محمد صاحب خلف مجتهد العصر

قبله و کعبه جناب مجتهد | قرعهٔ دولت بنام شان فتاد
گشت پیدا پور فرزند خلف | عمر او تا یکصد و سی سال باد
گفت هاتف سال مولود این چنین | آفتاب علم مهر اجتهاد
۱۲۷۷ ہجری

دیگر

شد نور پور مجتهد العصر جلوه گر | عمرش بسان خضر الهی دراز باد
تاریخ گفت بهر ولادت سروش غیب | آمد گل طرب بگلستان اجتهاد
۱۲۷۷ ہجری

تاریخ وفات دختر فقیر

وزیر النساء دخترم آه آه | نمود از جهان سوی جنت سفر
بتاریخ فوتش نمودم چو فکر | بگفتم که ای وای لخت جگر
۱۲۸۱ ہجری

تاریخ وفات زوجه ثانی فقیر

از دہر زوجہ دو منیم سفر نمود — در چشم من ز فرقت او تیرہ شد جہان
خضوان بگفت سال وفاتش بگوش من — آباد زیر سایۂ زہراست در جنان
۱۲۸۲ھ

تاریخ وفات میر محمد علی صاحب برادر کلان فقیر

گذشت از رہ ہستی چو میر محمد علی — کہ حور عین بعزائش کشادہ مو باشد
چنین نوشت بتاریخ فوت او کلکم — کہ بارگاہ جنان خوابگاہ او باشد
۱۲۸۲ ہجری

تاریخ وفات شیخ مظہر علی صاحب مرحوم

گذشت از جہان شیخ مظہر علی — کہ مہدی علی ہست ہمسلک او
نمودم رقم سال تاریخ فوت — بود در بہشت برین ملک او
۱۲۸۲ ہجری

تاریخ وفات مرزا امراو جان در کلکتہ

مخلص و شاگرد من امراو جان — رفت ز کلکتہ بسوی عدم
کرد رقم خامۂ من سال فوت — شد ز جہان یافت مقام ارم
۱۲۸۳ھ

تاریخ نقل روضۂ مبارک

زائری از کربلا آورد از بہر ثواب — روضۂ چوبین شبیہ روضۂ شاہ ہدا
دیدم و تاریخ سال او رقم کردم اسیر — نقل کالاصل مزار شافع گلگون قبا
۱۲۸۰ ہجری

تاریخ وفات میر ابوتراب انسخ

انسخ وفات یافت انسخ وفات یافت — شد در جنان شتاب شد در جنان شتاب
تاریخ گفت دل تاریخ گفت دل — ای وای ابوتراب ای وای ابوتراب
۱۲۸۰ ہجری

تاریخ وفات اعظم علی شاہ

شاہ اعظم علی بلند مقام — رفت و خاکی گذشت بستر فقر

سال تاریخ فوت گفت خرد
بادشاہ جہان کشور فقر
۱۲۶۰ ہجری

تاریخ طبع دیوان منقبت

شد طبع شکر بمدح ائمہ دین
مشتاق دوست باشد ہر کس اہل ایمان
کردم چو فکر سالش تاریخ تازہ گفتم
گلدستہ امامت مطبوع طبع پاکان
۱۲۸۳ ھ

تاریخ وفات جناب مولوی سید محمد صاحب مجتہد العصر

جناب مجتہد العصر سرور علما
ہمہ کرم ہمہ ہمت ہمہ خرد ہمہ رای
ازین سرای فنا جانب بقا رفتند
بقصر گلشن فردوس اد رضوان جای
اسیر مصرع تاریخ سال کرد رقم
ستون کعبہ دین مین فتاد زپای
۱۲۸۴ ہجری

دیگر

ہی غم مجتہد دوران سے
دل احباب علی مین رخنہ
ہوئی تاریخ بفحوای حدیث
کہ پڑا دین بنے مین رخنہ

تاریخ وفات انانی خانم

عصمت بنیاد زوجہ افضل بیگ
افسوس صد افسوس گذشت از عالم
بست و پنجم بد از جمادی الاولی
کین سانحہ رو نمود از کتم عدم
میداشت ز بس مولوی گنج قیام
کردند ہمہ اہل محلہ ماتم
تاریخ نمودم چو طلب ہاتف گفت
شد وای بسوی جنان انانی خانم
۱۲۸۰ ہجری

تاریخ وفات میر علی اوسط رشک

کرد افسوس صد افسوس قضا
از قضا میر علی اوسط رشک
گفت تاریخ ...
نشت کجا میر علی اوسط رشک

تاریخ ولادت دختر غضنفر علی سلمہ

ہوی پیدا ہزاران شکر باری
ہزارون دختروں مین ایک دختر
خبر پہونچی ولادت کی جو مجکو
کہی تاریخ مین نی نیک دختر
۱۲۷۴ ہجری

تاریخ شفای نوابصاحب

ہزار شکر کہ نواب کو ہوی صحت
ہر ایک دور بلا ہو گئی شفا پائی
کہا یہ مین نی پی نذر مصرع تاریخ
دعای خلق روا ہو گئی شفا پائی
۱۲۸۱ ہجر

مثنوی و تاریخ صحت

ایکدن یہ شہر مین آئی خبر
ہی جوان روزوں رئیس رام پور
طبع عالی جس پہ سبکو ناز ہی
سنکی اسکو دل پریشان ہو گیا
منہ سی یہ بیساختہ نکلے دعا
دل مین آیا کون سے تدبیر ہو
بہیجی کوئے حکیم نامور
یا کوئی ہاتہ آلے تعویذ شفا
خضر لیجائین تو دن ہو خواہ رات
کیمیاگر کاوش ملجائی کوئی
ہی مناسب نسخہ تدبیر کے
ہو گیا دن اسی تردد مین تمام
ہمنی بہی وڑتی سی سن پائی خبر
آفتاب اوج اقبال و شعور
کچہ نصیب دشمنان ناساز ہی
خانۂ آرام ویران ہو گیا
دی خداوندا اوسی جلدی شفا
باعث صحت جو بے تاخیر ہو
جسکی نسخہ مین ہو صحت کا اثر
بہیجی اوسکو کہ ہو آب بقا
لیکی اوسسے بہیجی آب حیات
نسخہ اکسیر ہاتہ آئی کوئی
کیجیی پڑیا روان اکسیر کی
پڑہ کی مغرب سو گیا مین وقت شام

روح سیارہ ہوئی سیار وہر
چاند نی چھٹکی ہوئی بالای بام
فرش پر زیبندہ مسند نور کی
زیب مسند ایک مرد باشکوہ
قدرت حق چہرہ نورانی جبین
گرد خادم جنکی پاکیزہ لباس
شوکت و حشمت نظر آئی یہ جب
کون ہو تم کون یہ عالی مقام
ایک خادم نی کہا ہم ہین ملک
حضرت عیسی ہین یہ مسند نشین
جب سنا اوس سی یہ مژدہ جانفزا
التجا کی چاہتا ہون اذن بار
عرض کی خادم نی آیا لیگیا
سامنے جب مین گیا تسلیم کی
مل کی آنکھونکو قدم سی یون کہا
حکم اگر پاؤن کہون مین ما لیس
چشم و ابرو سی اشارہ جب ہوا
عرض کی حضرت بڑی ممتاز ہین
اک جوان مہ لقا خورشید چہر
پہونچی اک کوٹھی پہ پہر کر شہر شہر
فرش نورانی بصد زیب تمام
طور پر جیسی تجلی طور کی
کوہ جسکی بار تمکین سے ستوہ
ورد حمد رب عالم آفرین
بیٹہی ہین مہتاب انجم اس پاس
مین نی پوچہا باندہ کر دست ادب
کون یہ مسند نشین عرش احترام
یہ مقام خاص ہی چارم فلک
مہر ساں جنکی چمکتی ہی جبین
جان مین جان آگئی خوش ہوگیا
مین بہی ہون تسلیم کا امیدوار
پیش محسن عالم تار الیگیا
واجب التعظیم کی تعظیم کی
ایک اس ناچیز کی ہی التجا
ہی وہ ای ہمرعرض حضرت کی پاس
مین یہ سمجہا اب مرا مطلب ہوا
سب یہ روشن آپکی اعجاز ہین
آفتاب و ماہ رشک ماہ و مہر

آفتاب آسمان برتری … ماہتاب اوج عالم پروری
حاتم بزم سخاوت روز بزم … رستم میدان جرات وقت رزم
دستگیر و دافع آفات خلق … ناخدائی کشتی حاجات خلق
لالۂ سیراب گلزار جمال … یوسف بازار حسن بیمثال
مشتری طلعت رئیس ابن رئیس … آسمان رفعت رئیس ابن رئیس
وہ بہادر جسکا شہرہ عام ہے … نامور کلب علی خان نام ہے
جانتا ہی جسکو کچھ اخلاص ہے … ضیغم حق کا وہ کلب خاص ہے
ہوگیا وہ اک مرض مین مبتلا … آپ اگر چاہین تو حاصل ہو شفا
فیض بخشی آپ کرتی ہین مدام … فی سبیل اللہ اک صحت کا جام
سنکی میری عرض وہ معجز نما … جنبش لب سے ہوئی یون جانفزا
جانتی ہین ہم وہی عالیمقام … تافلک پہونچا ہی اوسکا احتشام
پیشتر آنی سے تیری کی دعا … دی خدائی پاک نی اوسکو شفا
موج زن دریای رحمت ہو گیا … خلعت صحت عنایت ہو گیا
جا سنا دی مژدۂ صحت اوسے … تندرستی کی ملی دولت اوسے
تہا یہ سامان تہا فضل رب پاک … کہل گئی جو میری چشم خوابناک
خواب سی چونکا جو مین وقت سحر … نامۂ احباب آئی بیشتر
صحت نواب جو تحریر تہی … خواب کی میری وہی تعبیر تہی

ہو گئی تاریخ بہی سبطے جد و کد
صحت جسمی مبارک تا ابد
۱۲۸۲ ھ

تقریظ ناصح

بنام خالق انسی و جانی | که پیدا کرد الفاظ و معانی

دمیده جان معنی در تن لفظ | چه یوسفهاست در پیراهن لفظ

ازین یوسف نموده گرم بازار | هزاران چون زلیخایش خریدار

زبان را نطق داد و گوش را سمع | بگوش آواز و در فانوس چون شمع

زبان چون شمع در بزم سخن شد | از و روشن سخن را انجمن شد

دران بزم سخن اول کلیم است | که مشتاق سخنهائی قدیم است

زبانش ان ازل چو چهره افروخت | ز برق لن ترانی خرمنش سوخت

بختم الانبیا چون نوبت آمد | بگویائی زبان قدرت آمد

به بزم لامکان از همکلامی | تکلم یافت تشریف تمامی

کلام الله ازان معنی ست جلوت | بجلوت پردگی آمد ز خلوت

بچشم دل فصیحان در نظاره | ز هر لفظش فصاحت آشکارا

زهی انوار الفاظ و معانی | برآمد از زبان بی‌زبانی

درین ره هر که پا با اقتدا زد | قدم در وادی صدق و صفا زد

فصاحت در کلام هر که جا یافت | قبول خاطر خلق خدا یافت

سخندانان که در آفاق بودند | چه محنت در سخن سنجی نمودند

بجد و جهد خوش گفتند و رفتند | به نظم و نثر در سفتند و رفتند

درین دوران که هر فن را کساد است | خصوصا علم نقش آب و باد است

کسی گر یوسف معنی برآرد | [illegible]

زنا فهمی که دارد خلق آئین — یکی شد در جهان تحسین و نفرین
ز حیرانی دهان صفحه باز است — صریر کلک آه جانگداز است
ز بس گردید قحط قدر دانی — نمانده آب در بحر معانی
ز بس نامنصفی نقش ضمیر است — چو عنقا مرغ مضمون گوشه گیر است
مگر خالی نماند بزم ایام — فروزد شمع نو هر شب سر شام
ز بس از گردش این هفت گانه — دگرگون هست احوال زمانه
اگر جامی شود خالی سر شام — سحرگه پر ز می گردد دگر جام
هویدا گردد آخر قدر دانی — که سازد گلخنی را بوستانی
گهی در خانه یوسف دردمند است — گهی بر تخت شاهی سربلند است
نباشد در جهان گر چشم بینا — جدا سازد که گوهر از مینا
کرم بر خلق رب ذو المنن کرد — که پیدا قدردان علم و فن کرد
ز غیب امد بعالم قدر دانی — که شد آباد از فیضش جهانی
سخندان قدردان هر سخندان — بهادر نامور کلب علی خان
قلم از شعشعهٔ مهر فلک داد — مدادش مردم چشم ملک داد
چو لوح عرشش سر لوحش منور — طلای مهر صرف جدول زر
حروفش پردهٔ ظلمت صفات است — معانی چشمهٔ آب حیات است
نقط در انتخاب از خامه اش ریخت — که نیسان خود ز پرویزن گهر ریخت
کلام هر که کلک او پسندید — ز شادی روح او صد نیزه بالید
سخن‌سائی که درج آن بیاض است — همین گلدستهٔ از صد ریاض است

نگہ از دیدنش گردد رگ گل — فدای ہر نگاہش دل مثل بلبل

بروی خلق وا شد باب معنی — صد احسان کرد بر ارباب معنی

باین احسان باین عالم نوازی — ہنر او رست او را سر فرازی

الٰہی صاحب اقبال باشد — بعالم تا صد و سی سال باشد

مثنوی در جواب شقہ کلب علیخان بہادر

خدا کی ہی عجب بندون پہ رحمت — کہ گھر بیٹھی عطا کرتا ہی دولت

کرو جسکی تمنا سالہا سال — وہی جلوہ دکہای نجم اقبال

جو شام ہجر ہی اوسکی سحر ہے — دعائی نیمشب مین کچھ اثر ہے

سنا تہا جبسے یہ مژدہ کہ نواب — سپہر فیض کا مہر جہانتاب

ہمہ خُلق و ہمہ حلم و ہمہ جاہ — موید روز اول سے من اللہ

ہوئی مسند نشین جاہ و حشمت — بڑہی ہر آرایش تخت حکومت

ہوا تہا یہ محیط عشق کا جوش — کہ مثل موج تہا کشادہ آغوش

قدم کیا اونُون گہر سی بڑہایا — اشارہ ہی تو کچہ آقا کا پایا

قدامت کی سوا تازہ ہی یہ بات — لیا اونسی بڑا احسان یہ بالذات

نہ تہا تفویض کوئی کام ہرچند — نہ کی وجہ معین آجتک بند

عمائد مین رہی یہ بات مشہور — اسیر اونکا ملازم ہے بدستور

اس احسان پر اگر ہو جان قربان — ذرا سر سے نہ کم ہو بار احسان

زیادہ اس سی ہی یہ سر فرازی — کہ آیا شقہ عاجز نوازی

الٰہی فضل تیرا کس قدر ہے — کدہر سجدہ کرون کعبہ کدہر ہے

کہا دل نے کہ چل جلدی روان ہو / گئی پیری بڑہی قوت جوان ہو

سفر کا ہو چکا جسوقت سامان / یہ ظاہر ہے کہ ہے مجبور انسان

کہا اطفال نے ہو کر یہ خونبار / جدا ہونگی نہ ہم دامن سے زنہار

سبب یہ ہے کہ قبل اس ہی گئی ماں / عدم کو میری منکوحہ نے لی راہ

بہت کم سن ہین جو باقی ہین اطفال / کفالت سے نہین مین فارغ البال

کیا ہے عقد فرزند کلان اب / خیال دخت ہے ہر روز و ہر شب

انہین کے وزرون مین کہتا ہون ادا / کبھی مدت نہ اب اسمین زیادہ

یقین ہے فضل رب انس و جان سے / سبک ہو جاؤن اس بار گران سے

علاوہ اسکی عارض ضعف پیری / عصا ہے بس خدا کی دستگیری

غرض ایسے عوارض آئے جب پیش / ہوا مجبور ان وزرون مین دلریش

توقع شان رحمت سے ہے لیکن / کہ عذر بندہ ہو مقبول محسن

خدا چاہے تو بعد چند ایام / یہ دولت بھی کرے حاصل یہ ناکام

الٰہی جبتلک ہین ماہ و خورشید / رہے یہ دولت و اقبال جاوید

قطعه

کاری که حیف صاحب عالیمقام کرد / از گفته مسیح علیه السلام کرد

لطفی که زنده کردن خلق ست نام او / آغاز ازان زمانه شد و او تمام کرد

مهر عطاش شام غمش را سحر نمود / صبحی اگر کسے بامیدی سلام کرد

ونمود خلق بدور او هست اگر بجاست / هر جاست شهد لشکر مور ازدحام کرد

او از صفای قلب [illegible] نشد / جمشید اگر نظاره گیتی بجام کرد

آمد پسند خسرو لندن چو دانشش ‏ ‏ ‏ او را درین دیار مدار المهام کرد

از بهر بندوبست اوده از سر کرم ‏ ‏ ‏ قدرش بلند ساخت که قائم مقام کرد

او هم بلند نامی آقای خویش خواست ‏ ‏ ‏ آبادی جهان زره انتظام کرد

کشت امید انفس و آفاق سبز شد ‏ ‏ ‏ چون ابر نوبهار چنان فیض عام کرد

آورد در نگاه بیک ورده ملک را ‏ ‏ ‏ دور قمر بگردش چشمی تمام کرد

فرمود بندوبست به تنصیف بلکه کم ‏ ‏ ‏ حکام تخت خود همه را نیک نام کرد

تاریخ معدلت که دو جلد آمد از ازل ‏ ‏ ‏ کسری یکی نوشت دگر این تمام کرد

حاتم بوقت همت و نوشیروان بعدل ‏ ‏ ‏ رستم دمی که تیغ جدا از نیام کرد

دارا به فروجاه و سکندر بمرتبت ‏ ‏ ‏ تسخیر صد دیار بزور حسام کرد

روشن زمین درگه پاکش چنانکه چرخ ‏ ‏ ‏ از خاک برد ذره و خورشید نام کرد

صد عقده را ز ناخن تدبیر حل نمود ‏ ‏ ‏ در پیش هر مهم که شد کشش انتظام کرد

در منزلی که گشت فروکش دم سفر ‏ ‏ ‏ گردون بسر دوید و طواف خیام کرد

راهب ز دیر آمد و شیخ از حرم رسید ‏ ‏ ‏ روزی که حکم دخل بدربار عام کرد

قوم هنود رام مسلمان اطاعتش ‏ ‏ ‏ واجب بخود چو روزه بماه صیام کرد

هرکس بعهد امن بخواب فراغت است ‏ ‏ ‏ زان رو که در رفاه جهان اهتمام کرد

برخاست از عدالت او بسکه رسم ظلم ‏ ‏ ‏ سنگ از برای صلح بمینا پیام کرد

گل ساخت غنچهٔ دل خلق از نسیم فیض ‏ ‏ ‏ وز موج بوی خلق معطر مشام کرد

تبدیل ساخت رنج جهان کهن بعیش ‏ ‏ ‏ گلنار جامهٔ فلک سبز فام کرد

هر چند انتقام جهان هست کار او ‏ ‏ ‏ هم در دیار علم و هنر انتظام کرد

تحصیل علم و کسب کمال است پیشه اش
عمر عزیز صرف بخدمت مدام کرد

همپایه کسائی و فرد ابصرف و نحو
با بو علی بحکمت و منطق کلام کرد

شامی بکسب علم ریاضی سحر نمود
صبحی بفکر انجم و افلاک شام کرد

طاوس گشت خامه رنگین بدست او
در روضه عبارت رنگین خرام کرد

در هر زبان باهل زبان گشت همکلام
در هر هنر باهل هنر انضمام کرد

صیاد فکر او بخدنگ افگنی دهن
وحشتی هزار طائر معنی بدام کرد

هنگام فکر بهر بکرد بیان فرد هنر
محراب دید و سجده رب انام کرد

بهر طرب شبی که ببزم طرب نشست
حاضر سپهر شیشه و خورشید جام کرد

از شب حسود مرتبه اش از شکست رنگ
گلگشت ماهتاب ببالای بام کرد

کس قدردان علم و هنر نیست مثل او
هر جا که یافت اهل هنر لطف عام کرد

ای مهر فیض بر من مسکین بچشم لطف
بنگر که چرخ صبح مرا همچو شام کرد

بر صفحه زمانه فلک از خمیدگی
قدم که بود مثل الف شکل لام کرد

اکنون ز جور چرخ بنالم که طالعم
شد خضر راه و حاضر دربار عام کرد

در وصف او که چند در نظم اسیر سفت
عز قبول یافت حصول مرام کرد

تا بنده مهر دولت و حشمت مدام باد
خوش گفت این دعا و قصیده تمام کرد

قصیده

همدم مپرس از من غم دیده شرح غم
بی انتهاست چون کرم صاحب اعظم

سلب [illegible]
[illegible]

گم کرده ام طریق و زمن خضر بیخبر — کشتی شکست لطمهٔ موج ست جوش غم

آخر چه کرده ایم قصور تو ای فلک — حق حق بگو ترا بمه و مهر خود قسم

بار ابذرده هم ننوازی درین عطش — در دست دیگران می صافست و جام جم

گفتم هزار بار و بگویم هزار بار — آخر ترحمی که نیم لائق ستم

بندی اگر چنین پی تخریب من کمر — نالم به پیش حاکم ذی قدر ذی حشم

آن حاکم رحیم که صیت عدالتش — از ملک هند شهرهٔ عام است تا عجم

انصاف و فضل جمله قضایا بدست اوست — ذی فهم موشکاف سخندان مسیح دم

ای کلک ما بخدمت داور رسیده ایم — کن مطلعی بطرز مخاطب کنون رقم

مطلع ثانی

ای حاکم عدالت نوشیروان شیم — حکم تو در میانه هر خیر و شر حکم

بر رای مستقیم تو سهل ست و سهلتر — فصل مقدمات که امریست بس اهم

تقسیم جزو لایتجزی محال نیست — هنگام حرف چون دو لب تو شود زهم

گویم چو شاه ملک معانی ترا بجاست — قرطاس تخت و طبل دوات و قلم علم

اهل قلم که دعوی تحریر میکنند — هستند سرنگون بحضور تو چون قلم

بیش و کم جهان که زعدلت برابرست — اصلا تفاوتی نبود در دق و ورم

سروی نبود در چمنستان مکرمت — تا رایت سپاه شکوهت نشد علم

در رزم و بزم همسر تو نیست هیچ کس — رستم دم شجاعت و حاتم دم کرم

آیند بهر طوف حریم تو روز و شب — خورشید و ماه ساخته از فرق خود قدم

کیوان بپای قصر شکوهت نهد کلاه — گردون باستان رفیعت خورد قسم

باد سخاوت تو بدریا گهر و زید
هر جا بآب کیسهٔ ماهی است پر درم

چون خاتم زریست ز فیض تو خانه آتش
هر کس که داشت از غم نان سنگ بر شکم

مصروف در دعای دوام حیات تست
شبها بدیر برهمن و شیخ در حرم

لطف تو عام و خلق تو با خلق هر زمان
علم تو خاص و حلم تو با زمرهٔ امم

در عهد نصفت تو چنان است شد جهان
جز در شکنج زلف حسینان نماند خم

ترسید بسکه از دم شمشیر قهر تو
پوشید رخ حسود تو در پردهٔ عدم

در وادی که نکهت لطفت نهاده رو
آهو ز بوی شیر فراموش کرد رم

سائل مراد دل ز در تو همیشه یافت
لا بر زبان پاک نیامد بجز نعم

هر صبحدم که شغل صبوحی کنی بفخر
خم آورد بدوش فلاطون و جام جم

روزی شوی براسپ فلک سیر اگر سوار
بر فرق فرقدان نهد از خرمی قدم

دراتش که خلق چنین پایمال شد
در چار حد مسیح زد از افتخار دم

بر چرخ تا چراغ فروزد بشب قمر
تا آفتاب دم زند از نور صبحدم

باد ادام بادهٔ عشرت بجام تو
از لطف خاص ساقی میخانهٔ قدم

قصیده

دیدم بخواب شب که مسیح زمان رسید
آمد صدای قم بتن مرده جان رسید

زین خواب خوش چو چشم گشادم بگوش من
ناگه صدای نوبت و بانگ اذان رسید

صبحی چو صبح دولت بیدار شد عیان
سلطان شرق با علم زرفشان رسید

نیک اختری که معرفتی داشت با فقیر
از در چو مژدهٔ شرف جاودان رسید

کردم بیان خواب و چنین بی تلاش و فکر | تعبیر خواب من ز دلش بر زبان رسید

هنگام که جمله جهان سبزه زار شد | آبی که رفته بود بجوی جهان رسید

شادی کن ای عزیز که مصر ست لکهنو | یوسف قریب شد خبر از کاروان رسید

خوابت مطابق ست که آمد مسیح عصر | گویا که جان تازه بجسم جهان رسید

آن حاکم عدالت و آن صاحب شرف | کز مدح او باوج سعادت توان رسید

از حادثات دهر سعادت نصیب خلق | تعویذ حفظ عالم و خط امان رسید

یاجوج فتنه را نشود دخل تا دگر | سد بست خود سکندر عالی مکان رسید

آفاق را ز مقدم او بسکه عید شد | از بهر تهنیت ملک از آسمان رسید

چشمی که بوسه داد بپایش فروغ یافت | شد سر فراز سر که بر آن آستان رسید

یکتای عصر حاتم دوران رفیع قدر | فرمان ده و دقیقه رس و نکته دان رسید

عالم فروز و صاحب انصاف و دادگر | با فتح همرکاب و ظفر توامان رسید

در علم و فضل همسر سحبان نزول کرد | در عدل و داد ثانی نوشیروان رسید

هر جا گلِ مراد چمن در چمن شگفت | آوازه شکوه جهان تا جهان رسید

بر کرسی که او دم نصفت جلوس کرد | از اوج پایه اش بسر فرقدان رسید

هر ذره نور یافت که خورشید جلوه کرد | پیر سپهر گفت که بخت جوان رسید

گردی اگر بجلوه گهش خاست از هوا | ابر سیاه شد طرف آسمان رسید

وقت دعاست باد زبان وقف صد دعا | در گوش من ز غیب صدای امان رسید

کردم دعای شوکت و اقبال جاه و عمر
البته شد قبول بمطلب توان رسید

قطعہ

تعریف شاہ وصف جناب امیر ہے
حق حق ہے یہ کلام یہ دعوی نہین غلط
آئینہ دار حسن بہار چمن ہے گل
پیرو ہی اسکا پیرو بازو ہی مصطفےٰ
کہتا ہی روی صاف ہے یہ آئینہ مین عکس
ہا مین بسکہ یاد قامت بالا مین نغمہ سنج
لکھا ہی اوسکی چہرۂ رنگین کا کچہ جو وصف
چشمی مین جیسی عکس نگین ہی وہ چشم مست
سنتا ہون وزرشہ کی سخن دیکھتا ہون رخ
روشن ہی اوسکی فیض سی اقلیم سلطنت
آئی جو معرکہ مین ہی ہمہ علم نیزہ دار
لکھا ہی ہمنی شاہ کی ذہن رسا کا وصف
ہم کیا کہ دست فیض ہی جیسی گہر فشان
کچہ احتیاج اوس سی نہین ء ضحال کی
خورشید داغ حادثہ سی کچہ خطر نہین

قطعہ ہمارا خطبۂ عید غدیر ہے
ابن علی یہ شاہ سلیمان سریر ہے
قطری مین بہی اصالت آب گہر ہے
جس کا یہ دستگیر ہی حق دستگیر ہے
تو پادشاہ حسن تو بندہ وزیر ہے
سدرہ سے بہی بلند ہماری صفیر ہے
آواز عندلیب قلم کی صریر ہے
جام حباب مین مئے خم غدیر ہے
کیا مجہپہ فضل رب سمیع و بصیر ہے
ہمت مین بی نظیر یہ بدر منیر ہے
بیٹھی جو محکمے مین عطارد دبیر ہے
خامہ کرٹی کمان کا گویا کہ تیر ہے
ہر دم کشادہ دامن ابر مطیر ہے
ای دل وہ آپ واقف مافی الضمیر ہے
سر پر ہماری ظل خدا ہی قدیر ہے

یارب قوی ہو دوست کا دل ناتوان عدو
جبتک کہ عقل پیر جوان عقل پیر ہے

قطعہ

سلامت خسرو عالم ہمیشہ
رہین سایہ مین اوسکی ہم ہمیشہ

دیا اللہ نے ایسا جو فرزند
کیا کرتے ہین فخر آدم ہمیشہ

در دولت پر آتا ہی شب و روز
گدا ہی کی سئے حاتم ہمیشہ

زہی جرأت کہ زیر خاک اب بہی
لرزتا ہے دل رستم ہمیشہ

مگر کرتے ہی تقلید نم فیض
کہلاتی ہے جو گل شبنم ہمیشہ

پیین محبوب دم پر یونکی ٹہرکین
جوانی کا رہے عالم ہمیشہ

رہی فرمان دہ و جان بخش عالم
ید یوسف رخ مسیحا دم ہمیشہ

ادب سے ابروی پر خم کی آگے
مہ نوکی رہے گردن خم ہمیشہ

رہے تا حشر بزم فیض آباد
پیئین مے خوار جام جم ہمیشہ

جہان روشن ہو اس سے قاف تا قاف
رہے یہ نیر اعظم ہمیشہ

بغل ہر دم نئی معشوق سی گرم
قمر سی مشتری با ہم ہمیشہ

الہی کور بد بینون کی آنکہین
ہوا خواہونکے دل خرم ہمیشہ

غزل

رخ تو حسن گل از خاطر صبا انداخت
قد تو سرو سر افراز از پا انداخت

برید سر بت دیروز خوف رسوائی
تن مرا بدر خانہ خدا انداخت

بگوی زلف نہ جای سکون نبو پای بگرینم
فغان کہ بخت سیاہم درین بلا انداخت

رہین منت چشم تر خودم کہ ز اشک
بجیب من چہ گہرہای بی بہا انداخت

مرا ز پیرہن ننگ و عار بیرون کرد
کسے کہ بر رخ او پردۂ حیا انداخت

کسی کہ سینہ مارا بداغ مہر توسوخت
بدشت طرح گلستان و گلستان انداخت

ازان ز دوست ہوا داری نسیم چو چشم
کہ بر دمشت غبارم بکہ بلا انداخت

چو ترک چشم تو شد بہر صید جانب دشت
براہ ہوان ز نظر ہر تیر بخطا انداخت

اسیر شکوہ طرازم ز طالع بد خویش
کہ برگرفت مرا از کجا بکجا انداخت

خاتمۃ الطبع

نتیجہ طبع وقاد سخنور بیمثال شاعر نازک خیال سید فضل رسول خان بہادر واسطی شاگرد تدبیر الدولہ مدبر الملک منشی سید مظفر علی خان بہادر بہادر جنگ شاگرد غلام ہمدانی مصحفی

بعد حمد و نعت کے واضح ہو کہ مصنف اس دیوان بلاغت نشان کے شاعر بی نظیر فخر بیدل وجلال اسیر جناب تدبیر الدولہ مدبر الملک سید مظفر علی خان بہادر بہادر جنگ المتخلص بہ اسیر ہین شہرہ اونکے فضل وکمال کا عام ہی سند اوستادی اونکے نام سے تمام ہی ہزارون عالم فاضل فن خاص شاعری مین اونسے فیضیاب ہین اور تشنہ لبان بحر سخن اونکے بحر ذخار اوستادی سی کامیاب ہین بادشاہ ملک سخن کہ لقب فردوسی کا سنا ہے اگر آج انکو کہین بجا ہے فی الحقیقت ایسا شاعر بے نظیر آجتک نہ دیکھا ہے نہ سنا ہی قلم جو کچہ اونکی مدح مین تحریر کرے زیبا ہے چنانچہ یہ اشعار اونکے حسب حال ہین —

اشعار

قبضی مین سواد شعر آیا
کیا کوس سخنوری بجایا

کرتی ہین جو اسپ طبع جولان
دم بھر مین ہی طی سخن کا میدان

تیزی جو زبان کی ہو اظہار
جیسی یہ ہوئی ہین سحر پرداز
صدقی ہے زبان پر فصاحت
قدرت وہ خدا کی ہے امداد
دی حق نے وہ طبع فیض بنیاد

کٹ جائین جیا سی شعر اغیار
ہین اہل سخن کو ناز پر ناز
قربان ہے بیان پر بلاغت
شاگرد ہی ایک جہان یہ اوستاد
شاگرد جو ہو وہی ہی اوستاد

کلیم گو کہ طور سخن پر دعوای کلیم الہی ہے انکی شاگردی پر مباہی ہے کلام بلاغت نظام انکا اوسکو بمنزلہ عصا ہی کہ لغزش سے زمین شعر مین بچاتا ہے سلیم کہ ایک شاعر نازک خیال ہے انہین کی خوشہ چینی سے صاحب کمال ہے اگر حق پوچھو بمقابلہ انکے اوسکو کچھ خاک نہین آتا ہے ایسا مرتبہ عالی سخنگوئی مین کون پاتا ہے

شعر

حافظ کو ہین یاد انکے اشعار
ہی طالب آسی طلبگار

عرفی اگرچہ عرف مین مشہور ہے لیکن انکے آگے منہ کھولے کیا مقدور ہی جلالا کہ دیوان پر اوسکے بڑے بڑے نازک خیالون کو ناز ہی بہ نسبت انکے کلام کی نسبت حقیقت و مجاز ہے کلام انکا پر از مضامین عجائب و غرائب ہے صائب کی ایسی کہان رای صائب ہے شعر لوٹی جو ہو اذن باریابی ٭ بجلی کیطرح دل سحابی ٭ جو کلام ہے وہ ایک معجزہ سخن ہے اگرچہ معجزہ نمائی سخن کہنا بجا ہے لیکن مجبوری ہے کہ خرق عادت بشری غیر امام نا روا ہی کرامت پر محمول کرنا جاہیے الغرض ایسے صاحب ہنر عالی مقدار باوقار کو کہ کل علوم مین دخل رکھتے ہین خصوصا اس فن مین

اللہ تعالی [illegible] عالی نسب [illegible] سید مدد علی

کی ابن سید محمد علی ابن سید مولوی محمد معین الدین ابن محمد صالح المخاطب بکروری
سے کہ ہین کمالات انکے اور مقدور آبا و اجداد کے اظہر من الشمس اور ابین من الامس
ہین چنانچہ سید صالح کروری شاہ دہلی کی سرکار مین بہت ممتاز تہے سب اہلکارون
سرفراز تہے مولد انکا قصبہ امیٹھی متعلقہ پرگنہ گوشائین گنج ہے کہ پرگنات ملک اودہ
سے ہے بزرگ انکے سب عالم و فاضل اور عمدہ دار سرکار شاہی رہے اور
ریاست و بہات اور معافی وغیرہ بیشمار رکھتے تہے اور یہ اولاد حضرت عباس ع
علمبردار لشکر خامس آل عبا علیہ التحیۃ والثنا ابن علی ع ابن ابی طالب اسد اللہ الغالب
ابو الحسنین قاتل المشرکین سیدنا و مولانا امیر المومنین علیہ السلام سے ہین
بارہ برس کی عمر سے اپنے ناناہال مین شیخ زادگان شہر لکہنو مین بیاہ آئے اور
تحصیل علوم مین مصروف رہے تمام کتب درسیہ اور غیر درسیہ فارسیہ اپنے والد بزرگوار
یعنی جناب سید مدد علی صاحب مغفور سے پڑہی چنانچہ آج ہندوستان مین
ایسا فارسی دان کم ہے اور پانچ برس تک کامل ایام فرصت مین درس ہی کتب
متداولہ فارسی کا دیا کئے اور طالبعلمون کو اپنی فیض عام سے فیضیاب کیا کیے
یہ تو حال علم فارسی کا بیان ہوا اور کتب عربیہ صرف و نحو و منطق و فلسفہ و حکمت
و حساب و معانی و بیان وغیرہ حضرات علماء فرنگی محل سے کہ جنکی کمالات علمی مشہور
عالم ہین اور اپنے عم بزرگوار جناب مولوی سید علی صاحب مرحوم مغفور سے کہ عالم کامل
تہے تحصیل کیے بعد ازان تحصیل علم فقہ و اصول کی جناب مرزا کاظم علی صاحب
شاگرد رشید جناب غفران مآب اعنی مولوی سید دلدار علی صاحب مجتہد العصر والزمان
سے اور اونکے شاگرد جناب میر قائم علی صاحب سے کی باوجود اشتغال

[illegible] مشغل فن شاعری کابہی بدرجۂ کمال رہا حضرت فخر شعرای زمان اوستاد مسلم الثبوت
[illegible] سید غلام ہمدانی المتخلص بہ مصحفی کے اس فن خاص مین شاگرد ہوے مگر
میان صاحب موصوف دو تین برس مین دار فانی سے طرف عالم بقا کی
تشریف لے گئے اگرچہ یہ فن نہایت مشکل تہا لیکن بسبب اپنے کمال اور مہارت
علوم کے ایسی مشق فرمائی کہ لاجواب ہوئی شعر ہر کارے کہ ہمت بستہ گردد ؛
اگر خاری بود گلدستہ گردد ؛ اور تین جگہ ملازم ہوئے آٹہ برس صدر امانت مین
امین رہے اور ہزارون فیصلے اپنے قلم سے لکہے اور ساڑہے چار برس میر منشی کچہری
وزارت عہد خاقان ابن خاقان سلطان ابن سلطان سکندر حشم دارا جم جمجاہ
امجد علی شاہ بادشاہ طاب ثراہ مین رہے انتظام کواغذ سلطنت اودہ اہین
کی تجویز پر تہا اور چار برس مصاحب حضرت ظل اللہ خاقان جہان پناہ دارا حشم
افلاطون خدم سکندر شوکت دارسطوت مربع نشین چار بالش ہمت و مروت
گوہر شاہوار تاج شاہی ورۃ التاج صاحب کلاہی عالی جاہ جہان پناہ حضرت
واجد علی شاہ بادشاہ ابد اللہ ظلال احساناتہ علی رؤس العالمین کے رہے
اور کچہری خاص سلطانی پاینام انکے رہی تصنیفات مین دو دیوان بزبان
اردو ایک مسمی بہ گلستان سخن دوسرا مسمی بریاض مصنف اور ایک
دیوان فارسی مسمی بہ گلشن تعشق چہپ چکے ہین مشہور انام زبان زد خاص و عام
ہین اور ایک دیوان بزبان اردو یہ اب طبع ہوا اور ایک دیوان مسمی بہ گلدستہ
امامت منقبت ائمہ معصومین علیہم الصلوۃ والسلام مین ہے وہ بہی چہپ چکا
اور مثنویون مین مثنوی مسمی بمعارج الفضائل معجزات چہاردہ معصوم علیہم السلام

ین اور مسمی بدرۃ التاج حسب فرمایش حضرت واجد علی شاہ بادشاہ ملک او[دھ]
اور مثنوی حال زخمی ہونے نواب وزیر الممالک نواب امین الدولہ بہادر مرحوم
بھی طبع ہو چکین اور ایک رسالہ علم نحو مین المسمے بفوائد المظفریہ عوائد الغضنفر یہ بزبان
عربی ہے یہ بھی چھپ چکا یہ تفصیل کتب تصنیف کہ جو مطبوع ہو چکے ہین اونکی ہوئی
اب تفصیل اون کتب مصنفہ اور مولفہ کی کہ جو چھپنے سے باقی رہی ہین لکھی جاتی ہے
مثنوی تعلم اصول بزبان اردو مثنوی تعلم فروع در زبان اردو کامل العیار فی شرح
معیار الاشعار رسالہ علم عروض بزبان فارسی رسالہ علم قوافی بزبان فارسی رسالہ مختصرہ
بزبان اردو در علم عروض رسالہ بیان اضافات در زبان فارسی رسالہ در تشریح الحروف
جلد قصائد کتاب نثر رقعات زبان فارسی رسالہ بزبان اردو در علم منطق
دفتر مرثیہ ہا و سلامہا فقط

تاریخ

دیوان اسیر کا ہی مطبوع اہل عالم | الفاظ چست بالکل مضمون تمام مرغوب
تاریخ طبع اوسکی یون واسطی نی لکھی | استاد واسطی کا دیوان چھپ چکا خوب

ھ۱۲ ۹۶

ولہ

چھپ گیا خوب یہ دیوان فصاحت بنیان | لعل قیمت مین صفامین در مکنون ہی یہ
واسطی سال مسیحی مین ہوئی یون تاریخ | بلبل فکر کا گلدستہ مضمون ہی یہ

ع۱۸ ۷۰

ولہ

ہوا طبع نادر کلام اسیر | یہ دیوان ہی بی شبہہ باغ سخن
کہی اوسکے تاریخ یون واسطی | چھپا خوب دیوان استاد فن

۱۲ ۹۶

تاریخ شیخ نادر حسین صاحب متخلص بہ نادر شاگرد رشید منشی مظفر علی صاحب متخلص بہ اسیر

مطبع مین چھپا جب مری استاد کا دیوان	اس طبع مین بھی حسن طبیعت کی صفا ہے
تاریخ یہ برجستہ لکھی کلک نی نادر	کیا تیسرا استاد کا دیوان چھپا ہے ۱۲۸۶ ہجری

قطعہ تاریخ شیخ رضا حسین صاحب متخلص بہ رضا شاگرد منشی مظفر علی صاحب متخلص بہ اسیر

رضا خیم استاد یہ ہی فصاحت	ہوا طبع کیا خوب دیوان رنگین
دو تا مصرعہ سال لکھا قلم نے	چراغ مطالب ہی رنگین مضامین ۱۲۸۶ ہجری ۱۲۸۶

ایضاً

ہوا طبع دیوان جب تیسرا	بلیغ و فصیح و بدیع و صحیح
رضا مصرعہ سال دل نی لکھا	بہت خوب دیوان چھپا فصیح ۱۲۸۶ ہجری

قطعہ تاریخ از نتایج افکار محمد احمد حسن خان عرف اچھی صاحب تخلص جوش

دیوان ہوا طبع بہت خوش اسلوب	ہر قطع بھی مطبوع ہی خط بھی مرغوب
خامی نی کیا مصرع تاریخ رقم	دیوان اسیر جوش چھپا ہی خوب ۱۲۸۶

قطعہ تاریخ من افکار محمد سلیمان متخلص بہ اسد

چھپا بہ مطبع عالی منشے ذیشان	ہماری حضرت استاد اسیر کا دیوان
اسد نی سال مسیحی کہا بشوق تمام	کہ بی نظیر ہی استاد بی عدیل کلام ۱۸۶۹ عیسوی

قطعات تاریخ از نتیجہ طبع سخن ناز ک خیال شاعر عدیم المثال ...

سخنوری مقدمۃ الجیش مولوی فدا علی متخلص بہ عیش

مہر سپہر معنی استاد فن سخنور
دیوان چھپا جو اونکا تو سال طبع فوراً
مثل اسیر کوئی دیکھا نہ عیش آیا
کیا بی نظیر چھاپا دیوان لکھا قلم نے
۱۲۸۶ھ

ایضاً

یہ چھپا دیوان اسیر خوش بیان کا
سپے تاریخ بنگلہ فکر تھی عیش
ہی جبکا شغل دنیا مین بہت شاد
کہا دل نے کلام پاک استاد
۱۲۸۶ھ

ایضاً

چھپا دیوان اسیر خسرو ملک معانی کا
نہ کیون آویزہ گوش جہان نظم گرامی ہو
یکونکر تخشی مداح ہو فکر معلے کا
لب بہزاد معنی سی سنی تاریخ چھپنی کی
سخندانی مین جسکی شان فردوسی ارفع ہے
خدا آگاہ ہی ای عیش یہ دیوان مرصع ہے
کہ اک اک شعر اسکا رشک ماہ ابن مقنع ہے
نہین دیوان یہ حسن باد الفت کا مرقع ہے
۱۲۸۶ ہجری

خاتمۃ الطبع

درینولا بفضل خدای قدیر دیوان فصاحت عنوان بلاغت توامان تصنیف افصح الفصحا ابلغ البلغا استاد عدیم النظیر غیرت صائب وظہیر رشک مرزا جلال اسیر دبیر الدولہ مدبر الملک منشی سید مظفر علی خان بہادر بہادر جنگ متخلص بہ اسیر تلمیذ رشید غلام ہمدانی میان مصحفی آنجہانی مطبع آفاق مرجع منشی نول کشور صاحب مین بہ حسن تصحیح و خط عمدہ کارپردازان خوش سلیقہ کے اہتمام شائستہ سے بمقام لکھنؤ مین ماہ ذیقعدہ سنہ ۱۲۸۶ ہجری مطابق ماہ فروری سنہ ۱۸۷۰ع طبع ہوکر مطبوع دلہای سخنوران جہان ہوا

تمت